اچھا شابانہ میں دعا کے ابو سے بات کروں گی پھر اپ کو بتاوں گی۔۔۔۔ سمیرا بیگم نے بات کو ٹالا تھا ساتھ ہی اشعر عمیر اور احمد صاحب اندر داخل ھوے تھے۔۔ سمیرا بیگم پھر چائے بنا ننے کے لیے اٹھ گئ۔۔۔۔۔۔۔

▪ ☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

urdu novels mania
www.urdunovelsmania.com

چاروں طرف لوگ ناچتے ھوئے تیز آواز میں میوزک لگا ہر طرف بے حیائی عروج پر تھی۔۔ لڑکیاں اپنی نسوانیت کو روندتی مردوں کے ساتھ رکس کرنے میں مصروف تھی۔۔۔ وہ ایک طرف صوفے پر بیٹھا موبئل میں لگا تھا۔۔۔ وہ بچپن سے یہ سب دیکھ رہا تھا اور اب یہ سب دیکھ دیکھ کر اس کا دل بھر چکا تھا۔۔۔۔۔۔

ویسے راج ایک بات تو بتاو!!!!!

زاضا ہاتھ میں drinks لے کر آیا تھا اور معراج کے پاس بیٹھتے ہوئے بولا۔۔۔۔

ہاں بولو!!!

معراج نے ایک نظر موبئل سے اٹھا کر اوپر زاضا کو دیکھا پھر دوبارہ اپنے موبئل پر لگ گیا۔۔۔

یار کچھ ہمیں بھی بتا دو۔۔۔۔؟؟

زاضا نے مسکرا کر کہا۔۔۔۔

کیا بتا دو؟؟؟

معراج نے حیرت سے پوچھا۔۔۔

لائبہ کا کیا بنا؟؟؟

کون لائبہ؟؟

معراج نے بے نیازی سے پوچھا۔۔۔۔

یار وہی لڑکی جو تجھ سے شادی کرنے کے لیے پاگل ہو رہی تھی۔۔۔۔۔؟؟؟

www.urdunovelsmania.com

اہ اچھا وہ!!!

معراج نے یاد آنے پر کہا۔۔۔۔

کچھ نہیں کیا ہونا ہے۔۔۔۔۔ میں اب اس سے بات نہیں کرتا۔۔۔۔۔ بس تم جانتے ہو میں 2 مہینے سے زیادہ کسی ایک لڑکی کے ساتھ نہیں دہ سکتا۔۔۔ معراج نے ایک دلفریب مسکراہٹ سجا کر کہا۔۔۔۔

یار لڑکیاں خود تمھاری طرف کھنچی چلی آتی ھے۔۔۔۔ تم ان کو گھاس تک نہیں ڈالتے اور وہ تمھیں خود دوستی کی آفر دیتی ھیں۔۔۔۔ اور تمھارا رویہ سب لڑکیوں کے ساتھ ہی عجیب ھوتا ھے۔۔۔۔ پھر بھی۔۔۔۔

دیکھ راضا بات بہت سیدھی سی ھے۔۔۔۔ میری نظر میں سب لڑکیاں ایک جیسی ھوتی ھے۔۔۔۔ لڑکیاں انے جانے والی چیزیں ھیں۔۔۔ یہ اج کیسی کی ھیں تو کل کسی اور کی؟؟

یہ اج تمھارے منہ پر تمھاری بن جانیں گئ اور کل تمھیں دھوکہ دے کر کیسی اور کے ساتھ۔۔۔۔۔!!!

وہ دیکھو معراج نے ہجوم میں ناچتی ایک لڑکی کی طرف اشارہ کیا۔۔۔۔۔

وہ لڑکی کل تک میرے ساتھ تھی میرے لیے جینے مرنے کی قسمیں کھاتی تھی اور اج یہاں میرے ہی دوست زیب کے ساتھ رکس کر رہی ھے۔۔۔۔۔ سب لڑکیاں جھوٹی ھوتی ھیں۔۔۔۔

تو کیا تیری زندگی میں تجھے کسی لڑکی سے محبت نہیں ھوگی؟؟؟

تو شادی نہیں کرگا۔۔۔؟؟؟

زاضا نے معراج کی بات سن کر سوال کیا۔۔۔۔

کیا ایسی لڑکیاں کسی سے وفا کر سکتی ھیں زاضا؟؟؟؟

میری نظر میں عورت زات انتہا سے زیادہ بے وفا اور بے کار چیز ھے۔۔۔۔۔۔۔۔ جو تھوڑی دیر کے لیے اپ کا دل بھالا سکتی ھے۔۔۔۔ اور پھر بس۔۔۔۔ اپ کا دل بھر جاتا ھے۔۔۔۔

اور شادی معراج زور سے ھنسا؟؟؟

معراج جہانگیر کی زندگی میں اب تک ایسی لڑکی نہیں ائی جس کو وہ ہمیشہ کے لیے اپنی زندگی میں شامل کر کے اسے اپنا نام دے زاضا۔۔۔۔

میری بیوی ایسی ہونی چاہیے جیسے کیسی نے ہاتھ نا لگایا ہو۔۔۔۔۔ میں جو کروں بس وہ پاک اور صاف ہو۔۔۔۔ اور میرا نہیں خیال ایسی کوئی لڑکی اس دنیا میں ہوگی۔۔۔۔۔ اس لیے میرا شادی کرنا بہت مشکل ہے۔۔۔۔۔۔ معراج نے اپنی بات ختم ہی کی تھی کہ زیب ان کے پاس اکر بیٹھ گیا۔۔۔۔

ویسے تیرے بھائی کی شادی کب ہے؟؟؟ زاضا نے ایک بار پھر سوال کیا۔۔۔۔

جلدی ہی ہے۔۔۔۔۔

معراج نے مختصر سا جواب دیا۔۔۔ اور پھر موبئل میں لگ گیا۔۔۔۔۔

عجیب لڑکی ہے یار۔۔۔

معراج نے ایک دم کہا۔۔۔۔

کون؟؟؟

زاضا نے فورن پوچھا۔۔۔

یار میری بھابی کی چھوٹی بہن ہے۔ ہما نام ہے۔۔۔۔۔

شام سے میرا دماغ کھا رہی ہے۔۔۔۔ کہ میں اس سے دوستی کرلو۔۔۔۔ منتایں کر رہی ہے میری۔۔۔۔۔۔ معراج نے فخرنا انداز میں کہا۔۔۔۔۔

زاضا لے تو اس کا نمبر رکھ اور بات کر اس سے۔۔۔۔۔ معراج نے راضا کو نمبر send کر کے کہا۔۔۔

urdu novels mania
www.urdunovelsmania.com

اہ نیکی اور پوچھ پوچھ!!!!

راضا نے فورن موبئل نکال کر چیک کیا۔۔۔۔

راج تجھ سے وہ اقرء پھر بات کرنا چھاتی ھے۔۔۔زیب نے معراج سے کہا۔۔۔

کیوں؟؟

وہ پھر سے تیرے ساتھ۔۔۔۔

زیب!!!!

معراج جہانگیر کو جھوٹا کھانے کی عادت نہیں اس کو سمجھا دو۔۔۔۔دوبارہ اپنے منہ سے میرا نام نا لے۔۔۔۔۔

لیکن راج!!!!

بس زیب بول دیا نا۔۔۔۔۔تو بس بول دیا۔۔۔۔

معراج نے اپنی بات کی اور اٹھ کر کلب سے بھار نکل گیا۔۔۔۔

زیب جاتے معراج کو دیکھ کر بولا ایک دن تیرا غرور مٹی میں ملا دوں گا معراج۔۔۔۔۔جو چیز تیرے دل کے قریب ھوگی نا وہی چھین لوں گا تجھ سے۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

شکر ھے اج امتحان ختم ھوئے۔۔۔۔جان چھٹی ہماری۔۔۔۔عائشہ نے café کی ایک کرسی پر بیٹھتے ھوئے کہا۔۔۔۔۔

ہاں واقعی یاران papers نے تو جان ہی نکال دی۔۔۔۔۔دعا نے بھی paper ختم ھونے پر خوشی کا اظہار کیا۔۔۔۔۔۔

ہما نے اپنے بیگ سے شادی کے کاڈرس نکال کر ایک دعا کو دیا ایک عائشہ کو اور ایک سیرت کو

۔۔۔۔۔

یہ میری بہن کی شادی کا کاڈھے اور تم تینوں کو ضرور آنا ھے۔۔۔۔۔ہما نے فورس کیا۔۔۔۔عائشہ فورن بولی ہان ہم تو ائیں گے بھائ بہت خاص مہمان انے ھیں تمھاری بہن کی شادی پر۔۔۔۔۔

ہما اور عائشہ ھنس دی۔۔۔۔

تم آو گی نا؟؟؟

دعا۔۔۔۔

۔سیرت نے دعا سے پوچھا۔۔۔۔ہاں دیکھوں گی۔۔۔confirm نہیں ھے۔۔۔

۔اف دعا تم سے مجھے یہ ہی امید تھی دیکھو پلیز آجانا نا۔۔۔

مزہ ائے گا۔۔۔۔

پلیز۔۔۔

سیرت نے دعا کو فورس کیا اچھا سیرت امی سے بات کر کے بتاو گی۔۔۔۔۔

دعا نے اپنی جان چھڑوانے کے لیے بھانا کیا۔۔۔۔

ہاں دعا تمھیں تو خاص دعوت دی ھے میں نے تم تو اس قدر گھر میں رہتی ھو کہ تمھیں کیا پتہ royal weddings کیا ھوتی ھیں۔۔۔ ہما نے دعا کو نیچا دیکھنے کے لیے کہا۔۔۔۔

دعا نے ھنس کر ہما کی بات کو ignore کیا۔۔۔۔۔

سیرت پتا ھے جس لڑکے کی تصویر میں نے تمھیں دیکھائی تھی۔۔۔ یار میری بہن کا ھونے والا دیور اس کی اور میری بہت اچھی دوستی ھوگئی ھے۔۔۔۔

ہما نے سریت کو فخرنا انداز میں بتایا۔۔۔۔۔

اچھا واقعی!!!

سیرت کو واقعی حیرانگی ھوئی تھی۔۔۔۔۔

دعا ہما کے خوش ھونے پر اداس ھوئی۔۔۔ کہ کوئی غیر مرد سے دوستی کر کے بھی اتنا خوش ھوتا ھے بھلا۔۔۔۔

پتا نہیں لڑکیاں کس طرح لڑکوں سے اس طرح گھل مل جاتی ھیں۔۔۔ دعا نے اپنے دل میں سوچا۔۔۔۔

ویسے شادی کب کی ھے ہما؟؟؟

دعا نے کاڈ کھولتے ھوئے پوچھا۔۔۔۔

بس کل سے مہندی کا فنکشن ھے اور پھر 2 دن بعد شادی۔۔۔۔۔۔

اچھا بہت مبارک ھو!!!

سجل اپی کو میری طرف سے سلام دینا۔۔۔۔۔

www.urdunovelsmania.com

سجل اور دعا کی کافی مرتبہ ملاقات ہوئی تھی سجل ہما سے الگ مزاج کی تھی۔۔۔۔وہ بھی ان ہی کے کالج کی پاس آوٹ تھی۔۔۔۔۔

میڈم دعا جی اپ اکر خود مبارکباد دیجے گا۔۔۔۔ہما نے صاف کہا۔۔۔۔

اچھا میں پوری کوشش کروں گی۔۔۔۔۔دعا نے ہما کی بات کا جواب دیا۔۔

کوشش نہیں میں تمھارے ساتھ ابھی گھر چل رہی ھوں تمھارے اور سمیرا آنٹی سے خود بات کروں گی۔۔۔سیرت جانتی تھی دعا اپنی جان چھڑوا رہی ھے اس لیے فورن بولی۔۔۔۔

ہاں یہ idea اچھا ھے!!میں بھی ساتھ چلتی ھوں۔۔۔۔عائشہ نے بھی ہامی بھری۔۔۔۔سمیرا آنٹی میری امی سے بھی بات کرلیں گی۔۔۔۔۔

ہمممم!!!

یہ ٹھیک رہے گا۔۔۔۔۔۔۔

اچھا گلز!!!

میں جارہی ھوں اج اپی کے سسرال جانا ھے۔۔۔۔۔اچھی تیاری سے جاوں نا۔۔۔۔۔ہما نے انکھ دبا کر کہا اور اٹھ کر بکس اپنے ہاتھ میں لی۔۔۔۔

اس کی بات پر تینوں ھنس دی۔۔۔۔۔

ہم بھی نکلتے ھیں۔۔۔وہ تینوں بھی ساتھ ھی کھڑی ھوئی۔۔۔اور چاروں کالج سے اگے پیچھے بھار نکلی۔۔۔۔۔

ہما اپنے گھر کی طرف چلی گئی تھی۔۔۔جبکہ دعا، عائشہ اور سیرت ایک ساتھ پیدل چلتی ہوئی جارہی تھیں۔۔۔۔

اف دعا کیا مصلہ ہے اخر ادھر جانے میں۔۔۔۔تم اچھے سے جانتی ہو تم نہیں جاوگی تو ہم دونوں کا دل نہیں لگے گا۔۔۔۔سیرت نے دعا کو مناتے ہوئے کہا۔۔۔۔

یار سیرت مجھے عادت نہیں ہے۔۔۔۔ایسے جانے کی امی ابو کے بغیر۔۔۔۔۔دعا کا واقعی دل نہیں تھا۔۔۔دعا ان لڑکیوں میں سے تھی جو چار دیواری میں خوش رہتی تھی۔۔اور پھر دعا کو وہ محفلیں بھی اچھی نہیں لگتی تھی جن میں لڑکے لڑکیاں ایک ساتھ ہو۔۔۔۔

بس کردے دعا میں تیرا گلا دبا دوں گی۔۔۔۔

اب کوئی ادھر تجھے کہا نہیں جائے گا۔۔۔۔

پتہ نہیں تو شادی کر کے کیسے جائے گی اپنے اماں ابا کو چھوڑ کر۔۔۔۔۔

عائشہ نے جل کر کہا۔۔۔۔

عائشہ کے انداز پر دعا اور سیرت زور سے ھنس دی۔۔۔۔اچھا تم امی سے تو بات کرو۔۔۔

دعا نے گھر کے اندر داخل ہوتے ہوئے کہا۔۔۔۔

وہ دونوں بھی دعا کے پیچھے پیچھے اس کے گھر کے اندر آگئی۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆ ▪ ▪ ▪ ▪ ▪ ☆☆☆☆☆

معراج ابھی سو کر اٹھا تھا۔۔۔وہ کمرے سے باہر نکلا تو ھر طرف شور شرابا تھا۔۔۔۔شادی کی تیاریاں عروج پر تھی۔۔۔۔معراج اکر ناشتہ کے میز پر بیٹھ گیا۔۔۔۔

اٹھ گئے بیٹا تم؟؟؟

بریرہ بیگم نے پیار سے معراج سے پوچھا۔۔۔۔

اپ کو نظر نہیں آرہا؟؟؟

معراج نے اتھائی بے رخی سے جواب دیا۔۔۔۔

لقمان مجھے ناشتہ دو۔۔۔معراج نے لقمان کو کہا۔۔۔۔

بیٹا میں دے دیتی ھوں!!!

بریرہ بیگم نے اگے بڑھ کر کہا تو معراج نے روک دیا۔۔۔

پلیز!!!

میرے کام میں داخل اندازی نا کریں۔۔۔مجھے نہیں پسند کے کوئی میرے کام میں گھسے۔۔۔اور نا مجھے اپ بیٹا کہا کریں۔۔۔۔مجھے زہر لگتا ھے اپ کے منہ سے بیٹے کا لفظ۔۔۔۔

معراج نے اس قدر بے رخی سے کہا۔۔۔کہ بریرہ صاحبہ کی انکھوں میں انسو آ گئے اور وہ تیزی سے کچن سے باہر نکل گئی۔۔۔۔

معراج نے اپنا ناشتہ کیا اور پھر اکر لاونج میں بیٹھ کر newspaper پڑھنے لگا۔۔۔

ابھی تھوڑی ہی دیر گزری ھوگئی۔۔۔کہ دلاور آتا دکھائی دیا۔۔۔

اہ اہ اہ اج موصوف جلدی اٹھ گئے۔۔۔۔۔ دلاور نے معراج کے برابر صوفے پر جگہ سنبھالی۔۔۔بس تمھارے شادی کے شور نے سونے نہیں دیا۔۔۔۔۔ معراج نے فورن کہا۔۔۔ دلاور اور معراج میں کافی حد تک understanding تھی۔۔۔۔ تم سے تو زحمت نا ھوئ کہ بھائ سے پوچھ کو کہ بھائ شادی کے کام میں کسی چیز کی ضرورت تو نہیں۔۔۔۔۔ دلاور نے پیار سے شکوہ کیا۔۔۔۔۔

میں تو شادی کے حق میں ہی نہیں تو بھائ کی بربادی میں اسکا ساتھ کیوں دوں۔۔۔۔۔

معراج نے کافی کا مگ منہ سے لگاتے ھوئے کہا۔۔۔۔

دلاور ھنس دیا۔

۔جناب اگلا نمبر اپ کا ہی ھے۔۔۔۔ تیاری پکڑلو۔۔۔۔۔

دلاور نے انکھ دبا کر کہا۔۔۔۔

ھو نہیں سکتا۔۔۔

میری انکھ میں اب تک ایسی لڑکی نہیں ائ جس سے میں شادی کرنا چھاو۔۔۔۔۔۔

ابھی دونوں بھائ باتیں ہی کر رہے تھے کہ لقمان ملازم نے اکر بتایا کہ بھابی جی کے گھر والے ائے ھیں۔۔۔۔۔

معراج اٹھ کر اپنے کمرے میں جانے لگا تو دلاور نے روک لیا۔۔۔۔

معراج دلاور کی بات رد نہیں کرنا چھاتا تھا اس لیے بیٹھ گیا۔۔۔۔۔

جبکہ دلاور بہت خوش تھا۔۔۔۔

بریرہ بیگم بھی فورن اندر سے باہر آگئ تھی اور ان کے ساتھ ہی جہانگیر صاحب بھی نکل کر آئے تھے۔۔۔۔۔

معراج اج جہانگیر صاحب کو اور اپنے پورے گھر کو ایک ساتھ دو ہفتے بعد دیکھ رہا تھا۔۔۔ایک گھر میں رہتے ہوئے بھی ان میں میلوں کا فصلہ تھا۔۔۔۔۔

معراج نے اپنی rutine ہی ایسی رکھی تھی۔۔۔وہ جان کر سب سے الگ رہتا تھا۔۔۔جب سب جاگتے تھے تو وہ سوتا تھا۔۔۔اور جب سب سوتے تھے تو اسکا دن شروع ہوتا تھا۔۔۔۔لیکن اج دلاور کی شادی کی وجہ سے سب ایک جگہ تھے۔۔۔۔بلاج کو بھی شادی میں انا تھا پر اپنی کام مکمل نا ہونے کی صورت میں وہ نہیں آرہا تھا۔۔۔

ہما اور اس کے امی ابو بہن بھائی سب دلاور سے مل رہے تھے۔۔۔جبکہ ہما کی نظر مسلسل معراج پر تھی۔۔۔معراج نے اپنی جگہ پر بیٹھے بیٹھے ایک نظر ہما پر ڈالی جو مسلسل اس کو گھورے جا رہی تھی۔۔۔۔ہما حیران تھی کہ کالزپر تو یہ بہت لمبی باتیں کرتا تھا اور یہاں اس طرح اگنور کر رہا ہے۔۔۔۔۔

www.urdunovelsmania.com

ہما اس کے طرف انے ہی لگی تھی کہ ایک دم معراج کا فون بجا اور وہ فون اٹھا کر لان کی طرف بڑھ گیا۔۔۔۔۔

ہاں بول زاضا؟؟؟

معراج نے فون کان سے لگا کر کہا۔۔۔۔

ہاں ہما ائی ہے کیوں؟؟؟ معراج نے زاضا کے سوال پر جواب دیا۔۔۔

یار زاضا مجھ سے یہ سب نہیں ھوتا۔۔۔سوری۔۔۔۔میں acting نہیں کر سکتا تو اس کو خود ہی بتا دے کہ وہ تو ھے میں نہیں۔۔۔۔۔معراج نے اپنی بات کی اور کل کاٹ دی۔۔۔معراج اپنے حسین بڑے لان میں کھڑا تھا جب ہما نے پیچھے سے اکر اسے کہا۔۔۔۔

ہیلو؟؟؟

ہما نے اپنا ہاتھ اگے کیا۔۔۔

معراج نے پلٹ کر دیکھا اور ہاتھ ملا کر اگے بڑھنے لگا۔۔۔

روکو۔۔۔

۔ہما نے اس کو ہاتھ سے پکڑ کر روکا۔۔۔

بولو؟؟

معراج نے بے رخی سے جواب دیا۔۔۔کیا تم نہیں چلو گے شاپنگ پر؟؟؟

ہما نے پیار سے پوچھا۔۔۔

نہیں مجھے کچھ کام ھے پلیز excuseme معراج بول کر اندر گھر کی جانب بڑھ گیا۔۔۔

عجیب بے تکا لڑکا ھے۔۔پر بلاشبہ اس کی ہر ایک ادا ظالمانا ھے۔۔۔۔۔۔۔۔ہما جاتے معراج کو دیکھ کر بولی

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆ ▪

دعا چلی جاو بچے اچھی بات ھے تھوڑا باہر او جاو تم بس گھر میں ہی رہتی ھو ٹھیک تو بول رہی ھیں سیرت اور عائشہ۔۔۔۔ سمیرا بیگم پوری پوری عائشہ اور سیرت کی باتوں میں اچکی تھی۔۔۔

پر امی؟؟

اپ تو۔۔!!!

دعا ابھی کچھ بولنے ہی والی تھی کہ عائشہ اور سیرت بول پڑی دیکھا آنٹی یہ ہی کرتی ھے ہمیں بولتی ھے گھر میں سختی ھے ماما نہیں مانیں گی۔۔۔۔ اور جب اپ اجازت دے رہی ھیں تو اب یہ منا کر رہی ھے ۔۔آنٹی اپ جو دسوچیں سجل باجی ہمارے کالج سے ہی پاس ھوئی ھئیں۔۔۔۔

اور پھر ہما ہماری دوست ھے ہمارا ایک گروپ ھے۔۔۔۔ سارے کالج کی لڑکیاں ھونگی اور یہ میڈم نہیں ھونگی۔۔۔۔ سیرت نے منہ بنا کر کہا اور سمیرا بیگم سے نظر بچا کر دعا کو صوفے پر پڑی گدی دے ماری۔۔۔۔۔۔

افففف سیرت کی بچی!!!

دعا اپنا بازو سہلاتے ھوئے بولی۔۔۔۔۔

سمیرا آنٹی اپ میری امی سے بھی بات کرلیں نا اپ تو جانتی ھیں میری امی دعا کو کتنا پسند کرتی ھیں اور اپ کو بھی۔۔۔۔ اگر دعا شادی میں جائے گی تو میرا جانا بھی آسان ھوجائے گا۔۔۔۔۔۔

پلیز آنٹی اس کو بولو نا۔۔۔۔۔۔

عائشہ نے بے چارگی سے کہا۔۔

بس دعا تم جاو گی۔۔ میں نے بول دیا۔۔۔۔

سمیرا بیگم نے حتمی فیصلہ کر کے کہا۔۔لیکن امی ہم جائیں گی کیسے ؟؟ دعا نے ایک اور بھانا تلاش کیا تم اس کی فکر چھوڑ دو میں عمیر یا اشعر میں سے کیسی کو بھیج دوں گی۔۔۔۔۔نہیں امی میں اشعر بھائی کے ساتھ نہیں اوں گی۔۔۔۔دعا نے فورن انکار کیا۔

۔افففففففف دعا !!!!

عائشہ اور سیرت نے ایک آواز ہو کر کہا۔۔۔۔۔

بس بچیوں تم کل ادھر ہی اجانا پھر میں عمیر کو بول کر تم تینوں کو بھجوادوں گی۔۔۔۔۔سمیرا بیگم نے مسکرا کر کہا۔۔۔۔

یییییییی !!!!!!

شکریہ انٹی اپ بہت اچھی ہیں۔۔۔۔۔عائشہ اور سیرت کی تقریبان خوشی سے چیخ نکلی تھی۔۔۔۔۔سمیرا بیگم اپنے کمرے کی طرف بڑھ گئ تو دعا اس سے پہلے کچھ بولتی عائشہ اور سیرت نے گدیاں اٹھا اٹھا کر دعا کو مارنا شروع کر دیا۔۔

۔دعا بھاگتی ہوئ خود کو بچانے لگی اور تینوں ایک دوسرے کو مزاق مزاق میں مارنے لگی۔۔۔۔۔

پھر تھک کر صوفے پر بیٹھ کر تینوں ہنسے لگی۔۔۔۔۔۔

انکی دوستی ایسی ہی تھی۔۔۔۔ایک دوسرے میں جان بستی تھی۔۔۔۔۔۔۔

وہ تینوں ہنس رہی تھی جب لاونج میں عمیر داخل ہوا تھا۔۔۔۔۔

اھوھو۔۔۔۔

اج تین چیڑیل ایک ساتھ۔۔۔۔۔عمیر نے تینوں کو ہنستے ہوئے دیکھ کر کہا۔۔۔۔۔۔

لو اگیا یہ نمونہ !!

دعا نے منہ بنا کر کہا۔۔۔۔ تو تینوں ھنسنے لگی۔۔۔۔۔

عمیر کے پیچھے پیچھے اشعر بھی اتا دیکھائی دیا۔۔ دعا نے فورن اپنا ڈوپٹہ سر پر لیا۔۔۔۔

اشعر نے کھل کھلاتی دعا پر نظر ڈالی تو اس کی نظر ایک پل کو روک سی گئی۔۔ صاف شفاف چاند جیسا چہرہ ھنسے کی وجہ سے سرخ ھو رہا تھا۔۔۔۔ جھیل جیسی انکھیں ھنستی ھوئی بہت دل فریب لگتی تھی۔۔۔

اشعر دعا کو بچپن سے پسند کرتا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

اسلام علیکم اشعر بھائی۔۔۔۔

۔اپ اج پھر ٹپک گئے۔۔۔۔؟؟؟

دعا نے ھنس کر کہا۔۔۔۔ دعا اشعر کو بلکل اپنے سگے بھائی کی طرح سمجھتی تھی۔۔۔۔ اور اس کے دماغ میں دور دور تک ایسی کوئی بات نا تھی۔۔۔ اور دعا سیرت کی پسند بھی جانتی تھی۔۔۔۔۔ سیرت اشعر کو کافی عرصے سے پسند کرنے لگی تھی۔۔۔۔

بس دیکھ لو۔۔۔۔!!!

ہمارا دل ادھر ہی جو پڑا رہتا ھے۔۔۔۔۔ اشعر نے مسکرا کر کہا۔۔۔۔

دعا نے موڑ کر سیرت کو دیکھا۔۔۔ جو پیچھے کھڑی شرما رہی تھی۔۔۔

اھووووو اچھا اچھا ایسی بات ھے؟؟

اشعر بھائی سیرت کو اپ سے کچھ پوچھنا تھا۔۔۔۔ دعا نے عائشہ کو انکھ مار سیرت کو پھانسنے کا اشارہ کیا۔۔۔۔۔

اچھا کیا؟؟ اشعر بے صوفے پر بیٹھتے ہوئے پوچھا۔۔۔۔

وہ اپ اس سے خود پوچھ لیں نا۔۔۔۔ اب کہ عائشہ نے اگے بڑھ کر کہا۔۔۔ اور پیچھے کھڑی سیرت دل ہی دل میں ان دونوں کو برا بھالا بولتی رہی۔۔۔

اھو عمیر چلو ہمیں تم سے کچھ کام ھے۔۔۔ عائشہ نے دعا کا ہاتھ پکڑکر عمیر کو پیچھے آنے کو کہا۔۔۔۔ عمیر بھی ھنستا ھوا دعا اور عائشہ کے پیچھے چل دیا۔۔۔۔

جاتے جاتے دعا نے سیرت کے کان میں۔

Bestofluck

مسکرا کر کہا۔۔

اج دعا کا موڈ کاسا اچھا تھا۔۔۔۔

سیرت نے دعا کو گھورا اور بولا اللہ تجھے پوچھے۔۔۔۔۔

دعا ھنستی ھوئی اندر کی طرف بڑھ گئی۔۔۔۔۔

ہاں بولو سیرت؟؟؟؟؟

اشعر نے سیرت کو خاموش پا کر پوچھا۔۔

وہ میں یہ بول رہی تھی کہ وہ!!! سیرت کو سمجھ نہیں ایا کہ وہ کیا بولے۔۔۔۔۔

ہاں بولو بابا؟؟

اشعر نے اس کے گھبرانے پر پوچھا۔۔۔۔ اشعر سیرت کو جب سے جنتا تھا جب سے دعا اور سیرت کی دوستی ھوئی تھی۔۔۔۔۔

وہ وہ اشعر!!!

!اپ مجھے tutions پڑھا دیں گے؟؟؟؟

سیرت کو کچھ سمجھ نا ایا اور جو منہ میں ایا بول دیا۔۔۔۔

امممم ٹیوشن۔۔۔°°!!!اشعر نے سوچ میں پڑھ کر کہا۔۔۔۔۔

جی!!!!

سیرت نے نظر جھکا کر کہا۔۔۔۔

اچھا میں تمھیں کل تک بتا دوں گا۔۔۔اشعر نے کہا۔۔۔

اچھا ٹھیک ھے۔۔۔۔۔۔سیرت بول کر تیزی سے دعا کے کمرے کی طرف بڑھ گئ۔۔۔۔

دعا کے کمرے سیرت داخل ھوئ تو دعا عائشہ اور عمیر زور زور سے اس کے سفید چہرے پر ھنسے لگے۔۔۔۔۔۔

دعا کی بچی اور وہ ایک بار پھر دعا کے پیچھے اس کو مارنے بھاگی۔۔۔۔۔!!!

اور پورے کمرے میں ان کی ھنسی گھونجتی رہی۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

معراج؟؟؟؟؟

معراج؟؟؟؟؟

دلاور معراج کے کمرے میں داخل ہو کر معراج کو پکار رہا تھا۔۔۔لیکن معراج کے کان میں headphones لگے تھے۔۔۔اور وہ انکھیں بند کر کے لیٹا سونگز سن رہا تھا۔۔۔۔۔

معراج؟؟؟؟؟

دلاور نے معراج کے کان سے ھیڈفون نکال دیے۔۔

Whatthehell???????

کیا ھے؟؟؟

معراج نے انکھیں کھول کر پوچھا۔۔۔۔

مجھے بات کرنی ھے تم سے کچھ!!

دلاور نے معراج کے بیڈ پر بیٹھ کر کہا۔۔۔۔

بولو؟؟؟

معراج نے دوسرا headphone کان سے نکال کر کہا۔۔۔۔۔

راج کل سے میری شادی شروع ھے اور میں چاھتا ھوں میرا چھوٹا بھائی اس شادی میں دل سے شریک ھو۔۔۔۔دلاور نے پیار سے کہا۔۔۔۔

اور تم میرے ھر ایک فنکشن میں میرے ساتھ رہو گے راج۔۔۔۔

ہمم۔۔۔۔

معراج نے بھائی کے پیار سے بولنے پر کچھ نا کہا۔۔۔۔

اور تمھارے سارے دوستوں کو بھی میں نے خود جا کر invite کیا ھے۔۔۔۔۔

اچھا ٹھیک ھے۔۔۔۔۔۔ معراج نے بات سنی دلاور اپھی کچھ اور بولتا اس سے پہلے معراج نے کان پر headphones لگا لی۔۔۔۔۔

دلاور نے ایک نظر معراج پر ڈالی۔۔۔۔۔ وہ کس قدر دور تھا اپنوں سے سب کے ساتھ ھوتے ھوئے بھی سب سے فاصلہ رکھتا تھا۔۔۔۔۔

پھر دلاور اٹھ کر کمرے سے باہر چلا گیا۔۔۔۔۔

معراج نے اپنے اندر اٹھنے والے طوفان کے شور سے تنگ اکر میوزک کا sound اور بڑھا دیا۔۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

اج سجل کی مھندی تھی جو دلاور کے گھر منعقد تھی اور ان تینوں کو ہما کے گھر جا کر اس کے ساتھ ھی دلاور کے گھر جانا تھا۔۔۔ عائشہ اور سیرت جب دعا کے گھر پہنچی تو دعا میڈم سو رہی تھی۔۔۔۔۔ دونوں کا غصہ ساتوے آسمان پر تھا۔۔۔۔۔ دعا پر پانی ڈال کر انھوں نے اسے اٹھایا تھا۔۔۔۔

افففف کیا مصیبت ھے؟؟؟

دعا نے بیڈ سے اٹھتے ھوئے کہا۔۔۔۔

مصیبت کی بچی چلو جا کر تیار ہو۔۔۔۔

عائشہ نے دعا کو صوفے پر پڑے کپڑے تھما کر کہا۔۔۔۔اس کے کپڑے پہلے ہی سمیرا بیگم نے iron کروا کے رکھ دیے تھے۔۔۔۔۔

وہ انتہائی بے دلی کے ساتھ باتھ روم میں تیار ہونے چلی گئی۔۔۔۔

اور وہ دونوں لاونج میں اکر اسکا انتیظار کرنے لگی۔۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

تھوڑی ہی دیر بعد دعا !!!!!!!!!!

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

تھوڑی ہی دیر بعد دعا تیار ہو کر کمرے سے باہر اگئی تھی۔۔۔۔۔۔

پیلے اور ہرے رنگ کی فورک پہنے وہ بے حد حسین لگ رہی تھی۔۔۔۔۔سر پر خوبصورتی سے حجاب سجائے۔۔۔اپنے سراپے کو دھکے وہ پری لگ رہی تھی۔۔۔

جھیل جیسی انکھوں میں ہلکا ہلکا سا کاجل گلاب جیسے ھونٹ پر گلابی کلر کی ھلکی لیپ اسٹک لگائی تھی اسکا چہرہ چاند کی طرح روشن اور صفاف تھا۔۔۔۔

وہ heels پہنے ہلکے ہلکے زینے سے اتر رہی تھی جب عائشہ اور سیرت کی نظر اس پر پڑی دعا کا حسن لوٹ لینے والا تھا کھڑی ناک گلابی ھونٹ غزالی انکھ۔۔وہ حسن کی مکمل مثال تھی۔۔۔۔۔اور اس پر اس کا حجاب لینے کا انداز اس کو سب سے منفرد بناتا تھا۔۔۔۔۔

ماشاءاللہ دعا!!!!!

بہت پیاری لگ رہی ھو۔۔۔۔دعا جب اتر کر لاونج میں ائی تو سمیرا بیگم نے نظر کی دعا پڑھ کر دعا پر پونک کر کہا۔۔۔۔۔

ہاں واقع دعا بہت پیاری لگ رہی ھو۔۔عائشہ اور سیرت نے بھی اس کی تعریف کی تھی۔۔۔۔دعا شروع سے اپنی تعریف ھونے پر نروس ھوکر نظر جھکا لیتی تھی۔۔۔۔۔

سیرت اور عائشہ نے بھی پیلے رنگ کے کپڑے پہنے تھے۔۔۔یہ ایک themwedding تھی اور اج کا them پیلے رنگ کی فورک تھا۔۔۔۔

چلو کافی دیر ھوگئ ھے بار بار ہما کی کال آرہی ھے۔۔۔۔

عائشہ نے گھڑی پر نظر ڈالتے ھوئے کہا۔۔۔۔

ہمم امی عمیر کہاں ھے؟؟؟۔

دعا نے سمیرا بیگم سے پوچھا۔۔۔

وہ تم لوگ کا گاڑی میں انتیظار کر رہا ھے چلو جاو اب۔۔۔۔

سمیرا بیگم نے دعا کو گلے لگا کر کہا۔۔۔۔

اچھا امی عمیر کو جلدی بھیج دیجے گا لینے دعا نے جاتے جاتے سمیرا بیگم کو کہا اور بوسہ دے کر اللہ حافظ بول کر نکل گئ۔۔

اچھا آنٹی اللہ حافظ!!!!عائشہ اور سیرت بھی اس کے پیچھے پیچھے باہر کی طرف لپکی۔۔۔

عمیر گاڑی میں بیٹھا ان ہی لوگوں کا انتیظار کر رہا تھا۔۔۔۔

دعا اکر فورنٹ سیٹ پر بیٹھ گئ جب کہ عائشہ اور سیرت پیچھے والی سیٹ پر بیٹھی۔۔۔۔۔

افففف اللہ تم لڑکیوں کے میک اپ کسی صورت ختم نہیں ھوتے۔۔۔۔۔۔۔۔ عمیر نے چیڑ کر کہا۔۔۔۔

کب سے تم لوگ کا wait کر رہا ھوں میں حد ھوتی ھے ویسے۔۔۔۔۔

کیوں کرتی ھو اخر تم لڑکیاں اتنا میک اپ۔۔۔۔؟؟؟

رہتی تو وہی چڑیل کی چڑیل ھو۔۔۔ عمیر نے اپنی ھنسی دبا کر کہا۔۔۔۔

چڑیل کے بچے جب تیری روبی تیار ھو کر آتی ھے تب یہ کیوں نہیں اسے چڑیل بولتا۔۔۔۔۔؟؟؟

دعا نے کار چلاتے عمیر کا کان پکڑ کر کہا۔۔۔۔۔

عائشہ اور سیرت ان دونوں کی نوک جونک پر ھنس دی۔۔۔۔۔

افففففف آپی کان تو چھوڑو مزاق کر رہا ھوں۔۔۔۔

وہ تو پھر ہم ہم ہم !!!!!!

عمیر نے ایک مسکراہٹ سجا کر کہا۔۔۔۔ دعا نے ھنس کر بھائ کا کان چھوڑ دیا۔۔۔۔۔

تھوڑی ہی دیر میں عمیر ان کو ہما کے گھر پر ڈراپ کر کے چلا گیا تھا۔۔ دعا نے جاتے جاتے عمیر کو کہا تھا کہ اس کو جلدی لینے ائ۔۔۔۔۔ ہما کے گھر والے انکا ہی انتیظار کر رہے تھے اور ان کے آتے ہی وہ لوگ جہانگیر مینشن کے لیے نکل گئے تھے۔۔۔۔۔

جب وہ لوگ جہانگیر مینش پر پہنچے تو ان کا پھر پور استقبال کیا گیا تھا۔۔۔۔۔ یہ تینوں جا کر ایک ٹیبل پر بیٹھ گئ تھیں۔۔۔۔۔

بڑے سے لان میں بلکل بیچ میں ڈانس فلور بنا تھا۔۔۔۔۔

مھندی کے گانے کانوں کی آواز کان کے پردے پھاڑ دینے والی تھی۔۔۔۔۔ دعا کو بے ساختہ وہ دن یاد آیا جس دن تیز گانوں کی آواز پر اس کی ایک بد مزاج انسان سے بھس ھوئ تھی۔۔۔۔۔ دعا نے اپنا دھیان جھٹکا۔۔۔۔ اور عائشہ اور سیرت سے باتوں میں لگ گئ۔۔۔۔۔

ہما دلاور کے ساتھ لگی تھی۔۔۔۔۔ دعا کو اپنے ارد گرد کے محول سے الجھن ھو رہی تھی۔۔ اس نے اپنے آس پاس نظر ڈوڑائ۔۔۔۔ ہر طرف بے حیائ عروج پر تھی۔۔۔ لڑکیاں چھوٹے چھوٹے بنا ڈوپٹوں کے لباس میں اپنے بھائ باپ کے سامنے گھوم رہی تھی۔۔۔۔۔ کھلا سر کھلے بال اپنی نسوانیت کا کھلا مظاہرہ کر رہی تھی۔۔۔۔ دعا وہ واحد لڑکی تھی اس پوری محفل میں جس نے سر پر حجاب لے رکھا تھا۔۔۔۔۔

عائشہ اور سیرت دونوں نے اکر یہاں کا محول دیکھ کر اپنا سر پر لیا ڈوپٹہ ایک طرف ڈال دیا تھا۔۔۔۔۔۔

دعا تم بھی اتر دو حجاب کبھی کبھی تو چلتا ھے۔۔۔۔۔ عائشہ نے دعا کو مشورہ دیا۔۔۔۔۔

میں بالوں کا پردہ کرتی ھوں عائشہ مجھے اس چیز پر فورس نا کرو۔۔۔ دعا اپنے حجاب پر کوئی سمجھوتا کرنا پسند نہیں کرتی تھی۔۔۔۔۔ وہ محول کو دیکھ کر بدلنے والے لوگوں میں سے نہیں تھی۔۔۔۔۔

اور ہر ایک نوجوان کی نظر دعا پر آٹکی تھی۔۔۔ اس محفل میں اور بھی بہت سی لڑکیاں تھی لیکن ہر ایک لڑکے کی نظر دعا کے چہرے کا طواف کر رہی تھی۔۔۔ اسکا گھائل کر دینے والا حسن یہاں کے تمام لڑکوں کو گھائل کر رہا تھا۔۔۔ اور وہ ان تمام لوگوم کی نظروں کو محسوس کر کے uncomfertable ھوئے جا رہی تھی۔۔۔۔ اس کو بہت برا لگتا جب کوئی لڑکا اس کو دیکھ کر نظر ہٹانا بھول جاتا۔۔۔۔ اس کا دل کرتا کے وہ کہی جا کر چھپ جائے۔۔۔۔۔ وہ جیسی غصہ سے دیکھتی تو لڑکے اپنی نظر جھکا لیتے۔۔۔۔۔

افف میرے اللہ میں کہاں پھس گئی ھوں دعا نے دل میں سوچا۔۔۔۔

دعا اپنی ھی سوچوں میں گم تھی جب ایک دم ساری لائٹس آف کر دی گئی تھی۔۔۔۔۔ پورے لان میں اندھیرا کر دیا گیا تھا۔۔۔

اور بس ایک فلو لائٹ اسٹیج پر جمی تھی۔۔۔۔۔۔

اسٹیج پر کھڑے ھوسٹ نے سب کو اسٹیج کی طرف انے کی دعوت دی۔۔۔۔ تمام لوگ اسٹیج کے ارد گرد جما ھو گئے۔۔۔۔۔۔

چلو چلتے ھیں عائشہ اور سیرت اٹھ کر جانے لگی دعا نے روکنا چھا پر وہ نا روکی دعا کو اکیلے اندھیرے میں یہاں بیٹھنا ٹھیک نا لگا اس لیے مجبورن یہ ان دونوں کے پیچھے چل دی۔۔۔۔۔ لیکن بھیڑ سے ھٹ کر کھڑی ھوئی جہاں لڑکے نہیں تھے۔۔۔۔۔

ایک بار پھر فلو لائٹس بند ہو کر disco لائٹس آون ہوئی تھی اور کوئی اندھیرے میں چلتا اکرا سٹیج کے بیچ میں کھڑا ہوا تھا۔۔۔۔

میوزک پلیر کے بڑے بڑے speakers پر گانے ابھی شروع ہوا تھا۔۔۔۔۔

گانے کی بیٹ کے ساتھ لائٹس بند کھل ہو رہی تھی۔۔۔۔

لڑکیاں لڑکے پوری طاقت سے شور مچا رہے تھے۔۔۔ ہر ایک اسٹیج پر کھڑے لڑکے کا نام لے رہے تھے۔۔۔ کوئی راجہ راجہ کے نعرے لگتا تو کوئی ہجوم میں سے راج راج بولتا۔۔۔۔

دعا کی نظر بھی اس شخص پر تھی جو اسٹیج کے درمیان میں کھڑا کمال ڈانس اسٹیپ کر رہا تھا ابھی تک پوری لائٹس اون نہیں ہوئی تھی۔۔۔۔ کبھی follow لائٹ جلتی تو کبھی ڈسکو لائٹس۔۔۔۔ اور پوری آواز سے یہ گانا بجتا

Listenclosetowhat Igottasay.
Causeyouknowthereain't nootherway
Loveisthemessage
Youready?
Let's go

ہجوم سے اور تیز چیخوں کی آواز آنے لگی۔۔۔۔ اور جیسے جیسے گانا بجتا گیا۔۔۔۔۔ اسٹیج پر کھڑے لڑکے نے اپنا کمال رکس شروع کیا۔۔۔۔ ہر گانے کے الفاظ کے ساتھ وہ اپنا step چین کرتا۔۔۔۔

Yeah..wecanmakeitbetter.
Yeah..whenwecometogether.
Yeah..allyougotisme.
Yeah..allIgotisyou!

گانے کا ہر ایک الفاظ اس کے ڈانس سے میچ کر رہا تھا۔۔۔۔ دعا ناچھاتے ہوئے بھی اس کے کمال ڈانس کی طرف متوجہ ہوئی تھی۔۔۔۔ اسٹیج پر اب تک دیم لائٹس تھی۔۔۔۔

لیکن جیسے ہی یہ الفاظ !!!

Ishqseuncha?
Kuchnahikuchnahikuch
Ishqsebadhkar?
Kuchnahikuchnahikuch
Ishqseaccha?
Kuchnahikuchnahikuch
Ishqbinahumkuchnahi...
Chaahejoaaye
Lekedilmeinishqmohabbat
Sabkogalelagaana
Apneculturekihaiaadat
Swagsekarengesabkaswagat!

urdu novels mania www.urdunovelsmania.com

♪♪♪♫

Swagsekarengesabkaswagat!

یہ الفاظ speakers پر گونجتے ہی ہال کی تمام لائٹس آون کر دی گئ۔۔۔۔۔۔وہ بہت مہارت سے ایک ایک اسٹپ کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔وہ کسی فلمی ہیرو کی طرح ناچ رہا تھا۔۔۔۔۔۔لڑکیاں پاگلوں کی طرح اسکارکس دیکھ کر چیخ رہی تھی۔۔۔جب فل لائٹس آون ہوئ تو شور میں مزید آضافہ ہوا تھا۔۔۔۔لیکن لائٹس آون ہونے کے بعد دعا کے سر پر کسی نے بوم پھوڑا تھا۔۔۔۔اس کے وہم اور گمان میں بھی نہیں تھا کہ دوبارہ کبھی اس شخص کو اپنی زندگی میں دیکھے گی۔۔۔۔۔۔۔دعا کے چہرے کا رنگ بلکل اڑ چکا تھا۔۔۔۔۔

اسٹیج پر ناچتا شخص کوئ اور نہیں وہی ضدی شخص تھا۔۔۔۔وہ اسکا چہرہ دیکھتے ہی پہچان گئ تھی۔۔۔۔اور کافی حد تک حیران اور پریشان تھی۔۔۔۔۔۔

افففف اللہ یہ؟؟؟؟

دعا کہ منہ سے ایک دم سے نکلا تھا۔۔۔۔۔۔۔

لیکن شور کی وجہ سے کسی نے نا سنا تھا۔۔۔۔

وہ حیران اور پریشان سی اکر اپنی کرسی پر بیٹھ گئ تھی۔۔۔۔۔

اسکا ڈانس ختم ہو چکا تھا اور ہر ایک oncemoreoncemore کے نعرے لگا رہا تھا۔۔۔۔

اسٹیج سے ھجوم اب واپس اپنی ٹیبلز پر جارہا تھا۔۔۔۔۔عائشہ اور سیرت بھی واپس اپنی میز پر آگئ تھی۔۔۔۔۔

یار کیا کامل ڈانس کیا ھے !!!!!قسم خدا کی یہ کسی ہیرو سے کم نہیں ھے یار!!!

عائشہ نے بہت گرم جوشی سے کہا۔۔۔۔۔

ہاں واقعی بہت اچھا لڑکا ھے۔۔۔

سیرت کے منہ سے بے ساختہ نکلا تھا۔۔۔۔

دعا گم سم سی بیٹھی سوچ رہی تھی۔۔۔۔

اس کے زہن میں وہی دن لوٹ ایا تھا۔۔۔۔۔

دعا؟؟؟؟

عائشہ نے دعا کو ہلا کر پوچھا۔۔۔دعا جو اپنی سوچ میں گم تھی عائشہ کے ہلانے پر ایک دم چونک کر بولی!!!

ہاں کیا؟؟؟؟

لو تو نے سنا ھی نہیں؟؟؟ ھوا کیا ھے تجھے؟؟؟؟

کہاں گم ھے؟؟؟ عائشہ اور سیرت نے اسکا پریشان چہرہ دیکھ کر پوچھا۔۔۔۔

نہیں کچھ نہیں دعا نے اپنے اوپر قابو پا کر کہا۔۔۔۔۔

اچھا چلو چل کر اسٹیج پر دلاور بھائ اور ان کے بھائ سے مل کر آتے ھیں۔۔۔۔۔عائشہ نے کہا۔۔۔

کوئ ضرورت نہیں ھے ایک جگہ بیٹھ جا و اب میں کہی نہیں جاون گی۔۔۔دعا نے کافی چیڑ کر کہا۔۔۔۔۔

دعا اس طرح کرسی پر بیٹھی تھی کہ اس کی پشت تھی لوگوں کی طرف اور منہ صرف عائشہ اور سیرت کی طرف تھا۔۔۔۔۔اچھا تم جاو عائشہ میں ھوں دعا کے ساتھ سیرت سمجھ گئی تھی کہ دعا کچھ پریشان ھے۔۔۔۔اس لیے عائشہ کو بھیجنے کے لیے بولی۔۔۔

کیا ھوا دعا؟؟؟

کیوں پریشان ھو؟؟

سیرت نے دعا کے پاس اکر پوچھا۔۔۔۔

یار سیرت ہی وہی لڑکا ھے!!!!

جس سے میری بھیس ھوئی تھی۔۔۔۔دعا نے جل جل کر کہا۔۔۔۔۔۔

کون؟؟؟؟

سیرت کی آواز میں بلا کی حیرت تھی؟؟؟؟

یہ ڈانس جس نے کیا؟؟؟

تو نے اس کو سنائی تھی دعا؟؟؟؟؟؟؟؟ سیرت کی انکھیں حد سے زیاہ پھٹی تھی!!!

ہاں اس کو!!!دعا نے بے چارگی سے کہا۔۔۔۔۔

دعا تو جانتی ھے یہ کون ھے؟؟؟؟؟ سیرت سے اپنے اپ کو سنبھال کر کہا۔۔۔۔

نہیں!!!!!

کون ھے؟؟؟

دعا کی پریشانی میں اضافہ ھوا۔۔۔۔

دعا یہ معراج جہانگیر ھے !!!!!!!

معراج جہانگیر؟؟؟؟

دعا نے نے ماتھے پر بل ڈال کر سوالیہ انداز میں پوچھا۔۔۔۔

ہاں راجہ جہانگیر کا بیٹا اور ہما کا دیور تو جانتی ھے راجہ جہانگیر اس شھر کے سب سے بڑے اور جانے مانے سیاست دان اور بزنس مین ھیں۔۔۔۔۔ تو نے ان کے ہی بیٹے کو؟؟؟

تو نے واقعی

اس کو؟؟؟؟؟

سیرت کو اب تک یقین نہیں آرہا تھا۔۔

معراج جہانگیر کا نام سن کر دعا کے ھوش آڑ گئے تھے۔۔۔۔

راجہ جہانگیر اور معراج جہانگیر کو کون نا جنتا تھا۔۔۔۔۔

وہ اس شھر کے جانے مانے لوگ تھے جو زورا پنے بزنس اور سیاست کی وجہ سے اخباروں اور خبروں کی زینت بنا کرتے تھے۔۔۔ دعا نے کافی بار معراج کا نام سن رکھا تھا۔۔ عمیر اور عمر اس کے دونوں بھائی اکثر معراج جہانگیر کی کار اور بائکس collections کا زکر کرتے تھے۔ وہ جب جب نیو بائک یا کار لیتا اخبار والے اس کے اوپر ایک àrtical چھاپ دیتے۔۔۔

۔ وہ اج کل ہر ایک لڑکی کا کرش بنا ھوا تھا۔۔۔ احمد صاھب بھی کبھی کبھار سیاست کے حوالے سے راجہ جہانگیر کا زکر کیا کرتے تھے راجہ جہانگر ایک اچھے سیاست دان تھے۔۔۔۔ تب عمیر اور عمر فورن ہی معراج جہانگیر کی بائکس اور کار کا زکر لے کر بیٹھ جاتے۔۔۔۔ کہ اس کے پاس ہر ایک وہ

گاڑی اور کار ھوتی ھے جو لوگ رکھنے کی تمنا کرتے ھیں۔۔اسکا بڑا swag ھے۔۔۔۔دعا کو heavy bikes کا کافی شوق تھا اس لیے شوق سے عمیر اور عمر کی گفتوگو سنتی۔۔۔لیکن کبھی معراج کو دیکھنے کا اتفاق نا ھوا تھا۔۔۔۔۔۔

اور نمرہ بھی کافی حد تک اس کی فین تھی۔۔۔۔

اللہ اللہ!!!

دعا نے بے چارگی سے اپنے ماتھے پر ہاتھ مارا تھا۔۔۔۔۔۔دعا حد سے زیادہ پریشان ھوگئ تھی۔۔۔۔ اور فورن ہی اس نے عمیر کو کال کر دی تھی۔۔۔۔کہ وہ اس کو لینے اجائے۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

معراج جب ڈانس فلور سے اتر کر نیچے آیا تو سب سے پہلے دلاور نے اسکو گلے لگایا اور کہا تھا اج تم نے میری مھندی یادگار بنا دی۔۔۔۔۔اور پھر جہانگیر صاحب نے اس کو گلے لگا کر بوسہ دیا تھا۔۔۔۔۔اج کافی عرصے بعد معراج خوش نظر آرہا تھا۔۔۔۔۔وہ اپنے دوستوں کی طرف ارہا تھا جب لڑکیاں اور اس کی کزنز اس سے اکر مل رہی تھی اور اس کے ڈانس کی داد دے رہی تھی۔۔۔ اج خیر سے راج صاحب کا موڈ اچھا تھا تو وہ بھی سب سے بس نورمل بات کر رہا تھا۔۔۔نہیں تو وہ اتنا موڈی تھا کہ کسی کی بات کا جواب تک نا دیتا تھا۔۔۔۔۔

ہما بھی اس کے پاس ائی تھی اور اس کے ڈانس کی داد دے کر گئی تھی۔۔۔۔جس پر معراج نے صرف ایک دلفریب مسکان سجا کر thankyou کہا تھا۔۔۔اور اس کی یہ دلفریب مسکان لڑکیوں کے دل کے تار چھیڑ جاتی تھی۔۔۔۔۔

وہ آمرانہ چال چلتا ھوا اپنے دوستوں کی میز تک آیا تھا۔۔۔۔۔

واہ راجے !!!!

اج تو اپ نے محفل میں اگ لگا دی۔۔۔۔۔راضا نے کھڑے ھو کر معراج کو گلے لگاتے ھوئے کہا۔۔۔

معراج نے مسکرا کر ایک کرسی پر جگہ سنبھالی۔۔۔۔۔اس ہی میز پر زیب زاضا اور معراج کے دیگر دوست جما تھے۔۔۔۔۔

معراج کی نظر ایک دوبارا اپنے دوستوں پر پڑی تھی جو بار بار معراج کی پشت والی ٹیبل پر نظریں جمائے بیٹھے تھے۔۔۔۔۔

معراج نے نوٹ کیا تھا۔۔۔کہ راضا کا دھیان بھی اسی طرف ھے۔۔۔۔۔

لیکن معراج نے مڑ کر نا دیکھا۔۔۔۔

معراج نے ایک ہاتھ سے سیگرٹ سلگائی اور کش لگاتے ھوئے راضا پوچھا۔۔۔

اور تو نے ہما کو بتا دیا؟؟؟؟؟

ہاں یار بتا دیا۔۔۔۔اس نے اتنی سنائی ھے مجھے کہ سوچ ھے تیری۔۔۔۔۔راضا نے بے چارگی سے کہا تو معراج ایک دم ھنس پڑا اچھا۔۔۔۔۔

ویسے اج یہ زیب کا دھیان کہا ھے ؟؟؟؟

معراج نے ازان کو دیکھ کر زاضا سے پوچھا۔۔۔۔۔

یار زیب کا کیا معراج۔۔۔۔ہال میں موجود تمام لڑکوں کا دھیان تیری پیچھے والی ٹیبل پر ھے۔۔۔۔

کیا مطلب ؟؟؟؟

یار ہما کی دوستیں ائی ھیں۔۔۔۔اور قسم سے ان میں سے ایک قیامت کا حسن رکھتی ھے۔۔۔۔وہ اس پوری محفل میں سب سے الگ دیکھ رہی ھے۔۔۔۔۔گھائل کر دینے والا ھسن ھے اس لڑکی کا

۔۔۔۔

یار جب لڑکیاں چھوٹے چھوٹے کپڑے پہن کر اپنے منہ پر ایک ایک من کا میک اپ لگائیں گی تو حسین ہی لگے گی۔۔۔۔یہ اسکا نہیں اس کے چھوٹے کپڑے اور میک اپ کا کامل ھے۔۔۔۔معراج نے بے رخی سے کہا اور پھر ایک کش لگایا۔۔۔۔

جناب اپ کی سوچ بلکل غلط ھے۔۔۔۔

اب کہ زیب نے کہا تھا۔۔۔۔یہ لڑکی نا تو چھوٹے کپڑوں میں بیٹھی ھے نا اس نے اپنے منہ پر ایک ایک من میک اپ لگا رکھا ھے۔۔۔یہ واقعی تعریف کے قابل ھے اسکا حسن صرف مجھے نہیں سب کو ھی گھائل کر رہا ھے۔۔۔۔اس کے ساتھ والی دونوں لڑکیاں بھئ پیاری ھیں لیکن اس کے چہرے پر ایک الگ طرح کا حسن ھے۔۔۔۔۔

معراج کو اب واقعی اشتیاق سا ہوا تھا۔۔۔۔۔کہ ایسی بھی کیا ہے اس لڑکی کہ اندر۔۔۔۔اس نے اپنی سیگرٹ بجھائی اور ہلکے سے پلٹ کر اپنے پیچھے والی میز پر دیکھا جہاں وہ تینوں بیٹھی تھی۔۔۔۔۔لیکن اس کو عائشہ اور سیرت نظر ائی۔۔۔۔اور ایک حجاب والی لڑکی کی پشت۔۔۔

کون سی ہے ان میں سے ؟؟؟ معراج نے دوبارہ زاضا سے پوچھا۔۔۔۔۔

یار وہ جو پیلے کلر کے حجاب میں بیٹھی ہے نا وہ!!!

زاضا نے اشارہ کیا تو معراج نے زاضا کے اشارہ کی طرف اب مکمل پلٹ کر دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔

اس کو ایک پل نا لگا تھا یہ پہچان نے میں کہ وہ لڑکی کون ہو سکتی تھی۔۔۔۔۔۔

معراج کے چہرے پر واضح رنگ بدل چکے تھے۔۔۔۔

یہ لڑکی یہاں ؟؟؟؟؟

معراج کے منہ سے ایک دم سے نکلا!!!

تو اسے جانتا ہے ؟؟؟؟

زاضا نے معراج کے اس طرح بولنے پر فورن پوچھ بیٹھا۔۔۔۔۔۔

نہیں لیکن اب جان جاوں گا۔۔۔۔

اس کو کیسے بھول سکتا ہوں میں !!!!!معراج نے ایک ایک الفاظ چبا چبا کر کہا۔۔۔۔

راضا کو بلکل بھی یاد نا تھا کہ یہ وہی لڑکی ہے اور نا معراج نے اس کو یاد دیلانا مناسب سمجھا تھا

۔۔۔۔۔۔

یعنی تجھے یہ لڑکی اچھی لگی ؟؟؟؟

زاضا نے معراج کے بات نا سمجھتے ہوئے اپنے اندازہ لگاتے ہوئے کہا۔۔۔۔۔

معراج نے ایک نظر گھور کر زاضا کو دیکھا۔۔۔۔

لڑکیاں معراج جہانگیر کو پسند کرتی ھیں۔۔۔۔ معراج لڑکیوں کو نہیں۔۔۔۔ معراج جہانگیر صرف اپنا مقصد پورا کرتا ھے۔۔۔

معراج ایک دم اٹھا اور دعا کی میز کی طرف جانے لگا۔۔۔۔ معراج اپنے اوپر قابو نہیں رکھ پا رہا تھا ۔۔۔۔ وہ اس لڑکی سے مل کر اس کو سبق سکھانا چھاتا تھا۔۔۔۔

دعا!!!!!!!

دعا!!!!!!

سیرت نے گھبرا کر کہا۔۔۔۔۔

کیا؟؟؟؟؟؟؟

ھے؟؟؟؟

دعا نے اس کے اس طرح سفید پڑھتے چہرے کو دیکھ کر پوچھا۔۔۔

دعا وہ وہ!!!!

سیرت گھبراہٹ کے مارے کچھ بول نہیں پا رہی تھی۔۔۔۔۔۔

کیا وہ؟؟ اب دعا بھی تھوڑا گھبرائی تھی۔۔۔۔ لیکن پیچھے مڑ کر دیکھنے کی اس میں بکل ہمت نا تھی۔۔۔۔۔

دعا وہ ادھر!!!! ابھی سیرت کے منہ سے الفاظ پورے ادا بھی نا ھوئے تھے کہ دعا کو اپنے پیچھے سے ایک بھاری بھرکم اور روب سے بھری مرادناہ آواز سنائی دی۔۔۔۔۔

Hello!!!!!

Bravegirl.....

سیرت کی انکھیں حد درجہ تک حیرت سے پھٹی ھوئی تھی۔۔۔۔۔ دعا نے سیرت کو دیکھا جو گم سم سی کھڑی اس نوجوان کو دیکھ رہی تھی جس نے ابھی ابھی دعا کو مخاطب کیا تھا۔۔۔۔

دعا نے پلٹ کر دیکھا۔۔۔۔ تو دو پل کے لیے دعا بھی حیرت کی زد میں اگئ۔۔۔

کسی ھیں اپ محترمہ؟؟؟؟

دعا کی حیرت حد سے زیادہ تھی لیکن جلدی ہی خود پر قابو پا کر سامنے کھڑے شخص سے بولی۔۔۔

جی ٹھیک ھوں الحمداللہ۔۔۔۔ اور بولنے کے ساتھ ہی اگے کی طرف بڑھنے لگی۔۔۔

محترمہ!!!!

دعا کے قدم معراج کی آواز نے روکے تھے۔۔۔۔۔

جی؟؟؟ دعا نے پلٹ کر پوچھا۔۔۔۔۔ دعا معراج سے تھوڑے فصیلے پر تھی۔۔۔ معراج ایک دو قدم چل کر دعا کی طرف ایا۔۔۔۔۔ سیرت جتنی حیرت میں تھی اس زیادہ حیرت میں زاضا، ازان ہما اور عائشہ تھے۔۔۔۔

معراج جہانگیر نے کسی لڑکی سے خود جا کر بات میں پہل کی تھی۔۔۔۔۔ اور یہ پہلی دفعہ تھا۔۔۔

وہ میں اپ سے پوچھنا چھا رہا تھا محترمہ کہ اپ مجھے پہچان تو گئ ھونگی یقینن ؟؟؟

معراج کے دماغ میں چل رہا تھا وہ صرف معراج ہی جانتا تھا۔۔۔۔

وہ ہر کام اپنے مقصد کو پورا کرنے کے لیے کرتا تھا۔۔۔ اور اپنا بدلہ پورا کرنے کے لیے کچھ بھی کر سکتا تھا۔۔۔۔۔

جی!!!!

پہچان لیا بہت اچھی طرح!!!

دعا نے نظر بدل کر نیچے دیکھتے ھوئے کہا۔۔۔

ہمم!! good

دراصل میں اپنے اس دن کے عمل پر کافی شرمندہ ھوں اور اپ سے excuse کرنا چھاتا ھوں۔۔۔۔۔

معراج نے بغیر کسی تمید کے اپنی بات کی تھی۔۔۔۔

۔اور معراج کے یہ الفاظ سیرت زاضا اور دعا تینوں کے لیے کافی حیران کن تھے۔۔۔ زاضا کو تو اپنے کان پر یقین نہیں آرہا تھا کہ یہ معراج ھے۔۔۔

ہما اور عائشہ دور سے یہ مناظر دیکھ کر ان کے پاس آگئ تھی اور بات سمجھنے کی کوشش کر رہی تھیں۔۔۔

جی کوئ بات نہیں۔۔۔۔ میں بھی اپنے اس دن کے الفاظ پر شرمندہ ھوں۔۔۔۔ دعا نے بھی بہت سلیقے سے کہا۔۔۔۔۔

چلیں محترمہ یہ اچھا ھوگیا کہ ہم دونوں نے ایک دوسرے سے بات صاف کرلی۔۔اب مجھے اجازت دیں۔۔۔اور کسی چیز کی ضرورت ھو تو مجھے ضرور بتائیے گا۔۔۔۔

معراج نے اپنی بات ختم کی اور پھر دعا کو کراس کرتا نکل گیا۔۔۔۔۔

ہما عائشہ کو تو اپنی انکھوں پر یقین نہیں آرہا تھا اور سیرت ابھی بھی ویسی شوق کھڑی تھی۔۔۔لیکن دعا کی گھبراہٹ کم ھوئی تھی۔۔۔۔۔اور اب وہ پہلے سے نرمل تھی۔۔۔۔معراج کے پیچھے پیچھے زاضا فورن گیا تھا۔۔۔

اور ہما اور عائشہ اکر دعا سے ساری تفصیل پتا کر رہی تھی۔۔۔۔

معراج؟؟؟؟؟

معراج؟؟؟؟

تو ٹھیک ھے؟؟

زاضا نے معراج کے ماتھے کو ہاتھ لگا کر کہا۔۔۔۔

معراج نے زاضا کا ہاتھ جھٹک دیا۔۔۔۔overacting مت کر زاضا۔۔۔۔۔۔۔

تو نے اج پہلی بار کسی لڑکی سے بات کی اور اس سے معضرت بھی کی۔۔۔۔۔یہ تو نہیں ھوسکتا۔۔۔۔۔زاضا کی حیرت اب تک ویسی کی ویسی تھی۔۔۔۔

معراج نے زاضا کو مسکرا کر دیکھا۔۔۔۔۔زاضا تو میری سوچ تک نہیں پہنچ سکتا اس لیے اپنا دماغ کم چلا۔۔۔۔۔۔۔۔یہ وہی لڑکی ھے جو مجھے ھوٹل میں ملی تھی اس دن۔۔تجھے کیا لگا میں اسے معافی مانگنے گیا تھا؟؟؟

بس تو دیکھتا جا اگے اگے ھوتا ھے کیا۔۔۔۔ معراج نے ایک مسکان ھونٹوں پر سجا کر کہا۔۔۔۔

معراج تجھے کوئی نہیں سمجھ سکتا۔۔۔۔۔ زاضا نے معراج کی مسکان دیکھ کر کہا۔۔۔۔

اچھا مجھے ہما کا نمبر دے۔۔۔ معراج نے موبئل نکال کر ہما کا نمبر لیا اور واپس وہ دونوں اکر اپنی میز پر بیٹھ گئے۔۔۔

زیب کا اب تک وہی حال تھا۔۔۔۔ اس کی نظر دعا پر ہی تھی۔۔۔ معراج کی عادت تھی جس چیز پر وہ نظر ڈال دیتا تھا اس پر پھر کوئی اور نظر ڈالتا تو معراج کا خون جلتا تھا خواہ وہ چیز معراج کے لیے کوئی اہمیت رکھتی ھو یا نا ھو۔۔۔۔

زیب یہ سب حرکتیں یہاں نہیں کرو۔۔۔ یہ میرے گھر کا event ھے اور مجھے اس میں یہ چیچورا پان نہیں چھائے۔۔۔۔۔۔

معراج نے سیدھے الفاظ میں کہا تو زیب بھی شرمندہ سا ھوا۔۔۔۔

معراج کے کو پتا نہیں کہا ھوا کہ اس نے پھر پلٹ کر پیچھے دیکھا۔۔۔

دعا کسی بات پر منہ پر ہاتھ رکھ کر ھنس رہی تھی۔۔۔۔

معراج کو بھی وہ کہی نا کہی سب سے الگ الگ اور جدا جدا لڑکی لگی۔۔۔۔ لیکن معراج کے سر پر اس وقت صرف اور صرف اپنی اس بات کا بدلہ لینے کا بھوت سوار تھا۔۔۔۔۔ اور وہ کیا کرنے جا رہا تھا وہ اسکی خرابی کو خود بھی نا جانتا تھا۔۔۔۔۔

مایو کی رسم کے بعد کھانے کا دور چلا تھا اور کھانا کھاتے ہی عمیر دعا سیرت اور عائشہ کو لینے اگیا تھا ۔۔۔۔۔ اور وہ تینوں خاموشی سے ہما اور دلاور سے مل کر چلی گئی تھی۔۔۔۔

معراج کی نظر نے ایک بار پھر ہال کا چکر لگایا تھا۔۔۔لیکن اس کو وہ حجاب والی لڑکی کہیں نظر نہیں آئی تھی۔۔ابھی وہ اپنی سوچوں میں تھا کہ اس کے پاس ہما ائی۔۔اور اس سے بات کرنے لگی۔۔۔۔۔

کیسے ہو راج۔۔۔۔؟؟

ہما نے معراج کے کافی قریب اکر کہا۔۔۔

ٹھیک ہوں۔۔۔

تم کیسی ہو؟؟؟

۔معراج نے مختصر سا جواب دیا اور فورن ھی پوچھ بیٹھا۔۔۔۔

میں اچھی ہوں۔۔۔۔ہما نے شرما کر کہا۔۔

اچھا وہ ہما تمھاری وہ دوستیں نظر نہیں ارہی کیا نام ھے اس حجاب والی لڑکی کا؟؟؟؟

دعا!!!!!ہاں وہ چلی گئیں۔۔۔۔

ہما نے معراج کی بات کو نا سمجھتے ہوئے فورن دعا کا نام لیا۔۔۔۔

دعا!!!!!!!!

معراج نے دعا کا نام دھوریا۔۔۔۔۔۔۔۔اور پھر کچھ سوچ کر مسکرا دیا۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆▪▪▪▪▪▪☆☆☆☆☆

اچھا وہ ہما تمھاری وہ دوستیں نظر نہیں ارہی کیا نام ھے اس حجاب والی لڑکی کا؟؟؟؟

دعا!!!!!

ہاں وہ چلی گئیں۔۔۔۔

ہما نے معراج کی بات کو نا سمجھتے ھوئے فورن دعا کا نام لیا۔۔۔۔

دعا!!!!!!!!

معراج نے دعا کا نام دھوریا۔۔۔۔۔۔۔۔

اور پھر کچھ سوچ کر مسکرادیا۔۔۔۔

کیا ھوا؟؟

ہما نے معراج کی مسکان دیکھ کر پوچھا!!

نہیں کچھ نہیں۔۔

تم بہت اچھی لگ رہی ھو۔۔۔۔

معراج نے ہما کا دھیان ھٹانے کے لیے بات بدل دی۔۔۔۔اور معراج کی اس بات پر تو ہما ساتوں آسمان پر پھنچ گئ۔۔۔۔۔۔ معراج تھوڑی دیر کھڑا اسے باتیں کرتا رہا۔۔۔۔اور ہما جانے انجانے میں اس کو تمام تفصیل بتاتی رہی ہما بس یہ خوش تھی کہ وہ اپنے مقصد میں کامیاب ھورہی ھے کہ معراج اس میں interest لے رہا ھے۔۔۔۔جب کے معراج جیسا شخص کسی میں اپنے مطلب کے بنا interest نہیں لے سکتا۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

دعا گھر آتے ہی کپڑے چین کر کے نماز پڑھنے اور دعا کرنے کے بعد جانماز پر بیٹھی سوچ رہی تھی۔۔۔۔

یا اللہ مجھے معاف کر دیجے گا۔۔۔۔

میں نے بلاوجے اس لڑکے کو اتنا غلط سمجھا۔۔۔۔

وہ تو اچھا انسان ھے۔۔۔۔۔

اس دن ھو سکتا ھے کیسی پریشانی کی وجہ سے اس نے یہ سب کہا ھو۔۔۔۔

امی ٹھیک کہتی ھے کوئی برا نہیں ھوتا بس انسانوں کے کچھ عمل ہمیں ناپسند ھوتے ھیں۔۔۔۔

لیکن میرا دل کیوں نہیں مان رہا کہ یہ شخص واقعی میں معافی مانگ رہا تھا۔۔۔۔

مجھے ایسا کیوں لگ رہا ھے کہ کچھ بڑا ھونے والا ھے۔۔۔۔۔

دعا کبھی خود کو سمجھاتی اور کبھی خود اپنی ہی سوچ میں الجھ جاتی۔۔۔۔

اففففف!!!!!

میرے اللہ میں کیوں اتنا سوچ رہی ھوں۔۔۔۔

دعا نے جانماز سے اٹھتے ھوئے کہا اور اکرا ابھی اپنی جگہ پر ہی لیٹی تھی کہ نمرہ اٹھ کر بیٹھ گئی۔۔۔۔۔

دعا آپی؟؟؟

کیسا رہا جاج کا فنکشن؟؟؟

نمرہ نے نیم بند ھ انکھوں سے پوچھا۔۔۔۔

دعا کو ایک دم اس کے اس طرح نیند میں پوچھنے پر ھنسی ائ۔۔۔۔

ہاں اچھا تھا کافی۔۔۔۔۔

دعا جانتی تھی کہ نمرہ معراج جہانگیر کو اس کی bikes اور cars کی نیو collection کی وجہ سے کتنا زیادہ پسند کرتی ھے۔۔۔ نمرہ نے کافی بار معراج کی خوبصورتی کا زکر بھی دعا سے کیا تھا لیکن دعا نے کبھی ضروری نا سمجھا تھا کہ وہ اس کو دیکھے۔۔۔۔۔

امممم

نمرہ ایک بات بتاو؟؟

دعا نے اپنی جگہ پر لیٹ کر کہا۔۔۔۔۔

جی آپی بولو؟؟؟

وہ لڑکے کا کیا نام تھا جس کی تم کافی دیوانی ھو؟؟

معراج جہانگیر نام ھے!!!!!

اپی اپ کیوں اسکا پوچھ رہی ھو؟؟؟؟؟

کیا وہ اج شادی میں ایا تھا اپی؟؟؟؟

معراج کے نام پر نمرہ اپنے بیڈ سے اڑتی ھوئ دعا کے بیڈ پر ائ تھی۔۔۔۔

بولو نا اپی؟؟؟؟

افففف اللہ نمرہ۔۔۔۔

www.urdunovelsmania.com

۔بندہ اتنا بھی کسی کا دیونا نہیں ھوتا۔۔

افف!!!!!

اپی اپ کو کیا پتا معراج جہانگیر پر کتنی لڑکیاں فدا ھیں۔۔۔۔۔نمرہ نے انکھ مٹکا کر کہا۔۔۔۔

شرم کرو لڑکی اپنی عمر دیکھو تم۔۔۔۔دعا نے نمرہ کو پیار سے کان سے پکڑ کر کہا۔۔۔۔

ہاں اج تمھارے اس نمونے کو دیکھا شادی میں۔۔۔۔دعا نے سادھے سے انداز میں کہا لیکن نمرہ کی توجیسے عید ھوگئ ھو۔۔۔۔

ہاں سچ آپی تم؟؟؟؟

اسے ملی؟؟؟؟

ہمم۔۔۔۔وہ سجل اپی کے دیور ھیں۔۔۔۔۔

اھووووو

دعا اپی

پلیز کل مجھے بھی اپنے ساتھ لے چلو نا شادی میں۔۔۔۔

نمرہ نے فورن معصوم سی شکل بنا کر ضد کی۔۔۔

اب تم زیادہ فری نا ھو۔۔۔

۔میں بھی کال نہیں جا رہی ھوں شادی میں چپ کر کے سو جاو۔۔۔۔

دعا نے منہ تک چادر اوڑھی اور سوگئ۔۔۔۔۔

افففف اپیٔ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

نمرہ منہ بناتی رہے گئ۔۔۔۔

اپ سے صبح بات کروں گی۔۔۔۔۔

نمرہ بڑبڑاتی اپنی جگہ پر اگئ۔۔۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

اج خیر سے سجل کی شادی تھی اور ہما نے اپنی تمام دوستوں کو استقبال پر کھڑا ھونے کے لیے جلدی بلایا تھا۔۔۔ عائشہ اور سیرت جلدی تیار ھو کر اگئ تھی۔۔۔ لیکن دعا صاحبہ اب تک بیٹھی مزے سے movie دیکھ رہی تھی۔۔۔۔

دعا کی بچی تو اب تک تیار نہیں ھوی؟؟؟

سیرت نے اس کے سر پر گڈی مار کر کہا۔۔۔۔

افففف اللہ!!!!!

سیرت کیا مصیبت ھے؟؟؟؟

تم لوگ کے ساتھ کل چلی گئ نا بس اج نہیں جا رہی میں۔۔۔۔۔

میرا دل نہیں چھا رہا۔۔۔۔۔

ایسے میں نہیں جا رہی چل جلدی اٹھ کر تیار ھو۔۔۔ سیرت نے دعا کے ہاتھ سے tv ریموٹ لیتے ھوئے کہا۔۔۔۔

یار تم لوگ کیوں میرے پیچھے پڑگئ ہو۔۔۔۔

دعا نے چیز چ ہو کر کہا۔۔۔۔۔

نمرہ جو کل رات سے دعا پر تپی بیٹھی تھی ایک دم بولی۔۔۔۔

دیکھا سیرت باجی میں کب سے بول رہی ہوں دعا اپی کو کے چلیں تیار ہو اور یہ نا تو خود تیار ہو رہی ہیں نا مجھے لے کر جا رہی ہیں۔۔۔۔

ٹھیک ہے نا جاو۔۔۔۔۔۔۔

ہم بھی نہیں جائیں گے۔۔۔

اور ویسے بھی دعا کو ہماری خوشی کی فکر کب ہے جو وہ جائے گی۔۔۔ عائشہ نے دعا کو بلیک میل کرنا شروع کر دیا تھا۔۔۔۔

افففف!!!

اچھا رو کو میں تیار ہو کر آتی ہوں۔۔۔۔ دعا نے جھنجلا کر بولی۔۔۔ وہ جانتی تھی وہ دونوں اس کے بغیر نہیں جائیں گی اور اب تو نمرہ بھی ضد کر رہی تھی۔۔۔۔

دعا جانے کے لیے اٹھی تو نمرہ بھی تیار ہونے چلی گئ۔۔۔

تھوڑی دیر بعد دعا سادی سی تیار ہو کر آگئ بہت ہی حسین فورک کے ساتھ حجاب لیے وہ بہت پیاری لگ رہی تھی۔ حجاب کے ساتھ اس نے خوبصورتی سے ٹیکا بھی سیٹ کیا تھا۔۔۔۔۔۔

نمرہ بھی دعا کے پیچھے پیچھے نکل ائ تھی۔۔۔

اج اتفاق سے احمد صاحب گھر پر تھے تو ان سب کو احمد صاحب نے چھوڑا تھا۔۔۔۔

وہ ہال کر اندر داخل ہوئی تو فورن ہی ہما نے ان لوگوں کے ہاتھ میں پھولوں کی پلیٹ پکڑوادی تھی اور استقبال پر کھڑا کر دیا تھا۔۔۔۔

دلاور کی بارات اگی تھی دھول کی آواز زوروں پر تھی۔۔۔۔ایک ایک کر کے تمام مہمان اندر داخل ہو رہے تھے اور دعا سمیت تمام لڑکیاں باراتیوں پر پھول نچھاوڑ کر رہی تھی۔۔۔۔

دلاور کے فورن پیچھے ہی معراج بھی اندر داخل ہوا تھا۔۔۔۔

کوٹ پینٹ پھنے وہ شہزادہ لگ رہا تھا۔۔۔

معراج کی نظر داخل ہوتے ھی دعا پر پڑی۔۔۔۔

گولڈن اور pink کلر کی فورک پر حجاب لیے وہ تمام لڑکیوں میں الگ دیکھائی دی۔۔

معراج نے ایک نظر دعا پر ڈالی اور اندر کی طرف بڑھ گیا۔۔۔۔

نمرہ کی تو خوشی دیکھنے کے قابل تھی۔۔۔وہ اج معراج جہانگیر کو لائف دیکھ رہی تھی۔۔۔

دلاور کو لا کر سجل کے ساتھ بیٹھایا گیا۔۔۔سجل بھی بہت پیاری تیار ہوئی تھی۔۔۔۔عائشہ سیرت نمرہ ہما تمام لڑکیاں دلہا دلہن کے ساتھ ھنسی مزاق میں لگے تھے۔۔۔۔دعا stage سے زارہ فاصلے پر کھڑی دلہن دلہا کو ہی دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔اور مسکرا رہی تھی۔۔۔۔

اپ مسکراتے ہوئے بہت حسین لگتی ھیں محترمہ!!!!!

زیب کی آواز نے دعا کو ایک دم چونکا دیا تھا۔۔۔۔۔

دعا بنا کوئی جواب دیے اگے بڑھنے لگی۔۔۔۔

روکیں پلیز زیب نے ہاتھ سے دعا کا راستہ روکا تھا۔۔۔۔

اپ مجھے جیسا لڑکا سمجھ رہی ھیں میں ویسا بلکل نہیں ھوں

۔۔۔ محترمہ۔۔۔

میرا راستہ چھوڑیں۔۔۔۔

دعا نے بہت ضبط سے کہا۔۔۔۔ دعا کو یہ حرکت بلکل برداشت نا تھی لیکن وہ صرف اور صرف سجل کی وجہ سے خاموش تھی۔۔۔ وہ شادی میں کوئی بد مضگی نہیں چھاتی تھی۔۔۔۔

دیکھیں جناب اپ عزت سے میرا راستہ چھوڑ دیں۔۔۔۔ نہیں تو انجام اپ کے لیے برا ثابت ھوگا۔۔۔۔ دعا نے غصہ سے کہا۔۔۔

اچھا اچھا میں چھوڑ دیتا ھوں راستہ بھی۔۔۔

لیکن میں اپ سے صرف اتنا کہنا چھاتا تھا کہ میں اپ سے دوستی کا ابھی زیب کہ الفاظ پورے ادا بھی نا ھوئے تھے کہ اچانک پیچھے سے کسی نے زیب کو اواز دی۔۔۔۔

زیب

زیب ایک دم پیچھے کی طرف مڑا۔۔۔۔

معراج کی انکھوں ایک عجیب سا غصہ تھا۔۔۔۔ جس کو زیب کے ساتھ ساتھ دعا نے بھی نوٹ کیا تھا۔۔۔۔۔

زیب زارہ باہر او مجھے کچھ بات کرنی ھے۔۔۔ معراج نے ایک جلتی نظر دعا پر ڈالی اور زیب کو گھور کر کہا۔۔۔۔۔۔

زیب جانتا تھا اگر وہ نہیں گیا تو معراج دو پل۔ میں اس کو بے زت کر رے گا۔۔۔۔ اس لیے زیب فورن بھاہر کی طرف چل دیا۔۔۔۔۔

معراج بھی جانے لگا تو دعا نے ایک عجیب نظر اس مغرور شخص پر ڈالی۔۔۔۔۔

معراج ابھی ایک قدم ھی بڑھا ھوگیا کہ ایک دم پلٹا اور دعا کو دیکھ کر بولا۔۔۔۔

ایسے موقوں پر ہاتھ کا استمعال کیا جاتا ھے۔۔۔۔۔۔ جتنی تیز اپ باتیں اور لوگوں کو سناتی ھیں وہ اپ ادھر بھی سنا سکتی تھی۔۔۔ اپنی دوستوں کے ساتھ رہو اکیلا نا دیکھوں تمھیں اب میں !!!!!!

معراج نے اس طرح کہا جیسے دعا پر صرف اسکا حق ھو۔۔۔۔

معراج نے تیزی سے بولا اور زیب کے پیچھے باہر کی طرف نکل گیا۔۔۔۔

معراج سے اپنا غصہ قابو میں رکھنا مشکل ھو رہا تھا۔۔

دو پل کے لیے دعا کو سمجھ نہیں ایا کہ یہ ھوا کیا ھے۔۔۔۔ اور معراج اس کو کس حق سے یہ بات بول کر گیا تھا۔۔۔۔۔

سمجھتا کیا ھے یہ خود کو؟؟؟؟

دعا نے غصہ سے پیر پٹھک کر کہا۔۔۔ عجیب انسان ھے۔۔۔۔۔

دعا خود سے بڑبڑا رہی تھی جب نمرہ اور سیرت نے اسکو stage پر بلا لیا وہ منہ بناتی stage کی طرف بڑھ گی۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

معراج کا غصہ دیکھنے والا تھا۔۔۔۔ باہر آتے ھی وہ زیب پر شروع ھوگیا تھا۔۔۔ معراج کی چیز پر کوئی گندی نظر ڈالے یہ اسکو برداشت نا تھا۔۔۔۔۔

تجھے کل میں نے کہا تھا یہ سب حرکت یہاں نہیں چلے گی؟؟؟

تیری ہمت کیسے ھوئی یہ کرنے کی۔۔۔۔۔ معراج بہت مشکل سے خود کو قابو رکھنے کی کوشش کر رہا تھا۔۔۔۔

یار کیا ھوگیا معراج؟؟؟

ہم ایسے ہی تمام لڑکیوں سے بات کرتے ھیں یہ پہلی دفعہ نہیں ھے تو کیوں اتنا hypper ھو رہا ھے ۔۔۔۔ وہ لڑکی مجھے اچھی۔۔۔۔

بسس ایک بات سن لے زیب مجھے اب اگر تو اس لڑکی کے آس پاس بھی نظر آیا تو مجھ سے برا کوئی نہیں ھوگا۔۔۔۔ معراج کو ایک عجیب سے جلن محسوس ھو رہی تھی۔۔۔۔

لیکن !!!

زیب معراج کے اس reaction پر خاصا حیران تھا۔۔۔۔

بسس جو میں نے کہنا تھا کہہ دیا دوبارہ یہ غلطی نا ھو۔۔۔ ائی بات سمجھ۔۔۔۔ معراج نے انگلی کے اشارہ سے زیب کو warn کیا اور اندر چلا گیا۔۔۔۔۔

زیب وہی کھڑا کچھ سوچتا رہا پھر ہال میں اندر آگیا۔۔۔۔

معراج اندر ایا تو دعا اپنی تمام دوستوں کے ساتھ stage پر تھی۔۔۔۔

اج اتفاق سے شادی میں اس نے ثانیہ کو بھی بلایا تھا۔۔۔۔

وہ ابھی کھڑا دعا کو ہی دیکھ رہا تھا کہ ثانیہ کی آواز پر اس نے پلٹ کر ثانیہ کو دیکھا۔۔۔۔

hellohandsome!!!

ثانیہ نے مخصوص سے انداز میں کہا اور معراج کے گلے لگ گئ۔ اور بھائ کی شادی کی مبارک باد دی۔۔۔۔ stage پر کھڑی دعا کی نظر ایک دم اس شخص کی طرف پڑی تھی جو اس وقت ایک جوان لڑکی کے مزے سے گلے لگ رہا تھا۔۔۔۔

دعا نے اپنی نظر فورن ہی ہٹالی۔۔ اور پھر نمرہ وغیرہ کے ساتھ اتر کہ اکر ایک ٹیبل پر بیٹھ گئ۔۔۔۔۔ تھوڑی ہی دیر بعد کھانے کا دور چلا تھا...

اپی پلیز مجھے معراج جہانگیر سے ملوادیں نا پلیز۔۔۔۔۔!!!!

نمرہ نے اب تک ہزار دفعہ اس بات کی ضد کی تھی۔۔۔۔

نمرہ اچھا نہیں لگتا ایسے۔۔۔۔ بری بات ھے۔۔۔ دعا نے ایک بار پھر نمرہ کو سمجھایا تھا۔۔۔۔۔

اپی پلیز نا۔۔۔۔۔ نمرہ کسی صورت ماننے پر تیار نا تھی۔۔۔۔

اف اچھا چلو ملواں تمھیں۔۔۔۔۔۔ دعا نے نمرہ کی انکھوں میں اتے آنسو کی نمی کو دیکھ کر اپنے ہتیار ڈال دیے تھے۔۔۔۔۔

دعا نے اپنے ساتھ نمرہ کو لیا اور ہما کے پاس جا کر بولی کہ اسے معراج سے ملوادے۔۔ عائشہ نے کہا اچھا میں ہما سے بول کر ملواتی ھوں پتا نہیں ہما کہاں ھے۔۔۔۔۔؟؟؟

اتنی ہی دیر میں دعا کا موبئل فون بجا۔۔۔۔

ہیلو!!!!

ہاں عمیر آواز نہیں آرہی!!! شور بہت ھے۔۔۔۔

رکو!!

دعا کو عمیر کی آواز بلکل نہیں آرہی تھی اس لیے وہ dressingroom کی طرف چلی گئ۔۔۔۔۔

ہیلو ہاں عمیر اب بولو!!!

دعا نے dressingroom کے اندر داخل ھوتے ھوئے کہا۔۔۔۔۔

اور جیسے ہی اس کی نظر سامنے پڑی اس کی انکھیں پھٹی کی پھٹی رہے گئ تھی۔۔۔۔

اس کی انکھوں کے سامنے ایک عجیب سا منظر تھا۔۔۔۔۔

ہما جو معراج پر جھکی تھی ایک دم سے الگ ھوئ۔۔۔۔۔

اور دعا کو دیکھ کر بنا کچھ بولے تیزی سے باہر کی طرف بڑھ گئ۔۔۔

۔دعا نے ایک نظر جاتی ہما پر ڈالی۔۔۔اور اس کو حد سے زیادہ حیرت ھوئ کہ یہ اسکی دوست ہما ھے۔۔۔

دعا نے ایک نفرت بھری نظر معراج پر ڈالی جو صوفے سے اٹھ کر اپنا کوٹ ٹھیک کر رہا تھا۔۔۔۔

کیا ھوا محترمہ؟؟؟؟

ایسے کیا دیکھ رہی ھو؟؟؟

معراج نے دعا کے اس طرح دیکھنے پر پوچھا۔۔۔۔

دعا اس وقت حد سے زیادہ غصے میں تھی۔۔۔

تم!!!!!!

دعا کچھ بولتے بولتے روکی

اور جانے کے لیے بڑھنے لگی تب معراج کے الفاظ نے پھر اس کے قدم روک دیے۔۔۔۔

کیا کہا تھا تم نے؟؟؟؟؟

کہ سب لڑکیاں ایک جیسی نہیں ہوتی پر افسوس تمھاری دوست ھی معراج نے ایک دم قہقہ لگایا۔۔۔۔۔

دعا کی انکھوں میں بلا کا اشتیعال تھا

میرا ارادہ تو تمھیں لانے کا تھا ادھر لیکن تمھاری دوست خود ھی۔۔۔۔۔ معراج کے الفاظ پورے ادا نا ہوئے تھے جب دعا تقریبن چلاتے ہوئے بولی۔۔۔۔

خبردار

جو اپنی گندی زبان سے میرے بارے میں کوئی بات کی۔۔۔۔

میں سمجھ رہی تھی کہ تم ایک اچھے انسان ہو۔۔۔

اس دن جو کیا تم نے وہ سب غلطی تھی تمھاری۔۔ لیکن نہیں تم واقعی ایک بدتمیز انسان ہو جسکو کسی لڑکی کی عزت کا خیال نہیں ہے۔۔۔۔۔

ہوش میں آو۔۔۔۔

جب لڑکی اپنی عزت کا خیال نہیں کرے گی تو مجھ پر کوئی زمہداری نہیں ھے ان کی عزت کا خیال کرنے کی۔۔۔۔ تمھاری دوست کی خواہش تھی جو میں نے پوری کردی۔۔۔۔۔۔ تم جو اتنی پاکیزہ بنی گھومتی ھو نا میں چھاوں تو دو پل میں تمھارا یہ سارہ غرور مٹی میں ملادوں۔۔ معراج نے چٹکی بجا کر کہا تھا۔۔۔۔ تم بھی معراج معراج کی ملا پڑھنے لگو گی۔۔۔۔۔

معراج نے انتہائی سفاکی سے یہ بات کی تھی۔۔۔۔

تم نے سوچ بھی کیسے لیا؟؟

معراج جہانگیر؟؟؟؟

دعا کا ضبط اب جواب دے گیا تھا۔۔۔۔

تم پر اور تمھارے status پر لانت بھیجتی ھوں میں۔۔۔۔

وہ کوئی اور لڑکیاں ھونگی جو تمھارے status پر مرتی ھونگی میرا نام دعا خان ھے۔۔۔

اور اپنے زہن سے جتنا جلدی ھوسکے یہ سوچ نکال دو کہ تم مجھے اس جگہ لاسکتے ھو۔۔۔ تم۔ امیر ھوگے اپنے لیے۔۔۔۔ میری عزت کے بارے میں کسی نے غلط سوچا تو میں اس کو جان سے ماردوں گی۔۔۔۔۔

چھائے وہ تم ہی کیوں نا ھو۔۔۔۔ معراج جہانگیر۔۔۔۔۔۔۔

تمھارے نام لینا تک میرے لیے شرم کا مقام ھے۔۔۔۔

دعا نے جلتی ھوئی انکھوں سے معراج کو گھور کر دیکھا تھا اور تیزی سے dressingroom سے باہر نکل گئی تھی۔۔۔۔

اب یہ ہی نام تم ساری زندگی یاد رکھوگی دعا خان۔۔۔۔۔!!!

معراج کہ چہرے پر بلا اشتعال تھا۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

اپی کیا ھوا اپ کہاں چلی گئ تھی؟؟؟

دعا سرخ ھوتا چہرہ لے کر ائ تو نمرہ نے پوچھا۔۔۔۔۔

کہی نہیں چلو عمیر اگیا ھے گھر چلو۔۔۔۔۔دعا اب ایک پل یہاں رکونا نہیں چھاتی تھی۔۔پر اپی معراج سے!!!!

بسس نمرہ دوبارہ میں یہ نام تمھارے منہ سے نا سنوائ بات سمجھ میں تمھیں۔۔۔۔دعا نے پہلی بار نمرہ کو ایسے ڈانٹا تھا۔۔۔۔

نمرہ بھی چپ ھوگئ تھی۔۔۔۔۔۔دعا نمرہ کا ہاتھ تھام کر تیزی سے ہال سے نکل ائ تھی۔۔۔۔۔اس کے پیچھے سیرت اور عائشہ بھی ہال سے باہر اگئ تھی۔۔۔۔اور اس وقت دعا کا چہرہ دیکھ تینوں نے اندازہ لگا لیا تھا کہ کچھ ھوا ھے۔۔۔۔

تھوڑی ہی دیر بعد عمیر اگیا تھا اور وہ تینوں اس کے ساتھ بیٹھ کر چلی گئ تھی۔۔۔۔

گاڑی میں بیٹھ کر دعا نے سوچا کہ کس طرح کا شخص ھے وہ انسان میں تھوڑی سا خیال ھوتا ھے لیکن وہ انتہائ خود سر انسان ھے۔۔۔۔۔۔۔

اور ہما؟؟؟؟؟

ہما نے اپنی عزت کا خیال کیوں نا کیا۔۔۔۔۔

کیا اتنی سستی ہوتی ہے عورت کی عزت؟؟؟؟؟

معراج جیسے لڑکوں کو ہمت بھی تو لڑکیاں ہی دیتی ہیں۔۔۔۔۔۔

معراج نے جو بات کی وہ غلط تو نا تھی۔۔۔۔۔

ایک نا محرم شخص کی کچھ پل کی محبت اور توجہ حاصل کرنے کے لیے لڑکیاں کس طرح اپنا اپ انکو سونپ دیتی ہیں۔۔۔

اور لڑکا بھی وہ جو کسی سے مخلص نا ہو۔۔۔۔۔

جو عورت کو پاوں کی جوتی سمجھتا ہو۔۔۔۔۔

جس کہ لیے تمام لڑکیاں کیڑے مکوڑوں کی مانند ہیں۔۔۔۔۔۔

ہما تم نے بہت غلط کیا۔۔۔۔۔۔دعا نے اپنے دل میں کہا۔۔۔۔۔

اللہ نے عورت کو ایک عزت شرم وحیا کا تحفہ دیا ہے۔۔۔۔اور اج تم نے خود اس چیز کو اگ لگا لی ہے ہما۔۔۔۔۔

اللہ تمھیں سمجھ دے کہ تم معراج جیسے لڑکے سے دور رہو۔۔۔۔۔اور مزید اپنی زندگی تباہ نا کرو۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆▪▪▪☆☆☆☆☆

اج پورے ایک ہفتے بعد!!!!!

☆☆☆☆☆ ▪ ▪ ▪ ▪ ▪ ☆☆☆☆☆☆

اج پورے ایک ہفتے بعد وہ کالج جارہی تھی۔۔۔۔papers کے بعد دعا کے کالج کی چھٹیاں تھیں۔۔۔اوران چھوٹیوں کے دوران نا تو وہ کہی گئ تھی نا دوستوں میں سے کسی سے ملی تھی۔۔۔ وہ صبح جلدی اٹھ کرتیار ھوئ اور بیگ تھام کر اپنے کمرے سے نیچے آئ۔۔۔۔توسامنے ھی ٹیبل پر اشعر اور سمیرا بیگم بیٹھے ناشتہ کررہے تھے۔۔۔۔۔

اسلام علیکم اشعر بھائ!!!

اج تو صبح صبح اپ ادھر خیرت اج سورج کہاں سے نکلا تھا امی؟؟؟

دعا نے مسکرا کر کہا اور ناشتے کی ٹیبل پر بیٹھ گئ۔۔۔

عمار نے ایک نظر دعا پر ڈالی تھی۔۔۔۔جس کا چہرہ چاند سے زیادہ روشن اور پر رونق تھا۔۔۔۔

اشعر نے مسکرا کر کہا۔۔۔۔

دعا میڈم بس ہم نے سوچا اج لوگوں کے گھر ہی ناشتہ کیا جائے اس لیے اگئے۔۔کیوں اپ کو کوئ اعتراض ھے؟؟؟

اشعر نے بھی مزاق میں کہا۔۔۔۔

نہیں بابا مجھے کیوں اعتراص ھوگا۔۔۔اپ کے ماموں کا گھر ھے اپ سو دفعہ آئے۔۔۔۔

لیکن روز روز فری نا ھو جا ئیے گا اب۔۔۔۔ دعا نے ھنس کر کہا اور ساتھ ھی jucie کا کلاس منہ سے لگا یا۔۔۔۔

دعا!!!!

سمیرا بیگم نے دعا کی اس بات پر اسکو پیار سے گھورا۔۔۔۔ دعا نے ڈرنے کی acting کی تو سمیرا بیگم ھنس دی۔۔۔

افففف اللہ!!!!

امی 8 بجنے والے ھیں میں نکلتی ھوں۔۔۔

عمیر کہاں ھے؟؟؟

دعا نے ادھر ادھر دیکھتے ھوئے پوچھا۔۔۔۔

دعا اج عمیر کے طبعت کچھ ٹھیک نہیں ھے تم ایک کام کرو عمار کے ساتھ چلی جاو۔۔۔۔

سمیرا بیگم نے برتن ٹیبل سے اٹھا کر کہا۔۔۔

امی جی۔۔۔۔

دعا نے انکھوں سے ماں کو اشارہ کیا۔۔۔۔ دعا کبھی بھی اپنے گھر والوں کے علاوہ کسی کے ساتھ نا جاتی تھی۔۔ چاھے وہ اسکا کزن ہی کیوں نا ھو۔۔۔۔

نہیں نہیں امی!!!

اشعر بھائ کو زحمت ھوگی میں خود ہی چلی جاوں گی۔۔۔ دعا نے اشعر کے ساتھ نا جانے کے لیے کہا۔۔۔

نہیں اکیلے جانا زادہ غلط ھے۔۔۔

اشعر ھے گھر کا بچا ھے چھوڑائے گا۔۔۔۔

لیکن امی!!!

لیکن ویکن کچھ نہیں چلو جلدی جاو۔۔۔۔

سمیرا بیگم نے دعا کو بھانے سے اشعر کے ساتھ بھیجنا چھا۔۔۔ان لوگ کے دماغ میں جو چل رہا تھا اسے دعا بلکل انجان تھی۔۔۔۔

اسکو کالج کے لیے دیر ھو رہی تھی اس لیے ناچھاتے ھوئے بھی اس کو اشعر کے ساتھ جانے کے لیے زاضی ھونا پڑا۔۔۔

افففف اب اشعر بھائ کے ساتھ جانا پڑے گا۔۔

ایک تو امی کو پتا نہیں کیا ھوگیا ھے۔۔۔دعا منہ منہ میں بڑبڑائ۔۔۔

چلو جلدی بیٹھو۔۔۔۔۔

عمار نے کار start کرتے ھوئے کہا۔۔۔۔

عام لڑکیوں کی طرح دعا کا بھی ارمان تھا کہ اسکا شوہر اس سے دل اور جان سے محبت کرے اسکو عزت دے۔۔۔۔ کہ جب وہ اپنے گھر والوں کو چھوڑ کر جائے تو اسکا شوہر ایسا ہو جو اسکو پیار اور عزت دے کر باپ مان سے دوری کا درد کم کر دے۔۔۔۔۔ لیکن دعا جانتی تھی وہ جس شخص کے پاس جا رہی ہے وہ اس کو تکلیف دکھ کے سوا کچھ نہیں دے سکتا۔۔۔۔۔ اور دعا اس سے محبت کی طلب گار تھی بھی نہیں۔۔۔۔ یہ صرف مجبوری کا رشتہ تھا۔۔۔۔۔ کافی دیر سمیرا بیگم کے ساتھ لگ کر دعا روتی رہی تھی۔۔۔۔ سمیرا بیگم یہ سمجھ رہی تھی کہ بیٹی کو جدائی کا غم ہے لیکن بیٹی کو جدائی سے زیادہ غم اس کے خواب ٹوٹنے کا تھا۔۔۔۔۔۔ وہ ایک پاک اور صاف شریک حیات چاہتی تھی۔۔۔۔۔ جیسے اس نے خود کو پاک رکھا تھا ویسے ہی۔۔۔ لیکن ؟؟؟؟؟ سب خواب ٹوٹ گئے۔۔۔۔۔۔۔۔!!!!!!! دعا اور سمیرا بیگم رو کر فارغ ہوئی تھی کہ نمرہ عمر اور عمیر دعا کے پاس آکر بیٹھ گئے۔۔۔۔۔۔ دعا کی جدائی کا غم تینوں پر بہت تھا۔۔۔ دعا ان کی جان سے پیاری بہن تھی۔۔۔۔ اپی اب اپ ہمارے ساتھ نہیں ریں گی نا؟؟؟؟ عمر نے بھیگی آنکھوں سے پوچھا تو دعا کو اپنے چھوٹے بھائی پر بے تحاشہ پیار آیا۔۔۔۔۔ اور اس نے عمر کو گلے لگا لیا۔۔۔۔ دعا آپی میں اپ کے بغیر کیسے رہوں گی اب کہ نمرہ بھی دعا کے گلے لگ کر رو رہی تھی۔۔۔۔۔۔ عمیر سر جھکا کر بیٹھا تھا۔۔۔۔۔ دعا نے دونوں بھائی بہن کو پیار کیا۔۔۔۔ پھر عمیر؟؟؟؟؟؟ کو پکارا۔۔۔۔۔ چلو آپی پالر جانا ہے لیٹ ہو رہا ہے۔۔۔۔۔ عمیر بنا دعا سے نظر ملائے کمرے سے باہر نکل گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔ سیرت عائشہ اور نمرہ بھی دعا کے ساتھ ہی پالر جا رہی تھی۔۔۔۔۔ دعا جب اپنے کمرے سے نکل رہی تھی اسکو اپنی انکھوں کے سامنے اپنا بچپن نچتا دیکھائی دیا۔۔۔۔ چھوٹی سی دعا کے ساتھ بیٹھے احمد صاحب اور سمیرا

بیگم دیکھائی دی۔۔۔ نمرہ کے ساتھ ھسنی مزاق کرنا ایک ایک چیز اسکو یاد آرہی تھی۔۔۔۔۔ چلو دعا !!!!سیرت نے 6 بار اکر اسکو کہا تھا۔۔۔۔۔ وہ مرے مرے قدم اٹھاتی نیچے لاونج میں ائی تھی۔۔۔۔ گھر کا ایک ایک کونا اس کی یادوں سے سجا تھا۔۔۔۔۔ احمد صاحب گھر پر نہیں تھے۔۔۔ دعا اپنے گھر کی دیوروں پر ہاتھ پھرتی ھوئی باہر کی طرف جارہی تھی۔۔۔۔ اج وہ اس جنت جیسے گھر سے ہمشہ ہمیشہ کے لیے رخصت ھوکر ایک جہنم میں جارہی تھی۔۔۔ عمیر نے دعا سارے راستے کوئی بات نا کی تھی۔۔۔۔ وہ دعا کو دیکھتا تو اسکو رونا آتا اور عمیر کو رونے کی عادت ھر گز نا تھی۔۔۔۔۔۔ پالر پر اتار کر عمیر فورن ھی چلا گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔ اور دعا سیرت نمرہ پالر کے اندر داخل ھوگئ تھی۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆ دعا میڈم؟؟؟؟؟ پالر کی ایک لڑکی نے اکر اسکو کارا تھا جی!!اپ سے کوئی ملنے آیا ھے!!!!دعا نے پلٹ کر دیکھا تو دیکھتی ھی رہے گئ کیوں کہ اس کے سامنے!!!!!!!!!!!

#Zidd
#Junoon_Ki_Inteha
#S_A_Khnzadi
#NovelHiNovel
#Episode_14

دعا میڈم؟؟؟؟؟

پالر کی ایک لڑکی نے اکر اسکو پکارا تھا

جی !!

اپ سے کوئی ملنے آیا ھے !!!!

دعا نے پلٹ کر دیکھا تو دیکھتی ھی رہے گئی کیوں کہ اس کے سامنے ہما کھڑی تھی۔۔۔۔

دعا اٹھ کر اس کے پاس ائی تھی۔۔۔۔ اور پھر دونون چل کر ایک کونے میں اگئی تھیں

دعا؟؟؟؟

ہما نے اپنی چال کے تحت بات کرنا شروع کی تھی۔۔۔۔

دعا پلیز یہ شادی مت کرو۔۔۔۔۔

پلیز!!!!!!

دعا معراج مجھ سے بہت محبت کرتا ھے اور میرا یقین کرو کہ وہ صرف مجھ سے ناراض ھے اس لیے یہ سب کر رہا ھے۔۔۔۔۔۔

ہما نے اپنی طرف سے فرضی کہانی بنائی تھی۔۔۔۔

دعا وہ تو تمھیں پسند تک نہیں کرتا نفرت کرتا ھے تم سے میرا یقین کرو۔۔۔۔

اسکو تم جیسی لڑکیاں نہیں پسند۔۔۔۔۔

تم اس کے ساتھ کبھی خوش نہیں رہو گی دعا۔۔۔۔

میرے خواب چھین کر تم خوش کیسے رہو گی۔۔۔۔

کیا تمھیں ایک بار اپنی اس دوست کا خیال نا ایا۔۔۔۔

ہما نے اب دعا کو بلیک میل کرنا شروع کیا تھا۔۔۔۔

میری محبت ھے معراج۔۔۔۔۔

تم یہ شادی مت کرو دعا۔۔۔۔۔ ہما نے اپنا آخری ہربا استعمال کیا تھا۔۔۔۔۔

دعا خاموش کھڑی تھی۔۔۔۔۔

ایک طرف اس کے گھر والوں کی سلامتی تھی تو دوسری طرف اس کی دوست کی محبت۔۔۔۔

وہ کیا کرتی۔۔۔۔۔۔

کچھ تو بولو دعا!!!!

ہما نے زیچ ھو کر کہا۔۔۔۔

میرے پاس بولنے کو کچھ نہیں ھے ہما۔۔۔۔۔

دعا صرف اتنا بول پائی۔۔۔۔۔

تم نے اگر یہ شادی کی تو تم ساری زندگی روتی رہو گی میری بدعا ھے تمھیں دعا۔۔۔۔۔۔

تم برباد ھو گی۔۔۔۔

خوشی کو ترس جاو گی۔۔۔۔۔

ہما بول کر تیزی سے چلی گئی تھی۔۔۔۔

دعا کی انکھ سے ایک ایک انسو گیر رہا تھا۔۔۔۔

میں جانتی ھوں ہما۔۔۔۔۔ مجھے معاف کر دو میں مجبور ھوں۔۔۔۔۔ میں نے اگر معراج جہانگیر سے شادی نا کی تو میرے ماں باپ کے ساتھ کچھ بھی کر سکتا ھے۔۔۔۔۔۔۔۔

urdu novels mania www.urdunovelsmania.com

میں اپنی قربانی دے سکتی ھوں پر اپنے ماں باپ بہن بھائی کی نہیں!!!!!

دعا نے اپنے خیال میں ہما سے کہا تھا۔۔۔۔

آپ پلیز

جلدی آجائیں اپ کافی لیٹ ھو رہی ھیں۔۔۔۔

پالر کی ایک لڑکی نے اکر دعا کو کہا تھا۔۔۔۔

ہمم دعا واپس مرے قدم چلتی اکر کرسی پر بیٹھ گئی تھی۔۔۔۔۔

پالر والی اس کو تیار کر رہی تھی۔۔۔۔

لیکن اسکو ایسا لگ رہا تھا جیسے اس کی میت کے لیے اسکو سجایا جا رہا ھو۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

معراج کا پورا کمرہ لال گلاب اور سفید موگرے کے پھولوں سے مہک رہا تھا۔۔۔۔۔

بڑا سا کمرہ جس میں حسین فرنیچر ڈالا ھوا تھا۔۔۔۔۔۔

پورا کمرہ بہت ھی خوبصورت سے تیار کیا گیا تھا۔۔۔۔۔۔

معراج کے کمرے کی balcony سے سمندر صاف نظر آتا تھا اور بہت ھی خوبصورت منظر پیش کرتا تھا۔۔۔۔۔

معراج نے ایک نظر اپنے سجے کمرے پر ڈالی۔۔۔۔۔۔

اسکو دعا کہ وہ الفاظ یاد آئے۔۔۔۔۔

مجھے تو تمھارا نام لینے میں شرم آتی ھے۔۔۔۔

میں تم سے نفرت کرتی ھوں۔۔۔۔۔۔

تم سے شادی تو دور کی بات تم سے بات کرنا مجھے نہیں پسند۔۔۔۔۔۔۔

اہ اہ دعا°°°°°

اج تمھاری وہ سب باتیں ردر کر دی میں نے۔۔۔۔۔۔

تمھاری ساری زندگی میری قید میں اجائے گی۔۔۔۔

دعا خان۔۔۔۔۔۔۔۔

تم نے معراج سے ٹکر لے کر اپنے لیے خود گھڑا کھودا ھے۔۔۔۔۔

معراج اپنے balcony میں کھڑا سوچ رہا تھا۔۔۔جب کسی نے اس کے کمرے میں دستک دی تھی۔۔۔۔۔

Comein.....

معراج نے balcony سے کھڑے کھڑے کہا تھا۔۔۔۔۔۔

دروازہ کوھلنے کے ساتھ بریرہ بیگم کمرے میں داخل ھوئ تھیں۔۔۔۔۔۔

معراج کا ان کو دیکھ کر ایک دم ھی موڈ بدل گیا تھا۔۔۔۔

معراج؟؟؟

بریرہ بیگم نے بیڈ پر معراج کی شیروانی رکھتے ھوئے اسکو پکارا تھا۔۔۔۔

جی فرمائیں۔۔۔۔۔؟؟؟؟

معراج نے کمرے میں واپس اتے حد سے زیادہ عجنیبت سے کہا تھا۔۔۔

بیٹا!!!!

یہ تمھاری!!!!

بریرہ بیگم اگے کچھ بولتی اس سے پہلے معراج بولنے لگا۔۔۔۔

Thankyou.....

اور پلیز مسز زجہانگیر اپ مجھے معراج کہا کریں۔۔۔

میں اپ کو پہلے سو دفاع بول چکا ھوں۔۔۔۔

مجھے نفرت ھے جھوٹی محبتوں سے۔۔۔۔۔۔

Soplzkindly....dntcallmebetaagain.....

معراج نے انتھائی بے مروتی کا ثوبت دیا تھا۔۔۔۔۔

اخری کیوں کر رہے ھو تم میرے ساتھ یہ معراج؟؟؟؟

بریرہ بیگم کی انکھیں انسو سے بھری تھی۔۔۔۔

مجھے اپ سمیت دینا کی ہر عورت سے نفرت ھے مسز زبریرہ اور بہتر ھوگا کہ اج کہ دن اپ یہاں یہ سب تماشہ نا لگایں میں اج بہت خوش ھوں سو پلیز۔۔۔۔۔۔

معراج بول کر اگے بڑھا تو بریرہ بیگم نے فورن کہا۔۔۔۔۔۔

اگر عورت زات سے نفرت ھے تو پھر یہ شادی کیوں؟؟؟؟؟؟؟؟

دیکھیں مسز زبریرہ یہ اپکا معملہ نہیں ھے۔۔۔۔اپ کی حد صرف میرے باپ کی زندگی تک ھے مجھ تک نہیں اور نا میری نجی زندگی میں مجھے کسی قسم کی مداخلت پسند ھے۔۔۔۔۔۔

انسان کی عزت اسکے اپنے ہاتھ ھوتی ھے۔۔۔۔۔۔

آپ کو اس چیز کا خیال ھونا چھائے۔۔۔۔اب اپ یہاں سے جا سکتی ھیں۔۔۔۔معراج نے باہر کے دروازے کی طرف اشارہ کر کے کہا تو بریرہ بیگم تیزی سے باہر نکل گئ۔۔۔۔۔

اور وہ باتھ روم میں گھس گیا۔۔۔۔۔۔!!!!!

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

لال اناری رنگ کا شرارہ جس پر حسین گولڈن رنگ سے کام ھوا تھا۔۔۔۔۔پاوں میں حسین ترین لال اور گولڈن ہائ سینڈیل جو دعا نے پہن رکھی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہاتھوں میں بھری لال رنگ کی چوڑیاں اور انگلیوں میں سجی انگھوٹیاں بہت ھی خوبصورت دیکھائ دے رہی تھی۔۔۔۔۔

گالے میں پہنا ہار بھی اپنی مثال اپ تھا۔۔۔

اور دعا!!!!!

اس کے گلابی ھونٹوں پر لال lipstick بڑی مہارت سے لگائ گئ تھی۔۔۔۔۔۔

بڑی بڑی انکھوں پر Bridalmake.up کر کے اور بڑا کر دیا گیا تھا۔۔۔۔۔۔

کھڑی ناک میں پڑی گول بڑی سی نتھنی اور ماتھے پر سجا ٹیکا بہت ھی حسین لگ رہے تھے۔۔۔

دعا نے حجاب کے اوپر شرارے کا دوپٹہ سیٹ کروایا تھا اور ماتھے پر ٹیکا بھی حجاب کے اوپر ھی بڑی مہارت سے سیٹ کیا گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

دعا اس وقت حسین ترین سے بھی زیادہ دلکش اور خوبصورت دیکھائی دے رہی تھی۔۔۔۔۔۔

لیکن دعا کے چہرے کی اداسی کسی صورت کم نا ھوئی تھی۔۔۔۔

ماء شاءاللہ بہت ھی پیاری لگ رہی ھیں اپ۔۔۔۔۔

پالر والی نے دعا کو دیکھ کر ایک بار پھر تعریف کی تھی۔۔۔۔

میں نے اپنی زندگی میں بہت سی دلہنوں کو تیار کیا ھے۔۔۔۔۔

لیکن اپ کے چہرے پر کچھ اور ہی بات ھے۔۔۔اور میں سمجھ رہی تھی کہ اپکا یہ حجاب اپ کی look کو خراب کر دے گا۔۔۔۔

لیکن اج پہلی بار میں نے ایک حجابی دلہن تیار کی ھے جو میری اج تک کی تیار کی گئی تمام دلہنوں سے زیادہ حسین لگ رہی ھے۔۔۔۔۔۔۔

میری سوچ بدلنے کا شکریہ!!!!

پالر والی حقیقتن دعا کی مشکور ھوئی۔۔۔۔

دعا نے جب پالر والی کو حجاب تھمایا تھا تو وہ بار بار دعا کو اس چیز پر فورس کر رہی تھی کہ دعا یہ حجاب نا لے اسے اس کی شادی کے دن کی look خراب ھو جائے گی۔۔۔۔

urdu novels mania www.urdunovelsmania.com

لیکن دعا نے صاف یہ بات بول دی تھی کہ وہ اپنے بالوں کا پردہ کرتی ھے اور کسی صورت اپنا حجاب نہیں چھوڑے گی۔۔۔۔۔۔۔

پھر پالر والی نے کافی ناراضگی کے ساتھ یہ بات مانی تھی۔۔۔۔

لیکن جب دعا پوری تیار ھوگئ تھی تب پالر والی کو سمجھ آیا تھا کہ حجاب خوبصورتی کو کم نہیں کرتا بلکہ حجاب لڑکی کو منفرد بنا دیتا ھے۔۔۔۔۔

پالر والی دعا کو باہر لائ تو نمرہ اور سیرت بھی تیار تھے۔۔۔۔۔

جیسی انکی نظر دعا پر پڑی وہ دونوں بھی ایک پل کے لیے اپنی نظر دعا سے ہٹانا بھول گئ تھی۔۔۔۔

دعا اج حسن کی دیوی لگ رہی تھی۔۔۔اسکا حسن اس کی جھکی نظر اور اداس چہرے کی وجہ سے اور مزید جھلک رہا تھا۔۔۔۔۔

آپی ماء شاءاللہ!!!!

اپ کو کسی کی بری نظر نا لگے۔۔۔۔۔

نمرہ نے اگے بڑھ کر دعا کو پیار کر کے کہا تھا۔۔۔۔

واقعی دعا بہت حسین لگ رہی ھو۔۔۔۔سیرت نے بھی پیار سے دوست کا ہاتھ تھام کر کہا تھا۔۔۔۔۔

دعا نے نظر اٹھا کر دونوں کو مسکرا کر دیکھا تھا۔۔۔۔۔

چلو جلدی کریں عمیر بھائ باہر لینے آگیا ھے۔۔۔۔۔۔نمرہ نے دعا کا شرارہ ایک طرف سے تھامتے ھوئے کہا۔۔۔۔۔

پھر وہ لوگ باہر اکر گاڑی میں عمیر کے ساتھ بیٹھ کر ہال کے لیے روانہ ہو گئے۔۔۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

ہال کے باہر پھولوں سے سجی گاڑی سے وہ اتر کر کھڑا ھوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

دھول کی اونچی آواز کے ساتھ ساتھ معراج کے دوستوں نے firing بھی اسٹاٹ کر دی تھی۔۔۔۔۔

وہ شہزادوں کی طرح گاڑی سے اتر کر سب کے بیچم بیچ کھڑا تھا۔۔۔۔۔۔

اور اس کے دوست مسلسل اس کی شادی کی خوشی میں firing کر کے اپنی خوشی کا اظہار کر رہے تھے۔۔۔۔

راجہ جہانگیر دلاور واجہ سب بہت خوش دیکھائی دے رہے تھے۔۔۔۔۔

میڈیا والے پل پل کی reporting کر رہے تھے۔۔۔

معراج پر تمام لوگوں کی نظریں ٹکی ھوئی تھی۔۔۔۔۔

وہ ہلکے ہلکے چلتا ہال کے اندر داخل ھوا تھا۔۔۔۔۔۔

دعا کی تمام کزن سمیت نمرہ سیرت نے بھی اس پر پھول نچھاوڑ کیے تھے۔۔۔۔۔

اور وہ مغرور سا چلتا آرہا تھا۔۔۔۔

وہ اپنی جیت سے بس کچھ پل دور تھا۔۔۔۔۔

معراج نے کالے کلر کی حسین شیروانی زیب تن کی ہوئی تھی۔۔جس پر بڑی مہارت سے حسین کام کیا گیا تھا۔۔۔۔۔

ہال کی ہر ایک لڑکی دعا کی قسمت پر رکش کھا رہی تھی۔۔۔۔۔

اسلام علیکم معراج بھائی !!!!!

عمیر نے معراج کو گلے لگاتے ہوئے سلام کیا۔۔۔۔

ہمم !!!!

معراج نے مسکرا کر عمیر کو دیکھا تھا۔۔۔۔۔

احمد صاحب نے معراج سے کوئی بات نا کی تھی اور نا معراج نے ان سے کوئی بات کرنا ضروری سمجھا تھا۔۔۔۔۔

عمیر نے معراج کو لا کر اسٹیج پر بیٹھا دیا تھا۔۔۔۔۔جہاں مولوی صاحب بیٹھے تھے۔۔۔۔۔۔۔

دلہن کو بلا لیں نکاح کی مبارک تقریب کو شروع کرتے ھیں۔۔۔مولوی صاحب نے عمیر کو دیکھ کر کہا۔۔۔۔

جی ضرور مولوی صاحب۔۔۔۔ عمیر نے مولوی صاھب کو جواب دیا اور پھر نمرہ کے ہمراہ ڈیسنگ روم کی طرف چل دیا۔۔۔۔۔۔

معراج نے جاتے عمیر کو دیکھا تو اس کے لبوں پر ایک مسکان سج گئی تھی۔۔۔۔

اہ اہ بڑی ھسنی آرہی ھے موصوف کو۔۔۔۔

رملا نے معراج پر سجی مسکراہٹ دیکھ کر پوچھا۔۔۔۔

رملا بھابی اپ اب مجھ پر نظر نا رکھیں۔۔

میری بیوی آنے والی ھے اب۔۔۔۔

معراج نے بھی رملا کے ساتھ مزاق کیا۔۔۔۔۔

پلیز آپ دونوں ادھر دیکھیے گا۔۔۔۔۔

فوٹوگرافر نے معراج اور رملا کو کمرے کی طرف متوجہ کیا تھا۔۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

دعا dressingroom میں تنہا بیٹھی تھی بس کچھ پل کے بعد اس کی زندگی تباہ ھونے والی تھی۔۔۔۔۔

وہ اپنوں سے

اپنی خوشی سے بہت دور جانے والی تھی۔۔۔۔

یہ تمام رشتے جو اسکے اپنے تھے وہ ختم ھونے والے تھے۔۔۔۔

اس کے زہن میں اسکا بچپن ماں باپ کا لاڈ اٹھا بہن بھائیوں سے لڑنا تمایا دیں گھوم رہی تھی۔۔۔۔۔

وہ اب تک کرو یا نہیں کی کفیت میں تھی۔۔۔۔ دعا کا دل چھا رہا تھا کہ وہ یہاں سے بہت دور بھاگ جائے جہاں معراج کا سایہ اس پر نا پڑے۔۔۔

وہ معراج سے حد سے زیادہ نفرت کرتی تھی اور ہما کی باتیں سنے کے بعد دعا کا دل اور مزید اداس ہوگیا تھا۔۔۔۔

اس کی زندگی کا آغاز بد دعاوں سے ہورہا تھا۔۔۔۔۔

دعا اپنی سوچوں میں گم تھی جب عمیر کمرے میں داخل ہوا تھا۔۔۔۔۔۔

دعا آپی؟؟؟؟؟؟

چلو بارات اگئ ھے۔۔۔۔۔

عمیر نے بہن کے پاس کھڑے ہوتے ہوئے کہا۔۔۔۔

دعا نے عائب دماغی سے عمیر کو دیکھا تھا۔۔۔۔۔

عمیر!!!!

دعا نے عمیر کا ہاتھ تھام کر اسکو اپنے پاس صوفے پر بیٹھایا تھا۔۔۔۔۔

جی اپی؟؟؟

تم مجھ سے دور کیوں بھاگ رہے ھو میرے بھائ؟؟؟؟

صبح سے تم مجھ سے نہیں ملے کیوں؟؟؟؟

اج تو تمھاری بہن ہمیشہ کے لیے جارہی ھے۔۔۔

دعا نے بھائ سے شکوہ کیا تو عمیر اور دعا دونوں کی انکھوں میں انسو آ گئے۔۔۔۔

آپئ میں اپ کی انکھوں میں انسو اور اپ سے دوری برادشت نہیں کر سکتا میں جب جب اپکو دیکھتا ھوں مجھے رونا آتا ھے اور میں رو کر اپنے اپ کو کمزور نہیں کرنا چھاتا۔۔۔۔۔

اپی معراج بھائی اچھے انسان ھیں وہ اپ کو خوش رکھیں گے۔۔۔۔

عمیر نے ایک دم یہ بات کی تھی۔۔۔۔۔۔

دعا کا دل چھا رہا تھا وہ چیخ چیخ کر عمیر کو معراج کی سخت دلی کے بارے میں بتائے لیکن اسکی زبان اسکا ساتھ نہیں دے رہی تھی۔۔۔۔

چلیں اپ کو مولوی صاحب بلا رہے ھیں۔۔۔۔۔۔۔

عمیر نے دعا کا ہاتھ تھام کر اسکو کھڑا کیا تھا۔۔۔۔۔۔

میں ہمشہ اپ کے ساتھ ھوں اپی اپ فکر نا کریں۔۔۔۔ عمیر نے بہن کو تسلی دی اور پھر ہاتھ تھام کر dressingroom سے باہر لے آیا۔۔۔۔۔

دعا کے باہر آتے ہی ہال کی تمام لائٹس آف کر دی گئ تھی اور صرایک لائٹ دعا پر تھی۔۔۔۔۔

معراج نے دور سے آتی اس لڑکی پر نظر ڈالی تھی۔۔۔۔۔spot لائٹ میں وہ دھیرے دھیرے چلتی اسکی طرف آرہی تھی۔۔۔۔۔

لال شرارہ اور مزید چمک رہا تھا۔۔۔ معراج ایک پل کے لیے اس پر سے اپنی نظر ہاٹنا بھول گیا تھا۔۔۔۔۔

دعا نے ایک بار بھی نظر آٹھا کر معراج کو دیکھنے کی ضرورت نا سمجھی تھی۔۔۔

جب دعا کو اسٹیج پر لا کر بیٹیا گیا تو ہال کئ تمام لائٹس اون ھوگئ تھی۔۔۔۔۔

جب دعا معراج ایک ساتھ اسٹیج پر بیٹھے سے تب ہر ایک منہ سے ہی الفاظ ادا ھو رہا تھا۔۔۔۔

چاند سورج کی جوڑی ھے۔۔۔۔۔

بہت خوبصورت ھیں دونوں بلکل ایک جیسے پیارے ھیں۔۔۔۔

کوئی کہتا تھا۔۔۔۔

کیا قسمت پائی ھے دعا نے۔۔۔۔

تو کوئی کہتا تھا۔۔۔

کیا دلہن ملی ھے معراج کو۔۔۔۔۔

بریرہ بیگم اور رملا کو بھی دعا بے حد پسند آئی تھی۔۔۔۔

لیکن دعا کو دیکھ کر سب سے زیارہ حیرت کا پہاڑ زیب پر ٹوٹا تھا۔۔۔اور اسکو کسی صورت اپنی انکھوں پر یقین نا آرہا تھا۔۔۔۔۔۔وہ حیرت کے شدید جھٹکے میں تھا۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

دعا کے پاس بیٹھتے ھی معراج نے ایک بار پھر نظر دعا پر ڈالی تھی۔۔۔۔اسکو دعا میں عجیب سے کشش محسوس ھورہی تھی۔۔۔

معراج کے وہم و گمان میں بھی نا تھا کہ دعا شادی والے دن بھی اپنے حجاب کا خیال ایسے کرے گی۔۔۔۔۔

معراج کو ایک عجیب سا سکون محسوس ھوا تھا۔۔۔۔۔۔

نکاح کی تقریب شروع کریں مولوی صاحب۔۔۔۔۔

جہانگیر صاحب نے آحمد صاحب کی اجازت سے نکاح شروع کرنے کے کیے کہا۔۔۔۔

دعا کے دل کی ڈھڑکن رو کنے لگی تھی۔۔دعا ابھی بھی وقت ھے چھوڑو یہ سب منا کردو۔۔۔۔۔

یہ انسان؟؟؟؟

وہ نہیں جس کے لیے تم نے دعا مانگی تھی۔۔۔۔

دعا کے اندر سے آواز آئی تھی۔۔۔۔

مولوی صاحب نے نکاح کی دعا پڑھنا شروع کردی تھی۔۔۔۔۔

اوراب وہ معراج سے اجازت طلب کررہے تھے۔۔۔۔۔

معراج جہانگیر ولدراجہ جہانگیر اپ کو دعا خان ولد احمد خان سے اپنا نکاح 50 لاکھ حق مہر کے ساتھ قبول ھے؟؟؟؟

جی قبول ھے!!!!!!

معراج نے ایک پل لگائے جواب دیا تھا۔۔۔۔۔

کیا اپ کو قبول ھے؟؟؟؟

مولوی صاحب نے پھر پوچھا تھا۔۔۔۔۔

جی قبول ھے!!!!!

کیا اپ کو قبول ھے؟؟؟؟

جی قبول ھے آاااااا

معراج کے تین بار قبول ھے بولنے کے بعد پورے ہال میں تلیاں بجی تھیں۔۔۔۔۔

www.urdunovelsmania.com

معراج نے نکاح نامے پر دستخط بھی کر دیے تھے۔۔۔۔

اوراب وہ دعا کی طرف دیکھ رہا تھا۔۔۔جس سے مولوی صاحب سوال کر رہے تھے۔۔۔۔۔۔

دعا خان

ولد آحمد خان اپ کو معراج جہانگیر والد راجہ جہانگیر سے اپنا نکاح 50 لاکھ حق مہر کے ساتھ قبول ھے

؟؟؟؟؟

دعا گم سم بیٹھی رہی !!!!!!

بلکل خاموش ساخت !!!!!

معراج کے چہرے پر سجی ھنسی اب تبدیل ھوگئ تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

مولوی صاحب نے پھر دوبارہ اپنے الفاظ دھورائے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔

دعا نے !!!!!!!!

urdu novels mania
www.urdunovelsmania.com

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

معراج نے نکاح نامے پر دستخط بھی کر دیے تھے۔۔۔۔

اوراب وہ دعا کی طرف دیکھ رہا تھا۔۔۔جس سے مولوی صاحب سوال کر رہے تھے۔۔۔۔۔۔

دعا خان

ولد آحمد خان اپ کو معراج جہانگیر والد راجہ جہانگیر سے اپنا نکاح 50 لاکھ حق مہر کے ساتھ قبول ھے

؟؟؟؟؟

دعا گم سم بیٹھی رہی !!!!!!

بلکل خاموش

ساخت !!!!!

معراج کے چہرے پر سجی ھنسی اب تبدیل ھوگئ تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

مولوی صاحب نے پھر دوبارہ اپنے الفاظ دھورائے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔

دعا گہری سوچ میں تھی۔۔۔۔

دل دماغ کی جنگ مسلسل جاری تھی۔۔۔۔

مولوی صاحب نے حیرت سے احمد صاحب اور پھر جہانگیر صاحب کو دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔

سمیرا بیگم نے اگے بڑھ کر دعا کو ہلایا تھا۔۔۔۔

دعا ایک دم اپنی سوچ سے باہر ائ۔۔۔۔اور پھٹی پھٹی انکھوں سے مولوی صاحب کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔

مولوی صاحب اپ دوبارہ پوچھیں۔۔۔۔

معراج نے سخت اوازمیں کہا تھا۔۔۔۔

مولوی صاحب نے دوبارہ اپنے الفاظ دھورائے تھے۔۔۔۔۔

دعا خان ولد احمد خان اپ کو اپنا نکاح معراج جہانگیر ولد راجہ جہانگیر کے ساتھ 50 لاکھ حق مہر کے قبول ھے ؟؟؟؟

جی

قبول

ھے !!!!!!!

دعا کے منہ سے الفاظ ٹوٹ کر ادا ھوئے تھے۔۔۔دل کی ڈھڑکن روک گئ تھی۔۔۔۔

سب خواب ٹوٹنے کی آواز اس کے کانوں میں آرہی تھی۔۔۔۔۔۔جیسے شیشہ ٹوٹتا ھے اور بکھر جاتا ھے ایسے دعا کا ایک ایک ارمان ایک ایک خواب بکھر رہا تھا۔۔۔۔

کیا آپ کو قبول ھے ؟؟؟؟؟؟

جی !!!!!

قبول

ھے۔۔۔۔

کیا اپ کو قبول ھے ؟؟؟؟

جی قبول ھے !!!!!!!

مبارک ھو نکاح کی مبارک تقریب مکمل ھوئی۔۔۔۔۔دعا نے دستخط کیے تو بریرہ بیگم اور رملا نے اکر اسکو گلے لگایا۔۔۔۔

دعا کے حلق میں آنسو کا پھندا لگ رہا تھا۔۔۔۔

urdu novels mania
www.urdunovelsmania.com

معراج جیت چکا تھا۔۔۔۔۔

وہ اس وقت حد سے زیادہ خوش تھا۔۔۔۔۔

اس نے دعا کا غرور تار تار کر دیا تھا۔۔۔

احمد صاحب اور سمیرا بیگم غمگین تھے۔۔۔۔

عمیر نمرہ عمر سیرت کی انکھیں نم تھیں۔۔۔۔

اشعر بھائی ہارئے ھوئے عاشق کی طرح اداس تھے۔۔۔۔۔

زیب؟؟؟

زیب اس وقت جلن کی بلندیوں پر تھا۔۔۔۔

وہ اپنی نفرت کے زہر سے دعا اور معراج کو دس کر ان کی زندگی میں زہر گھول دینے کا عزم رکھتا تھا۔۔۔۔

urdu novels mania
www.urdunovelsmania.com

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

دعا معراج کو تمام لوگ مبارک باد دینے کے لیے ایک ایک کر کے آرہے تھے۔۔۔۔۔ معراج نے دعا کی طرف جھک کر کہا۔۔۔۔۔

زارہ سا مسکرا لو.....mrsmairaj

معراج کہ الفاظ سے دعا کو نفرت محسوس ھوئی تھی۔۔۔۔۔

پلیز اپ دونوں فوٹو شوٹ کے لیے اجائیں۔۔۔۔۔

فوٹو گرافر نے دعا اور معراج کو اسٹیج کے بیچ میں انے کو کہا۔۔۔۔

دعا کو یہ سب ہز گز پسند نا تھا۔۔۔۔

لیکن معراج ان تمام چیزوں کا شوقین تھا۔۔۔۔ اور اپنی شادی میں کوئ بھی کمی اسکو برداشت نا تھی۔۔۔۔

معراج اٹھا اور ایک ہاتھ بڑھا کر دعا کا ہاتھ منا گا۔۔۔۔

لیکن دعا نے اسکو ہاتھ نا پکڑایا معراج نے زبردستی اسکا ہاتھ تھاما تو دعا مجبورن کھڑی ھوئ۔۔۔۔

معراج نے اب دعا پر دوبارہ نظر ڈالی تھی۔۔۔

اور معراج کو دعا کا حجاب دیکھ کر اندرونی خوشی محسوس ھوئ تھی۔۔۔۔

دعا کی نظر جھکی ھوئ تھی۔۔۔

میڈم پلیز سر کی انکھوں میں دیکھ کر ایک پوز؟؟؟؟

فوٹو گرافر نے دیمانڈ کی تھی۔۔۔۔

دعا نے نظر جھکائ رکھی۔۔۔۔

دعا۔؟؟؟؟؟

معراج نے ایک عجیب سے انداز میں اواز دی تھی۔۔۔۔ جس کی دعا کو بلکل توقع نا تھی۔۔۔

معراج کہ ایک بار بولنے پر دعا کی پلکیں خود با خود اٹھی تھی۔۔۔۔۔

معراج کی گھیری انکھیں دعا کی جھیل جیسی انکھوں سے ٹکرائ تھی۔۔۔۔۔

www.urdunovelsmania.com

دونوں روبرہ کھڑے تھے۔۔۔۔۔

دعا نے نفرت سے اس کی انکھوں میں جھنکا۔۔۔۔۔

معراج کی انکھوں میں ضدی تھی۔۔۔جنون تھا۔۔۔۔۔

اور بس یہ ہی لمحہ فوٹوگرافر نے اپنے کیمرے میں قید کرلیا تھا۔۔۔۔

دعا نے ایک جھٹکے سے نظر جھکالی تھی۔۔۔۔

اہ اہ اہ

ہمم ہمم۔م

دلہا بھائی زارہ صبر کیجے۔۔۔۔۔۔

نمرہ نے اکر معراج کو چھیڑا تھا۔۔۔۔۔

معراج کو یہ چھوٹی سی سالی اچھی لگی تھی اور جو لوگ معراج کو اچھے لگتے وہ ان سے کافی اخلاق سے بات کرتا۔۔۔۔

بس سل لی صاحبہ اپکی بہن سے نظر ہٹانے کا دل نہیں کرہا کیا کروں۔۔

افففف اللہ!!!

نمرہ زور سے ھنسی تھی۔۔۔

او تم بھی تصویر کھنچوالو نہیں تو تمھاری بہن بولے گی میں نے ایک لوتی سالی کا خیال نہیں کیا۔۔۔۔۔

معراج نے نمرہ کو ساتھ تصویر کھچوانے کا بولا تو نمرہ فورن معراج کے ساتھ اکر کھڑی ھوگئ تھی۔۔۔۔

نمرہ کو دیکھ کر عمیر عمر اور سیرت بھئ اگئے تھے۔۔۔۔۔

معراج نے مسکرا کر ایک گروپ فوٹو کھنچوائی تھی لیکن دعا کا چہرہ ویسی اداس تھا۔۔۔۔۔

کچھ دیر تصویرے کھنچوانے کے بعد کھانے کا دور چلا تھا۔۔۔۔۔

اور معراج اب اٹھ کر اپنے دوستوں کی طرف اچکا تھا۔۔۔۔۔

زاضا نے معراج کے گلے لگ کر اسکو مبارک باد دی تھی۔۔۔جبکہ زیب کا چہرہ دیکھ کر معراج سمجھ چکا تھا۔۔۔۔

زیب؟؟؟؟؟

معراج زیب کے پاس جا کر مخاطب ھوا تھا۔۔۔۔

جو تمھارے دل میں تھا وہ سب گزر چکا۔۔۔۔

اج سے دعا میری عزت ھے۔۔۔۔!!!!

میری بیوی ھے!!!

یعنی تمھاری بھابی۔۔۔۔۔۔

اور میری دعا کی طرف کوئ بری نگاہ ڈالے تو میں برداشت نہیں کروں گا۔۔۔۔میرے خیال سے تمھارے لیے میری یہ تمام باتیں کافی ھیں۔۔۔۔

معراج نے ڈھکے چھپے الفاظ میں زیب تک اپنی بات پھنچائ تھی۔۔۔۔کیونکہ زیب کی نظر مسلسل اسٹیج پر بیٹھی دعا پر تھی۔۔۔۔اور معراج یہ چیز محسوس کر چکا تھا۔۔۔اس لیے کافی روب دار لہجے میں اس نے کہا تھا۔۔۔

ہمم!!!

زیب خاموش ہوگیا تھا۔۔۔

معراج تھوڑی دیر تمام مہمانوں سے ملا تھا۔۔۔ لیکن اس کی نظر گھوم گھوم کر اسٹیج پر بیٹھی اپنی بیوی کی طرف جارہی تھی۔۔۔۔ جو اس وقت سب سے زیادہ حسین لگ رہی تھی۔۔۔۔۔

دعا کے پاس جیسی سجل اور ہما پہنچی معراج فورن اسٹیج پر جا کر دعا کے پاس بیٹھ گیا تھا۔۔۔۔۔

دعا!!!!!

ہما نے اکر دعا کو مخاطب کیا تھا۔۔۔

دعا نے ایک نظر اٹھا کر دیکھا تو ہما کی انکھیں حد سے زیادہ لال ھورہی تھی۔۔۔

دعا کو ایک دم اپنی دوست پر رحم سا آیا۔۔۔۔۔۔

مبارک ھو!!!!!!

ہما نے بہت عجیب انداز میں دعا کو گلے لگا کر مبارک باد تھی۔۔۔

دعا نے خاموشی سے سر ہلا دیا تھا۔۔۔۔

پھر سجل اکر دعا سے ملی تھی۔۔۔۔۔

کیوں سجل بھابی؟؟؟؟؟

کیسی لگی اپ کو میری بیوی؟؟؟؟

معراج نے جان کر یہ سوال کیا تھا۔۔۔۔

ہاں بہت اچھی ھے۔۔۔۔ سجل نے مختصر سا جواب دیا تھا۔۔۔۔ معراج ہما کو دیکھ کر مسکرایا تھا۔۔۔

پھر تھوڑی دیر بعد رخصتی کا وقت آگیا تھا۔۔۔۔۔

رملا اور بریرہ بیگم نے دعا کو اسٹیج سے اٹھایا تھا۔۔۔۔

بس یہ ہی لمحہ تھا جب دعا کو اپنی جسم سے جان جاتی محسوس ہورہی تھی۔۔۔۔

دعا اگے بڑھ کر سمیرا بیگم کے گلے لگی تھی۔۔۔۔اور پھوٹ پھوٹ کر روئی تھی۔۔۔۔سمیرا بیگم بھی بیٹی کی رخصتی پر جی بھر کے روئی تھی۔۔۔۔

پھوپو زوبی نمرہ عمیر عمر سے بھی مل کر دعا بہت روئی تھی۔۔۔۔۔۔اور پھر اپنے باپ احمد صاحب کے پاس ائی تھی جو اس سے دور کھڑے تھے۔۔۔۔۔

آحمد صاحب نے اب تک دعا کا پیار سے گلے نا لگایا تھا۔۔۔

ابو جان؟؟؟؟

دعا نے ان کے پاس جا کر انکا ہاتھ تھام کر کہا۔۔۔۔

احمد صاحب رو رہے تھے۔۔۔۔۔

جاو خوش رہو۔۔۔۔۔۔

احمد صاحب نے اپنے انسو چھپاتے ہوئے دعا کہ سر پر ہاتھ رکھ کر کہا۔۔۔

ابو پلیز ایسے نہیں کریں!!!!

دعا کی انکھوں سے زارو قطار انسو بہہ رہے تھے۔۔۔۔۔

احمد صاحب ابی تک اس سے خفا تھے۔۔۔

دعا اپنے گھر میں خوش رہنا۔۔۔۔اج سے وہی تمہارا گھر ھے۔۔۔۔تمہارا اس گھر سے اب کوئی تعلق نہیں ھے۔۔۔۔۔۔۔تمہارے لیے اس گھر کے دروازے ہمیشہ کے لیے بند ھیں۔۔۔۔

میری اج سے صرف ایک بیٹی ھے نمرہ۔۔۔۔۔۔۔۔!!!!

آحمد صاحب کا ایک ایک لفظ دعا کے اندر دھماکے کر رہا تھا۔۔۔۔۔

وہ حقیقت میں دعا سے ہر رشتہ ختم کر رہے تھے۔۔۔۔

پرابو!!!!

دعا کچھ بولنے ھی والی تھی کہ پیچھے کھڑے معراج نے اکر اس کو کندوں سے تھام کر کہا تھا۔۔۔

بس چلو اب۔۔۔۔۔

دعا نے جھٹکا دے کر معراج کا ہاتھ جھٹکا تھا۔۔۔۔۔۔

ابو؟؟؟؟؟؟

دعا پھٹی پھٹی نگاہ سے ان کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔

ابو پلیز یہ نا کریں نا!!!!!!

دعا نے روتے روتے احمد صاحب کے ہاتھوں کو تھام کر کہا تھا۔

جاوں دعا چلی جاو!!!!

احمد صاحب نے اپنے اوپر قابو پا کر کہا اور دعا کے ہاتھ اپنے ہاتھ سے ہٹا دیے۔۔۔

دعا کے جسم سے جان نکل چکی تھی۔۔۔ جان سے زیادہ پیارے ماں باپ اسے خفا تھے۔۔۔۔۔۔

معراج اسکو کندوں سے تھام کر گاڑی تک لایا تھا اور دعا گم سم چلتی اکر گاڑی میں بیٹھ گئی تھی۔۔۔۔

اس کے دل میں بس ایک بات چل رہی تھی

ابو نے اتنی بڑی بات سچ میں بولی تھی۔۔۔۔۔

معراج کو پتا نہیں کیوں ایک عجیب سی تکلیف ہوئی تھی اس پل دعا کو دیکھ کر۔۔۔۔۔اس نے دعا کو لاکر اپنی گاڑی میں بیٹھا دیا تھا۔۔۔

دعا بھی خاموشی سے ایک پتلے کی طرح اکر بیٹھ گئی تھی۔۔۔۔۔

رملا اور بریرہ بیگم اکر سمیرا بیگم سے ملی تھی اور پھر وہ بھی اپنی اپنی گاڑیوں میں بیٹھ گئی تھی۔۔۔۔

عمر اور عمیر کی انکھیں نم تھی۔۔۔۔

نمرہ پھوٹ پھوٹ کر رو رہی تھی۔۔۔

سیرت اداس تھی۔۔۔۔

دعا جا رہی تھی۔۔۔۔

وہ اس گھر سے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے رخصت ہو چکی تھی۔۔۔

اب وہ دعا خان نہیں تھی۔۔۔

اب وہ دعا ے معراج تھی۔۔۔۔۔!!!!!!!!!

پھلوں سے سجی گاڑی میں بیٹھا کر معراج احمد صاحب کی زندگی کو لے جا رہا تھا۔۔۔۔

احمد صاحب دور کھڑے بھیگی انکھوں کے ساتھ دعا کو جاتا دیکھ رہے تھے۔۔۔۔۔۔

اور کچھ پل کے بعد ھی معراج کی سجی بارات کی گاڑیاں ان کی نظروں کے سامنے سے اوجھل ہوگئی تھی۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

جیسے ہی معراج کی پھولوں سے سجی کار جہانگیر مینشن پہنچی تھی۔۔۔ ویسے ہی معراج کے دوستوں نے گولیوں سے نئے جوڑے کا استقبال کیا تھا۔۔۔۔۔

معراج اور دعا کے گاڑی سے اترنے تک ایک پل کے لیے بھی firing نا رکی تھی۔۔۔۔۔۔

میڈیا والے کب سے دعا معراج کا ایک ساتھ interview لینے کے لیے ترس رہے تھے۔۔۔۔۔

معراج گاڑی سے اتر کر کھڑا ہوا تھا۔۔۔۔۔ دعا گاڑی کی اندر گم سم سی کیفیت میں بیٹھی تھی۔۔۔۔۔

معراج نے گاڑی کے اندر جھک کر دعا کے آگے کا تھ بڑاہا کر کہا۔۔۔۔۔

چلو!!!!!!

دعا کی نظر اس کے مظبوط ہاتھوں پر پڑی تھی۔۔۔۔۔

یہ ہاتھ اس کو ساری عمر تھامے رکھنا تھا۔۔۔۔ یہ ہاتھ نہیں دعا کو اس کی قید کی زنجیر معلوم ہوئی تھی۔۔۔۔

دعا نے ہاتھ آگے نا بڑھایا تو معراج نے زبردستی اسکا ہاتھ تھام لیا۔۔۔ دعا بھی ہلکا سا کھسک کے گاڑی سے اتر کر معراج کے بلکل ساتھ کھڑی ہوگئی تھی۔۔۔

نا تو معراج صاحب کو پسند نہیں ہے نا میری جان !!!!!!

معراج نے شرارت سے دعا کہ کان میں کہا تھا۔۔۔۔۔ معراج کی انکھوں میں بچوں جیسی شرارت تھی۔۔۔۔ اور لبوں پر مسکراہٹ

اسی وقت دعا میری جان کہنے پر گھور کر معراج کو دیکھا تھا۔۔۔۔

اور کمرہ مین نے پھر ایک بار یہ خوبصورت سا لمحہ قید کر لیا تھا۔۔۔۔۔

جہانگیر مینشن میں دعا کا استقبال کیسی ملکہ کی طرح کیا گیا تھا۔۔۔۔۔

باہر پورچھ سے لے کر معراج کے کمرے تک دعا کے قدموں میں پھول بچھائے گئے تھے۔۔۔۔۔

معراج نے دعا کا نرم ہاتھ بہت مظبوطی سے تھاما ھوا تھا۔۔۔۔۔

دعا کو عجیب سی الجھن محسوس ھورہی تھی۔۔ لیکن وہ بہت لوگ ھونے کی وجہ سے خاموش رہی۔۔۔۔

چلو دعا بیٹا اپنے مبارک قدم اس گھر میں رکھ دو۔۔۔۔۔

جہانگیر صاحب نے دعا کے سر پر ہاتھ رکھ کر کہا تو اس کو ایک دم احمد صاحب کی شفقت یاد آگئ اور پھر اس کی انکھیں نم ھوگئ۔۔۔۔

معراج اور دعا ہلکے ہلکے چلتے اندر داخل ھورہے تھے۔۔۔۔

قدم قدم پر تمام لڑکیاں نئے جوڑے پر پھول ڈال رہی تھی۔۔۔۔

دونوں کی جوڑی بالا کی تھی۔۔۔

ایک ہیرا تھا تو ایک موتی تھا۔۔۔۔۔

معراج کے چہرے پر ایک عجیب سی خوشی تھی۔۔۔۔ اور دعا کا چہرہ بلکل نارمل تھا۔۔۔۔۔

دعا کو لا کر سب سے پہلے بڑے سے drawingroom میں بیٹھایا گیا تھا۔۔۔۔۔

بڑا سا ڈرائنگ روم بہت ھی نفاست کے ساتھ سجا تھا۔۔۔۔۔

قیمتی چیزوں سے سجا یہ drawingroom دعا اور معراج کے استقبال کے لیے اور مزید سجا دیا گیا تھا۔۔۔۔۔

دعا کے لیے معراج نے ایک خاص شاہی دیوان drawingroom کے ایک کونے میں رکھوایا تھا۔۔۔۔۔۔

معراج دعا کا ہاتھ تھام کر اس شاہی دیوان تک لایا اور اس کو بیٹھنے کا اشارہ کیا۔۔۔۔

دعا خاموشی سے اپنا لال شرارہ سنبھال کر بیٹھ گئی۔۔۔۔۔

معراج بھی اس کے ساتھ یہ بیٹھ گیا تھا۔۔۔۔

چاروں طرف لوگوں کا ہجوم تھا۔۔۔۔

لیکن دعا اس سب سے کھوئی ہوئی تھی۔۔۔۔

سب ایک ایک کر کے دعا کو منہ دکھائی دیتے اور اپنا تعارف کرواتے۔۔۔۔۔

دعا کا دماغ اس وقت اس سب سے مانوس نا تھا۔۔۔اس لیے وہ بے دلی سے سب کی طرف ایک نظر ڈالتی اور جھکا لیتی۔۔۔۔۔۔

اس کا دل اس وقت اپنے ماں باپ کے پاس جا کر چھپ جانے کا چھا رہا تھا۔۔۔۔

ساتھ بیٹھے معراج نے دعا کا سکون چھین لیا تھا۔۔۔۔۔

چلو دعا بیٹا اب کمرے میں چلو۔۔۔۔۔۔۔جب تمام لوگ دعا سے مل لیے تب بریرہ بیگم نے اس کے پاس اکر کہا۔۔۔۔۔

جی ماما میں بھی بس یہ ہی کہنے والی تھی۔۔۔۔رملا بھی اگے بڑھی تھی۔۔۔۔

چلو دیورانی جی۔۔۔۔۔

اب اپ اپنی اصلی منزل پر چلیں....رملا نے اسکو چھیڑتے ہوئے کہا۔۔۔۔

دعا خاموش رہی۔۔۔اس وقت دعا یہ سب قبول نہیں کر پا رہی تھی وہ بداخلاق ہر گز نا تھی۔۔۔۔۔
لیکن معراج نے جو اس کے ساتھ کیا تھا اس کے بعد ایک دم ان لوگوں سے گھل مل جانا بہت مشکل تھا۔۔۔۔۔۔

رملا نے دعا کو کندھوں سے پکڑ کر اٹھایا۔۔۔۔۔۔تو معراج بھی ساتھ کھڑا ھوا۔۔۔

جی بھابی اپ اسکو کمرے میں لے جائیں میں زارہ اپنے دوستوں سے مل کر ایا۔۔۔۔۔

معراج نے کہہ کر اگے قدم بڑھائے تو رملا فورن شرارت سے بولی۔۔۔۔

ارے ارے دیور صاحب اج اپ ایک کام کریں دستوں کے ساتھ ھی رات گزار لیں نا۔۔۔۔۔۔

ہاہاہا۔۔۔۔

بھابی اچھا مزاق تھا۔۔۔۔

۔یہ والی کہانی صرف کل کی رات تک تھی۔۔۔اب تو میرا انتیظار کرنے والی اگئ ھے۔۔۔۔۔

معراج نے گردن جھکائ دعا پر نظر ڈالی اور پھر باہر کی طرف چلا گیا۔۔۔۔۔

رملا اور بریرہ بیگم دعا کو معراج کے کمرے تک لا رہی تھیں۔۔۔۔

دعا جانتی ھو معراج نے ایک ایک چیز دل سے کی ھے۔۔۔۔۔۔تم بہت خوش نصیب ھو۔رملا نے پیار سے دعا کے ساتھ چلتے چلتے کہا۔۔۔۔۔۔

دعا خاموش رہی۔۔۔۔۔۔۔

چلو اگیا تمھارا کمرہ۔۔۔۔

اب خود اسکو کھولو۔۔۔۔

رملا نے دعا کو لا کر ایک بند دروزے کے سامنے کھڑا کر دیا تھا۔۔۔

دعا نے ہاتھ بڑھا کر دروازہ کھولا۔۔۔۔۔

تو رملا نے اگے بڑھ کر فورن لائٹس کھول دی تھی۔۔۔۔

جیسی لائٹس کھولی تو ایک خوبصورت سا کمرہ سامنے پیش ہوا۔۔۔۔۔۔

معراج کا کمرہ بہت ھی نفاست سے سیٹ ہوا تھا۔۔۔۔۔۔

سامنے ہی دیور پر خوبصورت سفید گول بیڈ پڑا تھا۔۔۔۔۔جس کے پیچھے لال کلر کی wall بہت جچ رہی تھی۔۔بیڈ کے بلکل اوپر دیورا کے بلکل درمیان میں معراج کی بہت ھی حسین فوٹو لگی تھی۔۔۔۔

اندر آو دعا۔۔۔۔آاا

بریرہ بیگم نے دعا کو اندرانے کا اشارہ کر کے کہا۔۔۔۔۔۔

دعا اندر کمرے میں داخل ہوئ تو اسکو اندازہ ہوا یہ کمرہ اندر سے اور مزید بڑا اور خوبصورت ھے۔۔۔

۔۔

دعا معراج کی پسند بہت زیادہ selective ھے۔۔۔اور یہ پورا کا پورا کمرہ معراج نے اپنی مرضی سے سیٹ کیا ھے۔۔۔کوئ اس کی چیزوں کو ہاتھ لگائے یہ اس سے برداشت نہیں ہوتا۔۔۔۔۔۔

رملا نان اسٹاپ بولے جا رہی تھی۔۔۔۔

دعا یہ دیکھو یہ تمہارا dressingroom ھے۔۔۔۔۔رملا نے کمرے کے سیدھے ہاتھ کی طرف ایک شیشے کے دروازے کو کھول کر بتایا۔۔۔۔۔۔

اور دوسری طرف جناب نے چھوٹی سی library سیٹ کی ہوئ ھے۔۔۔

چلو تم اب بیٹھو میں تمہارا میک اپ کو ہلکا سا فریش کر دوں معراج بھی بس آنے والا ہوگا۔۔۔۔

رملا نے دعا کو کمرہ دیکھا کر بیڈ پر بیٹھا دیا تھا۔۔۔۔

اور خود دعا کا ڈوپٹہ سیٹ کر رہی تھی۔۔۔۔

دعا کو الجھن ہو رہی تھی۔۔۔ لیکن وہ خاموش رہی۔۔۔۔

دعا!!!

بریرہ بیگم نے دعا کے پاس بیٹھ کر کہا۔۔۔۔

دیکھو دعا معراج دل کا بہت اچھا ہے بس غصہ بہت ہے اسکا۔۔۔۔۔۔ تم اس کے غصے سے گھبرانا نہیں۔۔۔۔۔ اور بچے تم مجھے اپنی ماں ہی سمجھنا۔۔۔۔۔ بریرہ بیگم نے پیار سے دعا کہ سر پا ہاتھ رکھ کر کہا۔۔۔۔۔ تو دعا کو سمیرا بیگم یاد آئی۔۔۔۔

جی اچھا۔۔۔۔ دعا کے منہ سے اتنا ہی نکل پایا۔۔۔۔

ہاں دعا۔۔۔۔۔ اور تمہاری میں بڑی بھابی نہیں بہن ہوں۔۔۔۔۔ رملا نے بھی پیار سے کہا تو۔۔ دعا نے ہلکا سے مسکرا کر رملا کو دیکھا۔۔۔۔

اچھا بچیوں تم باتیں کرو میں زارہ جہانگیر صاحب کو دیکھ او۔۔۔۔۔

بریرہ بیگم بول کے چلی گئی تھی۔۔۔۔

ویسے دعا۔۔۔۔۔!!!!

معراج کی پسند کو ماننا پڑے گا ماشاء اللہ تم بہت زیادہ پیاری ہو۔۔

رملا نے بہت پیار اور اپنائیت سے دعا کا ہاتھ تھام کر کہا تھا۔۔۔۔۔۔

دعا نے سر جھکا لیا تھا۔۔۔

رملا تھوری دیر بیٹھی دعا سے باتیں کرتی رہی پھر اٹھ کر بولی۔۔۔۔

چلو تم بیٹھو معراج انے والا ھوگا۔۔۔۔۔۔

رملا دعا کو ایک دو باتیں سمجھا کر کمرہ بند کر کہ باہر نکل گی تھی۔۔۔۔

اب دعا اس پھولوں اور موم بتیوں سے سجے کمرے میں اکیلی بیٹھی تھی۔۔۔۔۔

میں اج اس شخص کا انتیظار کر رہی ھوں جس نے میری زندگی برباد کر دی۔۔۔۔۔۔

دعا نے اپنے دل میں سوچا۔۔۔۔ میں تم سے بہت جلد اپنی جان چھڑوالوں گی معراج !!!!!!!!!

دعا اپنی سوچوں میں باتیں کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

دعا کے جانے کے بعد احمد صاحب سمیرا بیگم سمیت سب بہت روئے تھے۔۔۔۔۔

ایک ایک جگہ سے دعا کی یاد جوڑی تھی۔۔۔۔۔۔

احمد صاحب تو بنا کوئی بات کیے اپنے کمرے میں چلے گئے تھے ۔

جب کہ سمیرا بیگم اور نمرہ بیٹھی ایک دوسرے کو سہارہ دے رہی تھی۔۔۔۔۔

عمر بھی اپنی اپی کی جدائی پر اداس تھا۔۔۔۔۔

اور تھوڑی دیر بعد دعا کو یاد کر کے انسو بھا رہا تھا۔۔۔۔۔

عمیر ہال سے اکر سیدھا دعا کہ کمرے میں ایا تھا۔۔۔۔۔

عمیر اور دعا کا تعلق بہت الگ تھا۔۔۔ وہ دونوں صرف بہن بھائی نہیں ایک دوسرے کے بہت اچھے دوست بھی تھے۔۔۔۔

دعا کے بیڈ پر بیٹھ کر وہ بچوں کی طرح پھوٹ پھوٹ کر بہن کی جدائی پر رویا تھا۔۔۔۔۔

عمیر کسی کے سامنے رونا نہیں چھاتا تھا اور اب چھپ کر رو رہا تھا۔۔۔۔۔۔

دعا اپی اپ کے بغیر یہ گھر بہت برا لگتا ھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

عمیر نے روتے روتے بہن کو یاد کیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

اور ایک ایک کر کے اس کے زہن میں دعا اور اپنی تمام یادیں گھوم رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

دعا اپنی سوچوں میں گم تھی جب ہی !!!!!

☆☆☆☆☆ • • • • • • • • • • • • • • • ☆☆☆☆☆

دعا اپنی سوچوں میں گم بیٹھی تھی جب معراج کمرہ کھول کر اندر داخل ھوا تھا۔۔۔۔۔

دروازہ کھولنے کی آواز پر دعا کا دل ایک دم زور سے ڈھڑکا تھا۔۔۔۔۔۔

وہ اج معراج جہانگیر کی قید میں تھی۔۔۔۔

معراج وہ شخص تھا جس سے وہ سب سے زیادہ نفرت کرتی تھی۔۔۔۔

جسکا نام لینا اسکو برا لگتا تھا۔۔۔۔۔

جس کے پاس جانا وہ اپنی بے عزتی سمجھتی تھی۔۔۔۔۔۔

اج اس شخص کے پاس دعا پر حکومت کرنے کے تمام حق مجود تھے۔۔۔۔

دعا کا دل ایک عجیب سے در سے خوف زادہ ہوا تھا۔۔۔۔۔

معراج نے کمرے میں داخل ہو کر کمرہ LOCK کر دیا تھا۔۔۔۔۔

پھر شیراونی کا ایک بٹن کھول کر ہلکا پھلکا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔

پھر ہلکے ہلکے چلتا ہوا دعا کے پاس اکر بیڈ پر بیٹھ گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

دعا کو گھبراہٹ سی محسوس ہو رہی تھی۔۔۔۔۔۔

واہ یار تم تو دلہن بنی میرا انتیظار کر رہی ہو۔۔۔۔مجھے لگا تھا تم تو کب کی سو چکی ہو گی۔۔۔۔۔

معراج نے شرارت سے دعا کے سامنے بیڈ پر بیٹھتے ہوئے کہا۔۔۔۔۔

معراج کی اس بات پر دعا شرمندہ سی ہوئی۔۔۔۔

اور سوچنے لگی ہاں واقعی میں کیوں اس طرح بیٹھی تھی۔۔۔۔ابھی دعا کچھ بولتی اس سے پہلے معراج بول پڑا۔۔

اہ!!

اب سمجھا تم بھی تو ایک لڑکی ہو۔۔۔۔۔

اپنے حسن کی تعاریف سنا چھاتی ھو۔۔۔۔۔

اس لیے سجی بیٹھی میرا انتیظار کر رہی تھی میری جان۔۔۔!!!

معراج نے شرارت سے دعا کا ہاتھ تھاما تھا۔۔۔۔ دعا کو ایک دم کرنٹ سا لگا تھا۔۔۔۔

وہ فورن بیڈ سے اٹھ کر کھڑی ھوگئ تھی۔۔۔۔۔

فضول کی باتیں مت کریں۔۔۔۔

مجھے کوئ شوق نہیں ھے اپکا انتیظار کرنے کا۔۔۔۔۔۔۔

دعا دلہن بنی غصہ کر رہی تھی۔۔۔ معراج کو ایک دم اس کے اٹھنے پر ہنسی ائ تھی۔۔۔۔۔

اچھا اگر محترمہ ایسی بات ھے تو اب تک اپ نے کپڑے کیوں نہیں بدلے ؟؟؟؟

معراج نے دعا کو اس کے ہی سوال میں پھسایا تھا۔۔۔۔

بس میری مرضی !!!!

دعا نے جواب دیا۔۔۔۔۔۔

ہاہاہا یہ کوئ SOLIDREASON تو نہیں ھے دعا خان !!!!

سوری سوری دعا معراج۔۔۔۔۔!!!!

معراج نے اپنا اور دعا کا نام چبا چبا کر لیا تھا۔۔۔۔۔

ویسے کیا کہا تھا لوگوں نے۔۔۔؟؟؟؟؟

میرا نام لینے میں انکو شرم اتی ھے۔۔۔۔

مجھے سے نفرت کرتی ھیں۔۔۔۔۔

اہ ھواب یہ ہی نام میڈم کی پہچان بن گیا ھے۔۔۔۔۔۔

ہاہاہا تم سب لڑکیاں بہت بڑی بڑی باتیں کرتی ھو۔۔۔۔

لیکن ھوتی اندر سے ساری ایک جیسی ھو۔۔۔۔۔

اگر تمھیں میں اتنا پسند تھا اور مجھ سے شادی ہی کرنی تھی تو سیدھا بول دیتی نا۔۔۔۔۔۔مجھے ضد دلانے کی کیا ضرورت تھی۔۔۔۔۔!!!

معراج کا موڈ بہت اچھا تھا اور وہ

جان کر دعا کو جلا رہا تھا۔۔۔۔۔۔

میں؟؟؟؟

میں تم سے شادی کرنا چاھتی تھی؟؟؟؟؟

میری جوتی کرتی ھے تم سے شادی آاااادعا نے غصے سے کہا اور اپنے الفاظوں پر بولنے کے بعد دھیان دیا۔۔۔۔۔۔ تو فورن معراج سے منہ موڑ کر کھڑی ھوگئ۔۔۔۔

ہاہاہا۔۔۔۔

محترمہ۔۔۔۔۔

اپکی جوتی کا نہیں پتا پر اپنے ضرور کرلی مجھ سے شادی۔۔۔۔۔

معراج نے زور سے قہقہ لگا کر کہا۔۔۔۔۔۔

پھر اٹھ کر دعا کے بلکل پیچھے اکر کھڑا ھوگیا تھا۔۔۔۔۔۔

دیکھو!!!!!

دعا ایک دم کچھ بولنے موڑی تو معراج سے ٹکرائی اسکا balance out ھوا اور وہ تقریبن گیرنے ہی والی تھی۔۔۔کہ معراج نے اسکو تھام لیا تھا۔۔۔۔۔

چھوڑو مجھے !!!!

دعا نے ایک جھٹکے سے اپنا ہاتھ چھڑوانا چھا۔۔۔

پر معراج تو معراج تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اب نہیں چھوڑتا بیٹا !!!!

اب تو میرے پاس تمام حق بھی موجود ھیں۔۔۔۔

معراج نے شرارت سے کہہ کر دعا کو اپنے اور پاس کیا تھا۔۔۔۔۔

یہ حق تم نے زبردستی لیے ھیں

معراج جہانگیر۔۔۔۔

جیسے بھی لیے اب یہ حق میرے ھیں میری جان !!!!!

شرئع اور قانونی دونوں طور سے میرا تم پر پورا پورا حق ھے اور اب تم صرف اور صرف میری چیز ھو۔۔۔۔۔

معراج نے شرارت سے دعا پر جھک کر کہا !!!!!

میں کوئی چیز نہیں ھوں۔۔۔۔آاا

تم نے جس مقصد کے لیے بھی مجھ سے شادی کی ھو۔۔۔۔

لیکن تم اپنے مقصد میں کبھی کامیاب نہیں ھوگے۔۔۔۔

تم صرف اپنی حوس مٹا لوگے۔۔۔۔لیکن میری روح ہمشہ تم سے نفرت کرے گی۔۔۔۔۔۔۔۔

تم جیسے لڑکے صرف اور صرف اپنے حوس پوری کرنا جانتے ھو۔۔۔۔۔

دعا کی انکھوں سے زاروقطار آنسو نکل رہے تھے۔۔۔۔۔

ھوش میں ھو تم دعا؟؟؟؟؟؟؟

معراج نے ایک دم دعا کو چھوڑتے ھوئے کہا۔۔۔۔۔

اگر مجھے اپنی حوس ہی پوری کرنی ھوتی تو میں کبھی تمھاری جیسی لڑکی کا انتخاب نا کرتا۔۔۔۔۔

معراج جہانگیر سے ایک بار بات کرنے کے لیے لڑکیاں ترستی ھیں۔۔۔۔۔

تمھیں زیادہ ھی سر پر چڑا لیا میں نے۔۔۔۔۔

معراج کا میٹر اب بکل اوٹ ھوچکا تھا۔۔۔۔۔

اگر میں نے تم سے شادی کرلی تو ہرگز یہ سمجھنا کہ تم میں کوئی الگ بات ھے۔۔۔

تم سب لڑکیاں ایک جیسی ھو۔۔۔۔

اور اپنے زہن سے نکال دو کہ میں تمھارے پاس آنا چھاتا ھوں دعا جی۔۔۔۔

تم میری ضد تھی۔۔۔

محبت نہیں۔۔۔۔۔

میری ضد پوری ھوجائے میں اسکی طرف نظر گھوما کر نہیں دیکھتا۔۔۔۔۔

ائی بات سمجھ میں۔۔۔۔

مجھے تمھارے پاس انے میں کوئی intereset نہیں ھے۔۔۔۔۔

تم میری زندگی میں صرف ان چیزوں میں شامل ہو جو میری ضد کی وجہ سے اس گھر میں ائی اور پھر ایک کونے میں پڑی رہی۔۔۔۔۔۔

مجھے تمھاری اکڑ توڑنی تھی توڑ دی۔۔۔۔۔۔

تو پھر میری زندگی کیوں برباد کی تم نے؟؟؟؟؟؟

بولو؟؟؟؟؟؟؟

کیوں میرے ماں باپ کو مجھ سے دور کر دیا؟؟؟؟؟؟

دعا نے بے بسی سے پوچھا۔۔۔۔

تمھارے بڑے بڑے جملوں کی وجہ سے۔۔۔۔۔

اب ساری زندگی اپنے ان الفاظوں پر رونا تم۔۔۔۔۔۔۔۔

میں نے سوچا تھا کہ اب سدھر گئی ہو گی تم۔۔۔۔اور خاموشی سے سب قبول کر لو گی۔۔۔۔

لیکن

رسی جل گئی بل نہیں گئے اب تک۔۔۔۔۔!!!!

معراج نے کہا اور جیب سے سیگرٹ نکال کر سلگائی۔۔۔۔۔۔

معراج؟؟؟؟؟؟

دعا نے کچھ دیر خاموش رہنے کے بعد معراج کو پکارا تھا۔۔۔۔۔

بولو!!!!

معراج نے لال شرارے میں کھڑی دعا پر نظر ڈالی تھی۔۔۔۔۔۔

تمھاری ضد پوری ھوگئ نا۔۔۔۔۔

اب مجھے طلاق دے دو پلیز۔۔۔۔۔

دعا!!!!!!!!!!!!!

معراج ایک دم چیختا ھوا صوفے سے اٹھا تھا۔۔۔۔۔

اور دعا کو بازوں سے زور سے تھام کر بولا۔۔۔۔۔

اج بول دیا۔۔۔۔

میں نے سن لیا۔۔۔

دوبارہ یہ بات کی تو جان سے مار دوں گا۔۔۔۔۔

تم میری زندگی میں شامل ھو چکی ھو۔۔۔۔

اور اب تم مجھ سے دور نہیں جا سکتی ائ بات سمجھ؟؟؟؟؟

اس بات کو اپنے زہن میں بیٹھا لو دعا۔۔۔۔۔۔

میں ساری زندگی تمھیں طلاق نہیں دوں گا۔۔۔۔۔

تم بس میری ھو!!!!!!!!!!!

معراج کی لال انکھیں دعا کی بھیگی انکھوں میں جھانک رہی تھی۔۔۔۔۔ معراج کے ہاتھ کی گرفت اتنی زیادہ مظبوط تھی کہ دعا کے نرم نرم بازو اپ تکلیف سے درد کر رہے تھے۔۔۔۔

مجھے درد ھو رہا!!!!!!!

دعا نے بھیگی آنکھوں سے معراج کو دیکھ کر اس طرح کہا جیسے کوئ چھوٹا سا بچہ سہم کر بولتا ھے۔۔۔۔

معراج نے ایک دم اپنی گرفت سے اسے آزاد کر دیا تھا۔۔۔

اور تیزی سے قدم بڑھا کر باتھ روم میں گھس گیا۔۔۔۔۔۔۔

دعا زمین پر بیٹھ کر ایک دم زور زور سے رونے لگی۔۔۔۔۔۔

اج اسکی زندگی کی پہلی رات رونے سے شروع ھوئ تھی۔۔۔۔

معراج جب باتھ روم سے فریش ھوکر باہر نکلا تھا تو دعا اسی طرح زمین پر بیٹھی تھی۔۔۔۔

معراج نے الماری سے دعا کا ایک نائٹ سوٹ نکال کے اس کے پاس اکر بولا۔۔۔

چلو اب بس کرو۔۔۔

اٹھ کر جاو کپڑے بدل لو۔۔۔اور سو جاو۔۔۔۔صبح کے 5 بجے ھیں۔۔

دعا اسی طرح ڈھیت بن کر بیٹھی رہی۔۔۔

افففففف اس قدر ضدی کیوں ھو اخر تم لڑکی؟؟؟؟؟؟

معراج نے اسکو ایک ہاتھ سے اٹھاتے ھوئے کہا۔۔۔۔۔

دعا نے گھور کر معراج کو دیکھا۔۔۔۔۔اور اس کے ہاتھ سے کپڑے لے کر باتھ میں گھس گئ۔۔۔۔۔

معراج اکر اپنی جگہ پر لیٹ گیا تھا۔۔ تھوڑی دیر وہ دعا کا انتظار کرتا لیکن پھر نجانے کب اسکی انکھ لگ گئ تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

جب صبح معراج کی انکھ کھلی تو اس نے اپنے برابر کی جگہ پر دیکھا دعا وہاں نہیں تھی۔۔۔۔

وہ فورن اٹھ کر بیٹھ گیا تھا۔۔۔۔

اس کی نظر جب سامنے پڑی تو دعا زمیں پر جانماز پر ہی سوئ ھوئ تھی۔۔۔۔۔

دعا کو اس طرح زمین پر سویا دیکھ کر معراج کو دل میں ایک عجیب سی تکلیف محسوس ھوئ تھی۔۔۔۔۔

افففففف یہ لڑکی !!!!

معراج اپنی جگہ سے اٹھ کر اس کے پاس آیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

اور گھٹنوں کے بل بیٹھ کر اس معصوم سی لڑکی کو دیکھنے لگا۔۔۔۔

جو سوتے ھوئے کسی معصوم بچے کی طرح دیکھائ دے رہی تھی۔۔۔۔

دعا کا شفاف اور پور نور چہرہ مصلصل رونے کی وجہ سے لال ھورہا تھا۔۔۔۔

ایک دم ہی معراج نے اپنا ہاتھ اس کے چہرے کی طرف بڑھایا تھا۔۔۔اور پھر روک گیا تھا۔۔۔

اگر اس جھنگلی بلی کو ہاتھ لگا کر اٹھایا تو پھر کچھ الٹا سمجھ کر مجھ پر شروع ھوجائے گی اور پھر رونا شروع !!!!!

معراج اپنے اپ سے بولتا اٹھ گیا تھا۔۔۔اور اکر dressingtable کے سامنے کھڑا ھو کر جان کر چیزیں الٹ پلٹ کر رہا تھا۔۔۔۔

پھر اپنا موبئل اٹھا کر alaramtone بجائ تھی۔۔

جب ہی دعا کی انکھ کھلی تھی۔۔۔۔

اور وہ فورن ایک دم اٹھ کر بیٹھ گئ تھی۔۔۔۔۔

دعا کی نظر جب گھڑی پر پڑی تو گھڑی میں 12 بجے تھے۔۔۔ دعا کو ایک دم شرمندگی محسوس ہوئی۔۔۔۔۔

وہ زمین سے اٹھی اور جانماز لپیٹ کر باتھ روم جانے ہی لگی تھی کہ معراج فورن بول پڑا۔۔۔۔۔

لوگ تو یہاں مزے سے نیندیں پوری کر کے اٹھے ھیں۔۔۔ dailoug تو بہت مار رہے تھے رات کو۔۔۔۔۔۔۔

کیسا زمانہ آگیا ھے دلہا دلہن کو نیند سے جگا رہا ھے۔۔۔۔۔

معراج نے بلکل ساسوں والا جملا مارا تھا۔۔۔

دعا اگنور کر کے باتھ روم کی طرف بڑھی تو معراج نے فورن بولا۔۔۔۔

پہلے میں اٹھا ھوں باتھ روم پہلے میں جاوں گا۔۔۔۔

مجھے باتھ روم جانے میں انتیظار کرنے سے نفرت ھے۔

اور ویسے بھی یہ میرا کمرہ ھے میڈم تمھارا نہیں۔۔۔۔۔

معراج جان جان کر دعا کو زچ کر رہا تھا۔۔۔۔۔

ابھی دعا کچھ بولنے ہی والی تھی کہ معراج کے کمرے میں کسی نے دستک دی۔۔۔۔

لو جی شروع ھو گئے رملا بھابی کے پیٹ میں درد۔۔۔

معراج جانتا تھا اس کو تنگ کرنے کی ہمت صرف رملا ہی کر سکتی تھی۔۔

معراج نے اگے بڑھ کر دروازہ کھولا تھا۔۔۔ تو سامنے اسکی امید کے عین مطابق رملا ھی موجود تھی۔۔۔

اسلام علیکم جناب !!!!!!

کیسے مزاج ھیں ؟؟؟

رملا نے معراج کو دیکھتے ہی کہا۔۔۔۔

اور اگے بڑھ کر معراج کے کمرے میں اگئ۔۔۔۔۔

مزاج تو اب اچھے ھونے ہی ھیں بھابی۔۔۔۔

اتنی حسین رات جو گزری ھے۔۔۔

معراج نے انکھ مار کر کہا تھا۔۔۔۔

تو رملا ھنس پڑی۔۔۔

معراج کو خود بھی اپنی بات پر ھنسی اگئ تھی۔۔۔۔۔

شادی کی پہلی رات دونوں میں صیح قسم کی لڑائ جو ھوئ تھی۔۔۔

اچھا میری پیاری سی دیورانی کہاں ھیں ؟؟؟

رملا نے معراج سے پوچھا۔۔۔۔

کیوں اپ کو اتنی بڑی لڑکی نظر نہیں آرہی بھابی۔۔۔۔۔

معراج سمجھا تھا دعا اس کی بات مان کر اب تک اس طرح کھڑی ھے۔۔۔۔

ہاہاہا

معراج

مجھے لگتا ھے تمھیں اب دعا اسکی غیر مجودگی میں بھی نظر آتی ھے۔۔۔۔

رملا نے معراج کا مزاق اڑیا تو معراج نے پلٹ کر دیکھا۔۔۔۔

دعا وہاں موجود نہیں تھی۔۔۔۔

معراج کو غصہ آیا تھا کہ دعا اسکی بات کو رد کر کے باتھ روم گھس چکی تھی۔۔۔۔۔

چلو تم دونوں جلدی تیار ھو کر نیچے آجاو ناشتہ تیار ھے۔۔۔۔۔

اچھا!!!!

معراج نے رملا کی بات کا مختصر سا جواب دیا تھا۔۔۔۔۔ رملا کے جانے کے بعد معراج نے دوبارہ کمرہ بند کر لیا تھا۔۔۔۔ اور اسکو رہے رہے کر دعا پر غصہ آرہا تھا۔۔۔۔۔

جناب کو اپنی چیز استعمال کرنے میں انتیظار کرنا پڑ رہا تھا۔۔۔۔

اور انتیظار کی معراج صاحب کو بلکل عادت نا تھی۔۔۔۔

معراج غصہ سے اٹھا اور الماری سے اپنے کپڑے نکالنے لگا۔۔۔

تب اسکو ایک دم خیال آیا کہ دعا تو بنا کپڑے لیے باتھ روم گھس گئ۔۔۔۔۔ ھے۔۔۔

معراج کو ایک دم ھنسی ائ۔۔۔۔۔

اور اب وہ انتیظار کرنے لگا کہ دعا کو ناچھاتے ھوئے بھی معراج سے مدد مانگنی پڑے گی۔۔۔۔۔

معراج مزے سے اکر ٹانگیں پھیلا کر صوفے پر بیٹھ گیا۔۔۔۔۔

باتھ روم میں جانے کے بعد دعا کو حساس ھوا تھا کہ جلد بازی کے چکر میں اسے یہ غلطی ھوگئ ھے۔۔۔۔۔

افففففف اللہ!!!!!!

کیا مصیبت ھے۔۔۔۔۔۔!!!

اب اس اکڑو شخص سے میں اپنے کپڑے مانگو۔۔۔۔۔۔

حد ھے دعا حد!!!!!!

دعا کو رہے رہے کر خود پر غصہ آرہا تھا۔۔۔۔۔۔

کافی دیر گزر جانے کے بعد جب اسکو کوئ صورت نظر نا ائ تو مجورن دعا نے باتھ کا ہلکا سا دروازہ کھول کر معراج کو آواز دی تھی۔۔۔۔

سنیں!!!!!!!!!!

معراج نے دعا کی آواز کو جان کر ان سنا کر دیا تھا۔۔۔۔اور مزے سے اپنے موبئل میں گھسا تھا۔۔۔۔۔

سنیں!!!!!!!!!

دعا نے اب کے تھوڑا زور سے کہا تھا۔۔۔۔

تب بھی معراج نے جان کر نا سنا تھا۔۔۔۔

اس کے لبوں پر مسکراہٹ سج رہی تھی۔۔۔

معراج پلیز میری بات سن لیں!!!!!!!!

اب کے دعا نے زیچ ھو کر بے بسی سے کہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

جی محترمہ!!!!

میرا نام معراج ھے!!

سنیں نہیں۔۔۔۔۔۔۔

وہ میں میرے کپڑے ے ے ے !!!!!

دعا کو سمجھ نہیں آرہا تھا وہ کس طرح بولے۔۔۔۔۔۔۔

معراج صوفے سے اٹھ کر الماری سے ایک نیا سوٹ اٹھا کر باتھ روم کے دروازے کے باہر اکر کھڑا ھوگیا تھا

پہلے بولو معراج پلیز میرا یہ سوٹ مجھے دے دیں۔۔۔۔

اففففففف دعا کا دل چھاوہ معراج کہ سر پر کوئی چیز دے مارے۔۔۔۔

جی پلیز دے دیں۔۔۔۔

دعا نے خود کے غصے پر قابو پا کر کہا۔۔۔۔۔۔

نہیں دیتا۔۔۔۔۔ اتنی اکڑ سے مانگو گی تو کبھی نہیں دوں گا۔۔۔۔۔

معراج دعا کی مجبوری سے لطف اٹھا رہا تھا۔۔۔۔

معراج پلیز میرا سوٹ مجھے دے دیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

دے دیں کو دعا نے کافی لمبا کھینچا تھا۔۔۔۔

اممممم نہیں تھوڑا اور پیار سے مدد مانگ رہی ھو مجھ سے تم۔۔۔۔۔۔

حکم تھوڑی دے رہی ھو۔۔۔۔

بولو معراج میری جان مجھے سوٹ دے دیں۔۔۔۔۔ معراج کی انکھوں میں بلا کی شرارت تھی۔۔۔۔۔۔

میں نہیں بولوگی۔۔۔۔۔۔دعا نے فورن کہا تھا۔۔۔

ٹھیک ھے پھر ایسے ہی کھڑی رہوگی۔۔۔۔

معراج نے ڈھٹائی کا ثوبت دیا تھا۔۔۔۔۔۔

معراج کو ھنسی آرہی تھی اور دعا کو رونا۔۔۔۔۔۔تھوڑی دیر دعا خاموش رہی پھر بولی۔۔۔۔

پلیز دے دیں معراج !!!!!!!

معراج نے دعا کی آواز میں اب بھیگا پن محسوس کیا تھا۔۔۔۔۔

تو فورن اسکو ہاتھ اگے کر کے سوٹ تھاما دیا تھا۔۔۔۔

دعا نے کپڑے تھام کر فورن دروازہ بند کرلیا تھا۔۔۔

معراج کو ایک دم اس لڑکی پر بہت ھنسی ائی تھی۔۔۔۔

وہ بھی اسی کی طرح ضدی تھی۔۔۔۔

معراج ابھی کچھ سوچ کر ھنس رہا تھا جب اسکا موبئل بجنے لگا۔۔۔۔۔۔

اس نے کال اٹھا کر موبئل کان سے لگایا۔۔۔۔

تھوڑی ہی دیر بعد دعا گولڈن کلر کی حسین فورک پہن کر باہر نکلی تھی۔۔۔

معراج جیسی کال بند کر کے balcony سے کمرے میں داخل ھوا تو ایک پل کو اس کی نظر دعا پر تھم سی گئی۔۔۔۔۔۔

دعا شیشے کے سامنے کھڑی اپنے گھٹنوں تک اتے بالوں کو جھٹک رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

اس کے بال معراج نے اج پہلی بار دیکھے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔

سرخ سفید نازک سا سراپا گولڈن کلر کی فورک میں تھا۔۔۔۔

معراج کو یہ لڑکی بے حد حسین لگی تھی۔۔۔۔۔

ایک دم وہ اپنی سوچ کو جھٹک کر اگے بڑھا تھا۔۔۔۔۔

دعا جو سمجھ رہی تھی معراج کمرے میں موجود نہیں ھے۔۔۔۔اور بنا ڈوپٹے کے کھڑی تھی اس نے معراج کو دیکھ کر فورن اپنا ڈوپٹہ اٹھا کر سر اور شانوں پر ڈالا تھا۔۔۔۔

معراج کو دعا کی یہ ادا بہت بھلی لگی تھی۔۔۔۔

عمیر کی کال ائی تھی۔۔۔۔۔۔

معراج نے دعا کو بتایا تو دعا ایک دم تڑپ گئ۔۔۔۔

کیا کہہ رہا تھا؟؟؟

ابو ٹھیک ھیں نا؟؟؟؟

دعا نے ایک دم ہی سوال کیا تھا۔۔۔۔۔

مطلب کا زمانہ ھے اپنا مطلب ھو تو لوگ فورن بات سن لیتے ھیں۔۔۔۔معراج نے فورن ٹون مارا تھا۔۔۔

ہاں سب ٹھیک ھے۔۔۔۔

بس حال چال پوچھ رہا تھا۔۔۔۔معراج نے بتایا۔۔۔۔

ہمم!!!

دعا نے مایوسی سے سر جھکا لیا تھا۔۔۔

معراج سمجھ چکا تھا کہ اس وقت دعا کا دل کیا چھا رہا ھے۔۔۔۔۔لیکن بنا کچھ بولے وہ اپنے کپڑے اٹھا کر باتھ روم میں جانے ہی لگا تھا کہ پھر پلٹ کر بولا

سنو دعا؟؟؟؟؟

بولیں؟؟؟؟

دعا نے بے رخی سے جواب دیا تھا۔۔۔۔

اکیلی نیچے مت جانا میرے ساتھ جانا۔۔۔۔۔۔

معراج دعا کو ہدایت دیتا باتھ روم میں گھس گیا تھا۔۔۔۔

عجیب انسان ھے یہ۔۔۔۔

ہر انسان کو اپنے اشاروں پر چلانا چھاتا ھے۔۔۔۔

میں کیوں مانو اس کی بات۔۔۔۔۔

دعا کو معراج پر بے حد غصہ آیا۔۔۔۔۔!!!!!

urdu novels mania
www.urdunovelsmania.com

☆☆☆☆☆☆☆ ▪ ☆☆ ▪ ▪ ☆☆☆☆☆

معراج جب نھا دھو کر پینٹ شرٹ پہن کر باہر نکلا تو!!!!!!!!

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

معراج جب نھا دھو کر پینٹ شرٹ پہن کر باہر نکلا تو دعا کمرے میں موجود نا تھی۔۔۔۔۔

ایک تو مجھے سمجھ نہیں آتا آخر کو یہ لڑکی اس قدر ضدی کیوں ھے۔۔۔۔۔

معراج نے دعا کو کمرے میں نا پا کر کہا۔۔۔۔

اور جلدی سے شیشے کے سامنے کھڑا ھو کر اپنے بال سیٹ کر کے پرفیوم لگا کر کمرے سے باہر کی طرف بڑھ گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

دعا جب کمرے سے باہر نکلی تو اس کو عجیب سا محسوس ھوا لیکن وہ معراج کی اب کوئی بھی بات نہیں منانا چاھتی تھی اس لیے ھچکچاہٹ ھونے کے باوجود زینہ اتر کر نیچے لائج میں ائی تھی۔۔۔۔۔

رملا اور بریرہ بیگم اس کو دیکھ کر ایک دم اپنی جگہ سے اٹھی تھیں۔۔۔ اور دعا کو گلے لگا کر خوش آمدید کہا تھا۔۔۔۔

سجل اور ہما وہی موجود تھیں۔۔۔۔ لیکن وہ دونوں دعا سے نا ملی تھی۔۔۔۔۔

کیسی ھو دعا نیند اچھے سے ھوئی بچے؟؟؟

بریرہ بیگم نے دعا کو گلے لگاتے ھوئے پوچھا۔۔۔

جی۔۔۔۔!!!

دعا نے مختصر سا جواب دیا۔۔۔۔

ماشاء اللہ دعا!!!!

بہت ہی حسین لگ رہی ہو!!!!!

رملا نے ایک بار پھر پیار سے دعا کو گلے لگایا تھا۔۔۔۔ دعا کو رملا کے اندر نمرہ کی جھلک دکھائی دی۔۔۔۔۔

دعا کی نظر جب ہما پر پڑی تو اسکا دل اندر سے کٹ کر رہے گیا۔۔۔ اس نے خود سے ہما سے کوئی بات کرنا مناسب نہیں سمجھا۔۔۔۔۔

اس لیے چپ رہی۔۔۔۔۔

چلو دعا ناشتہ کرلو اب۔۔۔۔۔۔ رملا نے دعا کو کھانے کی میز پر بیٹھنے کا اشارہ کر کے کہا۔۔۔۔

ویسے کتنی عجیب بات ہے نا۔۔۔۔۔۔

نئی نویلی دلہن دوپہر کے ایک بجے سب گھر والوں سے الگ ناشتہ کریں گی۔ کوئی بھلا شادی کے پہلے دن اتنا لیٹ اٹھتا ہے کیا۔۔۔۔۔۔۔۔

سجل نے فورن دعا پر ٹون مارا تھا۔۔۔۔۔۔۔

دعا کی انکھیں ایک دم نم ہوئی تھی۔۔۔ ابھی رملا کے منہ سے الفاظ نکلنے ہی والے تھے کہ پیچھے سے ایک دم معراج کی آواز ائی۔۔۔۔۔

سجل بھابی میرے خیال سے اپ اپنا وقت بھول گئی۔۔۔۔

میری بیوی تو پھر اپ سے دو گھنٹے جلدی ائی ہے۔۔۔۔!!!!!

اور ویسے بھی اسکا میرے ساتھ وقت گزارنا ضروری ھے اپ کے ساتھ نہیں۔۔۔۔

یہ میرے لیے ائی ھے اپ سب کے ساتھ گپے مارنے نہیں۔۔۔۔

اور ویسے بھی میرا تو دل تھا کہ اپنی جان کے ساتھ کمرے میں ہی ناشتہ کروں پر یہ محترمہ ہی ضد کر کے مجھے نیچے لے کر ائی ھیں۔۔۔۔

لیکن پھر بھی لوگوں کی شکایت ختم نہیں ھوتی۔۔۔۔۔

معراج نے اکر دعا کو کندھے سے تھام کر کہا تھا۔۔۔۔

دعا کو ایک دم ایک سہارا سا محسوس ھوا تھا۔۔۔۔ لیکن معراج کا اس طرح تھامنا اسکو اچھا نا لگا تھا۔۔۔۔۔

اہ ھووووو!!!!!!

ابھی سے جورو کے غلام بن گئے ھیں جناب اپ!!!!

رملا کو واقعی میں معراج کو ایسے دیکھ کر خوشی محسوس ھوئی تھی۔۔۔۔

معراج کہ چہرے پر ایک عجیب سا سکون تھا۔۔۔۔۔

کیا کریں بھابی۔۔۔۔۔۔

اپ کی دیورانی کے جادو نے گھائل کر دیا!!!!!!

دعا کو معراج پر حد سے زیادہ حیرت ھوئی تھی۔۔۔۔

کس قدر جھوٹا ھے یہ انسان۔۔۔ منہ پر کیسے میٹھا بنا ھے۔۔۔۔۔ دعا نے دل میں سوچا۔۔۔۔۔ دعا کا دماغ صرف اور صرف معراج کے خیلاف ہی چل رہا تھا۔۔۔۔۔

چلو تم دونوں بیٹھو میں ناشتہ لگاتی ھوں۔۔۔۔۔

رملا کے کہنے پر معراج اور دعا کھانے کی میز پر بیٹھ گئے تھے۔۔۔۔۔

اہھووووو نئے دلہا دلہن اٹھ گئے۔۔۔۔۔

اسلام علیکم بھابی جی !!!!!

دلاور اور بلاج نے اندر داخل ھوتے ھی دعا کو سلام کیا تھا۔۔۔

جس کا دعا نے سر ہلا کر جواب دیا تھا۔۔۔۔۔۔اور ساتھ ہی اپنے ڈوپٹے کو مزید سیٹ کیا تھا۔۔۔

معراج نے ایک نظر دعا کے ڈوپٹے پر ڈالی تھی۔۔۔۔

دعا نے ڈوپٹہ بہت طریقے سے اوڑھ رکھا تھا۔۔۔

سر اور شانوں پر اس طرح ڈوپٹہ ڈلتا ھے معراج نے اج پہلی بار دیکھا تھا۔۔۔۔۔

معراج جس سرکل میں بڑا ھوا تھا وہاں کی عورتیں اکثر ڈوپٹے کے نام پر گلے میں صرف ہلکی سی پٹی ڈال لیا کرتی تھی۔۔۔۔

معراج کو ایک انجانی سی خوشی محسوس ھوئی تھی۔۔۔۔۔۔

دعا کو حیرت ھو رہی تھی کہ اب تک عمیر نہیں ایا۔۔۔۔

اس کو اپنے گھر والوں کی حد سے زیادہ یاد آرہی تھی۔۔۔۔

تم کچھ نا کھا کر کیا ثابت کرنا چھا رہی ھو میڈم ؟؟؟؟

معراج نے دعا کے تھوڑا پاس ھو کر کہا تھا۔۔۔۔

میری مرضی دل نہیں چھا رہا اس لیے نہیں کھا رہی۔۔۔۔

دعا نے چیڑ کر جواب دیا تھا۔۔۔۔۔

کوئی مرضی ورضی نہیں تم نے کل رات بھی کچھ نہیں کھایا تھا چلو اب جلدی سے یہ سب ختم کرو۔۔۔۔۔۔

معراج نے دعا کی پلیٹ میں پوری ڈالتے ہوئے کہا۔۔۔۔۔۔۔

افففف!!!!!

کیا مصلہ ہے؟؟؟

دعا نے معراج کی بات میں یہ نا محسوس کیا تھا کہ معراج کو اسکی کتنی فکر تھی۔۔۔۔

اور نا معراج نے یہ محسوس کیا تھا۔۔۔

ہما جو دور سے بیٹھی یہ سب دیکھ رہی تھی ایک دم اٹھ کر کھانے کی میز پر آئی تھی۔۔۔

ویسے دعا تمھارے گھر والے نہیں ائے اب تک؟؟؟؟

شادی کے پہلے دن تو لڑکی کے گھر سے ناشتہ آتا ہے اور یہاں تو کوئی آتا پتہ نہیں۔۔

ہما نے دعا کی کمزوری پکڑی تھی۔۔۔

بس کیا کریں ہما کچھ لوگ بہت عزت والے ہوتے ہیں۔۔۔

بیٹی کے گھر زیادہ انا جانا پسند نہیں کرتے اور کچھ لوگ تمھاری طرح ہوتے ہیں جو اپنے گھر جانا پسند نہیں کرتے۔۔۔۔۔۔

معراج کہ اس طرح بولنے پر ہما شرمندہ سی ہوئی تھی۔۔۔۔

رملا کو معراج کی اس بات پر بے ساختہ ہنسی ائی۔۔۔جس کو اس نے منہ پر ہاتھ رکھ کر روکا تھا۔۔۔

دعا تم جلدی ناشتہ کرو پھر ہم چلتے ھیں تمھارے گھر۔۔۔۔۔

عمیر کی کال ائی تھی۔۔۔وہ ہمارا انتیظار کر رہے ھیں۔۔

معراج اپنا ناشتہ ختم کر کہ اب چائے پی رہا تھا۔۔۔۔۔۔

دعا کو معراج کی یہ پہلی بات اچھی لگی تھی۔۔۔۔

اور اس کے چہرے پر ہلکی سی مسکان بھی ائی تھی۔۔۔۔۔۔۔

لیکن معراج رات میں ولیمہ ھے!!!!!بریرہ بیگم فورن بولی تھی۔۔۔

جی معلوم ھے مجھے۔۔۔۔۔۔

میرا ولیمہ ھے مجھے زیادہ فکر ھے۔۔۔۔اپ لوگ اپنی تیاری پوری رکھیں۔۔۔۔دعا اور مجھے چھوڑ دیں اب۔۔۔!!!

معراج نے سیدھا جواب دیا تھا۔۔۔

دعا نے محسوس کیا تھا کہ معراج کا اپنے گھر میں سوائے رملا بلاج سے کسی سے اچھا تعلق نہیں تھا۔۔۔۔۔

لیکن معراج میں!!!!!

بس مسز زجہانگیر۔۔۔

THANKYOU

www.urdunovelsmania.com

معراج کے اس طرح بولنے پر دعا کو حد سے زیادہ حیرت ہوئی تھی کہ وہ اپنی ماں کو نام لے کے کر پکار رہا تھا۔۔۔۔۔۔

جلدی تیار ہو جاو۔۔۔۔

بس دس منٹ تک نکلتے ہیں

معراج دعا کو بول کر باہر کی طرف چلا گیا تھا۔۔۔۔

اور بریرہ بیگم شرمندہ سی نظریں جھکائی کھڑی تھیں۔۔۔۔۔

دعا اٹھ کر ان کے پاس ائی تھی۔۔۔

اپ فکر نا کریں امی ہم جلدی آجائیں گے۔۔۔۔ دعا کا دل بریرہ بیگم کے لیے دکھ رہا تھا۔۔۔

ہمم بیٹا تم جاو!!!

بریرہ بیگم نے دعا کو بوسہ دیا تھا اور پھر خود کمرے کی طرف بڑھ گئی تھی۔۔۔۔۔

دعا اوپر کمرے میں ائی اور جلدی جلدی اپنا حجاب اوڑھ کر تیار ہوئی تھی۔۔۔

کل سے اب تک اس نے صرف اس وقت کوئی خوشی محسوس کی تھی۔۔۔۔۔

ابھی وہ اپنا حجاب ہی باندھ رہی تھی کہ معراج کمرے میں داخل ہوا تھا۔۔۔۔

دعا!!!!

معراج نے صوفے پر بیٹھتے ہوئے دعا کو پکارا تھا۔۔۔

جی؟؟؟

یہ تمھاری سم ہے

اور یہ رہا تمھارا موبئل۔۔۔۔۔

معراج نے پینٹ کی جیب سے سم نکالی تھی اور ایک ڈبہ دعا کے سامنے ٹیبل پر رکھا تھا۔۔۔۔

مجھے اس کی ضرورت نہیں ھے۔۔۔ دعا نے فورن ہی جواب دیا تھا۔۔۔

ضرورت ھو یا نا ھو۔۔۔

تمھارے پاس موبئل ھونا چاھیئے۔۔۔۔

معراج نے بھی فورن کہا تھا۔۔۔۔۔

آخر یہ سب کیا ھے ؟؟؟؟

کیا دیکھنا چاھتے ھو یہ سب کر کے کہ اپ ایک پرفیکٹ شوہر ھیں ؟؟؟

دعا کو ایک دم ھی غصہ آیا تھا۔۔۔۔۔

اہ تو تم نے مان لیا کہ میں تمھارا شوہر ھو۔۔۔۔

معراج کا موڈ خاصا اچھا تھا۔۔۔

اور دعا کے ساتھ اس کو لڑنا اچھا لگتا تھا۔۔۔۔۔

یا اسکو جلا کر اسکو خوشی محسوس ھوتی تھی۔۔۔۔

میں نے یہ نہیں کہا !!!!

مسٹر۔۔۔۔

دعا نے اپنی ہی بات میں پھنستے ھوئے کہا۔۔۔۔

اچھا تو پھر ؟؟؟

کیا کہا؟؟؟

معراج نے دعا کو مزید الجھانا چھا۔۔

افففف!!!

کچھ نہیں کہا۔۔۔۔۔۔

ھاھاھا!!!

معراج زور دے ھنسا پھر بولا۔۔۔

جب تم مجھ سے جیت نہیں سکتی تو کیوں ناکام خوشش کرتی ھو۔۔۔

اور ویسے بھی مجھے لڑکیوں پر بلکل بھروسہ نہیں ھے۔۔۔۔۔

ان کے پاس ایک ایسی چیز موجود ھونی چھائے جس سے بندہ ان پر نظر رکھ سکے۔۔۔۔۔

معراج نے یہ بات صرف اور صرف دعا کو جلانے کے لیے بولی تھی۔۔۔۔

اہ اچھا تو یہ موبئل اس لیے مجھے دیا جا رہا ھے کہ اس کے زریعہ اپ مجھ سے دور ھو کر بھی مجھ پر حکومت کریں۔۔۔

www.urdunovelsmania.com

دعا کو معراج پر شدید غصہ ایا۔۔۔۔

واہ یار ایک دن تم میرے ساتھ رہے کر سمجھ دار ھوگئ ھو۔۔۔۔۔

سوچو پوری زندگی رہے لی تو!!!!!

معراج بول کر ھنستا ھوا کھڑا ھوا تھا۔۔۔۔

پوری زندگی؟؟؟؟؟؟

معراج جہانگیر یہ صرف اپ کا خیال ھے کہ میں اپ کے ساتھ ساری عمر رہوگی۔۔۔

معراج باہر جانے کو پلٹا تھا جب دعا نے یہ بات بولی تھی۔۔۔۔

بہت جلد میں تم سے بہت دور چلی جاوں گی۔۔۔۔

تمھارا نام مٹی میں ملا کر دکھاوگی۔۔۔۔

معراج نے ایک دم پلٹ کر دعا کو دیکھا تھا۔۔۔

دعا نے معراج کے چہرے پر واضح جنون دیکھا تھا۔۔

اور جس دن ایسا ھوا اس دن میں خود تمھاری جان لوں گا۔۔۔۔۔

معراج کی انکھوں میں جنون تھا۔۔۔۔

دعا نے معراج کی نظروں سے نظر ہٹالی۔۔۔

چلو۔۔

دیر ھو رہی ھے۔۔۔

معراج بول کر کمرے سے باہر نکل گیا تھا۔۔۔۔

دعا بھی اس کے پیچھے پیچھے کمرے سے باہر نکل گئی تھی۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

پر امی ابو کو کیا ھو گیا ھے؟؟؟؟

وہ ہماری بہن ھیں

ٹھیک ھے جو ھوگیا ھوگیا اب اس کا مطلب یہ تو نہیں کہ ہم دعا آپی سے تعلق توڑدیں۔۔۔۔۔

عمیر اس وقت حد سے زیادہ غصے میں تھا۔۔۔۔۔

اور سمیرا بیگم سے احمد صاحب کی بلاوجے کی ضد پر حیرانی ظاہر کر رہا تھا۔۔۔۔۔

پر عمیر جو دعا نے کیا پھر میرا بھائی یہ بھی نا کرے !!!!

پھوپو میں اپ کو پہلے بھی بول چکا ھوں آپی نے کچھ غلط نہیں کیا۔۔۔کیا اپنے اپنی بڑی بیٹی سے تمام تعلقات توڑدیے ؟؟؟؟؟

نہیں نا !!!!

ابو اس طرح سے دعا اپی کو اکیلا نہیں چھوڑ سکتے۔۔۔۔۔

ابو کہاں ھیں امی؟؟؟

عمیر نے احمد صاحب کے کمرے میں جھانک کر دیکھا تو وہ وہاں موجود نہیں تھے۔۔۔۔

اس لیے وہ اب باہر اکر سمیرا بیگم سے پوچھ رہا تھا۔۔۔۔۔

عمیر جو دعا کے گھر جانے کے لیے نکل رہا تھا اسکو سمیرا بیگم اور پھوپو نے روکا تھا۔۔۔

کیونکہ احمد صاحب سختی سے انکار کر کے گئے تھے۔۔۔۔۔کہ اس گھر سے دعا کہ گھر کوئی نہیں جائے گا

۔۔۔

اور اسی بات پر عمیر کو حد سے زیادہ غصہ تھا۔۔۔۔۔

سمیرا بیگم کی ہمت نا تھی کہ وہ شوہر کے غصے کے اگے کچھ بولتی۔۔۔۔

اور پھوپو تو اپنا کام خوب دکھا رہی تھی وہ احمد صاحب کے ساتھ جب بیٹی خاندان کی عزت اور ابرو کی بڑی بڑی باتیں شروع کر دیتی اور احمد صاحب کے دل میں دعا کے ناز اضنگی اور مزید ہوتی جاتی۔۔۔۔۔۔

ابو کہاں ھیں؟؟؟؟

بیٹا وہ کسی کام سے باہر گئے ھیں۔۔۔۔

عمیر خدا کا واسطہ ھے اپنے باپ کو اس عمر میں اتنی تکلیفیں نا دوں۔۔۔۔

تم بچوں کی وجہ سے میرے بھائی کو کچھ ہوا تو میں تم لوگ کو کبھی معاف نا کروں گی۔۔۔

پھوپو اپنی عادت سے مجبور ہو کر پھر بولی تھی۔۔۔۔۔

ابھی ان لوگوں کی بھیس چل ہی رہی تھی کہ نمرہ اور عمر شور مچاتے نیچے ائے تھے۔۔۔۔

دعا آپی آگئ

دعا آپی اگئ۔۔۔۔۔۔۔

urdu novels mania
www.urdunovelsmania.com

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

معراج اور دعا کے راستے بھر کوئی خاص بات نا ہوئی تھی۔۔۔۔ معراج دعا کو جلانے کے لیے موضوع نکلتا لیکن دعا اس وقت لڑنے کے موڈ میں نا تھی۔۔۔

وہ پورے راستے بس یہ دعا کرتے ہوئے گئی تھی۔۔

کہ اللہ کرے اب احمد صاحب کا غصہ ٹھنڈا ھو گیا ھو۔۔۔

اور اب وہ دعا کو معاف کر دیں۔۔۔۔۔۔۔۔

معراج نے جب گاڑی دعا کے گھر کی طرف موڑی تھی تو عمر اور نمرہ نے چھت سے ہی ان کی گاڑی دیکھ لی تھی۔۔۔۔۔

بہن بھائی کو دیکھ کر دعا کے چہرے پر مسکراہٹ سجی تھی۔۔۔۔۔

معراج نے دعا کی خوشی صاف صاف محسوس کی تھی۔۔۔۔

معراج گاڑی کھڑی کر کہ اترا تو دعا بے صبری سے بیل بجا رہی تھی۔۔۔۔۔

بہت جلدی ھے لوگوں کو دوسروں کہ گھر جانے کی۔۔۔۔

معراج گاڑی لوک کر کے دعا کے برابر کھڑا ھو گیا تھا۔۔۔

دوسروں کا گھر؟؟؟؟

دعا نے حیرت سے پوچھا۔۔۔

ہاں دوسروں کا گھر۔۔۔۔۔۔۔

معراج نے پر اپنی بات دھورای۔۔۔۔

یہ میرا گھر ھے معراج جہانگیر۔۔۔۔۔۔

یہ میرا اصلی گھر ھے۔۔۔۔۔۔

دعا نے مظبوط لہجے میں کہا۔۔۔

نہیں یہ گھر اب تمھارا نہیں ھے۔۔۔۔

urdu novels mania
www.urdunovelsmania.com

تمھارا گھر اب جہانگیر مینشن ھے میری جان۔۔۔۔۔

معراج نے انکھوں میں چمک رکھ کر کہا۔۔۔

وہ میرا گھر نہیں۔۔۔۔

میرا قید خانہ ھے۔۔۔۔۔

جہاں رہنا میری مجبوری ھے۔۔۔۔وہ بھی بس کچھ دن۔۔۔

جس دن وہاں سے اڑنے کا موقع ملا میں اڑ جاوں گی۔۔

یاد رکھنا میری بات۔۔

ابھی معراج کچھ بولتا اسے پہلے ہی عمیر نے اکر دوروازہ کھول دیا تھا۔۔۔۔

اسلام علیکم !!!!!!!!

Newilymarriedcouple

urdu novels mania
www.urdunovelsmania.com

عمیر نے خوش اخلاقی سے دروازہ کھول کر کہا تھا۔۔

اتنا وقت لگا دیا دروازہ کھولنے میں عمیر؟؟

دعا نے بھائی سے فورن شکوہ کیا تھا۔۔۔۔۔

عمیر کے پاس دعا کی بات کا کوئی جواب نا تھا اس لیے وہ اگے بڑھ کر معراج سے ملنے لگا۔۔۔

اسلام علیکم معراج بھائی !!!

آئیں اندر آجائیں۔۔۔۔

عمیر دعا سے زیادہ معراج کو عزت دے رہا تھا۔۔۔۔۔

وعلیکم اسلام کیسے ہو عمیر؟؟؟

معراج بھی خوش اخلاقی سے عمیر سے ملا تھا۔۔۔۔۔۔

عمیر!!!!

مجھ سے بھی مل لو۔۔۔

دعا نے جل کر کہا تھا۔۔

ہاہاہاملتا ہوں بابا پہلے جیجو سے تو مل لو نا۔۔۔۔۔۔

عمیر نے دعا کو گلے لگاتے ہوئے کہا۔۔۔

ٹھیک ہے ملو ان سے ہی بھاڑ میں جاو۔۔۔۔

دعا عمیر کے پیٹ میں گھوسا مار کر جھوٹی ناراض ہوتی ہوئی اندر بڑھ گئی۔۔۔۔

معراج بھائی بہن کا ھنسی مزاق دیکھ کر مسکرا دیا۔۔۔۔۔

ائے بھای اندر اجائیں۔۔۔۔

عمیر نے drawingroom کا دروازہ کھول کر معراج کو بیٹھایا تھا۔۔۔۔

دعا پہلے ہی اندر چلی گئی تھی۔۔۔۔۔

دعا کو دیکھ کر نمرہ اور عمر بھاگ کر اس سے لپٹ گئے تھے۔

وہ بھی بہن بھائی سے مل کر بہت خوش ہوئی تھی۔۔۔۔

میری بچی اگئ۔

سمیرا بیگم بھی سب کچھ بھول کر دعا کے گلے لگی تھی۔۔۔

اور دعا بھی ماں کے گلے لگ کر ایک دم ھی رونے لگی تھی۔۔۔۔۔

بس شروع ماں بیٹی کا ڈرامہ۔۔۔۔۔

پھوپو نے ایک شوشہ چھوڑا تھا۔۔۔

دعا اپنی ماں سے الگ ھوئ تھی۔۔۔

امی ابو کہاں؟؟

دعا نے روتے روتے پوچھا۔۔۔۔

دعا وہ گھر پر نہیں ھیں۔۔۔

سمیرا بیگم نے بتایا۔۔۔۔

اچھا معراج بھی آیا ھے چلو اس کے پاس چلتے ھیں۔۔۔

سمیرا بیگم اپنا ڈوپٹہ سر پر اوڑھ کر drawingroom کی طرف بڑھی تھی۔۔۔

ان کے پیچھے نمرہ اور عمر بھی بڑھے تھے۔۔۔۔۔

دعا اپنے کمرے میں چلی گئ تھی۔۔۔۔۔

سمیرا بیگم جب drawingroom میں داخل ھوئ تو معراج نے مسکرا کر انکو دیکھا تھا۔۔۔اسکو سمیرا بیگم کے اندر ایک اپنے بہت قریبی کی جھلک دکھای دیتی تھی۔۔۔

کیسے ھو بیٹا؟؟؟؟

سمیرا بیگم نے معراج کے پاس اکر خود اس کے سر پر ہاتھ رکھ کر کہا تھا۔۔۔۔۔۔

معراج کو سمیرا بیگم کا اس طرح سر پر ہاتھ رکھنا بہت اچھا لگا تھا۔۔۔۔۔

جی میں ٹھیک ھوں۔۔۔۔امی !!!!!!

معراج کے منہ سے خود با خود ھی امی نکلا تھا۔۔۔۔۔۔اور معراج بھی حیران تھا کہ اس نے اج تک بریرہ بیگم کو امی نہیں کہا تو سمیرا بیگم کے لیے ایک دم ہی کیوں ؟؟؟؟؟

معراج کے اس طرح امی کہنے پر سمیرا بیگم کو بھی یہ دل کو بھایا تھا۔۔۔۔۔۔

اسلام علیکم جناب !!!!!!

نمرہ نے معراج کے سامنے صوفے پر بیٹھتے ھوئے مسکرا کر کہا۔۔۔۔۔

وعلیکم اسلام سالی صاحبہ۔۔۔۔

معراج نے خوش اخلاقی سے جواب دیا تھا۔۔۔۔

ویسے جیجو اپ ھو بہت اچھے۔۔۔

نمرہ نے معراج کی تعریف کی تو معراج ایک دم ھنس پڑا۔۔۔

اچھا یہ تمھیں کیسے پتا لگا۔۔۔۔۔تمھاری بہن نے تو نہیں کہا؟؟؟؟

بسسس جیجو نا پوچھیں۔۔۔یہ بہت لمبی کہانی ھے۔۔۔۔

نمرہ نے بھی ھنس کر جواب دیا۔۔۔۔

اب عمر اکر معراج سے مل رہا تھا۔۔۔۔۔

معراج کو یہ سب لوگ بہت بھلے لگے تھے۔۔

۔لیکن پھر بھی اس کی نظر بار بار دعا کو ڈھونڈ رہی تھی۔۔۔۔

جاو عمر آپی کو بلا کے لاو۔۔۔۔

سمیرا بیگم نے معراج کی پریشانی محسوس کرلی تھی اس لیے دعا کو بلوایا تھا۔۔۔

تھوڑی ہی دیر بعد دعا بھی عمر کے ساتھ اندر داخل ہوئی تھی۔۔۔

معراج کو دعا کو دیکھ کر ایک سکون سا محسوس ہوا تھا۔۔۔۔۔۔

تھوڑی دیر وہ سب باتیں کرتے رہے۔۔۔۔۔ معراج کو بھی مزہ آرہا تھا۔۔۔۔

دعا بھی بات بات پر مسکرا رہی تھی۔۔۔۔

اور معراج بھی کبھی نمرہ کی بات پر ھنستا تو کبھی سمیرا بیگم سے بات کرتا۔۔

عمیر اور دعا کی نوک جونک ہمیشہ کی طرح جاری تھی۔۔۔۔۔

ابھی کچھ پل ہی سکون کے گزرے تھے۔۔۔

کہ پھوپو اندر داخل ہوئی تھی۔۔۔

اور پھوپو کے ساتھ ساتھ اشعر اور آحمد صاحب بھی اندر داخل ہوئے تھے۔۔۔

ایک دم ہی سب لوگ احمد صاحب کو دیکھ کر خاموش ہوئے تھے۔۔۔۔۔۔

ابو!!!!!

دعا ایک دم اپنی جگہ سے اٹھ کر احمد صاحب کی طرف بڑھی تھی۔۔۔۔۔

خبردار!!!!!!

احمد صاحب نے ہاتھ کے اشارے سے بیٹی کو دور رہنے کو کہا۔۔۔۔۔۔۔

کس کی ہمت ہوئی میری مرضی کے خلاف جانے کی؟؟؟؟؟؟؟

احمد صاحب کی آواز میں اشتعال تھا۔۔۔۔

دعا کو اس سب کی بلکل امید نا تھی۔۔۔۔۔

سمیرا!!!!!

میں پوچھتا ھوں کس نے اس لڑکی کو اندر داخل ھونے دیا۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟؟؟

احمد صاحب اب سمیرا بیگم کو دیکھ کر پوچھ رہے تھے۔۔۔۔۔

معراج کے چہرے کے تیور بھی اب بدل چکے تھے۔۔۔

ابو چلیں اندر چل کر بات کرتے ھیں۔۔۔۔

عمیر نے باپ کو اس طرح معراج کے سامنے تماشہ کرنے سے روکا۔۔۔۔۔

عمیر!!!!!!!

میں نے کہا تھا نا اس لڑکی سے میرا کوئی تعلق نہیں ھے۔۔۔۔

تو تمھاری کیسے ہمت ھوئی اسکو گھر میں داخل کرنے کی۔۔۔۔۔۔۔

احمد صاحب اب دعا پر چلا رہے تھے۔۔۔۔۔

تمھیں کل میں نے کہا تھا نا۔۔۔کہ اس گھر کے دروازے تم پر ہمیشہ ہمیشہ کے لیے بند ھو گئے ھیں۔۔۔۔۔۔

مر گئی ھو تم میرے لیے۔۔۔۔

ابو پلیز ایسے مت بولیں میں مر جاوں گی۔۔۔۔۔۔۔

دعا روتے ہوئے اگے بڑھی تھی۔۔۔۔دعا کی باپ کے لیے تڑپ دیکھنے لائق تھی۔۔۔۔۔

دور رہو بھائی سے تم۔۔۔۔!!!

پھوپو نے دعا کو کندھے سے پکڑ کر روکا تھا۔۔۔۔

دعا کا چہرہ آنسو سے بھرا ھوا تھا۔۔۔۔۔معراج نے بہت مشکل سے خود کو قابو کر رکھا تھا۔۔۔

پھوپو چھوڑیں مجھے۔۔۔۔۔

ابو پلیز اپ مجھ سے اس طرح ناراض نہیں ھوسکتے میں بیٹی ھوں اپکی۔۔۔۔۔۔

ابو پلیز میرے ساتھ یہ مت کریں نا!!!

میں مرجاوں گی ابو۔۔۔۔۔۔۔

مر تو تم اس دن گئی تھی دعا جس دن تم نے اس لڑکے کو چونا تھا۔۔۔۔۔

تم نے اس لڑکے کی خاطر اپنے باپ سے جنگ کی دعا۔۔۔۔۔

تم میرے لیے اس دن ہی مر گئی تھی۔۔۔۔۔۔

احمد صاحب نے انتہائی سخت دلی سے کہا تھا۔۔۔۔

یہ اپ نہیں ھوسکتے ابو۔۔۔۔یہ اپ نہیں ھیں۔۔۔

دیکھیں نا ابو میں اپکی دعا ھوں۔۔۔۔۔۔۔

دعا ایک بار پھر اگے بڑھ کر احمد صاحب کے گلے زبردستی لگ گئی تھی۔۔۔

نمرہ سمیرا بیگم اور عمر دعا کو روتا دیکھ کر رو رہے تھے۔۔۔

اور عمیر کا غصے سے برا حال تھا۔۔۔۔۔

معراج کا تو دماغ ہی آوٹ ہوگیا تھا لیکن وہ چپ رہا۔۔۔۔۔

دعا ہٹو پیچھے۔۔۔۔۔۔۔۔

احمد صاحب نے دعا کو ایک دم جھٹکا تو دعا لڑکھڑاتی اشعر کی طرف گیرنے ہی لگی تھی کہ معراج نے اکر اسکو تھاما تھا۔۔۔۔۔۔

معراج کی بس ہوچکی تھی۔۔۔۔۔۔۔

دعا رو رو کر اب بلکل نڈھال سی کیفیت میں تھی۔۔۔۔۔۔

چلو دعا!!!!!

معراج نے بہت قابو رکھ کر کہا تھا۔۔۔۔۔

ہاں لے کے جاو اسے۔۔۔۔۔۔ بلاوجے اس کو دیکھ کر ماموں جان کی طبعیت خراب ھوتی ھے۔۔

اشعر نے غلط وقت پر اپنا منہ کھولا تھا۔۔۔۔

معراج نے لال ھوتی انکھوں سے اشعر کو دیکھا تھا۔۔۔۔

زارہ تمیز سے بیوی ھے یہ میری۔۔۔۔۔

راجہ معراج کی بیوی۔۔۔۔۔۔۔

ہاں تو اپنی بیوی کو اپنے گھر لے کے جاو۔۔۔۔۔

پھوپو بھی چپ کہاں رہتی۔۔۔۔۔

مجھے حیرت ھو رہی ھے اپ پر۔۔۔۔۔

کس طرح کے باپ ھیں اپ۔۔۔۔؟؟؟

www.urdunovelsmania.com

معراج اج پہلی بار احمد صاحب سے بات کر رہا تھا۔۔۔۔۔

اج تو میں نے یہ سب برداشت کر لیا احمد صاحب۔۔۔۔۔۔

لیکن اب یہ دعا خان نہیں۔۔۔۔۔

دعا معراج ھے۔۔۔۔

اگر اپکی جگہ کسی اور نے دعا کے ساتھ یہ کیا ھوتا تو میں اب تک اس انسان سے بات نا کر رہا ھوتا۔۔

اسکے انجام بہت برا کرتا۔۔۔۔

لیکن یہاں اپ ھیں۔۔۔

دعا کے باپ۔۔۔۔

میں مجبور ھوں۔۔۔۔

لیکن !!!!!!

تم اپنی زبان قابو میں رکھنا تمھارے لیے میں مجبور نہیں۔۔۔ معراج نے اشعر کو دیکھ کر کہا تھا۔۔۔

تم !!!

آشعر کچھ بولنے ہی لگا تھا۔۔۔

کہ معراج کی لال انکھوں کی گھوری دیکھ کر چپ ھو گیا۔۔۔۔

سر میں اپ کی عزت کرتا ھوں۔۔۔۔۔

لیکن اپ کو اتنا بھروسہ اپنی بیٹی پر ھونا چھائے کہ اس نے جو کیا غلط نہیں کیا۔۔

معراج نے سمجھ داری سے بات کی تھی۔۔۔

لیکن اج اخری بار دعا اس گھر میں ائی تھی۔۔۔۔۔

اج کے بعد دعا اور میرا اس گھر سے کوئی تعلق نہیں۔۔۔۔۔

معراج نے اب اپنا فیصلہ سنایا تھا۔۔۔۔ معراج کو اتنی بات کہاں برداشت تھی۔۔۔۔۔

ہاں ہاں لے جاو۔۔۔۔

اب میرے لیے یہ بے غیرت لڑکی مر چکی۔۔۔۔۔ اور جس نے اس سے تعلق رکھا۔۔۔۔ میں اسکو بھی اس گھر سے نا کل دوں گا۔۔۔۔۔۔۔

سر!!!!

زارہ سنبھال کر بولیں جس کو اپ بے غیرت بول رہے ھیں وہ اب میری غیرت ھے۔۔۔۔۔

معراج نے روب دار لہجے میں بول۔۔۔

عمیر کے دل کے اندر تک خوشی کی ایک لہر دوڑی تھی۔۔۔

امید کرتا ھوں سر کے اپکو جلدی سمجھ اجائے۔۔۔۔۔ اپکی بیٹی غلط نہیں ھے۔۔

معراج کے سہارے ٹکی دعا اب ھوش کھو چکی تھی یہ معراج نے محسوس نا کیا تھا۔۔۔۔

دعا بلکل ساخت کھڑی سن رہی تھی۔۔۔۔۔

چلو دعا!!!

معراج نے دعا کا ہاتھ تھاما تھا اور باہر کی طرف لپکا تھا۔۔ دعا ساخت سی چلتی معراج کے پیچھے ارہی تھی۔۔۔۔

معراج بھائی پلیز میری بات سنیں۔۔۔۔۔

عمیر بھاگتا ہوا معراج کے پیچھے آیا تھا۔۔۔۔

اور عمیر کے پیچھے پیچھے نمرہ عمر اور سمیرا بیگم بھی ائے تھے۔۔۔۔

مجھے معاف کر دیں!!!!!!!

بھائی۔۔۔۔

عمیر نے ہاتھ جوڑ کر معراج سے معافی مانگی تھی۔۔۔۔

عمیر کی انکھیں بھی نم تھی۔۔۔۔۔

عمیر تم معافی مت مناگو تمھارا کوئی قصور نہیں معراج نے عمیر کو گلے لگاتے ہوئے کہا۔۔۔۔۔

اچھا امی اجازت دیں۔۔۔۔۔

میرے گھر کے دروازے ہمیشہ اپ چاروں کے لیے کھولے ھیں لیکن سر سے میرا کوئی تعلق نہیں۔۔۔۔۔۔۔

معراج اب سمیرا بیگم کے سامنے کھڑا تھا اور ایک ہاتھ سے دعا کا ہاتھ تھامے ہوا تھا۔۔۔

دعا بلکل ساخت چپ کھڑی تھی۔۔۔۔

معراج میرے بچے۔۔۔۔۔!!!

میری بیٹی کا خیال رکھنا۔۔۔۔

اسکے ساتھ اس کے باپ کی طرح مت کرنا۔۔۔۔۔

اسکا ہر حال میں ساتھ دینا۔۔۔۔۔۔!!!!!!

سمیرا بیگم نے ہاتھ جوڑ کر معراج نے کہا تھا۔۔۔۔

معراج نے ان کے ہاتھ کو تھام کر کہا۔۔۔۔

اپ فکر نا کریں۔۔۔۔

۔میں اسکا ساتھ کبھی نہیں چھوڑوں گا۔۔۔۔۔۔

سمیرا بیگم کچھ مطمئن ہوئی تھی۔۔۔۔

اوراب سمیرا بیگم نے دعا کو گلے لگایا تھا۔۔۔۔دعا ساخت سے وجود کی طرح پہلے سمیرا بیگم سے ملی پھر نمرہ عمر اور عمیر سے۔۔۔۔

پھر اکر خاموشی سے کار میں بیٹھ گئ۔۔۔

وہ شوک میں تھی۔۔۔۔۔۔

شوک بھی کوئی چھوٹا موٹا شوک نا تھا۔۔۔۔۔۔معراج نے اس وقت اس سے کوئی بھی بات کرنا مناسب نا سمجھا تھا۔۔۔۔

دعا نے ایک اخری نظر اپنے گھر پر اوران چاروں پر ڈالی تھی۔۔۔۔اور پھر معراج نے گاڑی وہاں سے نکال لی تھی۔۔۔

شام ہونے کو تھی۔۔۔

ٹھنڈی ہوا دعا کو چھو رہی تھی۔۔۔۔

وہ گاڑی کی سیٹ سے پشت لگا کر انکھیں موند کر لیٹ گئ تھی۔۔۔۔۔۔

معراج نے ایک نظر اس کے وجود پر ڈالی تو اندر کچھ عجیب سی ہلچل محسوس کی۔۔۔۔۔۔لیکن اس وقت کچھ نا بولا۔۔۔۔۔یا شاید کچھ بولنے کی ہمت نا ہوئی تھی۔۔۔

www.urdunovelsmania.com

یہ سب اسکا ہی تو کیا تھا۔۔۔وہ گاڑی چلاتے اپنی ہی سوچوں میں گم تھا۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

دعا معراج کے جانے کے بعد سمیرا بیگم اور نمرہ کا رو رو کر برا حال تھا۔۔۔۔۔

اور عمیر اپنے باپ سے ان کے اس رویے پر خوب لڑا تھا۔۔۔۔

اور اب ناراض ہو کر باہر چلا گیا تھا۔۔۔۔

عمر کبھی ماں کو سہارا دیتا تو کبھی بہن کو۔۔۔۔

کبھی خود روتا کبھی باپ کے پاس جاتا۔۔۔

پھوپو اور اشعر اپنا کام کر کے جا چکے تھے۔۔۔۔۔۔

وہ ہی اصل فساد کی جڑ تھے جو رہے رہے کر احمد صاحب کو انکی عزت خراب ہونے کا احساس دلایا کرتے تھے۔۔۔۔۔

اور احمد صاحب کا غصہ بڑھتا جاتا۔۔۔۔۔۔

دعا کے لیے اس وقت ان کے دل میں کوئی تکلیف نا ہوئی تھی۔۔۔۔

وہ کرسی پر بیٹھ کر اج ہونے والے واقعے کو یاد کرنے لگے۔۔۔۔

www.urdunovelsmania.com

اج جب وہ ہمیشہ کی طرح اپنی دوکان پر گئے تھے۔۔۔ تو اس پاس کے لوگوں نے ان کے بارے میں باتیں کرنا شروع کر دی تھی۔۔۔۔ اور ایک صاحب نے تو حد ہی کر دی تھی احمد صاحب کہ منہ پر اکر بول دیا تھا کہ اپ کو اب کیا فکر اپ تو راجہ جہانگیر کے رشتے دار ھیں۔۔۔۔۔

پیسے کی کیا کمی اپ کو۔۔۔۔ اپنے تو اپنی بیٹی ادھر دی ھے۔۔۔

احمد صاحب جیسے عزت دار آدمی کے لیے اسے الفاظ اور ایسی باتیں واقع قابل ے برداشت نا تھے۔۔۔۔۔۔

افففف میرے اللہ۔۔۔۔۔

وہ اج ھونے والی باتوں اور اب جو ھوا تھا اس سے بے حد اداس تھے۔۔۔۔ اس لیے وہ بھی رو دیے۔۔۔۔۔۔۔۔

دعا تم نے یہ کیوں کیا؟؟؟؟؟

اپنے باپ کی عزت کو کیوں تم نے خراب کر دیا؟؟؟؟؟

تم تو میرا غرور تھی نا۔۔۔۔۔۔!!!

تم میرا فکر تھی دعا۔۔۔۔۔۔

تو پھر یہ سب کیوں۔۔۔۔۔؟؟؟؟؟؟

تم نے جیتے جی اپنے باپ کو مار دیا دعا۔۔۔۔۔

میری عزت کاک کر دی تم نے۔۔۔۔

احمد صاحب روتے روتے دعا سے اپنی سوچ میں سوال کر رہے تھے۔۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

معراج نے گاڑی لاکر جہانگیر مینشن پر روکی اور گاڑی سے اتر کر دعا کے اترنے کا انتیظار کرنے لگا۔۔۔۔۔۔۔

جب!!!!!!!!!!

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

معراج نے گاڑی لاکر جہانگیر مینشن پر روکی اور گاڑی سے اتر کر دعا کے اترنے کا انتیظار کرنے لگا۔۔۔۔ جب دعا گاڑی سے نا اتری تو وہ سمجھا دعا سوگئ ھے۔۔۔۔اس لیے دعا کی طرف کا دروازہ کھول کر جھکا دعا کو جگا رہا تھا۔۔۔۔ دعا!!!!! دعا؟؟؟؟ معراج کی آواز سے دعا کو اثر نا ھوا تھا۔۔۔۔ معراج نے دعا کے گال پر ہاتھ لگایا تو۔۔۔۔ وہ برف سے زیادہ ٹھنڈی پڑی تھی۔۔۔ معراج نے ایک دم دعا کو زور سے ہلایا پر وہ نا اٹھی۔۔۔ وہ سمجھ چکا تھا دعا بے ھوش ھو چکی ھے۔۔۔۔ اس نے دعا کو اپنی گود میں اٹھایا تھا۔۔۔۔۔ اور فورن اندر لے کر بڑھا تھا۔۔۔۔۔۔ دعا کا بے سود ھوتا وجود معراج کو ڈرا رہا تھا۔۔۔۔۔۔ اندر اتے ہی وہ زور سے چلایا تھا۔۔۔۔۔ رملا بھابی رملا بھابی۔۔۔۔ رملا جو اپنے کمرے میں تھی معراج کہ اس طرح چیخنے پر فورن باہر نکل کر ائی تھیں۔۔۔۔ اور دعا کو اس طرح معراج

کے ہاتھوں میں بے ہوش دیکھ کر ڈر گئی تھی۔۔۔ ہائے اللہ کیا ہوا دعا کو؟؟؟؟ بھابی اپ پلیز جلدی سے ڈاکٹر کو فون کریں۔۔۔ معراج کے شور سے سجل بریرہ بیگم بلاج اور دلاور بھی باہر اگئے تھے۔۔۔ اور سب دعا کو اس طرح دیکھ کر پریشان ہوئے تھے۔۔۔ معراج دعا کو اس طرح ہاتھوں میں اٹھائے کمرے تک لا رہا تھا۔۔۔ اور بار بار اسکو آواز دے کر اٹھانا چاہ رہا تھا۔۔۔ پر دعا کا سفید چہرہ مزید سفید ہوا تھا۔۔۔۔ دعا دعا؟؟؟؟ معراج نے دعا کو لا کر بیڈ پر لیٹایا تھا۔۔۔۔ اور چادر اوڑھا کر اب اسکے پاس بیٹھ کر اسکو پکار رہا تھا۔۔۔ دعا؟؟؟؟؟ معراج کے پیچھے پیچھے گھر کے تمام لوگ ائے تھے۔۔۔ معراج کی ایسی کیفیت پہلے کبھی نا ہوئی تھی۔۔۔۔ رملا بھابی اپنے ڈاکٹر کو بلایا؟؟؟ معراج نے پریشان ہوتے ہوئے پوچھا۔۔۔ ہاں بول دیا ھے۔۔۔ جب تک وہ نہیں اتی میں چیک اپ کرتی ھوں اسکا۔۔۔۔ رکوں میں اپنا firstaid box لے آوں۔۔۔ رملا بھابی اپنے کمرے کی طرف گئی تھی۔۔۔ معراج یہ سب کیسے ہوا؟؟؟؟ بریر بیگم نے فکرمند ہو کر پوچھا۔۔۔ اس وقت یہ بتانے کا وقت نہیں ھے۔۔۔۔۔ معراج نے ہمیشہ کی طرح چیڑ کر جواب دیا۔۔۔

تھوڑی ہی دیر بعد رملا اپنا firstaidbox اٹھا لائی تھی۔۔۔۔ اور ساتھ ہی دعا کا بلڈ پریشر چیک کیا تھا۔۔۔۔ معراج دعا کا بلڈ پریشر بہت لو ھے اور ہاٹ بیٹ بھی سلو ھے۔۔۔ کوئی ٹینشن لی ھے اس نے؟؟؟؟؟ رملا اب دعا کے نبض چیک کر رہی تھی۔۔۔ معراج خاموش رہا تو رملا نے مزید کوئی سوال نا کیا۔۔۔ وہ سمجھ چکی تھی کہ معراج کے پاس جواب نہیں تو کوئی بڑی بات ھی ھوگی۔۔۔ میں اسکو ایک انجیکشن لگا رہی ھوں۔۔۔ اسکا مائینڈ ریلیکس کرنے کے لیے۔۔۔۔ رملا نے دعا کے ہاتھ پر انجیکشن لگایا اور اٹھ کر بولی۔۔۔ اب یہ تھوڑی دیر بعد اٹھے گی۔۔۔ اپ سب پلیز باہر

اجائیں۔۔۔۔۔ رملا نے سب کی طرف دیکھ کر کہا۔۔۔۔۔ نہیں میں ادھر ھی ھوں بھابی۔۔۔ معراج نے فورن کہا تھا۔۔۔۔ معراج اب وہ ٹھیک ھے فکر مت کرو۔۔۔۔ رملا نے معراج کے چہرے پر فکر دیکھ کر کہا۔۔۔۔۔۔۔ معراج نے ایک نظر دعا پر ڈالی جو بیٹ پر لیٹی تھی۔۔۔۔ معراج بیٹا زارہ باہر آو۔۔۔۔۔ جہانگیر صاحب نے معراج کو کمرے سے باہر انے کو کہا۔۔۔ اور خود وہ باہر چلے گئے ایک ایک کر کے تمام لوگ باہر چلے گئے۔۔۔۔ معراج نے ایک نظر دعا پر ڈالی ہاتھ بڑھا کر اس کی چادر ٹھیک کی اور کمرے سے باہر آگیا۔۔۔۔ جی؟؟؟؟ جہانگیر صاحب سامنے ہی لاونج میں صوفے پر بیٹھے تھے۔۔۔۔۔ اب ولیمہ کا کیا کریں؟؟؟؟ بہو کی طبعیت اس قابل ھے کہ ولیمہ ھو سکے؟؟؟؟ جہانگیر صاحب نے معراج سے سوال کیا۔۔۔۔۔۔ معراج کچھ دیر خاموش رہا۔۔۔۔ پھر بولا اپ سب کو نظر نہیں آرہا؟؟؟ معراج نے الٹا جہانگیر صاحب سے سوال کیا تھا۔۔ اخر ایسا بھی کیا ھوا ھے کہ اپنے گھر سے آتے ھی اسکی یہ حالت ھوگئ ھے۔۔۔۔ اب ولیمہ کس طرح ھوگا۔۔۔ سب مہمان اتے ھونگے۔۔۔۔۔۔۔ بابا اپ کی عزت ھے اخر؟؟؟ سجل نے جہانگیر صاحب کو اشتعال دیلانے کو کہا تھا۔۔ بھاڑ میں گئ ہر چیز۔۔۔۔۔۔۔!!!!!!!!! معراج نے سجل کو دیکھ کر غصے سے کہا تھا۔۔۔۔ جب تک دعا ٹھیک نہیں ھوگی کوئ ولیمہ نہیں ھوگا۔۔۔۔۔۔ معراج نے اپنا حتمی فیصلہ سنایا تھا۔۔۔۔۔ لیکن معراج !!!!!! پاپا پلیز جب تک دعا ٹھیک نہیں ھوگی میں ولیمے میں شریک نہیں ھونگا۔۔ اپ لوگ دلہا دلہن کے بغیر ولیمہ کرلیں۔۔۔ پر مہمانوں کو بولیں گے کہا ہم؟؟؟ جہانگیر صاحب پریشان ھوئے تھے۔۔۔۔ جو بھی بولنا ھے۔۔۔۔۔ بولیں۔۔۔ اس وقت صرد اور صرف دعا کی صحت ضروری ھے بسس۔۔۔۔ اور یہ میرا آخری فیصلہ ھے۔۔۔۔ معراج کے فیصلے کے اگے

اس گھر میں جہانگیر صاحب بھی کچھ نا بولتے تھے۔۔۔ پھر اپ ایک کام کریں بریرہ بیگم مہمانوں کو کال کر کے معضرت کر لیں۔۔۔۔۔ آخر کو معراج کی ضد کے اگے جہانگیر صاحب کو اپنے ھتیار پھنکنے ھی پڑے معراج صاحب بریرہ بیگم کو بول کر اپنے کمرے کی طرف بڑھ گئے تھے۔۔۔۔ سجل کو یہ سب ایک آنکھ نا بھایا تھا۔۔۔۔ اخر ایک دن میں اس گھر میں دعا کی اہمیعت اس قدر بڑھ گئ تھی۔۔۔۔۔ سجل بھی منہ بنا کر اپنے کمرے میں اگئ تھی۔۔۔۔۔۔ سجل کے پیچھے دلاور بھی ایا۔ تھا۔۔۔۔ یہ کوئ طریقہ تو نہیں ھے۔۔۔۔۔ دلاور۔۔۔۔۔ میں بھی تو اپنے ولیمے پر بیمار تھی پر اس وقت کسی کو خیال نا ایا تھا۔۔۔ اور اب اس لڑکی کے لیے پورا کا پورا فنکشن cancle ھو جائے گا۔۔۔۔۔ سجل کی جلن دن با دن بڑھ رہی تھی۔۔۔۔ سجل تم جانتی ھو معراج کا معملہ الگ ھے سب سے۔۔۔۔ دلاور نے سجل کو سمجھانا چھا۔۔۔ ہاں اس گھر کا وارث تو وہی لگتا ھے۔۔۔۔ تم تو اس گھر کے نوکر لگتے ھو۔۔۔۔۔ سجل نے جل کر دلاور کو کہا تھا۔۔۔۔۔ اور دونوں بھائیوں کے بیچ برائ پیدا کرنا چھائ۔۔۔۔۔ ھوش میں رہو سجل۔۔۔!!! دلاور تقیر بن چلایا تھا۔۔۔۔ کیوں؟؟؟ تمھارے بھائ معراج کے اگے اوقات ھی کیا ھے تمھاری؟؟؟؟؟ بلاج بھائ تو اپنا سیٹ ھیں۔۔۔ معراج کی کوئ بات ٹالی نہیں جاتی۔۔۔ ساری دولت بھی اس کے نام ھے اور ایک تم ھو جسکا اس گھر میں بے کار وجود ھو۔۔۔۔ سجل نے دلاور سے انتھائ بد تمیزی سے بات کی تھی۔۔۔۔۔ سجل!!!!!! دلاور چلایا تھا۔۔۔۔ بھاڑ میں جاو تم سجل۔۔۔ دلاور بولتا ھوا کمرے سے باہر نکل گیا تھا۔۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆ معراج تم پریشان نا ھو۔۔۔۔ ابھئ اس کے لیے یہ سب نیا ھے۔۔۔۔ اس نے اپنے زہن پر کسی چیز کا بہت گھیرا اثر لیا ھے۔۔۔۔ تم اسکو اب مزید

کوئی ٹینشن نا دینا۔۔۔ رملا اور بالاج معراج کو سمجھا رہے تھے۔۔۔۔ معراج میں اور رملا دو دن بعد اسلاما آباد جا رہے ھیں۔ روحان اور علیان نے پاکستان نہیں گھوما۔۔۔ میرے خیال سے تم اور دعا بھی ہمارے ساتھ چلو دعا کا محول تھوڑا چینج ھوگا۔۔ اور تم دونوں کا ہنی مون بھی ھوجائے گا۔۔۔ بلاج نے ایک تجویز پیش کی تھی۔۔ ہاں معراج بلاج ٹھیک بول رہے ھیں۔۔۔ کل روحان اور علیان بھی اپنی نانی کے گھر سے اجائے گے تو دعا ان کے ساتھ اچھا feel کرے گی۔۔ اور فل حال کچھ وقت اسکو اس سب سے دور لے چلو تو اچھا ھے۔۔۔۔ ہمم میں دیکھتا ھوں۔۔۔ اپ کو سوچ کر بتاوں گا۔۔۔ معراج بول کر اب اٹھ گیا تھا۔۔۔۔ وہ اس وقت دعا کے پاس جانا چھاتا تھا۔۔۔ ہمم !!! چلو اب تم دعا کے پاس جاو۔۔۔ میں نے کھانا گرم کروا کر تم دونوں کا وہی رکھ دیا ھے۔۔۔ ۔ تم دعا کو سوپ ضرور پیلا دینا۔۔۔ رملا نے معراج کو ہدایت دی تھی۔۔۔۔ اچھا۔۔۔ !!!!! معراج رملا اور بلاج کے پاس سے اٹھ کر اپنے کمرے میں گیا تو رملا نے بالاج کو دیکھ کر کہا۔۔۔ اپ بھی وہی سوچ رہے ھیں نا جو میں سوچ رہی ھوں بلاج ؟؟۔۔ ہاں رملا۔۔۔ !!! میرے خیال سے دعا اس شادی سے خوش نہیں ھے۔۔۔ اور جتنا میں معراج کو جانتا ھوں وہ اپنی ضد کے اگے کچھ بھی کر سکتا ھے۔۔۔ لیکن ضد پوری ھوجانے کے بعد اسکو احساس ھوتا ھے۔۔۔۔ میرے خیال سے یہ ہی بات ھے بلاج۔۔۔ میں نے اب تک دعا کو خود سے معراج سے کوئی بات کرتے نہیں دیکھا ھے۔۔۔ ہمم !!! صیح بول رہی ھو تم۔۔۔۔ میں نے تبھی اسلاما آباد کا اچانک پورگرام بنایا ھے۔۔۔ بلاج نے کچھ سوچتے ھوئے کہا۔۔۔ ہمم دیکھتے ھیں کیا ھوتا ھے بلاج۔۔۔ رملا بھی دعا اور معراج کے لیے فکر مند ھوئی تھی۔۔۔۔ ☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆ ہما

ھوٹل کے اندر داخل ھوئ تو وہ ادھر ہی بیٹھا۔۔۔ اسکا انتیظار کر رہا تھا۔۔ مجھے کیوں بلایا ھے تم نے یہاں ؟؟؟ ہما نے اتے ہی ٹیبل کر بیٹھتے ھوئے پوچھا تھا۔۔۔۔ مجھے تم سے کچھ بات کرنی تھی اس لیے ۔۔۔ مقابل نے فورن کہا تھا۔۔۔۔۔ بیٹھو تم۔۔۔۔ کیا بات کرنی ھے تمھیں مجھ سے ؟؟؟ ہما نے اشتیاق سے پوچھا تھا۔۔۔۔۔ اتنی جلدی کیا ھے ؟؟؟۔ بتا دوں گا تم بیٹھ جاو۔۔۔۔ جس اگ میں تم جل رہی ھو اسی اگ میں بھی جل رہا ھوں۔۔۔ ہار جانے کا احساس مجھ سے بہتر نہیں جان سکتی تم۔۔۔۔ مقابل نے ہما کی کمزوری پکڑی تھی۔۔۔۔ مجھے نہیں پتا تم کیا بول رہے ھو۔۔۔۔۔ ہما تم سب جانتی ھو۔۔۔۔۔ بنو مت۔۔۔۔۔۔ میری بات سن لو تمھارے لیے بھی اچھا ھے۔۔۔۔۔۔ ہما کو مجبورن وہاں بیٹھ کر بات سنی پڑی۔۔۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆ معراج جب دوبارہ کمرے میں داخل ھوا تھا تو دعا اسی طرح سوئ ھوئ تھی۔۔۔۔ معراج کچھ دیر کھڑا اسکو دیکھتا رہا پھر باتھ روم میں چینج کرنے چلا گیا۔۔۔۔ جب وہ باتھ روم سے نھا دھو کر نائٹ دریس پھن کر باہر نکلا تو دعا اپنی جگہ پر موجود نہیں تھی ۔۔۔۔ دعا کو جگہ پر نا پا کر معراج کو تشویش ھوئ اس نے باہر کے دروازے پر نظر ڈالی تو وہ اندر سے لاک تھا۔۔۔۔ معراج فورن ہی اپنی balcony کی طرف بڑھا تھا۔۔۔۔۔ دعا balcony کے بلکل کونے پر کھڑی نیچے جھانک کر کچھ دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔ معراج نے دعا کو اس طرح جھوکا دیکھا تو فورن اگے بڑھ کر اسکو بازو سے پکڑ کر پیچھے کھینچا تھا۔۔۔۔ تم پاگل ھو دعا ؟؟؟؟ اتنے کونے پر کیوں کھڑی ھو ؟؟؟؟؟ معراج نے دعا پر نظر ڈالی تھی۔۔۔۔۔ دعا کا معصوم اداس چہرہ اور کھلے بال جو ھوا سے اڑ اڑ کر اسے منہ پر آرہے تھے۔۔۔۔ اس کو اور بھی حسین بنا رہے تھے۔۔۔ نیند سے جاگی ھوئ

بڑی بڑی انکھ اور اداس چہرہ۔۔۔۔ خاموش ھونٹ!!!! معراج کے دل میں کچھ ھوا تھا۔۔۔۔۔۔ دعا غائب دماغی سے معراج کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔ معراج کو دعا کی حالت کچھ غیر لگی اس لیے اس نے دعا کو زور سے ہلایا۔۔۔۔ دعا؟؟؟؟؟؟؟؟ کیا ھوا بولو کچھ؟؟؟؟؟ وہ ابو نے کہا!!! وہ ابو؟؟؟ دعا کچھ بولتی پھر چپ ھوجاتی معراج کو سمجھ نا آرہا تھا کہ وہ کیا بول رہی ھے۔۔۔ کیا؟؟؟؟ کیا کہا تھا ابو نے؟؟؟ معراج نے حیرت سے پوچھا تھا۔۔۔۔ وہ ابو نے کہا تھا کہ میں ان کے لیے مرگئ ھوں نا!!!! تو میں بس مر ہی جاوں تو اچھا ھے نا؟؟؟؟؟ دعا بلکل معاصوم بچے کی طرح لگ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔ جو حد سے زیادہ سہما ھوا ھوتا ھے۔۔۔۔ اس کے منہ سے ایک ایک لفظ ٹوٹ ٹوٹ کر اٹک ٹک کر نکل رہا تھا۔۔۔ دعا تمھارا دماغ خراب ھے؟؟؟ معراج کو اب غصہ آرہا تھا۔۔۔۔۔ اور ساتھ ساتھ اس کی حالت پر رحم بھی۔۔۔۔ نہیں!!!!! ابو نے!!! مجھے!!!! وہ وہ!! معاف نہیں کیا۔۔۔۔۔ میرے ابو نے مجھے!!!!! دعا کا مسلسل رونے کی وجہ سے ہمیشہ سانس رکتا تھا۔۔۔۔ اور سانس روکنے کی وجہ سے وہ بولتے بولتے خوب اٹکتی تھی۔۔۔ میں!!!! معراج میں!!!!! بولو دعا؟؟؟؟؟؟؟ معراج سے اسکی یہ حالت دیکھی نہیں جارہی تھی۔۔۔۔ انسو سے بری طرح بھیگی انکھ اور ٹوٹے الفاظ۔۔۔۔۔۔ معراج کا دل چیرنے کو تھا۔۔۔۔۔ معراج میں!!!!! ابو!!!! ابو!!! کے بغیر نہیں!!!!! یہ سب!!!! دعا کبھی کچھ بولتی تو کبھی کچھ۔ وہ اپنی بات سمجھا نہیں پا رہی تھی۔۔۔۔ دعا چھوڑو یہ سب چلو اندر چل کے سو!!! معراج نے دعا کو بازو سے پکڑا تھا اور کمرے میں لے آیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔ چھوڑو مجھے!!!!!!!!!!!! دعا نے پوری طاقت سے معراج کو پیچھے ڈھکلا تھا۔۔۔۔ یہ سب تمھاری وجہ سے ھوا ھے۔۔۔۔۔ میرے میرے اب ب بو تمھاری وجہ سے سے مجھ سے نفرت کرتے تے ھیں۔۔۔۔ کیوں کیا بو بولو کیوں

؟؟؟؟ کیا تم نے میرے ساتھ ایسا بولو کیوں ؟؟؟؟؟؟؟؟؟؟ دعا روتے روتے اور اٹکتے اٹکتے اب چیخ رہی تھی۔۔۔۔۔ میں انکا انلکک غرور تھی نا۔۔۔۔۔۔۔ دعا پانی پیو لو۔۔۔۔۔۔ معراج نے اسکا پھر ہاتھ تھاما تھا۔۔۔۔۔ دعا کی سانس بہت زیادہ رک رہی تھی۔۔۔ سنا سنا!!! تم نے میں میں غرور تھی اپنے باپ کا ؟؟؟؟؟؟؟؟؟؟ دعا اپنی پوری قوت سے چیخ رہی تھی۔۔۔۔۔۔ اور انسوں کا پھندا بار بار اس کے گلے میں لگتا۔۔۔۔۔ تم نے میرے باپ کا غرور تار تار کر دیا۔۔۔۔۔ وہ باپ جو مجھ پر فکر کرتے تھے اج وہ مجھ سے نفرت کرتے ھیں صرف اور صرف تمھاری وجہ سے۔۔۔۔۔۔۔ بولو کیا ککیا بگڑا تھا میں نے تمھارا؟؟؟؟؟؟ بولو نا کیوں کیا میرے ساتھ ایسا آکیوں ؟؟؟؟؟؟؟ دعا بری طرح روتے روتے اب زمین پر بیٹھ گئ تھی۔۔۔۔ میرے باپ نے ساری زندگی میری کوئ بات ناٹالی اور اج ؟؟؟؟ اج انھوں نے مجھ سے ہر تعلق ختم کر دیا!!! مجھے چھوڑ دیا۔۔۔۔ صرف اور صرف تمھاری وجہ سے۔۔۔۔۔ دعا کو زمین پر بیٹھے ایسے روتا دیکھ کر معراج کو اپنے اندر گھوٹن محسوس ھوئ۔۔۔ اس کو اپنے وہ الفاظ یاد ائے تھے کہ دعا ان کانچ کے ٹکڑوں کی طرح ایک دن تم اس زمیں پر بیٹھ کر ٹکڑے ٹکڑے ھوگئ۔۔۔۔۔ وہ اگے بڑھ کر دعا کو اٹھنے لگا۔۔۔۔ دعا پلیز ایسے مت رو !!!!!! میرے دل کو کچھ ھو رہا ھے۔۔۔۔ معراج نے دعا کو کھڑے کرتے ھوئے کہا۔۔۔۔ دعا پھر بولنا شروع ھوگئ تھی۔۔۔ کیا بگڑا تھا میں نے ؟؟؟؟؟؟؟ میں کیا کروں اللہ جی !!!!!! میرے ابو مجھ سے نفرت کرتے ھیں۔۔۔ مر جانے دو مجھے۔۔۔۔۔ چھوڑو!!! چھوڑو!!!! دعا نے اپنا اپ معراج کی گرفت سے چھوڑوایا تھا اور جا کر پھالوں کے پاس رکھی چھری اٹھا کر مارنے ہی والی تھی۔۔۔۔۔۔ کہ معراج نے چھری اس کے ہاتھ سے لے لی تھی۔۔۔۔ چھری کا اوپر والا حصہ دعا کے ہاتھ پر لگا

تھا۔۔۔۔ اور دعا کا بری طرح خون بہہ رہا تھا۔۔۔۔ دعاااااا!!!!!! دعا کا خون دیکھ کر معراج بلکل ھی برداشت نا کر پایا تھا۔۔۔۔ دعا کیا کر دیا تم نے !!! دعا ھوش میں آو تمھیں کچھ ھوگیا تو۔۔۔۔۔ دیکھا وہ مجھے آاا معراج نے دعا کا ہاتھ تھامنا چھا۔۔۔ تو دعا نے ایک بار پھر اسکو دھکا دیا۔۔۔ معراج تھوڑا سا پیچھے ھوا تھا۔۔۔۔ دور دور!!!!!! خبر دار!!! تم نے جو کرنا تھا وہ تم کر چکے معراج جہانگیر۔۔۔۔ دعا تکلیف کی شدت سے ایک بار پھر زمیں پر بیٹھی تھی۔۔۔۔ اور خون کے قطرے زمیں پر ٹپک رہے تھے تم یہ ہی چھاتے تھے نا۔۔۔ کہ میں بری طرح ٹوٹ جاوں۔۔۔۔۔ دعا نے وہی بات کی تھی جو معراج سوچ رہا تھا۔۔۔ تم نے میرا غرور ختم کرنے کے چکر میں میری زندگی مجھ سے چھین لی معراج۔۔۔ میں تمھیں کبھی معاف نہیں کروں گی۔۔۔ تم نے میرے باپ کو جیتے جی مار دیا ھے۔۔۔۔۔ انکی عزت انکے لیے سب کچھ تھی۔۔۔ اور میری وجہ سے انکی عزت تار تار ھوگئی۔۔۔۔ کسی جانور کا دل بھی اتنا سخت نہیں ھوتا۔۔۔ کتنا روی تھی میں تمھارے سامنے کتنا گیڑگڑائی تھی۔۔۔ پھر بھی تم نے کیا کیا۔۔۔۔ ؟؟ معراج کی نظر اس وقت صرف دعا کے بھتے خون پر تھی۔۔۔ دعا تمھارا بہت خون بھ گیا ھے۔۔۔ پلیز چلو۔۔۔۔ معراج ایک بار پھر اگے بڑھ تھا۔۔۔۔ تم میرے پاس ائے تو میں یہ گلاس اپنی ہاتھ پر مار کر خود کو اور زخمی کروں گی۔۔۔ دعا نے پاس رکھا گلاس اٹھا کر کہا۔۔۔ معراج نے اج پہلی بار دعا کی انکھوں میں جنون کی انتہاء دیکھی تھی۔۔۔ وہ اس وقت ہر حد پار کر جاتی۔۔۔۔۔ دعا اب نیم بے ھوش ھو رہی تھی۔۔۔۔ تم جانتے ھو معراج۔۔۔ اللہ کی لاٹھی بے آواز ھے۔۔۔ تم نے مجھے توڑا ھے نا میں اپنے باپ سے بہت محبت کرتی تھی۔۔ تم نے مجھے ان سے دور کر دیا نا۔۔۔ دیکھنا اللہ تم نے تمھاری سب سے زیادہ

پیاری چیز چھین لے گا۔۔۔۔ تم بھی یہ تکلیف برداشت کرو گے جب تمھیں پتا لگے گا۔۔۔۔۔ تم بھی اسی آگ میں جلو گے اج جو تکلیف میرے باپ نے اٹھائی ھے کل کو تمھاری بیٹی کے ساتھ جب یہ ھوگا تب تمھیں پتا لگے گا۔۔۔۔ باپ کی عزت جب تار تار ھوتی ھے تو کیسا لگتا ھے۔۔۔۔۔ دعا اب چیخ نہیں رہی تھی۔۔۔۔ وہ بس تھکے ھوئے انداز میں بول رہی تھی۔۔۔۔ تم نے میرے ساتھ جو کرنا تھا کر دیا معراج۔۔۔۔۔ پر تم نے کبھی سوچا کہ جب اللہ کرنے پر آتا ھے تو کیا ھوتا ھے؟۔۔ تو عقل دنگ رہے جاتی ھے۔۔۔۔۔۔۔ میں تم سے نفرت کرتی ھوں شدید نفرت کرتی ھوں۔۔۔۔ تمھیں کبھی معاف نہیں کروں گی۔۔۔۔ دعا بولتے بولتے ایک دم زمین پر بے ھوش ھو کر لیٹ گئی تھی۔۔۔۔ معراج اس وقت شوک سی کیفیت میں تھا۔۔۔۔۔۔ وہ فورن اگے بڑھا تھا۔۔۔۔ اور اپنا رومال اٹھا کر دعا کے ہاتھ پر باندھا تھا۔۔۔۔ دعا کو گود میں اٹھا کر بھاگتا ھوا اپنی گاڑی تک ایا تھا۔۔۔۔۔ دعا کو فرونٹ سیٹ پر بیٹھا کر اس نے دعا کے سر اور شانوں پر ڈوپٹہ ڈالا تھا۔۔۔۔۔۔ اور خود اکر drivingseat پر بیٹھا تھا۔۔۔۔۔۔ دعا؟؟؟؟ دعا؟؟؟؟ معراج بار بار دعا کو جگانے کی کوشش کر رہا تھا۔۔۔ معراج کا دماغ بلکل سن ھو چکا تھا۔۔۔۔۔ وہ تیز رفتاری سے گاڑی لے کر hospital پھنچا تھا۔۔۔۔ اور پھر دعا کو گود میں اٹھا کر emergency میں لایا تھا۔۔۔۔ معراج کا سفید رومال بھی اب دعا کے خون سے بھر چکا تھا۔۔۔۔۔ ڈاکٹر کہاں ھیں؟؟؟ معراج نے دعا کو اٹھائے اٹھائے نرس سے پوچھا۔۔۔۔ جی وہاں ھیں۔۔۔۔۔ نرس نے بتایا!!! اپ انکو یہاں لیٹا دیں۔۔۔ نرس نے اسٹیچر کی طرف اشارہ کیا تو معراج نے دعا کو اسٹیچر پر لیٹا دیا تھا۔۔۔ نرس فورن لیڈی ڈاکٹر کو بلا لائی تھی۔۔۔۔ ڈاکٹر اسکو دیکھیں اسکا بہت خون ضائع ھو چکا۔۔۔۔ معراج کا چہرہ بلکل سفید پڑا تھا۔۔۔۔

اج سے پہلے اس نے خود کو کبھی اتنا بے بس محسوس نا کیا تھا۔۔۔ میری دعا کو کچھ نہیں ہونا چھاہئے پلیز۔۔۔۔۔۔۔!!! ڈاکٹر۔۔۔ میں انکو دیکھتی ہوں۔۔۔ اپ پلیز پریشان نا ہوں۔۔۔۔ اپ باہر ویٹ کریں!!!! ڈاکٹر نے معراج کو باہر جانے کو کہا اور خود دعا کو لے کر i.c.u کی طرف بڑھ گئ۔۔۔۔ معراج وہی بینچ پر بیٹھ گیا۔۔۔۔۔۔ دعا یہ تم نے کیا کر لیا!!!!!! معراج نے اپنی سفید شرٹ پر دعا کا خون لگا دیکھا تو اسکو اپنی جان جاتی محسوس ہوئ۔۔۔۔۔ وہ دونوں ہاتھوں میں سر تھام کر بیٹھ گیا۔۔۔۔۔۔ تب اسکو کسی کی آواز ائ تھی۔۔۔۔ کوئ اس پر ھنس رہا تھا۔۔۔۔۔۔ کیا ھوا معراج ؟؟؟؟ جیت گیا تو ؟؟؟؟ بس یہ تھی تیری جیت ؟؟؟ تو دعا کو شیشے کی طرح ٹوٹا ھوا دیکھنا چھاتا تھا نا ؟؟؟؟ ٹوٹ گئ وہ ؟؟؟؟ کیا مل گیا اس سے اسکا سب کچھ چھین کر ؟؟؟؟؟؟؟ کیوں اس معصوم کی زندگی کو اجاڑ دیا تو نے ؟؟؟؟ معراج کو اپنے دل کے اندر سے آواز آتی محسوس ہوئ تھی۔۔۔۔۔۔ کیا غلط کہاں دعا نے ؟؟؟؟؟ کیا فرق ھے مجھے میں اور ایک پتھر میں۔۔۔۔ اج اگر دعا کو کچھ ھو گیا تو کیا میں زندہ رہے پاوں گا۔۔۔ ؟؟؟ اس لڑکی کی زندگی تو نے بس ضد میں خراب کی۔۔۔۔ تجھے تو عورت زات سے نفرت تھی تو پھر اس کے ساتھ یہ ظلم کیوں کیا معراج ؟؟؟؟؟؟ معراج کا زمیر اسکو جھنجوڑ جھنجوڑ کر سوال کر رہا تھا۔۔۔ لیکن معراج کے پاس کوئ جواب نا تھا۔۔۔۔ کیا دعا سے تو پیار کرتا ھے ؟؟؟؟؟ معراج کے پاس اسکا بھی کوئ جواب نا تھا۔۔۔۔۔ جن سے پیار کیا جاتا ھے انکو توڑا نہیں جاتا۔۔۔ جب پیار نہیں تو یہ ضد یہ جنون کی انتہاء کیوں ؟؟؟؟؟؟؟؟ اج تو جیت کر بھی ہار گیا ھے معراج۔۔۔۔۔۔ اج تو جیت کر بھی ہار گیا ھے۔۔ اور وہ لڑکی سب ہار کر بھی تجھ سے جیت گئ ھے۔۔۔۔۔ وہ تجھ سے زیادہ ہمت والی ھے۔۔۔۔ معراج کو اپنے اپ سے پہلی بار گھین محسوس ہوئ تھی۔۔۔۔ دعا کے لیے وہ

کیا محسوس کرتا تھا وہ یہ خود نہیں جانتا تھا۔۔۔ اس نے دعا کہ ساتھ یہ سب کیوں کیا وہ یہ بھی نہیں جانتا تھا۔۔۔۔۔۔ اس کے پاس اپنے کسی سوال کا جواب نا تھا۔۔۔۔ اس کے پاس صرف اور صرف ایک ہلکا سا احساس تھا اپنی غلطی کا۔۔۔۔۔ شرمندگی تھی۔۔۔۔۔۔ معراج !!!!!!!!! معراج اپنی سوچوں میں اپنے جواب ڈھونڈ رہا تھا جب ڈاکٹر نے کمرے سے باہر اکر معراج کو پکارا تھا۔۔ جی ؟؟؟؟ معراج تڑپ کر اٹھا تھا اور فورن پوچھا تھا کیسی ھے اب دعا ؟؟؟؟ ڈاکٹر نے !!!!!!!!!!

☆☆☆☆☆☆☆☆○☆☆☆☆☆☆

معراج اپنی سوچوں میں اپنے جواب ڈھونڈ رہا تھا جب ڈاکٹر نے کمرے سے باہر اکر معراج کو پکارا تھا

۔۔

جی ؟؟؟؟

معراج تڑپ کر اٹھا تھا اور فورن پوچھا تھا

کیسی ھے اب دعا ؟؟؟؟

ڈاکٹر نے معراج کو دیکھتے ہی پہچان لیا تھا۔۔۔۔

اپ راجہ معراج ھیں ؟؟؟

ڈاکٹر نے پوچھا۔۔۔

جی۔۔۔۔

معراج نے جواب دیا۔۔۔۔

یہ اپ کی girlfriend ھیں؟؟؟؟

ڈاکٹر نے ھچکچاتے ھوئے پوچھا۔۔۔

ھوش میں تو ھیں اپ۔۔۔۔

یہ میری بیوی ھیں۔۔۔۔

معراج نے فورن تیور بدل کر بولا۔۔۔ وہ دعا کے نام کے ساتھ ایسا کوئ بھی گھٹیا ٹائٹل برداشت نہیں کر سکتا تھا۔۔۔۔۔

اہ IAMSORRY

ڈاکٹر کو اپنی بات پر شرمندگی محسوس ھوئ تھی۔۔۔ وہ دراصل ان کی حالت کچھ اس طرح کی تھی۔۔۔۔ ابھی داکٹر نے اپنی پوری بات نا کی تھی کہ معراج بول پڑا

اپ میری نجی زندگی میں دھیان نا دیں۔۔۔

اپ یہ باتیں دعا کیسی ھے اب؟؟؟

انکا خون کافی بھہ گیا ھے۔۔۔۔

اسلیے کمزوری ھوگئ ھے۔۔۔۔

لیکن خطرے کی کوئ بات نہیں۔۔

کٹ نبض کے اوپر نہیں لگا تھا۔۔۔۔

۔لیکن انکا bloodpresure بہت لو ھے۔۔۔اب وہ MENTALLY طور پر کوئ بھی بڑی TENSION برداشت نہیں کر سکتی۔۔۔

اپ کو انکا زیادہ سے زیادہ خیال رکھنا ھوگا۔۔۔۔۔

اور کوئ بھی ایسی بات ان کے سامنے نا ائے جس سے انکو تکلیف محسوس ھو۔۔۔۔۔

ھوسکے تو ان کو کچھ دنوں کے لیے اپ آوٹ اوف سیٹی لے جائیں۔۔۔۔

داکٹر نے اپنی صلہ دی تھی۔۔۔

معراج خاموشی سے کھڑا تھا۔۔۔۔

دیکھیں۔۔۔جناب

مجھے اپکی نجی زندگی میں بولنے کا کوئ شوق نہیں لیکن اللہ نے ڈاکٹروں کو ایک خاص علم دیا ھوتا ھے جس سے وہ دوسروں کی پریشانی سمجھ جاتے ھیں۔۔۔

اور جہاں تک اپکی وائف کی حالت میں نے OBSERV کی ھے مجھے یہ ہی اندازہ ھوا ھے کہ ان کے ساتھ جو کچھ بھی ھوا ھے وہ اس کو قبول نہیں کر پا رہی۔۔۔۔۔میں یہ نہیں جانتی کے ان کے ساتھ کیا ھوا ھے۔۔۔

لیکن پھر بھی اپ سے کہوگی۔۔۔۔

اس وقت انکو اپ کے سہارے کی ضرورت ھے۔۔۔

اگے اپکی مرضی۔۔۔۔۔

میں نے انکی MEDINCINE لکھ دی ھیں۔۔۔

اپ انکو گھر لے جا سکتے ھیں۔۔۔۔۔

THANKYOU

ڈاکٹر اپنی بات ختم کر کے جا چکی تھی۔۔۔۔۔

دعا کو بھی اسٹیچیس لگا کر ڈاکٹر کے کمرے میں منتقیل کر دیا گیا تھا۔۔۔

معراج ڈاکٹر کے کمرے میں داخل ھوا تو دعا سامنے STRECHAR پر بیٹھی تھی ہاتھ میں پٹی بندھی تھی۔۔۔۔

اور وہ منہ موڑ کر کچھ سوچ رہی تھی۔۔۔

معراج نے اس کے وجود پر نظر ڈالی تو اسکو ایک عجیب سے احساس نے گھیر لیا تھا۔۔۔۔۔

دعا؟؟؟

معراج نے بہت ہمت کر کہ دعا کو آواز دی تھی۔۔۔۔۔

دعا نے گردن موڑ کر معراج کو دیکھا تھا۔۔۔۔۔

دعا کی انکھیں سوجی ھوئی تھی۔۔۔۔اور گلابی ھونٹ بلکل سفید ھو رہے تھے۔۔۔۔

گھر چلیں۔۔۔۔۔!!!

معراج کہ منہ سے الفاظ ٹوٹ ٹوٹ کر ادا ھوئے تھے۔۔۔۔

دعا بنا کچھ بولے strechar سے اٹھ گئی تھی۔۔۔۔

تو ایک دم اسکو چکر سا محسوس ھوا تھا۔۔۔

اللہ!!!!

دعا کے منہ سے ایک دم سے نکلا تھا۔۔۔۔

وہ چکراتے سر کو تھام کر واپس بیڈ پر بیٹھ گئی تھی۔۔۔

معراج اگے بڑھا تھا لیکن دعا کو چھونے کی اس کے اندر ہمت نا ھوئی۔۔۔۔۔

تم ابھی پوری طرح ٹھیک نہیں ھو ہم کچھ دیر یہاں روک جاتے ھیں۔۔۔ دعا!!!

معراج نے کہا تو دعا نے کوئی جواب نا دیا۔۔۔

تم ابھی پوری طرح ٹھیک نہیں ھوئی ھو دعا۔۔۔

نہیں ٹھیک ھوں میں۔۔۔!!! دعا نے مختصر سا جواب دیا تھا۔۔۔۔ سنتی کیوں نہیں ھو تم

اچھا

چلو

مجھے ہاتھ دو اپنا معراج نے دعا کے اگے ہاتھ کر کے دور سے کھڑے کھڑے کہا تھا۔۔۔۔۔۔

میں ٹھیک ھوں !!!!

مجھے تمھارے سہارے کی کوئی ضرورت نہیں معراج جہانگیر۔۔۔

عورت کمزور ھوتی ھے یہ تمھاری سب سے بڑی بھول ھے۔۔۔۔۔

دعا کے لہجے میں ایک عزم تھا۔۔۔۔

وہ دوبارہ سے بیڈ سے اٹھی تھی۔۔۔ اور اب خود چل کر کمرے سے باہر نکل گئی تھی۔۔۔۔

معراج بھی اس کے پیچھے پیچھے گیا تھا۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

پورے راستے دونوں میں کوئی بات نا ھوئی تھی۔۔۔۔

گھر اتے ھی دعا خاموشی سے اتر کر اوپر اپنے کمرے تک اگئی تھی۔۔ دعا کو حد سے زیادہ کمزوری اور تکلیف محسوس ھورہی تھی لیکن وہ اب مزید معراج کے سامنے کمزور نہیں پڑنا چھاتی تھی۔۔۔۔۔۔

معراج کو واقعی اس کی ہمت پر حیرت ھورہی تھی۔۔۔۔۔

دعا نے اکر اپنے کپڑے بدلے تھے اور اب جانماز بچھا کر نماز ادا کر رہی تھی۔۔۔۔

معراج جب منہ ہاتھ دھو کر واپس نکلا تو اس وقت دعا جانماز پر بیٹھی دعا مانگ رہی تھی۔۔۔

وہ جانتا تھا اگر وہ بیڈ پر سویا تو یہ ضدی لڑکی اج پھر زمین پر سوئے گی اس لیے وہ اپنا تکیہ اٹھا کر صوفے پر اکر لیٹ گیا تھا۔۔۔۔

اور دعا کو دیکھنے لگا جو دعا مانگ کر رہی تھی۔۔۔۔ دعا اتنی گم ھو کر دعا مانگ رہی تھی۔ جیسے اسکا دنیا سے کوئی تعلق ھی نا ھو۔۔۔۔ اس وقت معراج کو دعا کے چہرے پر بے حد سکون نظر آیا۔۔۔۔ دعا اٹھی تھی۔۔۔۔ اور جانماز لپٹ کر رکھ رہی تھی۔۔۔۔۔

اب ہاتھ میں درد تو نہیں ھے؟؟؟

معراج نے وہی لیٹے لیٹے پوچھا تھا

دعا نے کوئی جواب نا دیا۔۔۔۔

دعا؟؟؟؟؟

معراج نے پھر پکارا تھا۔۔۔۔۔

اپ کو اس سب سے کوئی مطلب نہیں ہونا چھائے۔۔۔۔

اپ کے دے گئے زخم سے بہت چھوٹا زخم ھے یہ۔۔۔۔۔

دعا نے نفرت بھرے لہجے میں جواب دیا تھا اور اکر بیڈ پر چادر اوڑھ کر لیٹ گئی تھی۔۔۔۔

معراج کے دل میں ایک ٹیس سی اٹھی تھی۔۔۔

کوئی چیز اندر ٹوٹی تھی۔۔۔

وہ اپنا ایک بازو اپنے سر کے نیچے رکھ کر سوچ رہا تھا۔۔۔۔۔

کیا وہ جیت گیا؟؟؟

یا جیت کر بھی ہار گیا؟؟؟

کیا تھا اس کے پاس کچھ بھی تو نہیں؟؟

وہ شروع سے اکیلا تھا اور اج بھی اسی جگہ اکیلا کھڑا تھا۔۔۔۔۔

ہر کوئی اس سے دور جانا چھاتا تھا۔۔۔۔

معراج کی انکھیں ایک دم نم ھوئی تھی۔۔۔۔

اس نے ایک نظر دور لیٹی دعا پر ڈالی تھی۔۔۔۔۔

ایک انسو معراج کی انکھ سے ٹپکا تھا۔۔۔۔۔

کاش!!!

تم تو مجھے سمجھ پاتی دعا!!!!

www.urdunovelsmania.com

کاش !!!!!!!!!!

تم سمجھ پاتی کہ میں کس آگ میں جلتا ھوں روز۔۔۔۔

معراج اس وقت حد سے زیادہ اکیلا تھا۔۔۔۔۔

وہ ضدی تھا اسکے اندر جنون تھا۔۔ لیکن وہ دل کا برا نہیں تھا۔۔۔۔ کبھی کبھی ہم ضدی اس لیے بھی ھو جاتے ھیں کہ کوئ ہمیں سمجھ نہیں پاتا۔۔۔۔

سوچتے سوچتے نجانے کب معراج کی انکھ لگ گئ تھی۔۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

صبح جب معراج کی انکھ کھولی تھی تو دعا کمرے میں موجود نا تھی۔۔۔ وہ فورن صوفے سے اٹھا تھا اور سب سے پہلے باتھ روم میں چیک کیا تھا

دعا باتھ روم میں بھی نا تھی۔۔۔ اس کا دل ایک دم زور سے ڈھڑکہ تھا۔۔

وہ اسی طرح نائٹ سوٹ میں نیچے آگیا تھا۔۔۔۔۔۔

نیچے آیا تو سامنے ہی دعا کھانے کی میز پر رملا اور بریرہ بیگم کے ساتھ بیٹھی باتیں کر رہی تھی۔۔۔ دعا کو دیکھ کر معراج کا دل سکون میں ایا تھا۔۔۔

جب دعا اسکی نظروں سے اوجھل ھوتی تو اسکو ایک عجیب سا خوف محسوس ھوتا۔۔ وہ خود نہیں جانتا تھا کہ اس کی یہ کیفیت کیوں ھے۔۔۔۔۔۔

ھو ھو اٹھ گئے جناب۔۔۔!!!

معراج زینے کے درمیان کھڑا دعا کو دیکھ رہا تھا جب رملا کی نظر اس پر پڑی تھی۔۔۔۔۔

وہاں کیوں کھڑے ھو ادھر آجاو راج۔۔۔۔۔

رملا نے کھانے کی میز پر معراج کو بلایا تھا۔۔۔

رملا کے کہنے پر بھی دعا نے معراج کی طرف نا دیکھا تھا اور یہ چیز معراج نے محسوس کی تھی۔۔۔۔۔

کیا حال ھیں بھابی؟؟؟

کہی اپ میری بیوی سے میری برائیاں تو نہیں کر رہی تھی؟؟؟

معراج نے کرسی پر جگہ سنبھالتے ھوئے کہا۔۔۔۔

بس تم میں ھیں ہی اتنی بریاں کیا کروں۔۔۔۔

میری دیورانی تو بہت معصوم ھے۔۔۔۔ تم ھی پورے کے پورے جن ھو۔۔۔

رملا نے ھنس کر کہا۔۔۔۔

اچھا جی شکریہ بہت بہت!!!!

معراج نے مسکرا کر رملا کر دیا نام قبول کیا۔۔۔۔۔

ابھی وہ لوگ باتیں ھی کر رہے تھے جب شور مچاتے روحان اور علیان لاونج میں داخل ھوئے تھے۔۔۔۔۔۔

چاچو

چاچو!!!

دونوں اکر معراج سے لپٹ گئے تھے۔۔۔۔دعا نے بھی حیرت سے یہ منظر دیکھا تھا۔۔۔۔

اہ میرے champs کب ائے؟؟؟

معراج نے دونوں کو ہائے فائے کرتے ھوئے خوشی سے کہا۔۔۔۔

دعا نے معراج پر نظر ڈالی تھی۔۔۔وہ روحان اور علیان سے مل کر خوش تھا۔۔

اور کبھی علیان کو چومتا تو کبھی روحان کو۔۔۔۔۔۔

چاچو اپنے شادی کرلی اور مجھے اپنی آئٹم بھی نہیں دیکھائی؟؟؟

روحان نے بڑے مزے سے معراج سے شکوہ کیا تھا۔۔۔۔

دعا اور رملا دونوں ھی روحان کے اس طرح ائٹم بولنے پر ھنسی تھی۔۔۔۔

آئٹم کے بچے وہ چاچی ھیں اپکی؟؟؟

معراج نے پیار سے روحان کا کان پکڑ کر کہا تھا۔۔۔۔

اچھا کہاں ھیں ہماری چاچی؟؟؟

اب کے علیان نے پوچھا تھا۔۔۔۔

ادھر آو علیان اور روحان اب کے رملا نے انکو بلایا تھا۔۔۔۔

جی ماما؟؟؟

دونوں بھاگتے ھوئے یہاں ائے تھے۔۔۔

دعا

یہ ھے روحان!!!!

www.urdunovelsmania.com

میرا بڑا بیٹا۔۔۔رملا نے دعا سے تعارف کرویا تھا۔۔۔

اھوماما اپکو introduction بھی کروانا نہیں آتا۔۔۔۔۔

Hellobeautifullady!!!

ImRajarohan!!!!

روحان نے بڑے پیارے اسٹائل سے اپنا تعارف کرویا تھا۔۔۔۔

دعا کو یہ 8 سال کا روحان بہت پیارا لگا تھا۔۔۔۔

اہ بہت پیارا نام ھے اپکا تو روحان جی۔۔۔۔!!

دعا نے پیار سے روحان کے گال پر بوسہ دیا تھا۔۔۔۔

Ohthankusomuchprettygirl ❤

روحان کے اندر معراج کی بہت شوات موجود تھی اور اسکا اسٹائل بھی معراج سے کافی ملتا تھا۔۔۔۔

اور دعا یہ ھے میرا چھوٹا بیٹا

علیان

Hellobeautifulchachi

علیان نے معاصومیت سے اپنی توتلی زبان میں کہا تھا۔۔۔دعا کو علیان پر بھی بے حد پیار آیا تھا۔۔۔

علیان کی عمر کوئ 3 سال تھی اور روحان کی عمر 8 سال تھی۔۔۔دونوں ھی بہت خوبصورت اور تمیز دار بچے تھے۔۔۔۔انکی پروریش باہر کے ملک میں ھوئ تھی اس لیے اپنی عمر سے بڑی باتیں کرتے تھے۔۔۔

ہمممم تو اپ ھیں ہماری چاچی؟؟؟

روحان نے دعا پر سر سے پیر تک نظر ڈال کر پوچھا۔۔۔۔۔

ھممم جی!!!!!

دعا نے مسکرا کر جواب دیا۔۔۔۔

معراج نے دعا پر نظر ڈالی تھی۔۔۔۔لائٹ گالبی کلر کی فورک میں وہ بہت پیاری لگ رہی تھی۔۔۔۔ہمیشہ کی طرح اسکا حجاب اس کے سر پر موجود تھا۔

اپ دونوں بہت اچھے ھیں۔۔۔دعا نے باری باری دونوں کو چوم کر کہا۔۔۔۔۔

Thankyou

اپ بھی بہت اچھی ھیں۔۔۔۔!!!

روحان نے بھی دعا کے گال پر بوسہ دیا تھا۔۔۔۔۔

چاچو اپکی آئٹم پسند اگئ ھے مجھے۔۔۔۔۔

روحان نے دعا کے گلے میں ہاتھ ڈال کر معراج کو انکھ مار کر کہا۔۔۔۔۔

بتاوں ابھی میں۔۔۔۔معراج نے ھنس کر روحان کو انکھیں دیکھائ۔۔۔۔۔

دونوں بچے معراج سے شروع سے بہت attached تھے۔۔۔۔

بھابی بہت بھوک لگی ھے یار کچھ کھانے کو لا دیں۔۔۔۔

معراج نے رملا کو دیکھ کر بولا تو رملا اٹھ کر کچن میں چلی گی تھیٔ اور دعا روحان اور علیان سے باتوں میں لگی تھی اس نے ایک بار بھی معراج کی طرف نا دیکھا تھا۔۔۔۔

معراج نے دعا کے ہاتھ پر نظر ڈالی تو اس نے ہاتھ پر بندھی پٹی چوڑیوں سے cover کی ھوئ تھی۔۔۔۔۔

دعا؟؟؟

معراج نے بچوں کے ساتھ کھلتی دعا کو آواز دی تھی۔۔۔۔۔

دعا نے سن کر بھی ان سنا کر دیا تھا۔۔۔۔ معراج نے پھر آواز دی تھی

دعا؟؟؟؟

دعا نے صرف گردن اٹھا کر دیکھا۔۔

ہاتھ کیسا ھے اب؟؟؟

ٹھیک ھے!!

دعا نے مختصر سا جواب دیا۔۔۔۔ اور پھر روحان اور علیان سے باتوں میں لگ گیٔ۔ دعا کو بچے شروع سے بہت پسند تھے اور روحان اور علیان تو تھے بھی بہت شرارتی بچے۔۔۔۔۔

دعا کو اچھی company مل گی تھی۔۔۔ معراج بھی کچھ حد تک مطمئن ھوا تھا۔۔۔۔

یہ لو جناب اپ کا ناشتہ!!!

رملا نے معراج کے سامنے ناشتہ رکھ کر کہا تھا۔۔۔۔

اھو کیا ھوا رہا ھے یہاں ؟؟؟

ابھی دعا بیٹھی تھی کہ بلاج اور دلاور بھی داخل ھوئے تھے۔۔۔۔۔

اور اکر دعا کے سامنے والے صوفے پر بیٹھ گئے تھے۔۔۔۔۔۔۔

دعا ان لوگ سے اتنا فری نہیں تھی اس لیے تھوڑا سا uncomfertable ھوئی۔۔۔۔۔

دعا بھابی مجھے تو آپ جانتی ھونگی ؟؟؟

بلاج نے ھنس کر کہا تھا۔۔۔۔

دعا نے سر ہلا کر جی کہا تھا۔۔۔

معراج جو ٹیبل پر بیٹھا ناشتہ کر رہا تھا ایک دم اٹھ کر اکر دعا کے بکل برابر والے صوفے پر بیٹھ گیا تھا۔

۔۔۔

دعا کو عجیب سا محسوس تو ھوا تھا لیکن اکیلے پن کا احساس اب ختم ھوچکا تھا۔۔۔۔۔۔

دعا دیکھو ہم لوگ بہت ھنسی مزاق والے ھیں معراج کو تو ہمارے مزاق نہیں پسند اگر تمھیں برا لگے تو بتا دینا۔۔۔۔۔ دلاور نے مسکرا کر کہا تھا۔۔۔۔

بے تکے مزاق کسی کو پسند نہیں اتے۔۔۔ معراج نے چائے کا گھونٹ بھرتے ھوئے کہا تھا۔۔۔۔۔۔

دلاور بلاج اور رملا مل کر دعا سے خوب ھنسی مزاق کر رہے تھے۔۔۔ کبھی معراج کی ٹانگ کھینچتے تو کبھی دعا کی۔۔۔

ابھی وہ لوگ ھنسی مزاق ہی کر رہے تھے کہ سجل بھی اکر لاونج میں بیٹھ گئی تھی۔۔۔۔

لیکن وہ کسی بھی بات میں حصہ نہیں لے رہی تھی۔۔۔۔

دعا کو بھی یہ سب بہت اچھے لگے تھے۔۔۔۔ لیکن دعا نے محسوس کیا تھا کہ سجل دعا سے کٹی کٹی تھی۔۔۔ اور دعا اسکی وجہ بھی جانتی تھی۔۔۔۔۔

معراج پھر تم نے کیا سوچا؟؟؟

اب کے بلاج نے معراج سے سوال کیا تھا۔۔۔

کس بارے میں؟؟؟

معراج نے بے نیازی سے پوچھا تھا۔۔۔۔

یار تمھیں میں نے ھنی مون کا کہا تھا نا۔۔۔۔۔

بلاج نے معراج کو یاد دلوایا تھا۔۔۔۔

ھنی مون کا نام سن کر تو دعا کہ چہرے پر ایک رنگ ایا اور گیا تھا۔۔۔۔۔

اور معراج نے صاف یہ رنگ محسوس کیا تھا۔۔۔

اسکی نظر دعا کے ہی چہرے کا طواف کرتی تھی۔۔۔۔

اھو تو اب ھنی مون پر بھی جایا جائے گا۔۔۔۔

سجل نے پہلی بات کی تھی اور وہ بھی جلے ھوئے انداز میں۔۔۔

اپ کے پیسوں سے نہیں جا رہے۔۔۔۔

معراج نے فورن جواب دیا تھا۔۔۔ جس پر سب زور سے ھنسے تھے۔۔۔۔۔

سجل منہ کی کھا کر چپ ھوگئ تھی۔۔۔۔

بلاج میرا تو کچھ نہیں تمہاری بھابی سامنے ھے ان سے خود پوچھ لو۔۔۔ معراج جانتا تھا کہ اسکے بولنے پر دعا کبھی نہیں مانے گی اس لیے اسنے یہ زمہ داری ان لوگوں کو ہی سونپ دی تھی۔۔۔۔۔

کیوں دعا؟؟؟

تمہارا کیا خیال ھے؟؟؟

اب کے رملا نے دعا سے پوچھا تھا۔۔۔۔

کس بارے میں؟؟؟

دعا جان کر انجان بنی تھی۔۔۔۔۔

میرے ساتھ بھاگ جانے کے بارے میں!!

معراج نے دعا کی بات کے جواب میں کہا تو بلاج اور دلاور نے hooting کی تھی اور رملا زور سے ھنسی تھی جبکہ دعا نے شرم سے سر نیچے کر لیا تھا۔۔۔۔

عجیب انسان ھے!! دعا نے دل میں معراج کو کوسا تھا۔۔۔

ارے دعا میں اور تمہاری رملا بھابی روحان اور علیان کو لے کر پاکستان گھومنے جا رہے ھیں۔۔۔ کچھ دن کا stay اسلاما آباد کا ھے پھر اگے کا۔۔۔ تمہاری اور معراج کی نئی نئی شادی ھوی ھے تم دونوں بھی چلو۔۔۔

بلاج نے بڑے مزے سے دعا کو سارا پروگرام سنایا تھا۔۔۔۔

بلاج بھائی وہ!!!!

دعا ابھی بہانہ ہی سوچ رہی تھی کہ رملا بول پڑی۔۔۔

دعا یہ ہی وقت ھے گھوم اوپھر بچوں کے بعد بہت مشکل ھوتا ھے۔۔۔

معراج کو ایک دم رملا کی بات پر ھنسی ائی تھی۔۔۔

جبکہ دعا نے معراج کی ھنسی بخوبی محسوس کی تھی۔۔۔۔۔

ہم ہم جی بچے!!!

معراج نے دعا کے کان میں کہا تھا۔۔۔۔۔

اھو بھائی ادھر کانا پھوسی کی نہیں ھورہی۔۔۔۔

اب کے بلاج نے دونوں کو چھیڑا تھا۔۔۔۔۔

دلاور ہم بھی چلیں!!!

سجل چپ نا رہے پائی تو فورن بولی۔۔۔۔

کیا ھوگیا سجل ہم ابھی توائے ھیں۔۔۔۔londan سے اور تم جانتی ھو میرے اوپر کام کا لوڈ ھے میں تو نہیں جا سکتا۔۔۔۔۔۔دلاور کے صاف انکار نے سجل کو اور مزید غصہ دیلایا تھا۔۔۔۔۔۔

چلو نا دعا مزہ ائے گا۔۔۔۔

رملا نے ضد کی تھی۔۔۔

رملا بھابی میرا دل نہیں۔۔۔میں کبھی گئی نہیں۔۔۔۔۔

تو کوئی بھی نہیں جاتا۔۔۔۔مزہ ائے گا میں ھوں نا تمھارے ساتھ۔۔۔۔

رملا دعا کو فورس کر رہی تھی۔۔۔۔۔

چلیں نا چاچی مزہ ائے گا۔۔۔۔

چلیں نا۔۔۔۔۔۔

روحان اور علیان نے بھی دعا سے ضد کی تھی۔۔

دعا چھا کر بھی انکار نا کر پائی اس لیے بولی ٹھیک ھے جیسے اپ سب کی مرضی۔۔۔۔۔۔

دعا کے اقرار پر تو جیسے سجل کے اندر اگ ہی لگ گئی تھی۔۔۔۔ وہ فورن اٹھ کر اپنے کمرے میں چلی گئی تھی۔۔۔۔۔۔

جب کہ رملا بلاج روحان علیان اور معراج بہت خوش ھوئے تھے۔۔۔۔

اھو ھو دلاور سجل ناراض ھوگئی ھے۔۔۔ رملا نے کہا۔۔

کوئی بات نہیں بھابی میں منا لوں گا اسے اپنا creditcard دے کر۔۔۔۔ دلاور نے ھنس کر کہا تو دعا سمیت سب ھنسے لگے۔۔۔

وہ لوگ بیٹھے باتیں ہی کر رہے تھے کہ جہانگیر صاحب اور بریرہ بیگم بھی اندر داخل ھوئے تھے۔۔۔۔۔

معراج کا موڈ ایک دم ھی چینج ھوا تھا۔۔۔۔۔۔ یہ بات دعا نے محسوس کی تھی۔۔۔۔۔۔

کہاں جانے کا پروگرام بن رہا ھے۔۔۔۔

بریرہ بیگم نے مسکرا کر دعا کو دیکھ کر پوچھا تھا۔۔۔۔

اپ سے بہت دور°°

جس کا معراج نے جل کر جواب دیا تھا۔۔۔۔۔۔

دعا کو خاصا عجیب محسوس ھوا تھا۔۔۔۔

کس طرح کا انسان ھے کوئی اپنی سگی ماں سے بھی ایسے بات کرتا ھے۔۔۔۔۔دعا نے دل میں سوچا۔۔۔

کب جانا ھے تم لوگ نے؟؟؟

اب کے جہانگیر صاحب نے سوال کیا تھا۔۔۔۔

بابا کل!!!

بلاج نے جواب دیا تھا۔۔۔۔

ہمم ٹھیک ھے تم لوگ جاو۔۔۔لیکن اپنا اپنا خیال رکھنا election بلکل سر پر ھیں۔۔۔اور میں نہیں چھاتا کہ تم لوگ کی کسی بھی بے وقوفی کی وجہ سے میں یہ election ہاروں۔۔۔۔

معراج ایک دم ھنسا تھا۔۔۔۔

اپ کو ہم سے زیادہ اپنے election کی فکر ھے واہ۔۔۔۔۔

معراج کے جو منہ میں اتا وہ فورن بول دیتا تھا۔

ہاں بلکل میں نہیں چھتا میں اس سال ہاروں میں پچھلے 10 سالوں سے جیتا آرہا ھوں۔۔۔۔ہار مجھے برداشت نہیں۔۔۔۔

میری جیت میرا جنون ھے۔۔۔۔

۔جہانگیر صاحب نے روب دار لہجے میں کہا تھا۔۔۔۔

اھو تو یہ چیز ورثے میں ملی ھے۔۔۔۔دعا نے جہانگیر صاحب کی بات سن کر دل میں سوچا۔۔۔۔۔

بابا اپ فکر نا کریں اگر ہمیں کچھ ھو بھئ گیا تو بھی اپ یہ electionجیت ھی جائیں گے

۔۔۔۔ معراج نے چیڑ کر جواب دیا تھا۔۔۔۔

ہمم دعا بیٹا تم اپنی پیکینگ کر لینا اور سردی !!!

ابھی بریرہ بیگم کی بات ادھوری تھی کہ معراج بول پڑا۔۔۔۔

Ohplease

میں اور دعا چھوٹے بچے نہیں ھیں۔۔۔۔۔

بڑے ھو چکے ھیں۔۔۔۔۔

اپ ہماری فکر نا کریں۔۔۔۔ معراج نے بنا کیسی کا لحاظ کیے کہا تھا۔۔۔۔۔۔

اور اٹھ کر فورن اپنے کمرے کی طرف چلا گیا تھا۔۔۔۔

معراج اپنے گھر والوں سے بہت دور تھا یہ بات دعا نے محسوس کی تھی۔۔۔

دعا نے بریرہ بیگم کی انکھوں میں بے شمار آنسو دیکھے تھے۔۔۔۔۔۔۔

کچھ دیر بریرہ بیگم اور رملا سے باتیں کرنے کے بعد دعا بھی اپنے کمرے میں جانے کے لیے اٹھ گئ تھی۔۔۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

احمد صاحب سے گھر میں تمام لوگ ھی خفا تھے۔۔۔۔۔۔خاص کر عمیرا سکو حیرت تھی کہ احمد صاحب اس طرح کا رویہ کیوں رکھے ھوئے ھیں۔۔۔۔۔۔

اور وہ معراج کو اکثر کال کر کے دعا کی خیرت معلوم کر لیا کرتا تھا۔۔۔۔

نمرہ اور عمر اب اپنی نورمل لائف کی طرف اچکے تھے۔۔۔۔۔۔

سمیرا بیگم بیٹی کو بہت یاد کرتی تھی لیکن شوہر کی مرضی کے اگے خاموش تھی۔۔۔لیکن عمیر اپنی بات پر ڈاٹا ھوا تھا بس وہ صیح موقعے کی تلاش میں تھا۔۔۔۔۔

پھوپو نے دعا کی شادی میں ہی لگے ہاتھوں سیرت کی امی سے سیرت اور اشعر کے رشتے کی بات کر لی تھی اور اب خیر سے سیرت اور اشعر کا بھی رشتہ ھونے والا تھا۔۔۔۔۔۔۔

دعا کی کمی کو کوئی پورا نہیں کر سکتا تھا۔۔۔۔احمد صاحب کا دل خود بے چین تھا لیکن ضد نے انکو بھی روک رکھا تھا۔۔۔۔۔۔

urdu novels mania
www.urdunovelsmania.com

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

دعا اپنے کمرے میں داخل ھوئی تو معراج کہی جانے کے لیے تیار کھڑا تھا۔۔۔۔

وہ بلکل پہلے والا معراج دیکھائی دے رہا تھا۔۔۔۔۔

دعا نے ایک نظر اس پر ڈالی اور پھر اکر بیڈ پر بیٹھ گئی۔۔۔۔۔

ہم ہم !!!!

معراج نے اپنے اوپر perfume چھڑکتے ہوئے جان کر اپنا گلہ صاف کیا۔۔۔۔۔

ویسے دیکھو سب صیح بول رہے ھیں۔۔۔۔

بچوں سے پہلے ہی!!!

معراج کی بات پر دعا نے گھور کر اسکو دیکھا تھا تو معراج ایک دم زور سے ھنسا۔۔۔۔

تم خودمانی ھو ھنی مون پر جانے کو اب وہاں جا کر یہ با بولانا کہ میں نے تم پر زبردستی کی ھے۔۔

معراج نے دعا کے سامنے بیڈ پر جگہ سنبھالی تھی۔۔۔۔

دیکھو تم اور میں ھنی مون پر!!!معراج دعا کو چھیڑنے کے لیے جان کر یہ سب بول رہا تھا۔۔۔

دعا اٹھنے لگی تو معراج نے اسکا ہاتھ پکڑا تھا۔۔

اس غلط فہمی میں ہر گز نا رہے گا کہ میں اپکی وجہ سے ھنی مون پر جا رہی ھو۔۔۔۔۔

میرا اور اپ کو صرف مجبوری کا تعلق ھے جناب۔۔۔۔۔

اچھا سچی؟؟؟

معراج نے مسکرا کر پوچھا۔۔۔

جی صرف اور صرف بلاج بھائی روحان علیان اور رملا بھابی کی وجہ سے جا رہی ھوں۔۔

چلو جس بھی وجہ سے جا رہی ھو۔۔۔۔جا تو رہی ھو نا۔۔۔۔۔

خیال کرنا کہی تمھیں مجھ سے پیار نا ھو جائے۔۔۔۔۔۔۔۔

معراج نے انکھوں میں شرارت لا کر کہا۔۔۔۔

میری جوتی کو بھی نا ھو۔۔۔۔۔۔۔

دعا نے اسی طرح کہا تھا۔۔۔۔۔۔

معراج کو ایک دم ھنسی ائی۔۔۔۔ یہ تو تم نے شادی کرنے پر بھی کہا تھا۔۔۔۔۔۔

میری جان۔۔۔۔۔

میرا نام دعا ھے۔۔۔۔۔۔ میری جان نہیں۔۔

دعا نے گھور کر کہا۔۔۔

میں تو میری جان ہی بلاوں گا۔۔۔۔

اپکی جان میں نہیں ھوں وہ ھیں جن سے ملنے اپ اس وقت تیار ھو کر جا رہے ھیں۔۔۔۔۔

دعا کہ منہ سے ایک دم ہی نکلا تھا۔۔۔۔۔

اھووووووو تو یعنی محترمہ کو جلن ھو رہی ھے۔۔۔۔۔ معراج نے دعا کو الجھاتے ھوئے کہا۔۔۔۔

مجھے اور اپ کے لیے جلن۔۔۔۔۔

اچھا مزاق ھے۔۔۔۔ میری طرف سے پوری رات گھر نا ائے میں زیادہ سکون میں رہو گی۔۔۔۔

دعا نے بیڈ سے اٹھ کر کہا۔۔۔۔

جس دن ایسا کیا نا جان نکل جانی ھے تمھاری۔۔۔۔۔

معراج نے دعا کا ہاتھ تھاما تھا۔۔۔۔

میری دل میں تمھارے لیے مزید نفرت تو پیدا ھو سکتی ھے۔۔۔۔

۔ محبت نہیں۔۔۔۔

دعا نے اپنا ہاتھ چھڑواتے ھوئے کہا۔۔۔۔

چلو دیکھتے ھیں۔۔۔۔

ضد جتی ھے۔۔۔۔

یا جنون کی انتہا۔۔۔۔۔۔

معراج نے بیڈ سے اٹھتے ھوئے کہا۔۔۔۔۔۔۔

اچھا سنو۔۔۔۔۔

میں زارہ دوستوں سے ملنے جارہا ھوں۔۔۔۔ میری یاد میں جاگنا مت medicine کھا کر سوجانا اور ہاں packing کل ملازم کردیں گے۔۔۔

معراج نے دعا کو ہدایت دی۔۔۔۔

مجھے اپکی یاد کہی ائی ہی نا جائے۔۔۔۔۔۔

ضرورت سے زیادہ خوش فہمی ھے اپکو۔۔۔۔

دعا نے الماری کھولتے ھوئے کہا۔۔۔۔

یہ کیا کر رہی ھو؟؟

معراج نے دعا کو کپڑے نکالتے ھوئے دیکھا تو پوچھا۔۔۔۔۔

مجھے اپنے کام خود کرنے کی عادت ھے۔۔۔۔

کسی کے سہارے کی نہیں۔۔۔۔ دعا تمھارے ہاتھ پر لگی ھے چھوڑ دو۔۔۔

معراج نے وہی کھڑے کھڑے کہا۔۔۔۔۔

مجھ سے ہمدردی کر کے خود کو اچھا ثابت مت کریں جواپ ھیں میں جانتی ھوں اچھے سے۔۔۔۔

اپ جیسا انسان کسی سے ہمدردی کرے تو بھی ڈر ہی لگتا ھے۔۔۔۔۔۔

دعا نے نفرت بھری نگاہ ڈال کر کہا تھا۔۔۔۔

معراج کے دل کے اندر ایک ٹیس سی اٹھی تھی۔۔۔۔

کتنی نفرت تھی دعا کے دل میں اسکی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ خاموش سا ھو کر کمرے سے باہر نکل گیا تھا۔۔۔۔۔

دعا بھی اپنا سر پکڑ کر بیڈ پر بیٹھ گئ تھی۔۔۔۔

کتنی الجھ گئ تھی اسکی زندگی۔۔۔۔۔۔۔

وہ اتنی بدزبان تو کبھی نا تھی۔۔۔۔۔۔ معراج نے اسکو کیا سے کیا بنا دیا۔۔ تھا

۔اس نے دل میں سوچا۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

urdu novels mania
www.urdunovelsmania.com

معراج پورے راستے صرف ایک ہی بات سوچتا ھوا ایا تھا۔۔۔۔۔

کس قدر برا تھا وہ دعا کی نظر میں۔۔۔۔

کس قدر نفرت تھی دعا کے دل میں اسکی۔۔۔۔۔

میں نے تو دعا سے بدلہ لینے کے لیے شادی کی تھی۔۔۔۔

تو پھر کیا ھو گیا ھے مجھے اخر۔۔۔۔؟؟؟؟

کیوں اس لڑکی کی نفرت سے فرق پڑ رہا ھے مجھے۔۔۔۔

کیوں اسکے درد میں میرا دل بے چین ھوتا ھے۔۔۔

کیوں میں اتنی تکلیف محسوس کرتا ھوں۔۔۔۔

وہ میری ضد تھی جو پوری ھو چکی پھر کیوں اسکی اتنی پرواہ ھے مجھے۔۔۔۔۔

اس نے اب تک کوئی 15 وی سیگرٹ سلگائی تھی۔

بھاڑ میں جائے ہر چیز۔۔۔۔

وہ سوچ سوچ کر تھک چکا تھا پر جواب کہی نا ملا تھا۔۔۔۔۔۔

اس نے گاڑی لا کر ایک کلب کے سامنے روک دی تھی۔۔۔۔۔

گاڑی سے اتر کر وہ !!!!!!!!!!

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

وہ میری ضد تھی جو پوری ھو چکی پھر کیوں اسکی اتنی پرواہ ھے مجھے۔۔۔۔۔

وہ اس وقت کوئی 15 وی سگرٹ پی رہا تھا۔۔۔۔

میں تو ہمیشہ سے لڑکیوں سے چیڑتا ھوں۔۔۔۔۔

شروع سے لڑکیاں میرے لیے روئی ھیں۔۔۔۔۔

ٹرپی ھیں۔۔۔۔

میں ہمیشہ مطمئن رہا۔۔۔۔

لیکن اب مجھے کیا ھوگیا ھے۔۔۔۔

مجھے اس سے پیار؟؟؟؟

معراج نے خود سے سوال کیا تھا۔۔

نہیں

یہ نہیں ہوسکتا۔۔۔

راجہ معراج کو کبھی ایک لڑکی اپنی محبت میں نہیں ہرا سکتی یہ صرف میری ہمدری ھے اسکے ساتھ۔۔۔

معراج نے اپنی سوچ کو جھٹلایا تھا

میں جتنا اسے ہمدری کر رہا ھوں یہ اتنی مجھے باتیں سنا رہی ھے۔۔۔۔۔ باتیں تو بہت بڑی بڑی کرتی تھی۔۔۔۔ اب کہاں گئی وہ ساری باتیں۔۔۔۔

راجہ معراج سے ٹکر لوگی ہاروگی۔۔۔۔

میں کسی کے لیے نہیں بدلوں گا۔۔۔۔

جسکو بدلنا ھے وہ میرے لیے بدلے گا

دعا نے جو کیا وہ اسکا انجام بھوکت رہی ھے۔۔۔۔۔

میں کیوں فکر کروں۔۔۔۔۔

میں جیسا تھا ویسا ہی رہوگا۔۔۔۔۔

بھاڑ میں جائے ہر چیز۔۔۔

راجہ معراج کو کسی کے لیے درد نہیں ھوتا۔۔۔

۔وہ سوچ سوچ کر تھک چکا تھا اسکو اسکے سوال کے جواب کہی پر نا ملے تھے۔۔۔۔۔۔

اور جو جواب مل رہے تھے وہ ان کو قبول کرنا نہیں چھاتا تھا۔۔

آخر کو تھا تو وہ بھی ایک ضدی شخص۔۔۔۔۔اپنی سوچوں سے تنگ اکر اس نے اپنے پورانے والے روپ کو اپنانے کا سوچا۔۔۔۔

اس نے گاڑی لاکر ایک کلب کے سامنے روک دی تھی۔۔۔۔۔اس کے تمام دوست اسکا وہاں انتیظار کر رہے تھے۔۔۔۔

شادی کے بعد سے وہ کسی سے نا ملا تھا۔۔۔۔

گاڑی سے اتر کر وہ ھوٹل کے اندر داخل ھوا تھا تو فورن ہی اسے زاضا مل گیا تھا۔۔۔۔۔

اج بھی معراج کی شخصیت ایسی تھی کہ جہاں سے وہ گزتا لڑکیاں پلٹ کر ضرور دیکھتی۔۔۔۔۔۔

اج ڈرک بلیو شرٹ اور وائٹ پینٹ میں وہ بہت وجہہ دیکھائی دے رہا تھا۔۔۔

اھو ہیرو اج بھی ہیرو ھی ھے!!!

کیا حال ھے راجے؟؟؟

زاضا نے معراج کے گلے لگتے ھوئے کہا۔۔۔

ٹھیک ھوں تو بتا؟؟؟

راج اسے مل کر الگ ھوا پھر پوچھا۔۔۔۔

فٹ ھوں۔۔۔۔!!!!!

کسی جا رہی پھر تیری شادی شدہ زندگی؟؟؟

دعا بھابی زیادہ تنگ تو نہیں کرتی۔۔۔

راضا نے ھنس کر پوچھا۔۔۔

معراج کو پتا نہیں کیوں زاضا کا اس طرح بولنا اچھا نہیں لگا تھا۔۔۔۔

وہ دعا کا نام جب بھی اپنے دوستوں سے سنتا اس کو برا لگتا جب کہ زاضا نے عزت سے نام لیا تھا لیکن پھر بھی وہ دعا کا نام کسی عام بندے سے سنا پسند نہیں کرتا تھا۔۔۔۔

دیکھ زاضا !!!!!

میری نجی زندگی کو اج کے بعد ڈسکس نا کرنا۔۔۔مجھے دعا کو کسی کے ساتھ ڈسکس کرنا ہر گز پسند نہیں۔۔۔۔۔۔

میں نے ہر چیز سے اسکو پاک رکھا ھے۔۔۔۔۔۔اس لیے آئندہ سے خیال کرنا۔۔۔۔

معراج نے بہت سلجھے ھوئے لہجے میں زاضا کو بہت الجھی ھوئی بات سمجھائی تھی۔۔۔۔۔

اوکے اوکے۔۔۔۔۔

چل اندر چال تیرے لیے بہت سارے سرپرائز ھیں راجے !!!!!

زاضا نے بات کا رخ بدلہ تھا۔۔۔۔

چل !!

معراج اور زاضا جب ھٹ میں داخل ھوئے تو راضا نے دوستوں کی ایک بڑی تعداد جمع کر رکھی تھی۔۔۔

ہمیشہ سے معراج پارٹیوں کی جان رہا تھا۔۔۔

اور شادی کے بعد یہ اس کی پہلی پارٹی تھی۔۔۔۔

کوئی بھی شخص معراج کی موجودگی والی پارٹی مس نا کرتا تھا۔۔۔۔

معراج ھٹ کہ اندر داخل ھوا تو اس کے تمام دوست ایک ایک کر کے اس سے ملنے لگے۔۔۔۔ اور شادی کی مبارک باد دینے لگے۔۔۔۔۔

کیا حال ھے راجے؟؟؟

زیب بھی اکر معراج سے ملا تھا۔۔۔۔

فٹ!!!

معراج نے مختصر سا جواب دیا تھا۔۔۔۔

زیب کو دیکھ کر معراج کو عجیب سا غصہ آتا تھا۔۔۔۔۔

ثانیہ سمیت بہت ساری پرانی دوستیں معراج کی پارٹی میں موجود تھی۔۔۔

لیکن معراج کو سب سے زیادہ حیرت ھما کو دیکھ کر ھوئی تھی۔۔۔۔۔

زاضا یہ یہاں کیا کر رہی ھے؟؟؟؟

معراج نے فورن زاضا سے پوچھا تھا۔۔۔۔

راجے اب یہ میری گل فرینڈ بن چکی ھے انے کی ضد کر رہی تھی میں نے بلالیا۔۔۔۔۔

زاضا معراج کا خاصا پورانا دوست تھا۔۔۔۔

کیا ھوا تجھے برا لگا راجے؟؟؟

نہیں خیر ھے!!!

معراج نے صوفے پر جگہ سنبھالتے ہوئے کہا۔۔۔۔۔

گانوں کا شور اس دن کی طرح عروج پر تھا۔۔۔

معراج کہ زہن میں ایک دم اس دن کی جھلک ائی جس دن یہ پہلی بار دعا سے ملا تھا۔۔۔۔۔

اس طرح کا ایک ہوٹل تھا۔۔۔

اور اسنے اس کو کھری کھری سنائی تھی۔۔۔

پاگل ھے یہ لڑکی!!

معراج نے دل میں سوچا اور اس کے لبوں پر ناچھاتے ہوئے بھی ہلکی سی مسکراہٹ بکھری تھی۔۔۔۔۔

اور یہ مسکراہٹ ہما زیب سمیت ثانیہ نے بھی محسوس کی تھی۔۔۔۔

کیا بات ھے بڑا مسکرایا جا رہا ھے خود کے ساتھ جناب؟؟؟

ثانیہ نے مسکرا کر پوچھا تھا۔۔۔

۔ہاں راجے!!!!

لگتا ھے دعا

نے بڑا پیار دیا ھے اسے!!!!

زیب جان کر دعا کو لایا تھا۔۔۔۔

زیب کے منہ سے دعا کا نام سن کر معراج کا دماغ ھی آوٹ ھو گیا تھا۔۔۔۔

زیب اب اگر تو نے دعا کا نام اپنے منہ سے لیا میں ادھر ہی تیری زبان کھینچ لوں گا۔۔۔۔۔۔

پہلی بات کے وہ بھابی ھے تیری اور دوسری بات کہ مجھے پسند نہیں میرے علاوہ کوئی دعا کا نام لے سمجھا۔۔۔۔

معراج نے کسی کی پرواہ کیے بغیر زیب کو کہا تھا۔۔۔۔۔

زیب خاموش ھوگیا۔۔۔۔

زیب صرف معراج کی کمزوری پکڑنے کی کوشش کرتا تھا اور معراج کے جزباتی ھونے کی وجہ سے وہ کافی حد تک اسکی کمزوریاں سمجھ بھی چکا تھا۔۔۔۔۔

زیب بظاہر تو خاموش ھوجاتا تھا لیکن دل کے اندر اندر ایک لاوا پکتا رہتا تھا۔۔۔۔۔

ویسے معراج عجیب بات ھے شادی کے دوسرے تیسرے دن ھی تم پارٹی میں اگئے۔۔۔۔

اب کے ہما نے ٹون مارا تھا۔۔۔۔۔

تم میرے منہ نا لگو تو بھتر ھوگا ہما۔۔۔

معراج سب کو منہ پر ھی سناتا تھا۔۔۔۔۔

ہما مسکرادی۔۔۔۔۔

معراج کا دل اج پہلی بار اس محفل میں نہیں لگ رہا تھا۔۔۔

اس کو رہے رہے کر دعا کا خیال آتا

ہما اور زاضا اب رکس کر رہے تھے۔۔۔۔۔

اور ثانیہ اور دیگر لڑکیاں بار بار اکر اسکو ڈانس کی آفر کر رہی تھی لیکن جانے کیوں وہ اپنی جگہ دھیٹ بنا بیٹھا تھا۔۔۔۔۔

www.urdunovelsmania.com

اس کو رہے رہے کر دعا کا خیال آرہا تھا۔۔۔اور وہ اپنی اس چیز سے چیڑ رہا تھا۔۔۔

افففف کیا ھوگیا ھے مجھے۔۔۔۔

معراج کو کوفت محسوس ھوئی تھی۔۔۔یہ لڑکی میرے حواسوں پر سوار ھوتی جارہی ھے۔۔۔۔

سامنے ھوتی ھے تب سکون سے نہیں رہنے دیتی دور ھوتب نہیں رہنے دیتی۔۔۔۔

معراج منہ منہ میں بڑبڑایا تھا۔۔۔۔۔۔

کیا ھوا؟؟؟

کس کی بات کر رہے ھو۔۔۔۔

ثانیہ نے معراج کو بڑبڑاتے سنا تو پوچھے بنا نا رہے سکی۔۔۔

کسی کی نہیں۔۔۔۔

معراج نے تنگ اکر ویڈ کی سگریٹ اٹھائی تھی لیکن پھر نا جانے کیوں واپس رکھ دی تھی۔۔۔۔۔

زاضا جوابھی رکس کر کے آیا تھا۔۔۔۔

اس نے معراج کو ویڈ کی آفر کی تھی لیکن معراج نے منع کر دیا تھا۔۔۔۔

لیکن اس وقت اسکا زہن پھٹ رہا تھا۔۔۔

دعا تھی کہ اسکی سوچ سے جانے کا نام ھی نہیں لے رہی تھی۔۔۔۔۔۔

اس نے اپنے دماغ کو سکون میں لانے کے لیے ویڈ کی ایک سگرٹ سلگائی تھی۔۔۔۔

لیکن اسکے بعد وہ نا جانے کتنی سیگرٹس پی گیا تھا!!!!!

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

دعا عیشاء کی نماز پڑھ کر فارغ ہوئی تھی۔۔۔۔ معراج کے جانے کے بعد دعا نے اپنی packing کی تھی۔۔۔ پہلے اسنے سوچا وہ معراج کی packing نا کرے لیکن جب وہ بور ہوئی تو اس نے بے دلی کے ساتھ معراج کی بھی packing کر دی تھی۔۔۔

کچھ دیر بعد رملا اس کے پاس آگئی تھی packing بھی دونوں نے مل کر ہی کی تھی۔۔۔ اور پھر روحان اور علیان اس کے پاس کھیلنے کے لیے اگئے تھے۔۔۔

جب روحان اور علیان گئے تھے۔۔۔ تو دعا balcony میں جانماز بچھا کر ٹھنڈی ہوا میں نماز پڑھ کر اٹھی تھی۔۔۔ اور کرسی پر بیٹھ کر چاند کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔

چاند پورا تو نا تھا۔۔۔ لیکن کچھ دن بعد ھی پورا ھونے والا تھا۔۔۔۔۔۔

دعا کی انکھیں ایک دم ھی بھیگ گئی تھی۔۔۔۔

کچھ دونوں میں اس کی زندگی کس قدر بدل چکی تھی۔۔۔۔

وہ کہاں سے کہاں اگئی تھی۔۔۔ ہر خواب ریزہ ریزہ ھوچکا تھا۔۔۔

خواہشات سولی پر چڑھ کر قربان ھوچکی تھی۔۔۔۔

بس بچا تھا تو ایک بے نام سا رشتہ ایک زبردستی کا تعلق۔۔۔۔

دعا کا دل اندر تک زخمی تھا۔۔۔۔

اس کو ایک دم ھی اپنے گھر والوں کی حد سے زیادہ یاد آئی تھی۔۔۔۔

دعا نے دل میں سوچا کہ کاش وہ معراج سے سم اور فون لے لیتی تو اس وقت وہ عمیر سے بات کر لیتی۔۔۔۔۔

وہ ابھی سوچ ہی رہی تھی کہ اسکو کمرے سے فون بجنے کی آواز ائی۔۔۔

پہلے وہ سمجھی کہ اسکا وہم ھے۔۔۔۔ پھر وہ اٹھ کر کمرے میں ائی تو باقندہ موبئل بجنے کی آواز آرہی تھی۔۔۔

لیکن موبئل کہی سامنے نا تھا۔۔۔۔

عجیب انسان ھے یہ کوئی بھلا اپنا فون بھی گھر بھول کر جاتا ھے۔۔۔۔

دعا کو معراج پر بلاوجے غصہ آیا۔۔۔۔۔۔

اب میں نوکر ھوں اسکی جو اسکا فون تلاش کروں۔۔۔۔

دعا نے فون کی آواز پر غور کرتے ھوئے تکیے اٹھا اٹھا کر بیڈ پر چیک کیا تھا پھر جب سائیڈ ٹیبل کی draz کھولی تھی تو سامنے ایک مھنگا ترین موبئل پڑا تھا۔۔۔۔۔

دعا نے موبئل ہاتھ میں اٹھایا تو اس کو بڑی حیرت ھوئی تھی۔۔۔۔ موبئل پر چمکتا نمبر عمیر کا تھا۔۔

عمیر کا نمبر موبئل میں فیٹ دیکھ کر کافی خوشی ھوئی۔۔۔

اس نے بنا ایک پل لگائے کال اٹھائی تھی۔۔۔۔۔

ہیلو

عمیر!!!!!

کیسے ھو؟؟؟؟؟

دعا کی خوشی آواز سے جھلک رہی تھی۔۔۔۔۔

آپی میں بلکل ٹھیک ھواپ کیسی ھیں۔۔۔۔

کب سے فون کر رہا ھوں اپ فون کیوں نہیں اٹھا رہی؟؟؟

عمیر نے دعا سے پوچھا تھا۔۔۔۔

مجھے نہیں پتا تھا معراج اپنا فون گھر پر بھول گئے ھیں۔۔۔۔۔

اھو ھو آپی میں تو تمھارے نمبر پر کر رہا تھا معراج بھائی کے تھوڑی۔۔۔ عمیر دعا کی بات نا سمجھا تھا۔۔۔۔

میرا نمبر؟؟؟

میرا کون سا نمبر؟؟؟

دعا نے حیرانی سے پوچھا تھا۔۔۔

یہ اپکا ہی تو نمبر ھے آپی!!!

معراج بھائی نے دیا تھا۔۔۔کہ جب بھی مجھے اپ سے بات کرنی ھو یا امی اور نمرہ کو کرنی ھو تو وہ اپ کے پرسنل نمبر پر کر کے بات کر لیں۔۔۔

کیوں اپکو نہیں بتایا معراج بھائی نے؟؟؟

عمیر کی آواز میں اب تشویش تھی۔۔

او!!!!

ہاں بتایا تھا میرے زہن سے نکل گیا سوری

سوری۔۔۔۔

دعا نے فورن بات سنبھالی تھی۔۔۔

اچھا!!!

ویسی آپی معراج بھائی بہت اچھے ھیں۔۔۔

عمیر نے معراج کی تعریف کی تو دعا نے ایک دم بات بدل دی۔۔۔۔

اچھا کیسے ھو تم؟؟

گھر میں سب کیسے ھیں؟؟؟

امی نمرہ عمر؟؟

اور ابو؟؟؟

مجھے تم سب کی بہت یاد آرہی تھی عمیر۔۔۔

دعا نے ایک سانس میں اتنے سارے سوال کیے تھے۔۔۔۔

آپی اپکی کمی کو اب تک ہم بھی پورا نہیں کر پائے۔۔۔اپ کے جانے کے بعد سب کچھ ھی بدل گیا ھے۔۔۔۔۔

اب اس گھر میں کوئی ھنستا ھی نہیں۔۔۔۔۔

خیر اپ یہ سب چھوڑیں۔۔۔مجھے سن کر بہت اچھا لگا کہ اپ اور معراج بھائی ہنی مون پر جا رہے ھیں۔۔۔۔۔

عمیر نے خوشی کا اظہار کیا تھا جو دعا کا زارہ اچھا نا لگا تھا۔۔۔۔

تمھیں کس نے بتایا۔۔۔؟؟؟؟اور ہاں

عمیر ھنی مون نہیں ھے یہ بس بلاج بھائی کے ساتھ ایک چھوٹا سا سفر ھے میرا تو دل نہیں چھا رہا

۔۔۔۔

دعا نے اپنے بھائی کو اپنے دل کی بات باتی تھی۔۔۔

مجھے معراج بھائی نے کہا تھا کہ اپ لوگ جا رہے ھیں۔۔۔۔ عمیر نے بتایا۔۔۔

اچھا پر میرا دل نہیں ھے عمیر بلکل!!! دعا نے بے دلی سے کہا۔۔۔

ارے اپی کیا ھوگیا اپ کو؟؟

جانا چھائے اپکو۔۔۔

عمیر نے فورس کیا تھا۔۔۔

تم وہ سب چھوڑو مجھے ابو کے بارے میں بتاو عمیر؟؟؟

اپی ابو بھی ٹھیک ھوجائیں گے اپ فکر نا کریں۔۔۔۔

انشاء اللہ کچھ وقت کی بات۔۔۔۔ ابو اپ سے زیادہ ناراض نہیں رہے سکتے اور جب ابو کو یہ پتا لگے گا

کہ اپ معراج بھائی کہ ساتھ اتنی خوش ھیں تو وہ خود با خود ٹھیک ھوجائیں گے۔۔۔۔

عمیر نے اتنی آسانی سے بول دیا تھا کہ معراج کے ساتھ دعا خوش ھے۔۔۔

دعا کے دل میں ایا کے وہ عمیر کو چیخ چیخ کر بتائے کہ وہ خوش نہیں ھے عمیر!!!

پل پل مرتی ھے۔۔۔۔ دعا دل میں سوچتے ھوئے خاموش ھوگئی تھی۔۔۔۔

کیا ھوا اپی اپ سن رہی ھیں نا؟؟؟

عمیر کی آواز نے دعا کی سوچ توڑی تھی۔۔۔۔۔

اچھا یہ امی اور نمرہ بھی اپ سے بات کریں گی۔۔۔۔

پھر دعا اپنی ماں اور بہن سے باتوں میں لگ گئ۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆ ▪ ☆☆ ▪ ☆

معراج نے اب تک ویڈکی 98 سیگرٹ پی لی تھی۔۔۔اسکی ہمیشہ سے عادت تھی کہ جب وہ شروع ہوتا تھا تو نشے کے آخری منزل تک جاتا تھا۔۔۔۔

اج وہ اس لیے ھی نہیں پی رہا تھا کیونکہ اس کو گھر جلدی جانا تھا۔۔۔۔۔

اور وہ حد سے زیادہ نشے میں اپنے کافی حد تک ھوش کھو دیتا تھا۔۔۔

اج بھی یہ ہی ھوا تھا۔۔۔۔

معراج اس وقت اپنے تمام ھوش کھو چکا تھا اس وقت وہ نشے کی آخر منزل کو چھو رہا تھا۔۔۔۔

جہاں انسان کو اپنا اپ ھوا میں اڑتا ھوا محسوس ھوتا ھے۔۔۔۔۔

معراج کی آنکھیں مسلسل نشہ کرنے کی وجہ سے حد سے زیادہ لال ھو رہی تھی۔۔۔۔۔

ہما بھی اکر معراج کے ساتھ ھی بیٹھی تھی۔۔۔۔

اور وہ بھی اس وقت نشے کی حالت میں تھی۔۔۔

معراج !!!!!

ہما نے اپنی نشیلی آواز میں معراج کو پکارا تھا۔۔۔۔۔

بولو؟؟؟؟؟

معراج کی آواز میں بھی حد سے زیادہ نشہ تھا۔۔۔۔

مجھے تم سے کچھ بات کرنی ھے۔۔۔۔

کیا ہم دونوں ادھر چل سکتے ھیں؟؟؟؟

ہما نے ایک اور بند ھٹ کی طرف اشارہ کر کے کہا تھا۔۔۔۔

مجھے کوئی بات نہیں کرنی۔۔۔۔۔

معراج بول کر اٹھا تھا اور ھٹ سے باہر نکل کر ھوٹل کی دوسری طرف آگیا تھا۔۔۔۔

جہاں سے سمندر کا کنارہ ٹکرا رہا تھا۔۔۔

معراج اکر کھڑا ھو کر سمندر کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

ٹھنڈی ٹھنڈی ھوا اس کے منہ کو چھو رہی تھی۔۔۔۔

اس نے انکھیں بند کر کے ایک گھیری سانس اندر لی تھی۔۔۔۔۔۔

وہ اپنا ایک ہاتھ پینٹ کی جیب میں ڈال کر کھڑا تھا اور دوسرا ہاتھ ھٹ کی چھوٹی سی دیور پر رکھا تھا۔۔۔۔۔

معراج انکھیں بند کر کے سکون تلاش کر رہا تھا۔۔۔

وہ سکون کا ترسا ھوا۔۔۔۔ تھا۔۔۔

جب ھی اسکو محسوس ھوا تھا کہ کوئی نرم ہاتھ اسکے بازو سے ھوتے ھوئے اپ اس کے ہاتھ پر اپنا ہاتھ پھیر رہا تھا۔۔۔

معراج نے فورن اپنی انکھیں کھولی تھی۔۔۔۔ تو سامنے ہما کھڑی تھی۔۔۔۔

معراج ابھی کچھ بولتا اسے پہلے ہما معراج کے بے حد قریب اکر کھڑی ھوگئ تھی۔۔۔۔

وہ اس وقت معراج کے بلکل روبارو کھڑی اپنے تمام فاصلے ترک کر چکی تھی۔۔۔۔۔

معراج جو اس وقت حد سے زیادہ نشے کی کفیت میں تھا ایک دم اس سب کے لیے تیار نا تھا۔۔۔۔۔

معراج نے اپنی نشے سے دھوت ھوتی انکھوں سے ہما کو دیکھ کر نشیلی آواز میں کہا

ہما!!!!

اشششش!!!!!!!!

ہما نے معراج کے لبوں پر انگلی رکھی تھی۔۔ اور اب اپنے ہاتھ معراج کے چہرے پر رکھے تھے۔۔۔ اور اپنی انکھیں بند کی تھی۔۔۔۔

ہما کے لیے یہ بات کوئ خاص بات نا تھی۔۔۔ وہ جس سرکل میں رہتی تھی وہاں یہ ہی ھوتا تھا۔۔۔ لڑکیاں لڑکے نشے میں دھوت ھو کر اپنی پاکیزگی کو اپنے ہاتھوں سے اگ لگاتے تھے۔۔۔۔۔

لڑکیاں خود اپنی حیا کا جنازہ نکلتی تھی۔۔۔۔۔ اور لڑکے ان کی اس حرکت سے فائدہ اٹھاتے تھے۔۔۔ معراج بھی انھی لڑکوں میں سا تھا۔۔۔۔۔۔ اس لیے ہما کو یہ حرکت کرنے میں کوئ روکاوٹ پیش نا ائ تھی۔۔۔۔۔

وہ بس معراج کو حاصل کرنا چھاتی تھی۔۔۔۔ اور اسکو حاصل کرنے کے لیے کوئ بھی حد پار کرنے کو تیار تھی۔۔۔۔

ہما نے اپنی انکھیں بند کر کے معراج کے چہرے کو اپنے دونوں ہاتھوں سے تھما تھا معراج جو اس سب کو سمجھ نا پایا تھا اور نشے میں تھا اس لیے اپنے اپ کو دھیرے دھیرے ہما کے حوالے کر رہا تھا۔۔۔۔۔

معراج کو ہما اپنے مزید پاس آتی دیکھائی دی تو معراج نے بھی آنکھیں بند کر لی!!!!!!

لیکن انکھیں بند کرتے ھی اسکی آنکھوں کے سامنے ایک پاکیزہ وجود آیا تھا۔۔۔۔۔۔

جو اس کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

دعا نے عمیر اور نمرہ وعیرہ سے کوئی دو گھنٹے بات کی تھی۔۔۔۔ اور اب وہ خاصی مطمئن اور پر سکون تھی۔۔۔۔۔

دعا نے جب گھڑی پر نظر ڈالی تو گھڑی میں رات کے دو بج رہے تھے۔۔۔۔۔۔ دعا اٹھی اور اکر dressingtable کے سامنے کھڑی ھو کر اپنے بالوں میں برش پھیرنے لگی۔۔۔۔۔۔۔

عجیب انسان ھے یہ۔۔۔۔

مجھے سمجھ نہیں اتا بلکل بھی۔۔۔۔۔

عمیر سے بات کی بعد دعا کے دل میں معراج کے لیے اچھائی کی ایک چھوٹی سی کرن ابھری تھی۔۔۔۔۔

چلو کچھ تو اچھا ھے اس میں۔۔۔۔۔!!!

دعا نے دل میں سوچا۔۔۔۔

اور پھر اپنے بالوں کی پونی باندھ کر اپنی جگہ پر آگئ سونے۔۔۔۔۔

لائٹس اف کر کے جب وہ لیٹی تو اس کو ایک دم ہی محسوس ھوا تھا جیسے کچھ غلط ھونے جا رہا ھے۔۔۔۔

پتا نہیں اب تک کیوں نہیں ائے یہ موصوف؟؟؟

دعا کہ منہ سے ایک دم ھی نکلا تھا۔۔۔ اپنے گھر والوں سے بات کرنے کے بعد اسکا موڈ خاصا اچھا ھوا تھا۔۔۔

دعا نے اپنی گھبراہٹ کے بعد سوچا۔۔۔۔

اور پھر لیٹ کر کافی دیر معراج کے متعلق سوچنے لگی۔۔۔۔

وہ سوچنا نہیں چھاتی تھی پر سوچ بار بار وہی جا رہی تھی۔۔ کبھی کبھی انسان کی سوچ اس کے بلکل مختلیف چلتی ھے۔۔۔ اور انسان مجبور ھو کر وہی سوچنے لگتا ھے جو وہ نہیں سوچنا چھاتا۔۔

www.urdunovelsmania.com

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

معراج کی انکھیں بند ھوتے ھی اسکو ایک پاکیزہ وجود نظر ایا تھا۔۔۔۔۔

وہ پاکیزہ وجود جو اللہ نے اس کے لیے حلال بنایا تھا۔۔۔۔

جو حد سے زیادہ پاک تھا۔۔۔

معراج نے ایک پل میں ھی انکھیں کھول لی تھی۔۔۔۔

ہما کی انکھیں بند تھیں اور بس وہ ایک غلط قدم اٹھانے جا ہی رہی تھی۔۔۔

کہ معراج نے ایک زوردار جھٹکے سے ہما کو۔پیچھے ڈھکیلا تھا۔۔۔۔۔

ہما نے خود کو گیرتے گیرتے سنبھالا تھا۔۔۔۔

معراج؟؟؟؟؟

ہما کو حیرت کا شدید جھٹکا لگا تھا اور اسکا سارہ کا سارہ نشہ چھومنتر ھوگیا تھا۔۔۔۔۔

ھوش میں ھو تم؟؟؟؟؟

تمھاری ہمت کیسے ھوئی یہ گھٹیا حرکت کرنے کی؟؟؟

معراج پوری قوت سے چیخ رہا تھا۔۔۔۔

ہما کے لیے معراج کا یہ روپ بلکل نیا تھا۔۔۔

وہ پھٹی پھٹی نگاہ سے معراج کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔

وہ سمجھتی تھی کہ معراج کو حاصل کرنے کا صرف ایک یہ ہی طریقہ ھے۔۔۔۔۔

معراج یہ سب پہلی بار تو نہیں ھو رہا!!!

ہما نے ڈھٹائی سے کہا تھا۔۔۔۔

پہلے میں شادی شدہ نہیں تھا۔۔۔۔۔اب میں شادی شدہ ھوں۔۔۔

معراج نے غصے سے کہا تھا۔۔۔۔

میں جانتی ھوں اچھی طرح جو شادی تم نے کی ھے۔۔۔۔۔

تمھارے لیے یہ کوئی بڑی بات نہیں ھے معراج۔۔۔۔

کیا ھوا تم مجھ سے کیسی بات پر خفا ھو کیا؟؟؟

ہما ایک بار پھر معراج کے پاس اکر پوچھ رہی تھی۔۔۔

میں تم سے کیوں خفا ھوں گا؟؟؟؟؟

تم پاگل ھو ہما۔۔۔۔۔

تمھیں شرم انی چاھیئے میں کسی اور کا شوہر ھوں اب۔۔۔۔

معراج خود نہیں جانتا تھا وہ یہ سب کیوں بول رہا تھا۔۔۔۔

اہ شوہر؟؟؟

تو تم دعا کے لیے یہ سب۔۔۔۔وہ تو گھر ھے اسکو کیا پتہ اس سب کا؟؟؟

ابھی تو مزے کا وقت ھے معراج۔۔۔۔۔۔!!!

اور کس شادی کی بات کر رہے ھو تم معراج؟؟؟؟

کس شادی کی؟؟؟

وہ شادی جس کا کوئی وجود نہیں؟؟؟

وہ شادی جس میں اب تمھاری بیوی نے تمھیں تمھارے شوہر ھونے کے حق نہیں دیے؟؟؟

اب تک اسنے تمھیں اپنا شوہر نہیں مانا تو کس طرح کی شادی ھے یہ تمھاری؟؟؟

میں جانتی ھوں دعا تمھیں وہ سکون کبھی نہیں دے سکتی جو سکون میں تمھیں دے سکتی ھوں۔۔۔۔

معراج۔۔۔۔۔۔۔۔۔

www.urdunovelsmania.com

دعا اور میرا کیا مقابلہ دعا تو میرے پیر کی !!!!

ہما کے سر پر عجب جنون سوار تھا۔۔۔۔ وہ ایک بار پھر بولتے بولتے معراج کا ہاتھ تھامنے ہی لگی تھی۔۔۔

کہ معراج نے پوری طاقت سے ایک زوردار جھٹکا ہما کو دیا تھا۔۔۔

اور اب کے ہما جا کر سیدھا زمیں پر گیری تھی۔۔۔۔

دعا کے بارے میں اپنے گندے منہ سے ایک لفظ اور نکالا تو جان سے مار دوں گا۔۔۔۔

دعا اور تمھارا کیا مقابلہ ٹھیک کہا تم نے۔۔۔۔

دعا ایک پاکیزہ لڑکی ھے۔۔۔۔۔ جو اپنی حیا کو چھپانا جانتی ھے۔۔۔۔

اور تم ایک بے حیا لڑکی کو جو اپنی حیا کو خود گیر مردوں کے سامنے پیش کرتی ھو۔۔۔۔۔۔

تمھیں کیا لگتا ھے مرد صرف اس چیز پر مرتا ھے ؟؟؟؟؟

لعنت بھیجتا ھوں میں تم پر ہما۔۔۔۔۔

لعنت !!!

میری دعا ایک پاک صاف لڑکی ھے۔۔۔۔۔۔ اس کو اج کے بعد اپنے اپ نے مت ملانا ورنہ تمھارے حلق سے زبان کھینچ لوں گا۔۔۔۔۔۔

معراج نے انگلی اٹھا کر ہما کو warn کیا تھا۔۔۔۔۔

اور تیزی سے ہٹ سے باہر نکل گیا تھا۔۔۔۔

ہما وہی زمیں پر بیٹھی حد سے زیادہ غصے اور جنون کی کفیت میں تھی۔۔۔۔

تم نے میرے ساتھ اچھا نہیں کیا معراج۔۔۔۔

تم نے ہما حسن کے ساتھ اچھا نہیں کیا۔۔۔۔

دیکھتی ھوں اب میں بھی کب تک۔ ٹکتی ھے تمھاری دعا کی پاکیزگی۔۔۔۔۔۔!!!!!

ہما نے کھڑے ھوکر جنون سی کیفیت میں کہا تھا۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆ ▪ ▪ ▪ ▪ ▪ ☆☆☆☆☆☆☆

معراج کو حیرت ھورہی تھی کہ اسکو اخر ھو کیا گیا ھے۔۔۔۔۔۔

اخر یہ لڑکی میری سماعت میں کیوں چھپ گئی ھے۔۔۔۔۔

معراج اس وقت کچھ عجیب و غیر یب کیفیت میں تھا۔۔۔۔

اسکو ہما کا وہ جملہ اندر تک جا کر لگا تھا۔۔۔۔۔

تمھاری دعا تمھیں وہ سکون کبھی نہیں دے سکتی جو میں دے سکتی ھوں۔۔۔۔

اس نے زور سے غصے میں car کے staring پر ہاتھ مارا تھا۔۔۔۔

اج میں دعا سے زبردستی اپنے تمام حقوق لوں گا۔۔۔۔

معراج نے اپنے زہن میں سوچ لیا تھا اور تیز رفتاری سے گاڑی بھگاتا ھوا جہانگیر مینشن پھنچا تھا۔۔۔۔۔

گاڑی کھڑی کر کے وہ سیدھا اپنے کمرے کی طرف بڑھا تھا۔۔۔۔

کمرے میں داخل ہوا تو کمرے کی تمام لائٹس آف تھی۔۔۔۔

بس دعا کا sidetable کا lamp کھولا تھا۔۔۔

دعا بیڈ پر سوئی ہوئی تھی۔۔۔۔

معراج دھیرے دھیرے قدم بڑھاتا دعا کے پاس پہنچا تھا۔۔۔۔۔۔۔

اور!!!!!!!!!

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

کمرے میں داخل ہوا تو کمرے کی تمام لائٹس آف تھی۔۔۔۔بس دعا کا sidetable کا lamp کھولا تھا۔۔۔

دعا بیڈ پر سوئی ہوئی تھی۔۔۔۔

معراج دھیرے دھیرے قدم بڑھاتا دعا کے پاس پہنچا تھا۔۔۔۔۔۔۔

اور ایک نظر دعا پر ڈالی تھی۔۔۔۔

مدھم روشنی میں دعا کا سفید چہرہ مزید چمک رہا تھا۔۔۔۔

اور وہ بلکل بے خبر سو رہی تھی۔۔۔

اس کی حسین رلفیں اڑاڑ کر اس کے منہ پر آرہی تھی۔۔۔۔۔

معراج دو پل کھڑا اپنی نشیلی انکھوں سے دعا کو دیکھتا رہا۔۔۔۔۔

دعا کا حسن گھائل کرنے والا تھا اور اس وقت سوتے ہوئے معراج کو یہ لڑکی دنیا کی حسین ترین لڑکی دیکھائی دے رہی تھی۔۔۔۔

معراج کا دل زور زور سے ڈھڑک رہا تھا۔۔۔

معراج تھوڑی دیر کھڑا دعا کو دیکھتا رہا۔۔۔۔

پھر دوبارہ اس کے زہن میں ہما کے وہ الفاظ گونجے تھے۔۔۔

وہ بیوی جس نے تمھیں اب تک تمھارے حق تک نہیں دیے؟؟

تمھیں جو سکون میں دے سکتی ھوں۔۔

وہ دعا نہیں دے سکتی۔۔۔۔۔

ہما کی بات زہن میں اتے ھی معراج کا دماغ خراب ھوا تھا۔۔۔۔

اور وہ جھک کر دعا کی چادر ھٹانے ہی لگا تھا۔۔۔۔

کہ دعا نے ایک دم کروٹ بدل لی تھی۔۔۔۔

معراج کو ایک دم دعا کی آواز اتی محسوس ھوئی تھی۔۔۔۔

جو بول رہی تھی۔۔۔

تم اپنی حوس پوری کر لو گے لیکن میری روح ہمیشہ تم سے نفرت کرے گی۔۔۔

تم نے جس دن اپنے حق زبردستی لینے کی کوشش کی اس دن میں اپنی جان لے لوں گی۔۔۔

معراج ایک گھیری سانس لے کر پیچھے ھوا تھا۔۔۔۔۔۔

افففف یہ میں کیا کر رہا ھوں۔۔۔؟؟؟

کیا ھوگیا ھے مجھے۔۔۔۔۔۔؟؟؟؟

معراج نے خود سے پوچھا تھا۔۔۔

اور اکر صوفے پر لیٹ گیا تھا۔۔۔

اس وقت معراج حد سے زیادہ ٹھکا ھوا تھا۔۔۔

یہ تھکن صرف جسمانی نہیں تھی یہ تھکن روح کہ تھکن تھی۔۔۔۔

معراج اس وقت ایک سکون کی جگہ چھاتا تھا۔۔۔۔۔۔

معراج کا اس وقت دل کر رہا تھا کہ وہ پھوٹ پھوٹ کر چھوٹے سے بچے کی طرح روئے۔۔۔۔۔۔

معراج کی انکھیں ایک دم ھی بھیگی تھی۔۔۔۔

اور اس کو عجیب سا خوف محسوس ھوا تھا۔۔۔۔

وہ صوفے سے اٹھ کر دعا کے برابر میں اکر خاموشی سے لیٹ گیا تھا۔۔۔۔۔۔

دعا کی نیند کافی پکی تھی شروع سے اس لیے اس کو حساس نا ھوا تھا۔۔۔۔۔

دعا معراج کی ہی طرف رخ کر کے بے خبر سوئی ھوئی تھی۔۔۔۔۔۔

معراج دو پل دعا کو دیکھتا رہا۔۔۔۔۔

وہ دعا کے حد سے زیادہ پاس لیٹا تھا۔۔۔۔

معراج کو دعا کی سانسیں محسوس ھو رہی تھی۔۔۔

دعا کی خوشبو اج پہلی بار معراج نے محسوس کی تھی۔۔۔۔ اور یہ خوشبو اس کو ایک روحانی سکون بخش رہی تھی۔۔۔

وہ ایک ٹک دعا کو دیکھا جا رہا تھا۔۔۔۔۔

کتنا نورانی چہرہ تھا دعا کا۔۔۔۔

کتنی پاک تھی وہ۔۔۔۔۔

اور اللہ نے یہ پاک چیز اس کو نصیب کی تھی۔۔۔

لیکن وہ پاک وجود اس سے حد سے زیادہ نفرت کرتا تھا۔۔۔

اچانک اس کی انکھوں سے انسو گیرنے لگے تھے۔۔۔۔۔

اس کو ایک عجیب سا سکون سا محسوس ہو رہا تھا

دعا!!!!!

معراج نے انتہائ بے بسی کے عالم میں دعا کو پکارا تھا۔۔۔۔۔!!!!

دعا!!!!

مجھے تمھاری بہت ضرورت ھے۔۔۔۔

میں اندر سے بہت اکیلا ھوں دعا۔۔۔۔۔

پلیز تم تو مجھے سمجھو نا۔۔۔۔۔

مجھے کوئ نہیں سمجھتا پر تم تو میری ہمسفر ھو۔۔۔۔۔۔

تم تو سمجھو مجھے۔۔۔۔۔

مجھے ہر ایک چھوڑ کر چلا جاتا ھے۔۔۔۔

پلیز تم مجھے کبھی چھوڑ کر مت جانا دعا!!!!

urdu novels mania www.urdunovelsmania.com

معراج اس وقت بچے کی طرح سوتی دعا سے منت کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔

دعا مجھے تمہاری حوس نہیں ھے۔۔۔۔۔۔

میں بہت اکیلا ھوں

بچپن سے اکیلا ھوں۔۔۔

تھک گیا ھوں اکیلے چلتے چلتے میں۔۔۔۔

معراج ہلکی آواز میں دعا کے پاس لیٹ کر ہی سب بول رہا تھا۔۔۔۔

شائید اپنے دل کا غبار نکال رہا تھا۔۔۔۔

دعا میں رونا چھاتا ھوں۔۔۔

اپنا درد کم کرنا چھاتا ھو۔۔۔۔۔

پلیز دعا مجھے سمجھو پلیز آاااااا

معراج کافی دیر دعا کے پاس اسی طرح لیٹا رہا۔۔۔۔۔

وہ دعا کو چھونا چھتا تھا پر دعا کی نیند خراب ھونے کے ڈر سے وہ بلکل ساخت لیٹا دعا کو تک رہا تھا۔۔۔۔

اگر دعا اٹھ جاتی تو ایک پل میں اٹھ کر اس سے دور چلی جاتی اور معراج اسکی قربت سے دور ھوجاتا۔۔۔۔۔

اس لیے وہ پوری رات اس طرح ساخت لیٹا دعا کو دہکھتا رہا۔۔۔۔

معراج کو حد سے زیادہ سکون ملا تھا۔۔۔۔۔

وہ سکون جو وہ ڈھونڈ رہا تھا وہ تھوڑا سا سکون معراج کو دعا کی خوشبو میں ملا تھا۔۔۔

اسنے پوری رات دعا کو دیکھ کر گزاری تھی۔۔۔۔

دعا کی ایک ایک ادا ایک ایک حرکت معراج نے اپنے دل میں اترتی محسوس کی تھی۔۔۔۔۔

اور صبح ہوتے ہی وہ اٹھ کر اکر اپنی جگہ پر لیٹ گیا تھا اور کچھ پل میں ہی سو گیا تھا۔۔۔۔۔۔

یہ کیفیت کیوں تھی اس سوال کا جواب معراج کے پاس تھا لیکن وہ خود نہیں جانتا تھا کہ وہ اس سوال کے جواب سے واقف ہے۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

دعا کی جب انکھ کھلی تو صبح کے 10 بجے تھے۔۔۔۔۔۔

اس کو نیند سے جاگنے کے بعد محسوس ہوا جیسے اس کے برابر والی جگہ پر کوئی سویا ہوا تھا۔۔۔۔اس نے اٹھ کر دیکھا تو کوئی نا تھا۔۔۔

اور معراج سامنے صوفے پر بے سد سو رہا تھا۔۔۔۔۔

دعا خاموشی سے اٹھی تھی اور اپنے کپڑے الماری سے نکالے تھے۔۔۔۔

باتھ روم میں جاتے جاتے اسکی نظر سوتے معراج پر پڑی تو وہ اسی طرح جوتے سمیت سو رہا تھا۔۔۔۔۔

وہ سمجھ چکی تھی کہ پارٹی سے معراج کس حالت میں ایا ہوگا۔۔۔۔۔۔

افففففف!!!

دعا کے قدم معراج کی طرف موڑے تھے۔۔۔۔۔

اسنے معراج کے پاس اکر معراج کی چادر ٹھیک کی تھی۔۔۔اور معراج کے پاوں سے اس کے جوتے اتارے تھے۔۔۔۔

عجیب انسان ھے یہ۔۔۔۔

پوری رات اپنے دوستوں کے ساتھ نشے کرتے ھیں اور دن میں گدھے گھوڑے بیچ کے سوتے ھیں ۔۔۔

دعا نے معراج کے پاوں سے جوتے اتار کر سائیڈ میں رکھے تھے۔۔۔اور اب کھڑے ھو کر اسکو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔

اخر اللہ نے یہ چیز کیا پیدا کی ھے؟؟؟؟

دنیا میں اگر 8واں عجوبہ کون ھے مجھ سے پوچھا جاتا تو میں یقینن اسکا نام لیتی۔۔۔۔۔

خیر چھوڑو۔۔۔۔

دعا نے معراج پر ایک نظر ڈالی اور باتھ روم کی طرف بڑھ گئ۔۔۔۔۔

باتھ روم سے جب وہ نھا دھو کر نکلی تو تیار ھو کر فورن ھی نیچے آگئ تھی۔۔۔۔

رملا کے ساتھ دعا کو وقت گزارنا اچھا لگتا تھا۔۔۔۔۔۔

دعا نیچے ائ تو روحان اور علیان بھاگتے ھوئے اسکے پاس ائے تھے۔۔۔۔

چاچی اٹھ گئ۔۔۔۔۔

دعا نے باری باری دونوں کو چوما تھا۔۔۔۔

پھر رملا کو اکر سلام کیا تھا۔۔۔۔

اسلام علیکم !!!

و علیکم اسلام کیا حال ھے دعا؟؟؟

رملا نے خوشی سے پوچھا تھا۔۔۔

ٹھیک ھوں۔۔۔۔

اپ کیسی ھیں بھابی؟؟

میں بھی ٹھیک ھوں دعا۔۔۔۔

ابھی دعا اور رملا کھڑی باتیں ھی کر رہی تھی کہ لاونج میں بلاج اور بریرہ بیگم داخل ھوئے تھے۔۔۔۔

ارے دعا اٹھ گئی کیسی ھو؟؟؟

بیٹا؟؟

بریرہ بیگم نے پیار سے دعا کے سر پر ہاتھ پھیرا تھا۔۔۔۔

میں ٹھیک ھوں !!!

دعا نے مسکرا کر جواب دیا تھا۔۔۔۔

دعا معراج کہاں ھے؟؟؟

اب کے بلاج نے سوال کیا تھا۔۔۔۔

وہ سو رہے ھیں۔۔۔۔ دعا نے مختصر سا جواب دیا۔۔۔۔

urdu novels mania www.urdunovelsmania.com

لو موصوف ابھی تک سو رہے ھیں۔۔۔۔ وہ دراصل ہماری فلائٹ جلدی ھوگئ ھے۔۔۔ ہمیں یہاں سے ائرپورٹ کے لیے 7 بجے تک نکلنا ھے۔۔۔۔۔

اور ابھی 12 بجنے والے ھے۔۔۔

تم ایک کام کرو جا کر معراج کو اٹھا لو ھوسکتا ھے جانے سے پہلے اسکو اپنے کچھ کام نمٹانے ھو۔۔۔۔ بلاج نے کرسی پر جگہ سنبھالتے ھوئے دعا کو پوری بات بتائی۔۔۔۔

اچھا۔۔۔۔۔!!!

دعا نے مختصر سا جواب دیا۔۔۔۔

معراج کو اٹھانے کے نام پر دعا کا چہرہ سفید ھوا تھا۔۔۔ جسکو رملا نے محسوس کیا تھا۔۔۔

ہاں جاو دعا تم معراج کو اٹھا دو۔۔۔۔

رملا نے اپنی ھنسی دبا کر کہا تھا۔۔۔۔

میں کیسے آاا

دعا کو سمجھ نا آیا کہ وہ کیا بھانا کرے۔۔۔۔۔

کیا مطلب میں کیسے بیوی ھو تم اسکی

رملا نے فورن کہا۔۔۔

اچھا جاتی ھوں!!!!

دعا کوئ بھانہ تلاش کر رہی تھی۔۔۔ جب ھی بلاج نے کہا۔۔۔ جاتی نہیں ھوں بھابی صاحبہ اپ فورن جائیں۔۔۔۔۔۔ بلاج بھی دعا کی گھبراہٹ سے لطف اٹھا رہا تھا۔۔۔۔

بریرہ بیگم کچھ بولنے والی تھی جب ہی رملا نے انکھیں دیکھا کر انکو چپ رہنے کو کہا تھا۔۔۔۔۔

بریرہ بیگم خاموش ہوگئ تھی۔۔۔۔۔

دعا مرے قدم سے چلتی واپس اپنے کمرے کی طرف بڑھی تھی۔۔۔۔

دعا کے جانے کے بعد بریرہ بیگم نے فورن رملا سے کہا۔۔۔۔

لیکن رملا تمھیں پتا تو ھے معراج کو کوئ کچی نیند سے اٹھائے تو وہ کیا کرتا ھے اور تم نے دعا کو بھیج دیا۔۔۔۔۔

ماما یہ ہی تو دیکھنا ھے۔۔۔جناب اپنی بیگم سے بھی ایسے پیش اتے ھیں یا۔۔۔۔۔

رملا اپنی بات ادھوری چھوڑ کر ھنسی تھی اور بلاج کو دیکھا تھا۔۔۔۔

بلاج اور رملا معراج اور دعا کی دوری کو سمجھ چکے تھے اور اب دونوں معراج اور دعا کو پاس لانا چھاتے تھے۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

urdu novels mania
www.urdunovelsmania.com

دعا کمرے میں داخل ھوئ تو معراج بے سد پڑا سو رہا تھا۔۔۔۔۔۔

پہلے اسکو سمجھ نا آیا کہ وہ معراج کو کیسے جگائے۔۔۔۔۔

دعا معراج کے پاس جا کر صوفے کے قریب کھڑی ھوئ۔۔۔۔

اور معراج کو آواز دی۔۔

۔سنیں۔۔۔۔۔۔!!!!!

معراج جس طرح سو رہا تھا اسی طرح سوتا رہا۔۔۔۔۔

سنیں !!!!!

دعا نے اب تھوڑی اونچی آواز میں کہا تھا۔۔۔۔۔۔

تب بھی معراج پر کوئی اثر نا ہوا تھا۔۔۔ افففف کوئی اتنی پکی نیند بھی سوتا ہے کیا۔۔۔

۔ دعا کو کوفت ہوئی تھی۔۔۔۔۔ وہ معراج کو چھونا نہیں چاہتی تھی۔۔۔۔۔

اس لیے اپنا موبئل اٹھا کر اس نے رینگ ٹون لگا کر معراج کے کان کے پاس فون رکھ دیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

اور رینگ ٹون بجتے ہی معراج ایک دم اٹھ کر بیٹھا تھا۔۔۔۔ معراج کی پشت دعا کی طرف تھی۔۔۔۔

دعا کو ایک دم اس کے اسطرح اچانک اٹھنے پر بے ساختہ ہنسی آئی تھی۔۔۔۔

وہ ابھی مسکرا رہی تھی کہ معراج نے پلٹ کر اپنی نیند بھری انکھوں سے اسکو دیکھا تھا۔۔۔۔ اور اٹھ کر اسکی طرف بڑھا تھا۔۔۔۔

دعا کی ہنسی ایک دم ہی چھو منتر ہو گئی تھی۔۔۔۔

معراج چلتا ہوا دعا کی طرف آرہا تھا اور دعا پیچھے ترپیچھے ہوئے جا رہی تھی۔۔۔ لیکن معراج رو کنے کا نام نہیں لے رہا تھا۔۔۔۔

دعا پیچھے ہوتے ہوتے اب الماری سے جا کر لگی تھی۔۔۔۔

اور معراج اکر دعا کے بلکل مقابل کھڑا ہوا تھا۔۔۔۔

معراج کی انکھیں نیند کی وجہ سے لال ھورہی تھی۔۔بال بکھرے ھوئے تھے۔۔۔۔دعا کو پتا نہیں کیوں اسکی انکھوں سے خوف محسوس ھوا۔۔۔

دعا نے سائیڈ سے نکلنے کی کوشش کی تو معراج نے ہاتھ رکھ کر اسکا راستہ روکا۔۔۔۔

اور خود دعا کے سامنے اس طرح کھڑا تھا کہ دعا کے جانے کے تمام راستے بند تھے۔۔۔۔

تمھیں نہیں پتا مجھے اس گھر میں کوئ کچی نیند سے اٹھائے تو میں کیا کرتا ھوں؟؟؟

معراج نے نیند سے بھرپور روب دار آواز میں کہا۔۔۔۔۔

دعا معراج کی اس قدر قربت سے ایک دم پزل ھوئ تھی۔۔۔

وہ بھابی نے!!!!

مجھے کچی نیند میں اٹھنے سے سخت نفرت ھے۔۔۔۔۔۔معراج نے دعا کی گھبراہٹ محسوس کی تھی۔۔۔۔۔

بولو کیوں اٹھایا۔۔۔؟؟؟

معراج دعا کے بلکل پاس کھڑا کھڑا ہی پوچھ رہا تھا۔۔۔

وہ!!!!

وہ بلاج بھای!!!

دعا ادھر ادھر دیکھ کر بات کر رہی تھی۔۔۔جب معراج نے اپنے ایک ہاتھ سے دعا کا منہ اپنی طرف موڑا تھا۔۔۔۔۔۔

تو دعا کی بڑی بڑی انکھیں معراج کی انکھوں سے جا کر ٹکرائ تھی۔۔۔۔۔

اگر تمہارا میرے بغیر دل نہیں لگتا تو بول دیا کرو نا!!!

معراج نے انکھوں میں شوخی لاتے ھوئے کہا۔۔۔۔۔۔

ایسا کچھ بھی نہیں ھے۔۔۔۔ دعا نے اب اپنی گھبراہٹ پر قابو پا کر کہا۔۔۔۔

وہ بلاج بھائی نے اپکو نیچے بلایا ھے۔۔۔۔۔۔۔مجھے کوئی شوق نہیں اپکو اٹھانے کا۔۔۔۔۔ دعا نے نورمل لہجے میں کہا۔۔۔۔

ابھی معراج کچھ بولنے ھی والا تھا کہ ایک دم روحان اور علیان شور مچاتے کمرے میں داخل ھوئے تھے۔۔۔۔۔

معراج فورن دعا سے دور ھوا تھا۔۔۔

دعا کو اس وقت روحان اور علیان دو فرشتے لگے تھے۔۔۔

وہ بنا ایک پل لگائے کمرے سے باہر نکل گئی تھی۔۔۔

معراج نے ایک نظر جاتی دعا پر ڈالی تھی اسکو ایک دم کل رات یاد ائی تھی۔۔۔اس نے ایک گھیری سانس لی تھی اور پھر بچوں کے ساتھ باتوں میں لگ گیا تھا۔۔۔

میرا دل کرتا ھے ان کے سر پر کوئی چیز دے ماروں۔۔۔۔ دعا نے کمرے سے باہر آکر بڑبڑاتے انداز میں کہا اور نیچے واپس اگئی۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

معراج جب نہا دھو کر نیچے آیا تو دعا سامنے ہی لاونج میں بیٹھی تھی۔۔۔۔تمام لوگ وہاں موجود تھے۔۔۔سجل تو اج کل کسی سے بھی بات نا کرتی تھی۔۔۔۔

دعا کو معراج کے گھر والے سب ھی اچھے لگے تھے۔بس جہانگیر صاحب سے دعا کی ملاقات کم ھی ھوا کرتی تھی۔۔۔

اور سجل کے تو پر جلتے تھے دعا سے۔۔۔سجل یا تو اپنی کسی دوست کی طرف چلی جاتی یا گھر ھوتی تو اپنے کمرے میں رہتی۔۔۔۔

موصوف اٹھ گئے۔۔۔۔!!!!

۔بڑی بات ھے۔۔۔۔!!!!!!

رملا نے معراج کو دیکھ کر کہا۔۔۔

میں تو روز اٹھتا ھوں اس میں بڑی بات کیا ھے بھابی جی؟؟؟

معراج کا موڈ اج بہت خوشگوار تھا۔۔۔۔

وہ دراصل کچی نیند سے اج اپ بہت اچھے موڈ میں اٹھے ھیں نا۔۔۔اس لیے۔۔جب ہم اٹھاتے تھے تو چیخ چیخ کر پورا گھر سر پر اٹھا لیتے تھے تم۔۔۔۔

رملا نے فورن معراج کو چھیڑا تھا۔۔۔۔

اھووو بھابی!!!

اج اپ نے جو سپاہی بھیجا تھا مجھے اٹھانے بس یہ اسکا کمال ھے۔۔۔۔

معراج نے مسکرا کر کہا تھا اور ساتھ ھی دعا کو دیکھا تھا۔۔۔۔جو سن کر بھی ان سنا کر رہی تھی۔۔۔۔

اچھا جی۔۔۔۔۔۔ معراج کی اس بات پر رملا بھی ھنسی تھی۔۔۔۔۔

تھوڑی دیر سب وہاں بیٹھے باتیں کرتے رہے۔۔۔۔ جب بلاج نے معراج کو بتایا کے فلائٹ جلدی ھوگئ ھے تو معراج نے کہا پھر مجھے ایک دو کام ھیں میں وہ نمٹا لوں ساتھ ھی بول کر وہ فورن کھڑا ھوا تھا۔۔۔ اور باہر کی طرف چلا گیا تھا۔۔۔۔

کچھ پل بعد وہ اندر داخل ھوا تھا۔۔۔ اور اب دعا کو پکارا تھا۔۔۔۔۔

دعا!!!!!

چلو تیار ھو جاو ایک جگہ کام سے جانا ھے۔۔۔

میں کار میں انتیظار کر رہا ھوں۔۔۔

معراج نے دعا کو کہا اور فورن باہر نکلا گیا دعا کو یہ بھی پوچھنے نا دیا کہ وہ کہاں جا رہے ھیں۔۔۔۔۔

کچھ پل بعد ھی دعا چادر اور حجاب لے کر گاڑی میں اکر بیٹھ گئ تھی۔۔۔

معراج نے گاڑی روڈ پر نکالی تو دعا بنا پوچھے نا رہے سکی۔۔۔۔

ہم کہاں جا رہے ھیں؟؟؟؟؟

اب تمھیں بھاگا کے لے جانے کا بھی کوئ فائدہ نہیں اب میری بیوی جو بن چکی ھو۔۔۔۔

معراج نے دعا کی بات کا الٹا جواب دیا تھا۔۔۔۔

کیا اپ سیدھی بات کا سیدھا جواب کبھی نہیں دے سکتے؟؟؟

دعا نے چیڑ کر کہا۔۔۔۔۔۔

دے سکتا ھوں۔۔۔۔ پر جب میرا موڈ ھو۔۔۔۔۔

معراج نے ڈھٹائی سے کہا۔۔۔۔۔

میں اپ کے موڈکی مھوتاج نہیں ھوں۔۔۔

دعا نے فورن کہا۔۔۔

تو بس خاموش بیٹھی رہو۔۔۔۔اب تو جہاں میں وہاں تم۔۔۔۔۔!!!

معراج نے مسکرا کر دعا کو جلانے کے لیے کہا۔۔۔۔

جی نہیں۔۔۔۔۔صرف کچھ دن مسٹر صرف کچھ دن۔۔۔۔

دعا نے اپنے ضدی انداز میں کہا۔۔۔۔

چلو دیکھتے ھیں میڈم۔۔۔۔!!!!

ابھی تو گاڑی سے اترو

معراج نے گاڑی ایک resturant کے سامنے لاکر روک دی تھی۔۔۔۔۔

مجھے بھوک نہیں دعا نے فورن کہا تھا۔۔۔

میں تمھیں کھانا کھلانے آیا بھی نہیں ھوں۔۔۔۔

معراج نے دعا کو جلاتے ھوئے کہا۔

پھر کیوں ائے ھیں؟؟؟

دعا نے سوالیہ نظروں سے معراج کو دیکھا۔۔۔۔

اپنی گرل فرینڈ سے ملوانے۔۔۔۔۔

معراج نے سیریس انداز میں کہا۔۔۔

تو دعا نے ایک پل میں اس کی بات کا یقین کیا۔۔۔۔

کیا۔؟؟؟

مجھے کوئی شوق نہیں۔۔۔۔۔

دعا نے فورن کہا۔۔۔۔۔

پر مجھے تو ھے نا چلو اب اترو۔۔۔

معراج نے دعا کی طرف کا دروازہ کھولتے ھوئے کہا۔۔۔۔۔

افففف کیا مصیبت ھے میں نے کہا نا مجھے نہیں جانا کہی۔۔۔۔۔

دعا نے چیڑ کر کہا۔۔۔۔

جانا تو پڑے گا میڈم۔۔۔۔

معراج نے دعا کا ہاتھ تھام کر کہا۔۔۔۔

میں نہیں جاوں گی۔۔۔۔اپ کی دوست ھیں اپ جائیں۔۔۔۔

دعا نے اپنا ہاتھ چھڑواتے ھوئے غصے سے کہا۔۔۔۔

دوست نہیں میری جان ھے وہ۔۔۔۔۔

معراج نے ھنس کر کہا تو دعا کو پتا نہیں کیوں غصہ سا ایا تو؟؟؟

تو کیا کروں میں؟؟؟؟

ایک بار مل لو اسے یار۔۔۔وہ دیکھنا چھاتی ھے تمھیں۔۔۔ معراج نے اب پھر دعا کا ہاتھ تھاما تھا اور تیزی سے اسکو لے کر ھوٹل میں داخل ھوا تھا۔۔۔۔

مجھے کسی سے نہیں ملنا چھوڑو میرا ہاتھ۔۔۔۔!!!

افففف!

دعا اپنا ہاتھ چھڑوا رہی تھی جب معراج اسکو لے کر ایک ٹیبل پر اکر رک گیا تھا۔۔۔۔۔۔

دعا نے ایک نظر ٹیبل پر بیٹھے لوگوں پر ڈالی تو اسکو اپنی انکھوں پر یقین نا آیا۔۔۔۔

سامنے نمرہ عمیر عمر اور سمیرا بیگم تھے۔۔۔۔۔۔

معراج نے دعا کا ہاتھ چھوڑا تو دعا فورن جا کر سمیرا بیگم کے گلے سے لگ گئ تھی۔۔۔۔

اور فورن ھی رونا شروع ھوگئ تھی۔۔۔۔۔

لو جی پھر میڈم رونا شروع معراج نے دل میں سوچا تھا۔۔۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

سمیرا بیگم نمرہ عمیر عمر بہت خوش تھے کیونکہ وہ دعا سے اج پورے ایک ہفتے بعد مل رہے تھے۔۔۔۔۔۔

دعا کے چہرے پر ایک الگ طرح کی خوشی دیکھ کر معراج کے دل کو بھی سکون ھوا تھا۔۔۔۔

معراج نے کھانے کا order دیا تھا اور اب بیٹھ کر عمیر سے باتیں کر رہا تھا۔۔۔

عمیر اور معراج کی کافی حد تک دوستی ھوگئ تھی۔۔۔۔۔

آپی معراج بھائ کتنے اچھے ھیں نا جانے سے پہلے اپ کو ہم سے ملانے لے کر ائے ھیں۔۔۔۔۔

یہ معراج بھائی کا ہی سرپرائز تھا۔۔۔۔

نمرہ نے دعا کے پاس بیٹھ کر ہلکی سی آواز میں کہا۔۔۔۔۔۔

دعا خاموش رہی اور ایک نظر معراج پر ڈالی جو عمیر سے بات کر کے کسی بات پر ھنس رہا تھا۔۔۔۔۔ اور اس وقت بہت حسین لگ رہا تھا۔۔۔۔

اپی وہ دیکھیں۔۔۔۔۔ لڑکیاں کس طرح معراج بھائی کو دیکھ رہی ھیں۔۔۔۔۔

لڑکیاں مرتی ھیں معراج بھائی پر اپ واقعی بھائی بہت ھینڈسم ھیں !!!!!

نمرہ نے دعا کو ساتھ والی ٹیبل پر بیٹھی لڑکیوں کی ٹیبل کی طرف اشارہ کر کہا۔۔۔۔۔

دعا نے جب نظر ادھر گھمائی تو واقعی لڑکیاں معراج کو دیکھ کر کر اپس میں باتیں کر رہی تھی۔۔۔

دعا کو عجیب سا محسوس ھوا۔۔۔۔۔ تھا۔۔۔۔۔

جب لڑکیوں کی نظر دعا پر پڑی تو دعا نے نجانے کیوں ان لڑکیوں کو گھور کر غصے سے دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔

لیکن وہ چپ رہی۔۔۔۔۔

اس کی گھوری سے اتنا ضرور ھوا تھا کہ وہ لڑکیاں سمجھ چکی تھی کہ یہ محترمہ اس کی بیوی ھے۔۔۔

تھوڑی ہی دیر بعد کھانا آگیا تھا۔۔۔۔۔

دعا نے محسوس کیا تھا کہ سمیرا بیگم بھی معراج کو بہت پسند کرتی ھیں۔۔ اور سب سے زیارہ دعا کو حیرت تب ھوئی تھی۔۔۔۔

جب معراج سمیرا بیگم کو بار بار امی کہہ کر پکارتا اور کھانا آفر کرتا۔۔۔۔۔۔

معراج تو اپنی سگی ماں کو امی نہیں کہتا تھا تو پھر؟؟؟

سمیرا بیگم کو کیوں ؟؟

دعا ایک گھیری سوچ میں تھی اور معرج کو دیکھ رہی تھی خو سمیرا بیگم کو بول رہا تھا۔۔۔

امی اپ یہ لے لیں۔۔۔۔۔۔

وہ دعا کے گھر والوں کا خیال دعا سے زیادہ رکھ رہا تھا۔۔۔۔۔

کبھی عمیر سے ھنسی مزاق کرتا تو کبھی نمرہ اور عمر کو چھیڑتا۔۔۔۔۔۔

کبھیٔ سمیرا بیگم سے باتیں کرتا تو کبھی دعا کو دیکھ کر مسکراتا۔۔۔۔۔

مجھے سمجھ نہیں آتا اس انسان کے کتنے روپ ھیں۔۔۔۔اور کونسا روپ اسکا اصلی روپ ھے۔۔۔۔

کس روپ پر یقین کروا اور کس روپ پر یقین نا کروں۔۔۔۔

مجھے کیوں اسکی کا ہر عمل بناوٹی لگتا ھے۔۔۔۔۔

دعا نے دل میں سوچا۔۔۔۔۔

کیا ھوا دعا ؟؟؟

معراج نے دعا کو سچوں میں گم دیکھا تو پوچھا۔۔۔

کچھ نہیں۔۔۔۔

دعا نے مختصر سا جواب دیا۔۔۔

کھانا وغیرہ کھانے کے بعد کچھ دیر وہ لوگ بیٹھ کر باتیں کرتے رہے۔۔۔۔دعا کا دل بار بار احمد صاحب کو یاد کر رہا تھا۔۔۔۔اس نے سمیرا بیگم سے بھی احمد صاحب کا پوچھا تو سمیرا بیگم نے کوئ جواب نا دیا تھا۔۔۔۔

چلو دعا کافی دیر ہوگئ ہے ؟؟

معراج نے گھڑی میں دیکھ کر کہا۔ 3 بج گئے ہیں۔۔۔۔اب ہمیں چلنا چاہئے۔۔۔۔۔

دعا کا دل بلکل نہیں چاہ رہا تھا۔۔۔لیکن اب وہ لوگ اس کے لیے پرائے ہو چکے تھے۔۔۔۔۔۔

دعا بنا کچھ بولے خاموشی سے اٹھ گئ تھی۔۔۔۔

اچھا عمیر ہم چلتے ہیں بس تھوڑا ہی وقت رہے گیا ہے۔۔۔۔

جی بھای ضرور۔۔

بہت بہت شکریہ معراج بھائ !!!!!!

عمیر نے معراج کے گلے لگتے ہوئے کہا۔۔۔۔۔

بھائ بھی بول رہے ہو شرمندہ بھی کر رہے ہو۔۔۔

معراج نے ہنس کر کہا۔۔۔

پھر سمیرا بیگم نمرہ اور عمر سے مل کر دعا کی طرف پلٹا میں گاڑی میں انتیظار کر رہا ہوں تم مل کر آجاوں۔۔۔۔

دعا کو بول کر وہ فورن ہوٹل سے نکل گیا تھا۔۔۔۔

دعا !!!!!!

سمیرا بیگم نے دعا کو پکارا تھا۔۔۔۔۔

جی ؟؟؟

دعا نے سمیرا بیگم کا ہاتھ تھام کر کہا۔۔۔۔

urdu novelsmania www.urdunovelsmania.com

دعا مجھے تمہارے انتخاب پر بہت فکر ہے۔۔۔۔ امید کرتی ہوں کہ جلدی تمہارے ابو بھی یہ ہی بولیں گے۔۔۔ معراج بہت اچھا لڑکا ہے بس مجھے لگتا ہے یہ تھوڑا ضدی ہے پر دل کا برا نہیں ہے دعا۔۔۔۔۔

سمیرا بیگم کی بات پر دعا خاموش رہی۔۔۔۔۔

چلو اب تم جاو اور صفر پر معراج کا اور اپنا بہت خیال رکھنا۔۔۔۔ اور معراج کا کسی صورت ساتھ مت چھوڑنا۔۔۔۔۔۔۔

سمیرا بیگم نے بہت گھیری بات کی تھی۔۔۔

ہم اچھا!!!

دعا نے مختصر سا جواب دیا اور پھر بہن بھائیوں سے مل کر ہوٹل سے باہر نکل گئی تھی۔۔۔ اور اکر گاڑی میں بیٹھ گئی تھی۔۔۔۔

دعا کے گاڑی میں بیٹھتے ہی معراج نے گاڑی اسٹاٹ کر دی تھی۔۔۔۔

اور تھوڑی ہی دیر بعد گاڑی لا کر اب ایک اور جگہ روک دی تھی۔۔۔۔۔۔۔

دعا نے اس بار یہ نا پوچھا تھا۔۔۔۔ کیونکہ معراج نے جہاں گاڑی روکی تھی وہ احمد صاحب کی دوکان والی جگہ تھی۔۔

ہم یہاں؟؟؟؟

دعا نے حیرت سے معراج کو دیکھا تھا۔۔۔۔۔

چلو اترو تو گاڑی سے۔۔۔۔

معراج نے اپنی کار کی سیٹ بیلٹ کھول کر دعا کو اترنے کا اشارہ کیا تھا۔۔۔۔۔

دعا کو واقعی یقین نہیں آرہا تھا کہ یہ وہی معراج ھے۔۔۔۔

معراج اور دعا گاڑی سے اتر کر ساتھ ساتھ اگے پیچھے چلتے ھوئے احمد صاحب کی دوکان میں پھنچے تھے۔۔۔۔

دعا کی انکھیں بھیگی ھوئی تھی۔۔۔۔

دعا نے ادھر ادھر نظر ڈالی تو اس کو احمد صاحب counter پر بیٹھے نظر ائے تھے جو اس وقت اپنے کام میں حد سے زیادہ مصروف تھے۔۔۔۔

جاوا اپنے ابو سے مل لو جا کر۔۔۔۔

معراج نے دوکان کے باہر روک کر دعا کو کہا تھا۔۔۔۔

ابو غصہ ھونگے۔۔۔۔۔

دعا کے منہ سے ایک دم نکلا تھا۔۔۔۔۔

معراج نے دعا کا ہاتھ تھاما تھا اور اب خود بھی اس کے ساتھ چلتا ھوا counter تک پھونچا تھا۔۔۔۔

دوکان میں موجود تمام لوگ معراج سے واقف تھے۔۔۔۔

احمد صاحب کی نظر جب دعا اور معراج پر پڑی تو دو پل کے لیے وہ ساخت سے ھو گئے۔۔۔۔۔

ارے دعا بیٹی ائی ھے !!!!!

احمد صاحب کے ایک بہت پورانے سیلز مین نے دعا کو دیکھ کر کہا۔۔۔ دعا کا بچپن انی کے سامنے گزرا تھا۔۔۔۔

اسلام علیکم انکل کیسے ھیں اپ ؟؟؟

دعا نے فورن پوچھا۔۔۔۔

بیٹی میں ٹھیک ھوں اواو تم بیٹھو۔۔۔ انھوں نے دوکان کے اندر ہی دو کرسیاں رکھ کر معراج کو اور دعا کو بیٹھنے کو کہا۔۔۔۔۔

احمد صاحب لوگوں کی فکر زیادہ کرتے تھے اس لیے لوگ باتیں نا بنائیں وہ اٹھ کر ان دونوں کے پاس بیٹھ گئے تھے۔۔۔۔

سامنے سیلزمین موجود تھے اسلیے وہ کچھ بول نا سکے۔۔۔۔

ابو!!!!

دعا نے بھیگی آواز میں احمد صاحب کو پکارا تھا۔۔۔۔

ابو میں اج اسلاما آباد جارہی ھوں اپ سے ملنے ائی ھوں۔۔۔۔

دعا نے بڑی ہمت سے کہا تھا۔۔۔۔۔۔

اچھا ماشاءاللہ۔۔۔۔۔!!!

آحمد صاحب نے مجبوری میں اتنا ہی جواب دیا۔۔۔۔

وہ اپنی دوکان پر کوئی ہنگامہ کرکے تماشہ نہیں بنوانا چاھتے تھے۔۔۔۔۔

ابو!!!!

دعا نے ایک بار پھر باپ کو پکارا تھا۔۔۔۔۔

احمد صاحب نے دعا کو دیکھا تو دعا کی انکھیں بھیگی ھوئی تھی احمد صاحب نے اپنی نظریں ہٹالی۔۔۔۔

سر ہم اج اسلاما آباد جا رہے ھیں۔۔۔۔۔

دعا اپ کو بہت زیارہ یاد کر رہی تھی۔۔۔۔ اپ سے ملنا چھاتی تھی تو میں اسکو یہاں لے آیا۔۔۔۔۔۔۔

معراج نے تفصیل بتائی۔۔۔۔

ہمم اچھا۔۔۔۔۔! احمد صاحب اب بھی اپنی ضد پر قائم تھے۔۔۔۔۔

میرے خیال سے اب ہم چلتے ھیں۔۔۔۔

معراج کے لیے اتنا کرنا بھی بہت تھا کہ وہ یہاں تک چل کر اگیا تھا۔۔۔۔

لیکن اب احمد صاحب کا سخت رویہ اسے برداشت نا ھو رہا تھا۔۔۔۔

معراج کھڑا ھوا تو دعا اور احمد صاحب بھی کھڑے ھوئے تھے۔۔۔۔۔

ابو!!!! میرے لیے دعا کیجیے اور ھو سکے تو مجھے معاف کر دیجئے گا۔۔۔۔۔

دعا نے احمد صاحب کے گلے لگتے ھوئے کہا۔۔۔۔۔۔۔

احمد صاحب نے بھی مجبورن دعا کے سر پر ہاتھ رکھا۔۔۔۔۔۔۔

کیونکہ سیلز مین دعا اور احمد صاحب کے اپس کے پیار سے اچھی طرح واقف تھے۔۔۔۔ وہ اب مزید کوئی بات بنا برداشت نہیں کر سکتے تھے۔۔۔

ہمم اچھا۔۔۔۔۔ تم اپنا اور اپنے شوہر کا خیال رکھنا۔۔۔۔۔ اللہ خیر سے تم دونوں کو لائے۔۔۔۔۔

احمد صاحب نے دعا کے سر پر ہاتھ رکھ کر کہا۔۔۔ تو دعا کی خوشی کا ٹھکانا تھا۔۔۔۔ اسنے ایک دم ھی احمد صاحب کے ہاتھوں کو پکڑ کر چوما تھا۔۔۔۔۔۔

معراج کو ایک ہلکی سی خوشی محسوس ہوئی تھی۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

احمد صاحب سے مل کر وہ لوگ سیدھا گھر آئے تھے۔۔۔۔۔۔

دعا کا دل اب کافی پر سکون تھا۔۔۔ وہ دل سے معراج کی مشکور تھی لیکن زبان سے اسنے اب تک معراج سے کوئی بات نا کی تھی۔۔۔۔۔

وہ کبھی سوچتی کہ اسکو شکریہ بول دے لیکن پھر فورن ہی اسکے زہن میں یہ سوچ اتی کہ یہ سب اسی کی وجہ سے تو ہوا ھے۔۔۔۔۔

میں اسکا شکریہ ادا کیوں کروں۔۔۔۔۔

اور یہ ہی وجہ تھی کہ وہ روک جاتی۔۔۔۔

گھر آتے ھی انکو تیار ھو کر نکلنا تھا۔۔۔ اپس میں دونوں کو بات کرنے کا وقت ہی نا ملا تھا۔۔۔۔۔۔

دعا سفر کے نفل پڑھ کر اٹھی تھی جب معراج تیزی سے کمرے میں داخل ھوا تھا۔۔۔۔

اھو ھوو میں نے تو لقمان کو بول کر packing بھی نہیں کوائی کیا مصیبت ھے یار۔۔۔۔۔

معراج نے اپنی الماری کھولتے ھوئے خود کالمی کی تھی۔۔۔۔۔

میں نے اپکی packing کر دی ھے۔۔۔۔

دعا نے جانماز جگہ پر رکھ کر کہا اور اکر شیشے کے سامنے کھڑی ھو کر حجاب باندھنے لگی۔۔۔۔

معراج نے موڑ کر دعا کو دیکھا!!!!

تم نے؟؟؟؟؟

کی؟؟؟؟؟

سچی؟؟؟؟؟؟

معراج کے لبوم پر مسکراہٹ تھی۔۔۔۔

جی؟؟۔

دعا نے بنا دیکھے مختصر سا جواب دیا۔۔۔۔ دعا کا دھیان معراج کی طرف نا تھا۔۔۔۔

ہم ہمم۔

تمھیں تو مجھے سے زیادہ جلدی ھے ھنی مون پر جانے کی۔۔۔۔۔

معراج نے دعا کے بلکل پیچھے کھڑے ھو کر اسکے کان میں کہا تو دعا ایک دم سے ڈر گئ اور جو پین حجاب میں لگا نا تھا وہ ایک دم اسکی انگلی میں گھوس گیا۔۔۔۔۔

اففففففف اللہ!!!!!

دعا نے ایک دم اپنی انگلی اگے کی تو اس میں سے خون بھ رہا تھا۔۔۔۔۔

افف کیا کرتی ھو تم جھنگلی بلی!!!!!

معراج نے دعا کا منہ اپنی طرف موڑا تو اسکی انگلی سے خون بھ رہا تھا۔۔۔

معراج نے فورن جیب سے رومال نکال کر اسکی انگلی پر رکھا تھا۔۔۔۔

ٹھیک ھوں میں!!!!

دعا نے اپنا ہاتھ پیچھے کھینچتے ہوئے کہا۔۔۔۔۔۔

تم مجھ سے ایسے دور بھاگتی ہو جیسے میں کوئی بیماری ہوں۔۔۔۔

دعا کے اس طرح ہاتھ کھینچنے پر معراج نے منہ بنا کر کہا۔۔۔۔

بیماری بھی اپ کے سامنے چھوٹی ہے جناب اور ہاں مجھے کوئی شوق نہیں تھا وہ تو رملا بھابی نے کہا تو مس نے کر دی۔۔۔

دعا نے معراج کی غلط فہمی دور کرنی چاہئے۔۔۔

ہاں میں نے مان لیا۔۔۔۔۔۔!!!!

معراج نے دعا کو جلانے والے انداز میں کہا۔۔۔۔۔

اور مسکرانا شروع ہو گیا۔۔۔ وہ یہ ظاہر کر رہا تھا جیسے دعا جھوٹ بول رہی ہو۔۔۔۔

میں جھوٹ نہیں بول رہی اچھا نا۔۔۔۔

دعا نے معراج کی ہنسی پر جل کر کہا۔۔۔۔

ہاہاہا معراج نے ایک زوردار قہقہہ لگایا۔۔۔۔

تو میں نے کب کہا تم نے جھوٹ کہا؟؟؟؟؟

اب جس کے دل میں چور ہوتا ہے وہی یہ بات کرتا ہے۔۔۔۔

وہ کیا مثال ہے۔۔۔

چور کی ڈاڑھی میں تنکا۔۔۔۔

معراج نے دعا پر ٹون مارا تھا۔۔۔۔

اہ ھیلو مسٹر۔۔۔

دعا ابھی کچھ بول ہی رہی تھی کہ لقمان نے اکر کمرے کے دروازے پر دستک دی تھی۔۔۔۔

ہاں اجاو۔۔۔۔

معراج کی آواز پر لقمان اندر داخل ھوا تھا۔۔۔

اپ دونوں کا سامان دے دیں۔۔۔۔ اور بلاج بھائی جانے کے لیے بول رہے ھیں۔۔۔

لقمان نے نظر جھکا کر کہا۔۔۔۔

اچھا تم جاو۔۔۔۔

۔ ہم اتے ھیں۔۔

۔ اور وہ رہا سامان !!!

لقمان سامان اٹھا کر چلا گیا تو تھوڑی ہی دیر بعد دعا معراج بھی نیچے اگئے تھے۔۔۔۔۔۔

بلاج رملا روحان اور علیان جانے کے لیے تیار تھے۔۔۔۔۔

دلاور تو تھا لیکن سجل اپنے کمرے سے نا نکلی تھی۔۔۔۔۔

دعا اور معراج پہلے جہانگیر صاحب سے ملے تھے۔۔۔۔۔

اچھا پاپا !!!!

ہم چلتے ھیں۔۔۔۔

معراج نے جہانگیر صاحب کے گلے لگتے ھوئے کہا۔۔۔۔

ہاں جاو میں نے بلاج کو بھی ایک بات سمجھائی اور تمھیں بھی کہہ رہا ھوں۔۔۔۔

میرے election بلکل سر پر ھیں مخالفین مجھے ہارنے کے لیے موقعے دھونڈ رہے ھیں۔۔۔۔۔

تم لوگ سے کسی قسم کی کوئ غلطی میرے لیے نقصان دے ھو سکتی ھے۔۔۔۔

میں اس وقت اس چیز کو معاف نہیں کروں گا۔۔۔

اس بات کا خیال رکھنا۔۔۔۔!!!!!!!

معراج کے لبوں پر ایک درد بھری مسکان ابھری تھی۔۔۔۔جو دعا نے محسوس کی تھی۔۔۔

فکر نا کریں!!!!

اپ اپنے مقصد میں ہمیشہ کامیاب ھوئے ھیں اب بھی ھونگے۔۔۔۔

معراج نے تنظیہ انداز میں کہا تھا۔۔۔۔۔۔

ہمم جاو۔۔۔۔

خوش رہو۔۔۔۔

جہانگیر صاحب نے اب دعا کے سر پر ہاتھ رکھ کر کہا تھا۔۔۔۔۔۔

معراج اپنی جگہ پر ہی کھڑا تھا۔۔۔۔جبکہ دعا بریرہ بیگم سے ملنے ائ تھی۔۔۔۔

اچھا امی۔۔۔۔ ہم جا رہے ھیں۔۔۔۔

دعا نے بریرہ بیگم کا ہاتھ تھام کر پیار سے کہا۔۔۔۔ تو بریرہ بیگم بہت خوش ھوئ

جاو۔۔۔۔۔۔

خیر سے صفر ھو۔۔۔۔ تمھارا۔۔۔۔ بریرہ بیگم نے دعا کو گلے لگاتے ھوئے کہا۔۔۔۔۔

بریرہ بیگم نے خود ہی معراج کو پکارا تھا۔۔۔۔۔۔

معراج؟؟؟۔

فرمائیں؟؟؟؟

معراج نے وہی روڈانداز میں کہا۔۔۔۔۔۔

اپنا اور دعا کا خیال!!!!!!

جی معلوم ھے۔۔۔۔thanks

بریرہ بیگم کی بات پوری نا ھوئی کہ معراج نے انکو چپ کروادیا تھا۔۔۔۔۔

چلو بلاج دیر ھورہی ھے۔۔۔۔بلاج سے باتیں کرتا معراج باہر نکل گیا تھا۔۔۔

دعا کو یہ بات بہت عجیب لگی تھی۔۔۔۔۔۔

امی اپ بھی اپنا خیال رکھیے گا۔۔۔۔

دعا نے بریرہ بیگم کی دل جوئی کی تھی۔۔۔۔

دعا؟؟؟

جی؟؟؟

معراج کو زیادہ اونچائی اور بہت اندھیرے سے گھبراہٹ ھوتی ھے۔۔۔۔پلیز تم اسکا بہت خیال رکھنا۔۔۔۔۔

بریرہ بیگم کے انداز میں بے شمار ممتا موجود تھی۔۔۔جو دعا نے محسوس کی تھی۔۔۔۔

جی اچھا۔۔۔۔۔دعا نے مسکرا کر بریرہ بیگم کو دیکھا تھا۔۔۔۔

چلیں دعا؟؟؟

www.urdunovelsmania.com

رملا نے دعا کو پکارا۔۔۔

جی!!!

پھر دعا اور رملا اگے پیچھے قدم بڑھاتی گھر سے باہر نکل گئ تھی۔۔۔۔

بریرہ بیگم نے جاتی دعا کو دیکھ کر دل میں دعا مانگی تھی۔۔۔

یا اللہ یہ صفر معراج اور دعا کی زندگی کو روشن کر دے۔۔۔۔

دونوں میں عشق پیدا کر دے میرے اللہ۔۔۔۔۔

دعا کے دل میں معراج کی محبت بھر دے۔۔۔

معراج نے چاھئے بریرہ بیگم کو ماں مناھو یا نا مناھو پر ان کے دل میں اسکی ممتا ہمیشہ سے تھی۔۔۔۔۔وہ سمجھ چکی تھی کہ معراج اور دعا کا اپس کا کیا تعلق ھے۔۔۔۔۔۔

وہ اچھے سے جانتی تھی معراج کی خوشی کیا ھے۔۔۔۔؟؟۔

اخر کو وہ ایک ماں تھی۔۔۔۔!!!!!!

www.urdunovelsmania.com

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

وہ لوگ کافی!!!!!!

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

وہ لوگ کافی دیر سے ائرپورٹ پہنچے تھے۔۔۔۔جہاز اڑنے میں بس کچھ ہی وقت رہے گیا تھا۔۔۔۔

دعا کا یہ زندگی کا پہلا صفر تھا جو وہ کر رہی تھی۔۔۔۔

دعا اج تک کراچی سے باہر نا گئی تھی۔۔۔۔

روحان اور علیان بہت زیادہ excited تھے۔۔۔۔

بلاج اور رملا بھی خوش تھے۔۔۔۔

وہ لوگ جلدی جلدی اپنی boading کروا کر اب جہاز میں آ کر اپنی اپنی نشست تلاش کر رہے تھے۔۔۔۔

دیر سے انے کی وجہ سے ان لوگ کو نشستیں اگے پیچھے ملی تھی۔۔۔۔۔

اتفاق سے بلاج اور روحان کی ایک نشست ملی تھی جبکہ علیان اور رملا کی ایک نشست ملی تھی۔۔۔۔

لیکن بد قسمتی سے دعا معراج کو امنے سامنے کی نشستیں ملی تھی۔۔۔۔

دعا کے ساتھ باقی دونوں passenger بوڑھی عورتیں تھیں۔۔۔۔

جبکہ معراج کے بلکل ساتھ والی نشست پر ایک انتہائی موڈرن لڑکی بیٹھی تھی۔۔۔۔

جس نے ٹائٹ جینز کے ساتھ چھوٹی اور کاسی ہوئی سفید شرٹ پھن رکھی تھی۔۔۔۔اور بال کھولے ہوئے تھے۔۔۔

معراج نے پہلے دعا کو اسکی جگہ پر بیٹھایا تھا۔۔۔

اور اب اپنی جگہ ڈھونڈ رہا تھا۔۔۔جب اس لڑکی نے مسکرا کر کہا تھا یہ ہی اپ کی سیٹ ہے۔۔۔۔

معراج کو اس لڑکی میں تو کوئی interset نہیں تھا۔۔۔۔

لیکن وہ دعا کی نظریں محسوس کر چکا تھا۔۔۔۔

جو مسلسل اسی لڑکی اور معراج پر تھی۔۔۔۔۔

معراج جان کر مسکراتا ہوا اس سیٹ پر بیٹھ گیا تھا۔۔۔۔

ابھی جہاز چلنے میں 15 سے 20 منٹ تھے۔۔۔۔۔

دعا کو بلاوجہ ہی غصہ آرہا تھا۔۔۔۔

عجیب انسان ہے۔۔۔۔

ایک تو میں پہلی بار جہاز میں سفر کر رہی ہوں۔۔۔۔ اور یہ جا کر کسی اور کے ساتھ بیٹھ گیا اور اب کیسے ھنس ھنس کر اسے باتیں کر رہا ہے۔۔۔۔۔

پتہ نہیں کیوں یہ ہی شخص میرے نصیب میں لکھا تھا۔۔۔۔۔

دعا کو پتا نہیں کیوں اس وقت حد سے زیادہ کوفت ہو رہی تھی۔۔۔۔

ارے سے سے سے بیٹی کیا بولے جا رہی؟؟؟؟

ساتھ بیٹھی اماں نے دعا سے پوچھا۔۔۔۔ کچھ نہیں اماں دعا نے چیڑ کر جواب دیا۔۔۔۔۔

دعا کی نظریں ناچاہتے ہوئے بھی بار بار گھوم گھوم کر معراج پر جا رہی تھی۔۔۔۔

معراج نے کلے کلر کے کوٹ کے ساتھ بلیو جینز پہن رکھی تھی۔۔۔۔

معراج کی نظر بھی دعا پر ہی تھی اسلیے وہ جان جان کر ھنس ھنس کر اس لڑکی سے باتیں کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔

بھاڑ میں جائے مجھے کیا۔۔۔۔!!!!!!!

دعا نے بے نیاز دیکھانے کی کوشش کی پر وہ ناکام رہی۔۔۔۔

بس دعا کی یہ ہی کمزوری تھی۔۔۔۔

وہ اپنی کوئ بھی چیز کسی کے ساتھ اس طرح شیر نہیں کر سکتی تھی۔۔۔۔

معراج جیسا بھی تھا اسنے جو بھی کیا تھا۔۔۔

بل اخر وہ اسکا شوہر تھا۔۔۔۔۔

دعا کو اس وقت حد سے زیادہ جلن محسوس ھو رہی تھی۔۔۔

لیکن وہ اس کو اپنا ڈر سمجھ رہی تھی۔۔۔۔

مجھے کوئ ڈر نہیں لگتا۔۔۔اور ویسے بھی سب ہی سفر کرتے ھیں تو پھر میں کیوں ڈروں۔۔۔۔۔مجھے اس انسان کی کوئ ضرورت نہیں ھے۔۔۔۔

دعا نے خود کو ہمت دی۔۔۔۔۔

ارے بیٹی تو اکیلی ائ ھے؟؟؟

اب کے اماں نے دعا سے پوچھا تھا۔۔۔

نہیں میرے شوہر ساتھ ھیں۔۔۔۔دعا نے ایک دم ھی جل کر جواب دیا۔۔۔

اچھا کہاں ھے تیرا شوہر؟؟

بوڑھی اماں نے پھر پوچھا۔۔۔۔

وہ رہے آاا

دعا نے معراج کی طرف اشارہ کر کے کہا۔۔۔

اے ہائے وہ کسی اور لڑکی کے ساتھ بیٹھا ھے اور تو یہاں بیٹھی ھے۔۔۔۔

اماں کوئی بڑے روب دار خاتون تھی۔۔۔ جی وہ نشستیں نہیں ملی تھی۔۔۔

دعا کی کوفت انکے سوالوں سے بڑھ رہی تھی۔

اچھا اچھا۔۔۔۔

پہلی بار سفر کر رہی جہاز میں؟؟؟

جی اماں!!!!

اہ اہ تو بھی پاگل ھے اس لڑکی کے ساتھ کیوں چھوڑا اپنا شوہر اے ہائے۔۔۔۔!!!!!

اج کل بچیوں کو تو اپنا شوہر سنبھالنا نہیں اتا۔۔۔

تجھے پتا ھے جہاز جب چلتا ھے تو نا پوچھو میرا تو دل بند ھو جاوے۔۔۔۔

میں تو کبھی نا جاتی جہاز میں پر میرا بیٹا ضد کر رہا تھا تو جا رہی ھوں۔۔۔۔

ہماری تو عمر ھے بھائی مرنے کی تم کیوں بھری جوانی میں اگئی ادھر۔۔۔۔

کبھی جہاز اڑتے اڑتے پھٹ جاوے ھے۔۔۔

اماں پتا نہیں کیوں دعا کو بلاوجے ڈرا رہی تھی۔۔۔۔

کگک کیا مطلب؟؟؟

دعا نے حیرت سے پوچھا۔۔۔

ارے بھائی تو نے نہیں سنا کیا جہاز پھٹ جاتا ھے۔۔۔ ایسے ایسے حادثہ ھوتے ھیں۔۔۔۔ کہ

توبا توبا

لوگ جل کر رکھ ھوجاتے ھیں۔۔۔۔اماں پتا نہیں کیوں اس طرح بول رہی تھی۔۔۔۔

اماں پلیز ایسے نا بولیں نا۔۔۔۔!!!

دعا کو واقعی اب ڈر لگ رہا تھا۔۔۔

ارے میں تو سچ کہہ رہی۔۔۔۔

جہاز پھٹے تو ایک بندہ ادھر اور ایک بندہ ادھر ملتا ھے۔۔۔

اور تو ویسی اپنے شوہر سے جدا ھے۔۔۔۔

توبا توبا۔۔۔۔۔

میں تو کبھی اپنے شوہر کا ساتھ نا چھوڑتی۔۔۔

بھائی جینا اور مرنا ھو تو شوہر کے ساتھ ھو۔۔۔۔۔

ابھی دعا اماں کی باتوں پر غور ہی کر رہی تھی۔۔۔

کہ جہاز چلنے کا اعلان شروع ھوا۔۔دعا کو ایک دم ہی گھبراہٹ ھوئی تھی۔۔۔دعا نے معراج پر نظر ڈالی تو وہ اسی لڑکی سے مسکرا کر کچھ کہہ رہا تھا۔۔۔۔

اتنے انجان چہروں میں ایک وہی چہرہ اسکو اپنا لگا تھا۔۔۔رملا اور بلاج کی سیٹ تو بہت پیچھے تھی۔۔۔۔

دعا نے ایک دم اپنی سیٹ بیلٹ کھولی اور تیزی سے اٹھ کر معراج کی نشست کی طرف ائی۔۔۔۔۔

Excuseme

دعا نے اس لڑکی کو مخاطب کر کہا۔۔۔۔

Yes°°

اس لڑکی نے اپنی ھنسی کسی بات پر روکتے ھوئے کہا۔۔۔۔

جن کے ساتھ اپ بیٹھی ھیں وہ غلطی سے میرے شوہر ھیں۔۔۔۔

اس لیے اپ کو خود اس بات کا احساس ھونا چھائے کہ اپ میاں بیوی کو الگ نا کریں۔۔۔

اب برائے مہربانی اپ یہاں سے اپنی تشریف وہاں لے جائیں مجھے یہاں بیٹھنا ھے۔۔۔

دعا نے سہی روب دار لہجے

بلاوجے اس لڑکی کو سنائی تھی۔۔۔۔

Ohhsuresure

وہ لڑکی مسکراتے ھوئے اٹھ گئی تھی۔۔۔۔

دعا کو امید نا تھی وہ اتنی جلدی اٹھ جائے گی۔۔۔۔

جاتے جاتے وہ رکی تھی اور معراج کو دیکھ کر بولی۔۔۔۔

تم نے صیح کہا تھا۔۔۔۔

تم جیت گئے۔۔۔۔!!!!

جس پر معراج نے مسکرا کر اسکو دیکھا تھا۔۔۔

جسی وہ اٹھ کر گئی دعا فورن اسکی جگہ پر بیٹھ گئی تھی۔۔۔

معراج نے دعا کے چہرے پر نظر ڈالی تو غصے سے دعا کی چھوٹی سی ناک لال ھورہی تھی۔۔۔۔

معراج کو اس وقت دعا پر بے پناہ پیار آیا۔۔۔۔۔۔

اھووو میری جھنگلی بلی تو مجھے کسی اور کے ساتھ دیکھ کر پوری خنکار شیرنی بن جاتی ھے۔۔۔

دعا نے ایک غصے بھری نظر معراج پر ڈالی تھی۔۔۔۔

مجھے کوی فرق نہیں پڑتا۔۔۔۔۔ وہ تو مجھے اماں نے کہا اسلیے میں یہاں اگئ ھوں۔۔۔۔۔

اپ زیادہ خوش نا ھو۔۔۔۔۔

دعا نے اپنے غصے پر قابو رکھتے ھوئے کہا۔۔۔۔ جب کہ اس وقت اسکو پتا نہیں کیوں حد سے زیادہ غصہ تھا۔۔۔۔

ہاہاہا اچھا میں اماں سے پوچھو؟؟؟؟

معراج نے مسکرا کر کہا۔۔۔

ہاں ضرور۔۔۔ اور۔۔۔

ابھی دعا کچھ بولنے ہی والی تھی کہ جہاز چلنا شروع ھوگیا تھا۔۔۔۔

دعا نے ایک دم انکھیں بند کر دعائیں پڑھنا شروع کی تھی۔۔۔

معراج نے اس کے چہرے پر ڈر دیکھا تھا۔۔۔۔۔

کیا ھوا؟؟؟

معراج نے دعا کے کان میں جھک کر پوچھا۔۔۔۔۔۔

سیف اوللوک کا راستہ کافی خطرناک تھا۔۔۔۔

پہاڑی کاٹ کر وہ راستہ بنایا گیا تھا۔۔۔۔

اس لیے اس راستے پر بہت گڈے ھیں۔۔۔۔۔

خان بابا مسلسل دل دھلانے والی باتیں کر رہے تھے۔۔۔۔

دعا نے ایک دم انکھیں بند کر کہ آیت الکرسی پر کرا اپنے اوپر پھوکی تھی۔۔۔۔۔

صرف اپنی حفاظت کرنا۔۔۔ تم تو چھاتی ھو مجھے کچھ ھو جائے۔۔۔۔

معراج نے دعا کو صرف اپنے اوپر دعا پھونکتے ہوئے دیکھا تو کہا۔۔۔۔

میں نے اس جیپ پر پھوکی ہے۔۔۔۔اور جیپ میں بیٹھا ہر شخص محفظ رہے گا۔۔۔۔

۔دعا نے توکل سے کہا۔۔۔

اچھا کیا پڑھا ہے تم نے؟؟؟

مطلب کونسی دعا؟؟

معراج نے اسکا کامل یقین دیکھ کر پوچھا۔۔۔۔

میں نے ابھی آیت الکرسی پڑھی ہے۔۔۔۔

اور اللہ تعالی کا وعدہ ہے جو شخص 3 بار آیت الکرسی پڑھ کر اپنے اوپر پھونک لیتا ہے تو اللہ تعالی اسکی حفاظت خود کرتا ہے اور اسکو صیح سلامت واپس اسکی منزل پر پھنچا دیتا ہے۔۔۔۔

دعا کی آنکھوں میں بے حد ایمان تھا۔۔۔۔

معراج نے دعا کی انکھوں میں دیکھا تھا۔۔

تمھیں یہ سب اچھی اچھی باتیں کس نے بتائی؟؟؟

دعا کے منہ سے اتنی اچھی باتیں سن کر وہ حیران ہوا تھا۔۔۔۔اس کو دین کے بارے میں کیا کچھ پتا تھا۔۔۔

یہ سب باتیں میرے!!!!

دعا جوش سے بولتی بولتی ایک دم روکی تھی۔۔۔۔

کیا ہوا؟؟؟

دعا کہ ایک دم رو کنے پر معراج نے پوچھا تھا۔۔۔۔

میرے ابو نے سکھائی تھیں۔۔۔۔ دعا نے اگے کا جملہ پورا کیا تھا۔۔۔۔ اور معراج نے اسکی آواز میں بھیگا پن صاف محسوس کیا تھا۔۔۔۔۔

اور اس کو دل میں حد سے زیادہ شرمندگی بھی محسوس ہوئی تھی۔۔۔۔۔

تھوڑی دیر کے لیے جیپ میں بلکل خاموشی چھا گئی تھی۔۔۔۔

معراج بہت کچھ کہنا چھاتا تھا۔۔۔ پر ہمت نا تھی۔۔۔

اور دعا کے پاس کچھ کہنے کو نا تھا۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

بلاج ویسے اچھا ہوا نا دعا اور معراج ایک جگہ اکیلے گئے ھیں؟؟؟

رملا نے بلاج کے ساتھ روڈ پر چلتے چلتے کہا۔۔۔۔۔

ہاں اچھا ہوا۔۔۔۔ مجھے ایسا لگتا ھے رملا کہ معراج دعا سے محبت کرتا ھے۔۔۔۔

لیکن دعا معراج سے خفا ھے۔۔۔۔۔

اور میرے خیال سے اقرار محبت اب تک معراج صاحب نے بھی کیا نہیں۔۔۔

بلاج نے اپنے زہن سے اندازہ لگایا تھا۔۔۔

اگر ایسی بات ہوتی تو شادی کیون کرتے۔۔۔۔۔

رملا نے سوچتے ہوئے کہا۔۔۔۔

رملا۔۔۔۔ تم نے معراج میں فرق نوٹ نہیں کیا میں نے کیا ھے۔۔

وہ اب چھڑتا نہیں بھیس نہیں کرتا۔۔۔۔۔

معراج نے شادی ضد میں اکر کی تھی جتنا میں معراج کو جانتا ھوں۔۔۔ بلاج نے گھیرے انداز میں کہا

!!!

اچھا اپ یہ کیسے کہہ سکتے ھیں۔۔۔ رملا نے پوچھا۔۔۔

دیکھو۔۔۔۔

جب سے شادی ھوئی ھے دعا کہ گھر سے کوئی نہیں ایا اور نا دعا ان کے پاس گئی۔۔۔ اس سے صاف مطلب ظاہر ھے دعا کہ گھر والے زاضی نہیں تھے۔۔۔

خاص کر دعا کے والد صاحب۔۔۔ انکا رویہ میں نے شادی میں بھی نوٹ کیا تھا۔۔۔۔

ہمم !!

رملا نے سوچتے ہوئے کہا۔۔۔۔

تو یعنی دعا نے معراج سے محبت کی شادی کی ؟؟؟؟

رملا نے ایک دم خلصہ کرتے ہوئے بلاج سے پوچھا۔۔۔

نہیں !!!!!!

میرا نہیں خیال یہ دعا کی طرف سے محبت کی شادی تھی۔۔۔۔

خیر چھوڑو جو ھوا سو ھوا اب بس میں چھاتا ھوں میرا بھائی خوش رہے۔۔۔۔۔

اور میں نے اسکی خوشی دعا کے ساتھ محسوس کی ھے رملا۔۔۔۔

جب سے دعا معراج کی زندگی میں ائی ھے۔۔۔

وہ بدل رہا ھے۔۔۔۔۔

خوش رہنے لگ ھے

ھسنے لگا ھے۔۔۔۔۔

بس اللہ کرے دعا بھی معراج کے قریب ھوجائے اور سب کچھ بھول کر نئی زندگی شروع کردے۔۔۔۔۔ بلاج کی باتوں میں معراج کے لیے بے شمار پیار تھا۔۔۔۔

ہمم آمین۔۔۔۔!!!

رملا نے بھی دل سے کہا تھا۔۔۔۔

بلاج اور رملا دنوں معراج سے بہت پیار کرتے تھے....اور دل سے چھاتے تھے دعا اور معراج ایک ھوجائیں۔۔۔۔۔۔

www.urdunovelsmania.com

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

وہ دونوں پچھلے 2 گھنٹے سے صفر کر رہے تھے اور اب بل آخیر وہ خیر سے سیف الملوک پھنچ گئے تھے۔۔۔

سیف الملوک ایک انتہائی پیاری جگہ تھی۔۔۔۔۔

پہاڑیوں کے بیچ میں جھیل بنی تھی جو نجانے کتنے فٹ گھیری تھی۔۔۔۔۔چاروں طرف پہاڑیاں تھی جو ہلکی ہلکی برف سے ڈھکی ھوئی تھی۔۔۔۔

ایک پہاڑی جسکا نام ملکہ بربت تھا وہ برف کی چادر اوڑے کھڑی تھی۔۔۔۔

دعا اور معراج جیب سے اتر کر کھڑے ھوئے تو خان بابا کے موبئل پر کسی کا فون آیا۔۔۔۔

اور وہ پشتو میں بات کرنے لگے جو معراج اور دعا کہ سمجھ سے بلکل اوپر تھی۔۔۔۔

کیا بول رہے ھیں یہ؟؟؟

معراج نے دعا کو دیکھ کر پوچھا۔۔۔

مجھے کیا پتا؟؟؟ دعا نے کہا۔۔۔

اچھا بس تم نام کی خان ھو اسکا مطلب؟؟

معراج نے دعا کو چھیڑا۔۔۔ارے مجھے پشتو آتی ھے پر زیادہ نہیں۔۔۔۔۔

دعا نے اپنی جھیپ مٹانے کے لیے کہا۔۔۔۔۔

اچھا چلو تم بتاو کے پشتو میں

Zatasaraminakoum...

کا کیا مطلب ھے؟؟؟؟

معراج نے دعا کی گھیری انکھوں میں دیکھ کر کہا۔۔۔۔۔

دعا کو پشتو بلکل بھی نہیں اتی تھی۔۔۔وہ بچپن سے ہی کراچی میں پلی بڑی تھی۔۔۔۔

لیکن اپنی خاندانی زبان نا انے پر اسکو کافی شرمندگی محسوس ہوئ تھی۔۔۔

ہاں مجھے پتا ھے۔۔۔۔۔

دعا نے سوچا کون سا معراج کو پشتو آتی ہوگی۔۔۔۔جو سمجھ آتا ھے بول دیتی ہوں۔۔۔۔۔

اچھا بتاو کیا ھے۔۔۔ معراج نے مسکرا کر پوچھا۔۔۔؟؟

دعا ابھی جواب دینے ھی والی تھی۔۔۔۔

کہ خان صاحب فون بند کر کے بول پڑے

بیٹا°°

ہمارا بیوی کی طبعیت خراب ہوگئ ھے ابھی اسکو فورن ہسپتال لے جانا پڑے گا۔۔۔

ہم کو معاف کردو بیٹا ہمیں ابھی فورن واپس جانا پڑے گا ہم!!!

خان صاحب واقعی بہت پریشان دیکھائ دے رہے تھے۔۔۔۔

ارے خان بابا کوئ بات نہیں اپ جائیں۔۔۔۔

معافی مت مانگیں۔۔۔

دعا نے فورن کہا تھا۔۔

پر بیٹا تم لوگ واپس نیچے کیسے اوگے ادھر تو سب اپنی اپنی جیپ میں آتا ھے کوئ extra جیپ نہیں ہوتی ادھر۔۔۔۔ خان صاحب نے فکر مند ہو کر کہا۔۔۔

نہیں خان بابا اپ فکر نا کرو ہم کچھ arrange کرلیں گے۔۔۔اس وقت اپکا اپنی بیوی کے پاس ہونا ضروری ھے۔۔۔

معراج نے کہہ کر جیب سے والٹ نکالا اور جیب میں صفر کرنے کے پیسے دیے اور ساتھ ہی 10 ہزار دیے۔۔۔

ارے بیٹا ہمیں یہ نہیں چھائے۔۔۔۔

خان بابا نے 5000 کے دو نوٹ دیکھ کر کہا۔۔۔

خان بابا رکھ لیں ضرورت پڑے گی۔۔۔۔

اپ اپنی بیوی سے بہت پیار کرتے ھیں نا انکو کچھ ھونا نہیں چھایے۔۔۔۔۔

معراج نے خان بابا کے ہاتھ میں زبردستی پیسے تھما کر کہا۔۔۔۔

ہاں بیٹا ہم کرتا ھے پر اپکو کیسے پتا؟؟؟

خان بابا نے سوال کیا۔۔۔

بس اپ کی انکھوں میں ایک دم جو انکو کھونے کے ڈر سے آنسوائے اسکو دیکھ کر۔۔۔۔

معراج نے گھیرے انداز میں کہا۔۔۔۔۔

ہام بیٹا تم ٹھیک کہتے ھوئے ہمارا گھر والی ہماری جان ھے۔۔۔۔۔

بہت بہت شکریہ بیٹا۔۔۔۔۔۔

خان صاحب معراج کے بہت شکر گزار تھے۔۔۔۔

شرمندہ نا کریں بابا اب اپ جائیں۔۔۔۔ معراج نے خان بابا کو گلے لگاتے ھوئے کہا۔۔۔۔۔

دعا کے لیے معراج کا یہ روپ بکل نیا تھا۔۔۔۔

وہ خاموش کھڑے گھیری گھیری نظر سے معراج کو دیکھ کر سوچ رہی تھی۔۔۔۔

کیا واقعی یہ وہی شخص ھے جس کو میں نے cvu پر شور کرنے سے روکا تھا۔۔۔

تب والے معراج اور اب والے معراج میں کس قدر فرق ھے۔۔۔۔

دعا کھڑی سوچ رہی تھی تب معراج نے اس کے پاس اکر ایک دم کہا۔۔۔

کیا سوچ رہی ھیں میڈم؟؟؟

معراج کے اس طرح بولنے پر اسکی سوچ ایک دم ٹوٹی تھی۔۔۔۔۔

کچھ نہیں۔۔۔۔!!!!

اچھا چلو۔۔۔۔

چلتے ھیں اگے۔۔۔

معراج نے کہہ کر قدم اگے بڑھا دیے تو دعا بھی اسکے پیچھے پیچھے چل پڑی۔۔۔۔

جھیل تک جانے کے لیے ان لوگ کو تھوڑی پہاڑی اترنی تھی۔۔۔۔۔

معراج نے تو جوگرز پہنے تھے وہ فورن فورن اتر رہا تھا۔۔۔پر دعا کو مصلہ ھو رہا تھا۔۔۔۔

لیکن وہ بنا کچھ بولے اترے جا رہی تھی۔۔۔

اہ!!!!

دعا کہ منہ سے ایک دم سسکی نکلی تھی۔۔۔

کیا ھوا؟؟

معراج نے فورن پلٹ کر پوچھا تھا۔

کچھ نہیں میں slippers پھن کرائ ھوں۔۔۔۔

دعا نے معراج کے اگے پاوں کر کے کہا۔۔۔۔

تم پاگل ھو؟؟؟

معراج نے حیرت سو پوچھا۔۔۔

تم پہاڑی پر slippers پھن کر ائ ھو۔۔۔۔

اچھا چلو میرا ہاتھ پکڑ کر اترو کہی گیر جاوں گی۔۔۔

معراج نے دعا کا ہاتھ فورن تھاما تھا اورا پنے ساتھا پکڑ کر نیچے اتر رہا تھا۔۔۔۔۔

دعا نے گھیری نگاہ سے اسکو دیکھا کتنی فکر تھی اسکو دعا کی۔۔۔۔۔

تھوڑی دیر بعد وہ لوگ جھیل تک پھنچ گئے تھے۔۔۔

جھیل بے حد حسین تھی۔۔۔۔

کافی سارے لوگ وہاں موجود تھے۔۔

دعا کو یہ حسین جگہ بے حد پسند ائ تھی۔۔۔

یہاں پر سردی بھی غزب کی تھی۔۔۔۔

بہت پیاری جگہ ھے۔۔۔۔!!!

دعا نے ایک پتھر پر جھیل کے تھوڑا پاس بیٹھ کر کہا۔۔۔

ہمم!!!

معراج بھی اس کے ساتھ پتھر پر بیٹھا تھا۔۔

ان دونوں کی سانس پھول رہی تھی وہ کافی پہاڑی اتر کر ائے تھے۔۔۔۔۔

معراج کی طبعیت کچھ عجیب ھورہی تھی۔۔۔

پر اسنے دعا پر شونا کیا تھا۔۔۔

تم نے بتایا نہیں اسکا مطلب؟؟؟

معراج بے پھولتی سانس کے ساتھ کہا۔۔۔

کس کا مطلب؟؟

دعا نے پوچھا۔۔۔

Zatasaraminakoumdua!!!

معراج نے دعا کی انکھو میں انکھیں ڈال کر کہا۔۔۔۔۔

ہاں اسکا مطلب ھے تم کیسی ھو دعا؟؟

دعا نے اپنے دماغ سے تکا مارا تھا۔۔۔۔

معراج کو ایک دم ھنسی اگئ۔۔۔۔

اچھا واقعی سچ بتاو؟؟ معراج نے اپنی ھنسی روک کر کہا۔۔۔

ہاں تو اور۔۔۔ دعا نے ڈھٹائی سے کہا۔۔۔

اچھا بتاو

Datortamakhdewrkhshaa!!!

معراج نے پشتو میں ایک اور جملہ پوچھا تھا۔۔۔

اسکا کا کیا مطلب ھے۔۔۔۔؟؟؟

معراج نے پھر پوچھا۔۔۔

اسکا مطلب ھے۔۔۔۔۔

کے میں ٹھیک ھوں۔۔۔

دعا نے پھر تکا مارا۔۔۔۔

جو غلط تھا۔۔۔

ہاہاہا معراج زور سے ھنسا پھر

معراج ابھی کچھ بول ہی رہا تھا کہ۔۔۔

ایک آدمی انکے پاس ایا۔۔۔۔

اپ دونوں کو سیف الملوک کی کہانی سنی ھے؟؟؟

دعا معراج دونوں نے پلٹ کر اسکو دیکھا تھا۔۔۔

سیف الملوک کی کہانی؟؟؟؟

دعا نے حیرت سے پوچھا۔۔۔

ہاں باجی یہاں کی ایک بہت مشہور کہانی ھے۔۔۔

جو ایک راجہ اور ایک پری کی کہانی ھے۔۔۔۔۔

اس آدمی نے بہت اعتماد سے کہا۔۔۔۔

دعا کا interest دیکھ کر معراج نے دعا سے پوچھا

تم نے سنی ھے کہانی؟؟؟

ہاں!! دعا کو کہانیوں کا ویسی بہت شوق تھا۔۔۔

چلو بھائی سناو اپنی کہانی۔۔۔۔

معراج نے کہا تو وہ بندہ وہی بیٹھ گیا۔۔۔۔

ہلکی ہلکی بندا باندی مسلسل ھو رہی تھی۔۔۔۔

لوگ واپس مڑ کر جا رہے تھے۔۔۔ دعا معراج کافی نیچے تھے اس لیے انکو اندازہ نا ھوا۔۔۔۔۔

وہ ادمی اب اپنی کہانی شروع کر رہا تھا دعا معراج دونوں اسکو غور سے دیکھ رہے تھے۔۔۔۔

بہت سال پہلے!!!!!!!!

www.urdunovelsmania.com

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

بلاج مجھے عجیب سا ڈر لگ رہا ھے پتا نہیں کیوں۔۔۔۔۔

اپ معراج دعا کو کال کر کے بول دیں کے وہ دونوں واپس آجائیں۔۔۔۔

رملا نے بلاج سے گھبرا کر کہا۔۔۔

ارے ایک دم کیا ھوا تمھیں؟؟؟

بلاج نے حیرت سے پوچھا۔۔۔۔

بلاج ابھی میری ماما سے بات ھوئی وہ بھی یہ ہی بول رہی تھی کہ انکا کا دل گھبرا رہا ھے۔۔۔

دعا معراج کے لیے برے برے خیال آرہے ھیں

پتا نہیں مجھے ایسا کیوں لگ رہا ھے کچھ غلط ھوگا

اپ پلیز انکو بولیں کے واپس آجائے پلیز۔۔۔

رملا بریرہ بیگم سے بات کر کے واقعی بہت گھبرائی ھوئی تھی۔۔۔

اچھا رو کو تم فکر نا کرو میں بات کرتا ھوں معراج سے۔۔

رملا کی پریشانی دیکھ کر بلاج نے جیب سے فون نکال کر معراج کو کال ملائی تھی۔۔۔

Poweroff

آیا۔۔۔۔

بلاج نے ایک دو بار کوشش کی لیکن معراج اور دعا دونوں کا فون poweroff جارہا تھا۔۔۔۔

میرے خیال سے ادھر سگنل نہیں آتے۔۔۔۔

بلاج کو بھی اب فکر ھوئی تھی۔۔

ابھی وہ دونون لان میں بیٹھے باتیں ہی کر رہے تھے

ایک دم بہت تیز بارش شروع ھوگئ۔۔۔۔۔

بلاج اور رملا فورن ھوٹل کہ اندر اگئے۔۔۔۔۔

افففف میرے اللہ دعا اور معراج کی حفاظت کرنا۔۔۔۔ پلیز۔۔۔۔۔۔

رملا کو واقعی بہت عجیب سا خیال آرہا تھا۔۔۔۔

سب خیر ہوگی۔۔۔۔ تم فکر نا کرو۔۔۔۔

بلاج نے رملا کو گلے لگا کر کہا۔۔۔۔۔

اور خود بھی دعا کی۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

وہ آدمی اب کہانی سنا کر جا چکا تھا۔۔۔ دعا معراج اسی طرح وہاں بیٹھے تھے۔۔۔۔۔

کیا اپکو بھی لگتا ھے یہ آدمی سچ بول رہا تھا؟؟؟؟

کیا واقعی کوئی دیو تھا؟؟؟

کیا واقعی کوپری تھی؟؟؟

کیا واقعی ایک راجہ تھا۔۔۔۔؟

دعا معراج سے پوچھ رہی تھی۔۔۔۔

ہاں ہوسکتا ھے۔۔۔ پر مجھے نہیں لگتا۔۔۔۔

معراج نے جیب سے سگرٹ نکال کر سلگائی۔۔۔

کیوں؟؟؟

دعا نے پوچھا۔۔۔۔

بس ویسی۔۔۔۔۔!!!!

تم خود سوچو کیا یہ حقیقت ہو سکتی ہے۔۔۔

کہ ایک راجہ کو خواب میں ایک پری دیکھائی دی۔۔۔جو دیو کی قید میں تھی۔۔۔

وہ راجہ اسکو ڈھونڈتا ہوا یہاں تک آتا ہے تو وہ یہاں اسکو مل جاتی ہے اور وہ اسکو دیو سے چھڑوا لیتا ہے اور یہاں انکا پیار امر ہو جاتا ہے۔۔۔۔

مجھے یقین نہیں اتا۔۔۔

معراج نے ہنس کر کہا۔۔۔۔

ہاں ہو سکتا ہے۔۔۔

پر دعا کافی گھیری سوچ میں تھی۔۔۔۔دعا ابھی کچھ سوچ رہی تھی کہ معراج ایک دم کھڑا ہوا تھا۔۔۔

یار باتوں میں پتہ نہیں لگا ہمیں اب چلنا چاہئے۔۔۔

وہ ابھی کھڑا ہی ہوا تھا کہ ایک دم بہت تیز بارش شروع ہو گئی تھی۔۔۔۔

وہ دونوں تھوڑا سا آگے جا کر ایک چھتے میں بیٹھ گئے تھے۔۔۔۔۔

افففف اب یہ بارش۔۔۔۔۔

معراج نے ایک دم کہا تھا۔۔۔۔۔

دعا خاموش تھی اسکو بہت سخت ٹھنڈ لگ رہی تھی۔۔۔۔۔

لوگوں کی تعداد بھی اب بہت کم ہو گئی تھی۔۔۔۔۔

بارش ضرور پر تھی اور ہلکے ہلکے اندھیر بھی ہورہا تھا۔۔۔

معراج کو اندھیرے سے ڈر لگتا تھا۔۔۔

اور دعا کو گھنے جنگل سے۔۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

دعا؟؟؟؟؟؟؟

معراج نے دعا کو پکارا تو۔۔۔۔۔۔!!

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

بارش زوروں پر تھی اور ہلکے ہلکے اندھیرا بھی ہورہا تھا۔۔۔ معراج کو اندھیرے سے ڈر لگتا تھا۔۔۔ اور دعا کو گھنے جنگل سے ڈر لگتا تھا دعا؟؟؟؟؟؟؟ معراج نے دعا کو پکارا تو دعا نے فورن اسکی طرف دیکھا۔۔۔ کیا ہوا؟؟؟ معراج نے دعا کا سفید پڑتا چہرہ دیکھ پوچھا۔۔۔ کچھ نہیں۔۔۔!!!! دعا کو عجیب سا خوف محسوس ہورہا تھا اور حد سے زیادہ ٹھنڈ بھی لگ رہی تھی۔۔۔ اسکے چہرے پر صاف نظر آرہا تھا۔۔۔ تمھیں سردی لگ رہی ہے؟؟؟؟ معراج نے دعا کے ہاتھ کو تھام کر کہا۔۔۔ دعا کا ہاتھ برف سے زیادہ ٹھنڈا ہورہا تھا۔۔۔ نہیں ٹھیک ہوں میں۔۔۔!!! دعا نے اپنا ہاتھ پیچھے کھینچ لیا تھا۔۔۔ بارش مسلسل تیز سے تیز ہوئی جارہی تھی۔۔۔ اندھیرا ہر طرف پھیلتا جارہا

تھا۔۔۔ معراج کو اندھیرے کو دیکھ کر وحشت ھو رہی تھی۔۔۔ اور دعا کی فکر اسکو الگ تھی۔۔۔ چلو اب کب تک ہم یہاں کھڑے رہیں گے۔۔۔ معراج نے اپنی جیکٹ اتار کر کہا۔۔۔ اپ یہ کیا کر رہے ھیں۔۔۔ کس قدر ٹھنڈ ھے اور اپ جیکٹ کیوں اتار رہے ھیں۔۔؟؟ دعا نے فورن فکر مند ھو کر کہا۔۔۔ کچھ نہیں ھو گا مجھے۔۔۔۔۔ ہمیں یہاں رات نہیں ھونی چاھیے۔۔۔۔ تمھین حد سے زیادہ سردی لگ رہی ھے مجھے معلوم ھے۔۔۔۔!!!! معراج کو خود سے زیادہ دعا کی فکر تھی۔۔۔۔ چلو۔۔۔!!!!! معراج نے دعا کو تھام کر اپنے قریب کیا تھا اور اپنی موٹی جیکٹ دعا کے سر پر ڈال دی تھی۔۔۔۔۔ تاکہ وہ بارش میں بھیگے نا۔۔۔ اور خود وہ صرف ٹی شرٹ میں تھا۔۔۔۔۔ اپ بیمار ھو جائیں گے پلیز یہ نا کریں۔۔۔۔ دعا نے معراج کو صرف ٹی شرٹ میں دیکھ کر کہا۔۔۔ مجھے اس وقت صرف تمھاری فکر ھے۔۔۔۔ بس۔۔۔ معراج نے گھیری انکھوں سے دعا کو دیکھ کر کہا۔۔۔۔ اور پھر اسکو کندوں سے تھام کر اپنے بازوں کے اثار میں لیا۔۔۔ اور جیکٹ اس پر دال کر اس کے ساتھ ساتھ چلنے لگا۔۔۔۔۔۔ دعا پوری جیکٹ سے دھکی ھوئی تھی۔۔۔ لیکن معراج صرف نام پر ھی ڈھکا ھوا تھا۔۔۔۔ تیز بارش میں وہ بھیگ رہا تھا۔۔ بارش بھی ناران کی بارش جو برف سے زیادہ ٹھنڈی تھی۔۔۔ دعا معراج کے ساتھ چلتی چلتی ایک ٹک اسکو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔ دعا کی نظر معراج سے نہیں ہٹ رہی تھی۔۔۔ جب ہی ایک موٹا سا پھتر دعا کے پاوں میں ایا تھا افففف اللہ۔۔۔۔۔ دعا نے رو کتے ھوئے کہا۔۔۔۔ کیا ھوا؟؟؟؟؟ میرے پاوں °° دعا نے درد سے کراتے ھوئے کہا۔۔۔۔۔ معراج نے فورن جھک کر دعا کا پاوں دیکھا تو اس میں سے خون آرہا تھا۔۔۔۔ اھووو!!! بیٹھو ادھر معراج نے پاس ہی والے پتھر پر دعا کو بیٹھایا تھا۔۔۔ اور اب خود پورا پورا وہ بارش میں بھیگ رہا

تھا۔۔۔ تم بھی پاگل ھو دعا۔۔۔ کوئی slippers پھنتا ھے کیا۔۔۔ دیکھو کتنی زور سے پتھر لگا ھے کتنا خون بہہ رہا ھے تمھارا۔۔۔۔۔ معراج نے دعا کے خون کو اپنے رومال سے صاف کرتے ھوئے کہا۔۔۔ دعا ایک ٹک معراج کو دیکھ رہی تھی۔۔۔ معراج کے چہرے پر واضع دعا کے لیے حد سے زیادہ فکر تھی۔۔۔ معراج جھک کر دعا کے پاوں کو ہاتھ میں لے کر اس پر رومال باندھ رہا تھا۔۔۔ زیادہ درد تو نہیں ھو رہا دعا؟؟؟؟ معراج نے نیچے منہ کرے کرے پوچھا۔۔۔ بہت درد ھو رہا ھے۔۔۔ دعا نے یہ بات صرد پاوں کے درد سے نا بولی تھی وہ کسی بہت گھیری سوچ میں تھی۔۔۔ معراج کا یہ نیا روپ اسکو بہت پریشان کر رہا تھا۔۔۔ دعا کا معراج سے نفرت کرنا آسان تھا۔۔۔ لیکن معراج سے محبت کرنا اس کے لیے بہت مشکل تھا۔۔۔۔۔ دعا کے دل میں عجیب سی جنگ چھڑی تھی۔۔۔ دعا؟؟؟ معراج نے اب کھڑے ھو کر کہا۔۔۔ دعا نے معراج کی طرف دیکھا تو وہ بارش میں بری طرح بھیگا ھوا تھا۔۔۔ دعا کے دل میں عجیب سی ٹیس اٹھی تھی۔۔۔ دعا ہمیں رات ھونے سے پہلے اوپر واپس جانا ھے تاکہ ہمیں خوئی جیپ مل سکے۔۔۔۔۔ معراج نے ہاتھ تھام کر دعا کو اٹھایا تھا۔۔۔۔ اور اسکا ہاتھ تھام کر پھر بڑھ رہا تھا۔۔۔ پر دعا کے پاوں میں درد ھو رہا تھا وہ چل نہیں پا رہی تھی۔۔۔۔۔ لیکن اسنے معراج سے کچھ نا کہا تھا۔۔۔۔۔ افف ° دعا ہلکے سے کرائی تھی جب ہی معراج نے اسکو دونوں بازوں میں اٹھا لیا تھا۔۔۔۔۔ معراج تو پورا کا پورا بھیگا ھوا تھا۔۔۔ لیکن دعا بھی اب کافی حد تک بھیگ چکی تھی۔۔۔ پلیز چھوڑیں مجھے میں چل لوں گی۔۔۔ اپ اتنا اوپر کیسے چھڑیں گے۔۔۔ مجھے لے کر؟ دعا!!! چپ کرو۔۔۔۔۔ معراج نے گھیری گھیری انکھوں سے دعا کو دیکھ کر کہا۔۔۔ تو دعا چپ ھوگئی۔۔۔ تقریبن رات ھو ھوئی چکی تھی۔۔۔ اور جتنی

خوبصورت سیف الملوک دن میں لگتی تھی اتنی ہی خطرناک وہ اس وقت رات میں لگ رہی تھی۔۔۔۔ دعا کو ڈر لگ رہا تھا لیکن معراج کی بھاہوں میں اکر اسکا ڈر غائب ہوچکا تھا۔۔۔۔ معراج دعا کو گود میں اٹھائے آہستہ آہستہ پہاڑی چھڑ رہا تھا۔۔۔۔۔ اور دعا معراج کے چہرے کو دیکھ کر اپنے دل میں کہہ رہی تھی۔۔ تم سے نفرت تو میں نے آسانی سے کرلی تھی۔۔۔۔ پر میں تم سے محبت؟؟؟ تم کیوں یہ سب کر رہے ہو۔۔۔۔ اخیر کیوں۔۔۔۔۔ دعا نے اپنے دل میں سوال کیا تھا۔۔۔ جب ہی معراج نے دعا کو دیکھ کر مسکرا کر کہا۔۔۔۔ ایسے مت دیکھو مجھے۔۔ پیار ہوجائے گا۔۔۔ دعا نے ایک دم اپنی انکھیں جھکالی تھی۔۔۔ معراج دعا کو لے کر جب اوپر پہنچا تو وہاں ایک اور مشکل انکا انتیظار کر رہی تھی۔۔۔۔۔ معراج نے دعا کو لا کر ایک چھپے میں بیٹھا دیا تھا۔۔۔۔ کافی لوگ واپس جا چکے تھے بس کچھ ہی لوگ وہاں موجود تھے۔۔۔۔ اور جیپ بھی بہت کم تھی۔۔۔۔ دعا تم یہاں بیٹھو میں زارہ جیپ کا پتا کر کے آیا۔۔۔۔۔ معراج دعا کو بول کر سامنے ھی بنی چھوپڑی نما دوکان میں گیا۔۔۔۔ لالا؟؟؟؟ جیپ بک کروانی ھے۔۔۔۔!! معراج نے سامنے بیٹھے ایک بڑی عمر کے آدمی کو دیکھ کر کہا۔۔۔ اپ بیٹھو بیٹا ہم پتہ کرتا ھے۔۔۔۔ بارش کی وجہ سے تمام جیپ واپس جا چکی ھے۔۔۔۔۔ اچھا لالا اپ پتہ کرو میں وہی سامنے بیٹھا ھوں۔۔۔ معراج نے بلکل سامنے بنے ایک لکڑی کے چھتے کی طرف اشارہ کر کے کہا۔۔۔ اچھا ٹھیک ھے بیٹا اپ جاو۔۔۔۔ لالا چائے مل جائے گی۔۔۔ اصل میں میری بیوی کو بہت سردی لگ رہی ھے۔۔۔۔ معراج نے جاتے جاتے کہا۔۔۔ بیٹا ہمارا سارہ مال ختم ھوچکا بس ایک کپ چائے پڑی ھے۔۔۔۔ تم یہ لے جاو۔۔ خان بابا نے سامنے پڑی چائے معراج کے ہاتھ میں تھاما کر کہا۔۔۔۔۔ شکریہ لالا!!! معراج نے شکر گزار نظروں سے خان صاحب کو دیکھا پھر

چائے کو ڈھک کر وہ بارش میں بھیگتا ہوا دعا کے پاس آیا تھا۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆ بلاج !!! بلاج ؟؟؟؟ رملا نے گھبرا کر بلاج کو جگایا تھا۔۔۔ بلاج دعا معراج اب تک نہیں ائے ھیں۔۔۔ اب تو رات ھونے والی ھے۔۔۔۔ پلیز کچھ کریں۔۔۔۔ رملا حد سے زیادہ پریشان تھی۔۔۔ بلاج سمجھ رہا تھا کہ وہ کچھ دیر تک اجائیں گے۔۔۔ اس لیے وہ آرام سے تھا۔۔۔ لیکن اب شام کے 6 بجنے کو تھے پر دعا اور معراج کا کچھ پتا نہیں تھا۔۔۔ بلاج وہ صبح کے گئے ھیں۔۔۔ اتنا وقت نہیں لگتا۔۔۔ رملا بس اب رونے کو تھی۔۔۔۔ بلاج بھی فورن اٹھ گیا تھا۔۔۔ اور اپنا موبئل اٹھا کر معراج کو کال کر رہا تھا۔۔۔ پر دونوں کے موبئل poweroff جا رہے تھے۔۔۔ یا اللہ خیر کرنا۔۔۔۔ رملا بار بار دعا مانگی جا رہی تھی رملا تم گھر کچھ مت بتانا میں نیچے سے پتا کر کے آتا ھوں۔۔ بلاج بیڈ سے اٹھ کر اب جیکٹ پھن کر کمرے سے باہر نکل گیا تھا۔۔۔۔ روحان اور علیان سوئے تھے۔۔۔ اس لیے رملا بھی بلاج کے پیچھے پیچھے باہر اگئ تھی۔۔۔ رملا اور بلاج نے لوگوں سے پوچھا تو انکو پتہ لگا کہ تمام لوگ واپس اچکے ھیں۔۔۔ ابھی رملا اور بلاج کھڑے سوچ ہی رہے تھے کہ کیا کریں تبھی ایک آدمی نے زور سے کہا تھا۔۔۔ بھائ سیف الملوک سے انے والے راستہ بند ھوگیا ھے۔۔۔ مسلسل بارش ھونے کی وجہ سے پہاڑی راستہ بہت زیادہ خراب ھوگیا ھے۔۔۔ جس کی وجہ سے وہاں سے جیپ میں واپس آنا آسان نہیں ھے۔۔۔۔ بلاج اور رملا نے جب ہی بات سنی تو جیسے انکے پیروں سے زمین ہی نکل گئ تھی۔۔۔ دونوں حد سے زیادہ شکوک تھے۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆ عمیر زارہ دعا کو فون ملاو میرا دل بہت عجیب ھو رہا

ھے۔۔۔ سمیرا بیگم ابھی ابھی نماز پڑھ کر سمیر کے پاس ائی تھی۔۔۔ کیوں امی خیریت؟؟؟ عمیر نے پریشان ھو کر پوچھا۔۔۔ ہاں اللہ کرے سب خیر ہی ھو۔۔۔ بس پتا نہیں کیوں میرا دل گھبرا رہا ھے۔۔۔ عمیر تم دعا اور معراج کے خیرت پتا کرو۔۔۔۔ سمیرا بیگم کے بولنے پر عمیر نے دعا کا نمبر ملایا تو وہ poweroff گیا۔۔۔ پھر اسنے معراج کو فون کیا تو وہ بھی poweroff جا رہا تھا۔۔۔ کیا ھوا؟؟؟ سمیرا بیگم۔ کی پریشانی ابھی بڑھی تھی۔۔۔ کچھ نہیں وہ فون نہیں اٹھا رہے امی گھومنے گئے ھیں۔۔۔ اپ پریشان نا ھو۔۔۔ رات تو بات ھوئی ھے اپکی ان سے۔۔۔ عمیر نے ماں کو تسلی دی تھی۔۔۔ نہیں عمیر۔۔۔ میری بچی کسی مصیبت میں ھے۔۔۔۔ سمیرا بیگم کی ممتا نے کہا تھا۔۔۔ اچھا اپ فکر نا کریں میں بلاج بھائی کو کال کرتا ھوں۔۔۔ عمیر انے سمیرا بیگم کو کہا۔۔۔ اور اب بلاج کو فون ملایا تھا۔۔۔ دوسری تیسری بیل میں بلاج نے کال اٹھالی تھی۔۔۔ بلاج سے بات کرنے کے ساتھ ساتھ عمیر کے چہرے کا رنگ بدل رہا تھا۔۔ لیکن وہ منہ سے کچھ اس لیے نہیں بول رہا تھا کیونکہ سمیرا بیگم بلکل سامنے بیٹھی پریشان ھو رہی تھی۔۔۔ عمیر نے جب کال بند کی تو وہ خاصا پریشان تھا۔۔۔ لیکن اسنے سمیرا بیگم سے کہا۔۔۔ امی آپ پریشان نا ھو ابی اور معراج بھائی ابھی گھومنے گئے ھیں۔۔۔ بلاج بھائی بول رہے تھے وہ دونوں جب ائیں گے تو معراج بھائی خود کال کر لیں گے۔۔۔۔ عمیر کی بات سن کر سمیرا بیگم کا دل نجانے کیوں یہ بات ماننے کو تیار نا تھا۔۔۔۔۔۔ ☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆ معراج جب دعا کے پاس آیا تو دعا سردی سے کانپ بری طرح کانپ رہی تھی۔۔۔ اور اسکا سفید چہرہ اب نیلا ھو رہا تھا۔۔۔ ھونٹ بری طرح کانپ رہے تھے۔۔۔ یہ لو یہ پی لو۔۔۔۔ معراج نے دعا کے پاس

بیٹھ کر چائے دعا کو تھمائی تھی..... دعا نے معراج کے ہاتھ سے جب چائے لی تو اسکو محسوس ہوا کہ اسکا ہاتھ دعا سے زیادہ برف ہو رہا تھا۔۔۔۔ اپ کی کہاں ہے ؟؟؟؟؟ دعا نے فورن پوچھا۔۔۔۔۔ میں چائے نہیں پتا۔۔۔ معراج نے جھوٹ کہا۔۔۔ معراج کو اب بری طرح چھیکیں آ رہی تھی۔۔۔ کیا ہوا جیپ کا ؟؟ دعا نے چائے کا گھونٹ بھرتے ہوئے پوچھا۔۔۔ وہ بول رہے ہیں ابھی جیپ منگوا رہے ہیں۔۔۔۔ ہم۔۔۔۔۔!!! یہ لیں !!! دعا نے تھوڑی سی چائے پی کر معراج کے اگے بڑھائی تھی۔۔۔۔ سردی بہت ہے !!! معراج نے بنا کچھ بولے دعا کے ہاتھ سے چائے کا کپ لیا تھا۔۔۔ اور ایک کپ سپ پیا تھا۔۔۔۔۔ پاوں کیسا ہے تمھارا ؟؟؟ معراج نے دعا کے پاوں کی طرف دیکھ کر کہا۔۔۔۔ ٹھیک ہے۔۔۔ دعا نے مختصر سے جواب دیا تھا۔۔۔۔۔ کافی اندھیرا ہو گیا ہے۔۔۔ دعا نے آسمان کی طرف دیکھ کر کہا۔۔۔۔۔ ہمم !!! معراج نے مختصر جواب دیا اس وقت اسکا دل بہت عجیب ہو رہا تھا۔۔۔۔ وہ دعا کے سامنے ظاہر نہیں کر رہا تھا پر اس وقت معراج کی طبعیت خراب ہو رہی تھی۔۔۔ بچپن سے اسکو اندھیرے سے ڈر لگتا تھا۔۔۔ اور اندھیرا بھی وہ جو پہاڑیوں کے بیچ میں ہوتا ہے۔۔۔۔۔۔ دعا ؟؟؟؟ معراج نے ایک دم دعا کو پکارا تھا۔۔۔ دعا نے معراج کی طرف دیکھا۔۔۔۔ ڈرنا نہیں میں ہوں تمھارے ساتھ۔۔۔۔ معراج نے دعا کا ہاتھ تھام کر کہا۔۔۔۔ اور دعا کے اور پاس ہوا۔۔۔۔۔ دعا کو واقعی اس وقت حد سے زیادہ ڈر لگ رہا تھا۔۔۔۔ سیف الملوک پر بڑھتا اندھیرا اسکا دل ڈھلا رہا تھا۔۔۔۔ آس پاس لوگ بہت کم تھے۔۔۔۔ وہاں پر اب صرف وہ لگ موجود تھے جن کی وہاں دوکانیں تھی۔۔۔۔ باقی تمام لوگ واپس جا چکے تھے۔۔۔۔۔۔ بارش اب نا ہونے کے برابر ہو رہی تھی۔۔۔ لیکن سردی بہت زیادہ بڑھ گئی تھی۔۔۔ دعا اور معراج دونوں ہی

بارش میں بھیگے ہوئے تھے۔۔ اللہ کرے بس جلدی سے جیپ اجائے سب پریشان ہورہے ہونگے۔۔۔۔ دعا نے کہا۔۔۔۔۔ ہاں بس آتی ہوگی فکر نا کرو۔۔۔ ویسے دعا سوچو اگر اس وقت یہاں وہی دیو آجائے۔۔۔۔۔ معراج کو شرارت سوجی۔۔۔۔ پلیز اپ ایسی باتیں نا کریں۔۔۔ دعا نے جل کر کہا۔۔۔ دیکھو تمھیں وہ کہانی بتائی تھی نا اس نے کہ ایک دیو تھا۔۔۔ جو پری کا عاشق تھا ہم ہم پری تو یہاں ھے۔۔۔ راجہ بھی ھے بس دیو کی کمی ھے۔۔۔۔ معراج نے دعا کو دیکھ کر ایک انکھ دبا کر کہا۔۔۔۔۔ دعا ویسی ڈری ہوئی تھی اور اس اندھیری خوفناک جگہ پر دیو کا نام سن کر اسکی انکھوں میں ایک دم ہی آنسوا گئے تھے۔۔۔ اھوو ڈرو نہیں کچھ نہیں ھوگا بس جیپ اتی ھوگی۔۔۔۔۔۔ معراج نے دعا کو تسلی دی تھی۔۔۔ جب ہی سامنے سے خان بابا نے اکران کو ایک بری خبر سنائی تھی۔۔۔۔ صاحب جی واپس جانے کا تمام راستہ بند ھوچکا ھے۔۔۔۔۔۔ نا کوئی جیپ اوپر آسکتی ھے۔۔۔ نا کوئی جیپ ادھر سے جا سکتی ھے۔۔۔ بس ایک پیدل چلنے والا ہی راستہ ھے۔۔۔۔۔۔ جس سے لوگ واپس جاتا ھے۔۔۔۔۔ دعا اور معراج دونوں ہی ایک پل کے لیے سکتے میں اگئے تھے۔۔۔۔ کککک کیا مطلب اب ہم یہاں سے نہیں جا سکتے؟ دعا نے بھیگی انکھوں سے معراج کو دیکھ کر روندی آواز میں کہا۔۔۔۔ دعا پلیز تم رومت میں کچھ کرتا ھوں۔۔۔۔ لالا پیدل جانے کے سوا اور کوئی راستہ نہیں ھے؟؟؟؟ معراج نے پوچھا۔۔ نہیں بیٹا ہم تو پہاڑی لوگ ھیں۔۔۔ ہمیں عادت ھے اپ لوگ کا انا جانا مشکل ھوگا۔۔۔۔ پہاڑی اترنا آسان نہیں ھے وہ بھی اتنی بڑی۔۔۔۔۔ خان بابا نے بات کی واضحت کی۔۔۔ ہمم اچھا۔۔۔۔۔!!! معراج نے کچھ سوچتے ھوے کہا۔۔۔ معراج پہاڑی نہیں اتر سکتا تھا۔۔۔ اور نا دعا کے پاوں کی حالت اس قابل تھی۔۔۔ اگر وہ یہ قدم اٹھاتا تو ادھے راستے میں

پھس جاتا۔۔۔ تھوڑی دیر سوچنے کے بعد معراج نے خان بابا سے کہا۔۔۔ لالا پھر ایک کام کریں اپ۔۔۔ اپ واپس نیچے جا کر جو نمبر میں آپکو دے رہا ھوں انکو کال کر کے بتا دینا کے ہم ادھر پھسے ھیں۔۔ وہ ہمیں یہاں سے نکال لیں گے۔۔۔۔ معراج نے بلاج کا visintingcard نکال کر خان بابا کو دیا تھا۔۔۔۔ معراج جانتا تھا کہ بلاج کچھ نا کچھ کر کے انکو ادھر سے نکال لے گا۔۔۔ خان بابا نے visitingcard لے کر معراج کو اپنی دوکان میں بیٹھنے کو کہا۔۔۔ بیٹا اپ اور باجی جی میری دوکان میں بیٹھ جاو۔۔۔ میں نیچے جا کر کچھ کرتا ھوں۔۔۔ خان بابا نے معراج کو تسلی دی تھی اور چلے گئے تھے۔۔۔۔ معراج جب واپس دعا کی طرف پلٹا تو دعا گم سم بیٹھی تھی۔ چلو دعا ادھر چلتے ھیں۔۔۔ معراج نے دعا کو ہاتھ سے تھاما تھا اور اب دونوں اکر خان بابا کی دوکان میں بیٹھ گئے تھے۔۔۔۔ خان بابا کی دوکان دوکان کم چھوپڑی زیادہ تھی۔۔۔ لیکن باہر کے مقابلے یہاں سردی کم تھی۔۔۔۔ باہر اب بہت گھوپ اندھیرا ھو چکا تھا۔۔۔ ان دونوں کے علاوہ دور دور تک وہاں کوئی نا تھا۔۔۔ دعا اکر کونے میں بیٹھ گئی تھی۔۔۔ جب کہ معراج ادھر ادھر لال ٹین ڈھونڈ رہا تھا۔۔۔ دوکان میں صرف چھوٹی سی موم بتی کی روشنی تھی۔۔۔ تبی ہی اسکو دعا کے رونے کی آواز ائی۔۔۔ معراج جب موم بتی لے کر دعا کے پاس پھنچا۔۔۔ تو دعا بری طرح رو رہی تھی۔۔۔۔ دعا؟؟؟؟ معراج نے اسکو پکارا تھا۔۔۔۔ دعا کیا ھوا؟؟؟؟ معراج نے اسکو کھڑا کر کے اپنے سامنے کیا تھا۔۔۔ ارے پگلی رو نہیں کچھ نہیں ھوگا۔۔۔ کچھ دیر کی بات ھے پھر بلاج بھای کچھ نا کچھ کر دیں گے بابا کو بول کر تم پریشان با ھو ہم یہاں سے نکل جائیں گے۔۔۔۔ معراج نے دعا کو تسلی دی تھی۔۔۔۔ نہیں!!!! کچھ نہیں ھوگا۔۔۔ دیکھنا ہم مر جائں گے۔۔۔۔ دعا نے روتے روتے

کہا۔۔۔مجھے بہت ڈر لگ رہا ھے معراج۔۔۔۔۔ ہم یہاں اکیلے ھیں۔۔۔۔ حد سے زیادہ اندھیرا ھے۔۔۔ یہاں۔۔۔۔ اپکو اپکو بھی اندھیرے سے ڈر لگتا ھے۔۔۔ صبح تک ہم نہیں بچیں گے۔۔۔۔!!!!!دعا نے معراج کی انکھوں میں دیکھ کر کہا تو معراج نے ایک دم اسکو اپنے ساتھ لگا لیا۔۔۔۔ شیییی!!!!! معراج کے مظبوط باھوں میں اکر دعا چپ ھوگئ تھی اور اب اس سے گلے لگ کر بری طرح رو رہی تھی۔۔۔۔مجھے بہت ڈر لگتا ھے راج مجھے بہت ڈر لگتا ھے ایسے کہی پھس جانے سے۔۔۔۔ دعا نے معراج کی بھاہوں میں اپنا منہ چھپا کر کہا۔۔۔ دعا میری جان !!!! میں ھوں نا تمھارے ساتھ !!! کچھ نہیں ھوگا۔۔۔ میرا وعدہ ھے میں تمھیں کچھ نہیں ھونے دوں گا۔۔۔۔ معراج نے دعا کو اپنے ساتھ لگائے لگائے کونے میں بیٹھایا تھا اور خود بھی اکر دعا کے ساتھ بیٹھ گیا تھا۔۔ دعا اسی طرح اس کے گلے سے لگی تھی۔۔۔۔ معراج نے اسکو اور مظبوطی سے اپنے ساتھ لگائے رکھا تھا۔۔۔۔۔ اس وقت بس وہ دونون ایک دوسرے کا سہارا تھے۔۔۔ موم بتی کی روشنی بھی ختم ھو رہی۔۔۔ اور اب چھوپڑی میں بھی اندھیرا پھیل رہا تھا۔۔۔۔ دعا کا وجود حد سے زیادہ ٹھنڈا ھو رہا تھا۔۔۔۔۔ معراج بھی بھیگا ھوا تھا۔۔۔۔۔ بڑھتا اندھیرا معراج کی حالت خراب کر رہا تھا۔۔۔ ماضی کی ایک یاد اسکو ستانے کو تھی۔۔۔۔ دعا اسکے سینے سے سر ٹکا کر اسکے ساتھ بیٹھی تھی جب ہی معراج نے !!!!!!!!!!!!!!!!!!!

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

اس وقت بس وہ دونون ایک دوسرے کا سہارا تھے۔۔۔

موم بتی کی روشنی بھی ختم ھورہی۔۔۔

اوراب جھوپڑی میں بھی اندھیرا پھیل رہا تھا۔۔۔۔

دعا کا وجود حد سے زیادہ ٹھنڈا ھورہا تھا۔۔۔۔۔

معراج بھی بھیگا ھوا تھا۔۔۔۔۔ بڑھتا اندھیرا معراج کی حالت خراب کررہا تھا۔۔۔

ماضی کی ایک یاد اسکو ستانے کو تھی۔۔۔۔

دعا اسکے سینے سے سر ٹکا کر اسکے ساتھ بیٹھی تھی۔۔۔۔

جب ہی معراج نے اپنی انکھیں بند کرکے دعا کی دھیمی دھیمی خوشبو محسوس کی تھی۔۔۔۔

معراج کو دعا کی قربت سے عجیب سا سکون مل رہا تھا۔۔۔ کچھ پل پہلے لگنے والی سردی بھی نہیں لگ رہی تھی....

دعا بھی اپنی انکھیں بند کرکے سب کچھ بھول کر معراج کے سینے سے لگی ھوئی تھی۔۔۔۔

www.urdunovelsmania.com

دعا؟؟؟

معراج نے اپنی انکھیں بند کرکے دعا کو پکارا تھا۔۔۔۔

ہمم

دعا نے صرف ہمم کہا تھا۔۔۔۔

مجھے ؟؟

معراج کچھ بولتے بولتے روکا تھا۔۔۔

دعا نے شاید سنا نہیں تھا اس لیے اسے پوچھا بھی نہیں تھا۔۔۔

دعا اور معراج دونوں ہی اس وقت نیند کی گوندگی میں تھے۔۔۔

وہ صبح کے نکلے تھے۔۔۔۔

اور اب دونون کو ایک دوسرے کے پاس بے حد سکون ملا تھا۔۔۔

اس لیے دونوں ہی اتنی مشکالات کے باوجود نیند کے نشے میں جا چکے تھے۔۔۔

وہ دونوں ایک دوسرے کے محرم تھے۔۔۔

اللہ نے ان کو ایک دوسرے کے لیے بنایا تھا۔۔۔۔

اللہ نے ان دونون کو ایک دوسرے کا سکون بنایا تھا۔۔۔۔

ان دونوں کا ایک دوسرے پر حق تھا۔۔۔ تو دونوں کو ایک دوسرے کے پاس کیسے نا سکون ملتا

۔۔۔۔۔

سیف الملوک جیسی جگہ پر وہ دونوں اکیلے بس ایک دوسرے کا سہارا تھے۔۔۔۔۔

urdu novels mania
www.urdunovelsmania.com

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

خان بابا نے سیف الملوک سے نیچے اتر کر سیدھا بلاج کو فون ملا کر اسکو ساری تفصیل بتائی تھی۔۔۔

بلاج یہ سنے کے بعد اور بھی پریشان ھوگیا تھا کہ اب وہ دونوں وہاں اس ٹھنڈ میں اکیلے ھیں۔۔۔

رملا کا تو رو رو کر برا حال تھا۔۔۔۔۔

معراج اور دعا تو جانا نہیں چھاتے ان لوگوں کی ضد کی وجہ سے اب وہ دونوں وہاں پھسے تھے۔۔
اب بلاج کے پاس کوئی حل نہیں بچا تھا اس لیے اسنے مجبورن فون کر کے جہانگیر صاحب کو سب بتا دیا تھا۔۔۔
اور کہا تھا کہ ان دونوں کو rescue کرنے کے لیے وہ وہاں کوئی helicopter بھیجوا دیں۔۔۔۔
یقین جہانگیر صاحب کے تعلقات فوجیوں سے بہت اچھے تھے۔۔۔۔۔
جہانگیر صاحب بھی یہ سن کر پریشان ہوئے تھے۔۔۔
لیکن دعا معراج سے زیادہ انکو یہ فکر ہوئی تھی کہ کہی اس بات کا اثر election پر نا ہو۔۔۔۔
خیر انھوں نے اپنے ایک جنرل دوست سے بات کی تھی کہ وہ وہاں ایک ہیلی کوپٹر بھیج دیں جو دعا اور معراج کو ریسکیو کر کے لا سکے۔۔۔۔
لیکن شائید اج کوئی بھی چیز ساتھ دینے کو تیار نا تھی۔۔۔
جنرل صاحب نے جہانگیر صاحب کو بتایا کہ ناران کہ اس خراب موسم میں کوئی بھی ہلی کوپٹر وہاں نہیں جا سکتا۔۔۔
جب تک وہاں برف باری کی صورت حال ٹھیک نہیں ہوگی۔۔۔۔
جیسے موسم ٹھیک ہوگا یہ وہاں چلے جائیں گے۔۔۔۔
جہانگیر صاحب بھی اب کافی پریشان ہوئے تھے۔۔۔
بریرہ بیگم کا تو دل ڈھلا جا رہا تھا۔۔۔۔ گھر میں سب لوگ ہی پریشان ہو گئے تھے سوائے۔۔ سجل کے
۔۔۔

سجل نے خوشی خوشی فون کر کے یہ خبر ہما کو دی تھی۔۔

لیکن ہما کہ لیے یہ خبر اچھی نا تھی۔۔۔

وہ یہ خبر سن کر اور مزید جل کر راکھ ہوگئ تھی۔۔۔

وہ جانتی تھی کہ اکثر تنہائ اور ڈر انسان کو پاس لے آتا ھے۔۔۔

معراج تو دعا کو چھاتا ہی تھا کہی دعا بھی اس کے پاس نا اجائے۔۔۔

ہما کا دماغ یہ سن کر پھٹ رہا تھا۔۔۔۔

اور اب وہ جلد ہی کسی سازش کو انجام دینا چھاتی تھی۔۔۔۔۔۔

انتیظار تھا تو بس دعا معراج کی واپسی کا۔۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

وہ چھوٹا سا لڑکا ایک بڑے سے ہال میں تھا جب اسکو کوئ زور زور سے ھنس ھنس کر بلا رہا تھا!!!

معراج

مجھے ڈھونڈو۔۔۔۔

معراج؟؟؟؟

میں کہاں ھو۔۔۔۔۔؟؟؟

دیکھو میں چھپ گئ۔۔۔

معراج اس وقت بڑا معراج نہیں تھا وہ تو کوئی 8 سال کا بچہ تھا۔۔۔۔۔

بہت پیارا سا چھوٹا سا لڑکا۔۔۔

جس کہ چہرے پر حد سے زیادہ معصومیت تھی۔۔

جو کسی کو ھنس ھنس کر ڈھونڈ رہا تھا۔۔۔۔۔

پھر ایک دم اس نے جا کر اس وجود کو زور سے پکڑ کر کہا۔۔۔۔

میں نے اپ کو پکڑ لیا اب کہی نہیں جانے دوں گا۔۔۔

معراج کے چھوٹے چھوٹے ہاتھ انکے نرم نرم ہاتھوں میں تھے۔۔

میرا بیٹا تو بہت ھوشیار ھوگیا ھے۔۔۔۔

انھوں نے نیچے بیٹھ کر چھوٹے معراج کے گال پر بوسہ دیا۔۔۔۔

آٹھ سال کے معراج نے انکو زور سے گلے لگا لیا تھا۔۔۔۔۔

میں اپ کو کہی نہیں جانے دوں گا۔۔۔۔۔

تو اسکی اس بات پر وہ بہت زور زور سے ھنسی تھی اور کہا تھا۔۔۔

میں بھی تمھیں چھوڑ کر کہی نہیں جاوں گی میرے بیٹے۔۔۔۔

تبی اچانک معراج کے چھوٹے چھوٹے ہاتھوں سے انکے ہاتھ چھوٹ رہے تھے۔۔۔

معراج ھنستے ھنستے ایک دم رونے لگا تھا۔۔۔۔

کوئی زبردستی اس وجود کو لے جا رہا تھا جس کے بنا معراج سانس نہیں لے سکتا تھا۔۔۔

کوئی انکو چھین کر اس سے دور لے جا رہا تھا۔۔۔

ھنسے کی آواز اب چیخوں میں تبدیل ہو چکی تھی۔۔۔۔

معراج بری طرح چیخ رہا تھا۔۔وہ وجود اس سے دور جا رہا تھا۔۔۔ایک دم سے ہال میں اندھیرا ھو رہا تھا۔۔۔

خوشیاں جانے لگی تھی۔۔۔

معراج اپنے چھوٹے چھوٹے پاوں سے اگے بڑھ بڑھ کر انکو روک رہا تھا۔۔۔اور ایک بار پھر جا کر اس وجود میں چھپ گیا تھا۔۔۔۔

پھر کسی نے اس ننی سی جان کو زور سے کھینچ کر پیچھے کیا تھا۔۔۔۔۔

اور اب زبردستی معراج کو پکڑ رکھا تھا۔۔۔

چھوڑووووووووووووجھے ے ے ے ے ے ے

معراج کی معصوم آواز اپنی طاقت سے چیخ رہی تھی۔۔۔۔

چھوڑووووووووو

نہیسسس!!!

انکو کہی نہیں لے کے جاو!!!!!!

پر دیکھتے دیکھتے معراج کی انکھوں سے وہ وجود غائب ھو گیا تھا۔۔۔۔

اور ایک دم سے وہ بلکل تنہا رہے گیا تھا۔۔۔۔

سارے ہال میں ادھیرا پھیل رہا تھا۔۔۔

وہ چیخ رہا تھا۔۔۔

پلیز نہیں۔۔۔۔!!!!

پر کوئی اس معصوم کے پاس نا تھا۔۔۔۔۔

وہ تنہا تھا۔۔۔۔۔

رو رہا تھا۔۔۔۔۔

اکیلا چلا رہا تھا۔۔۔

مدد کو پکار رہا تھا۔۔۔۔

پر کوئی نا تھا اس کے ساتھ۔۔۔۔اور دیکھتے دیکھتے اندھیرا اس 8 سال کے بچے کو نگل گیا تھا۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

دعا معراج کے سینے سے سر ٹیکا کر سوئی ہوی تھی تب اسکو محسوس ہوا تھا کہ معراج کچھ بول رہا ہے۔۔۔۔۔

وہ پچھلے دو گھنٹے سے سو رہے تھے۔۔۔۔

دعا کا جو ہاتھ معراج کے ہاتھوں میں تھا وہ اسکو بہت مظبوطی سے پکڑے ہوا تھا۔۔۔۔۔

دعا نے ایک دم اپنا سر اٹھا کر دیکھا تو اسکو معراج کے چہرے پر پسینا نظر آیا۔۔۔۔

جھوپڑی میں جلتی موم بتی بجھ چکی تھی۔۔۔

جھوپڑی میں صرف چاند کی روشنی پڑ رہی تھی۔۔۔۔

اج اتفاق سے پورا چاند تھا۔۔۔جو کھلے صاف آسمان میں چمک رہا تھا۔۔۔

بارش اور برف باری روک چکی تھی آسمان صاف ھوچکا تھا۔۔۔

اس لیے چاند اس وقت حد سے زیادہ چمک رہا تھا۔۔۔۔۔

اور اسکی کچھ مدھم سی روشنی جھوپڑی نما دوکان میں بنی چھوٹی سی کھڑکی سے آرہی تھی۔۔۔۔۔

اور معراج کے منہ پر پڑ رہی تھی۔۔۔

دعا بہت غور سے معراج کا چہرہ دیکھ رہی تھی۔۔۔۔

معراج کی انکھیں بند تھی۔۔۔۔

لیکن اسکا چہرہ اس حد سے زیادہ ٹھنڈ میں بھی پسینا پسین ھوا تھا۔۔۔۔

وہ بار بار کچھ بول رہا تھا

دعا کے لیے سمجھنا آسان نہیں تھا وہ کیا بول رہا ھے۔۔۔۔کیونکہ معراج بہت ہلکے ہلکے ھونٹ ہلا رہا تھا۔۔۔

دعا سمجھ چکی تھی کہ وہ کوئی خواب دیکھ رہا ھے۔۔

دعا نے ہلکے سے اپنا ہاتھ معراج کے ہاتھ سے چھڑوانا چھا تو معراج نے اسکا ہاتھ مظبوطی سے تھام لیا۔۔۔

دعا نے ایک بار پھر ہلکی سی کوشش کی وہ اٹھ کر معراج کے لیے دوکان میں پڑا پانی لانا چھا رہی تھی۔۔۔۔

دعا نے اب کہ زور سے ہاتھ کھینچا تھا۔۔۔۔

تو معراج نے ایک دم اپنی انکھیں کھولی تھی۔۔۔۔

اور وہ سب کچھ بھول کر بری طرح چیخ رہا تھا۔۔۔۔۔

نہیں لے کے جاوں انھے۔۔۔۔

چھوڑ!!!!!!!

چھوڑووووو

کہی مت جاو!!!!!!

روک جائیں ماما۔۔۔

پلیز!!!!

معراج اس وقت سب بھول چکا تھا اس کو کمرے میں صرف اندھیرا نظر آیا تھا۔۔۔۔

دعا ایک دم خوف زادہ ہوئی تھی۔۔۔۔ لیکن پھر اسکو فورن یاد آیا تھا کہ معراج اندھیرے سے ڈرتا ھے۔۔۔

معراج بری برح چیخ رہا تھا۔۔۔۔۔

اور اندھیر سے ڈر رہا تھا۔۔۔۔

معراج؟؟؟؟

معراج!!!!

دعا نے خود کو سنبھالا اور معراج کو اپنی موجودگی کا آحساس دلایا۔۔

لیکن معراج اس وقت کچھ سن نہیں رہا تھا۔۔۔

وہ اپنی پوری طاقت سے مسلسل چیخ رہا تھا۔۔

معراج؟؟؟

معراج؟؟؟

دیکھیں میں ھوں دعا؟؟؟

معراج؟؟؟

دعا نے معراج کا ہاتھ تھامنا چھا تو اسنے جھٹک دیا۔۔۔

وہ اندھیرے اور ڈر میں دعا کا چہرہ نہیں دیکھ پارہ تھا وہ سمجھ رہا تھا یہ اندھیرے کے ہاتھ ھے

تبی دعا نے معراج کا منہ اپنے دونوں ہاتھوں میں لے کر اپنی طرف موڑا تھا۔۔۔

اور اسکے بلکل پاس ھوئی تھی۔۔۔۔اور زور سے بولی۔۔۔۔

معراج میں ھوں دعا!!!!!

دعا؟؟؟؟

دعا؟؟؟؟

معراج نے ایک دم کہا۔۔۔۔

معراج کو جب دعا کا چہرہ نظر آیا تو اسکو محسوس ھوا کہ وہ محفوظ ھے۔۔۔

دعا؟؟؟؟

معراج کی انکھیں نم تھی۔۔۔وہ کچھ عجیب سی کیفیت میں دعا کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

ہاں معراج میں دعا۔۔۔۔°°°°

دعا کے دنوں ہاتھ معراج کے منہ پر تھے۔۔۔۔

اور وہ معراج کے حد سے زیادہ پاس تھی۔۔۔۔

اور گھٹنوں کے بل بیٹھ کر اسکو اپنی موجودگی کا احساس دلا رہی تھی۔۔۔

دعا؟

معراج بلکل معصوم بچوں کی طرح گھوٹنو کے بل بیٹھ کر دعا کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

اور پھر ایک دم زور سے اسنے دعا کو اپنے پاس کھینچا تھا اور اپنے گلے سے لگا لیا تھا۔۔۔۔

دعا گھوٹنوں کے بل بیٹھی تھی اس لیے سنبھل نہیں پائی تھی۔۔۔ اور سیدھے معراج کے اوپر جا کر گیری تھی۔۔۔۔

دعا میری جان !!!!!

معراج بری طرح رو رہا تھا۔۔۔۔

مجھے اس اندھیرے سے نکال دو۔۔۔

پلیز دعا۔۔۔۔۔

مجھے لے جاو اس اندھیرے سے۔۔۔۔

معراج نے اپنی دونوں بازوں سے دعا کی کمر کے ارد گرد گھیرا بنا لیا تھا۔۔۔

اور بہت زور سے اپنے اندر سمایا ھوا تھا۔۔۔۔

دعا کو سمجھ نہیں آرہا تھا

وہ اس قدر قربت کی عادی نا تھی۔۔۔ اسکو معراج کی قربت سے ایک دم کرنٹ سا لگا تھا۔۔۔

urdu novels mania
www.urdunovelsmania.com

معراج کی سانسیں بری طرح پھول رہی تھی۔۔۔اور دل کی ڈھڑکن پھٹنے کو تھی۔۔۔وہ اس وقت حد سے زیادہ خوفزادہ تھا۔۔۔

وہ جانتی تھی معراج کی گرفت بہت مظبوط ھے وہ اس وقت خوف زادہ ھے اسکو نہیں چھوڑے گا۔۔۔

اس لیے دعا نے کوئ ھل جھل نہیں کی اور خاموشی سے معراج کے گلے سے لگ کر اسکو تسلی دینے لگی۔۔۔۔۔

معراج میں ھوں اپ کے ساتھ۔۔۔۔

ڈریں نہیں۔۔۔۔۔!!!!

دیکھیں کچھ نہیں ھے۔۔کوئ نہیں لے جارہا۔۔۔وہ اس وقت معراج کے ساتھ ایسے جوڑی ھوئ تھی۔۔کہ معراج کے دل کی ڈھڑکن دعا کو اپنے اندر محسوس ھورہی تھی۔۔

دعا معراج کا ڈر ختم کرنے اور اپنی موجودگی کا احساس دلانے کے لیے بار بار بولے جارہی تھی۔۔۔۔

کچھ نہیں ھوا۔۔۔۔

سب ٹھیک ھے۔۔۔

وہ تھوڑی دیر آنکھیں بند کر کے دعا کے گلے لگا رہا

معراج کی ڈھڑکن اور سانس اب کچھ سنبھلی تھی۔۔۔

وہ سہما اور ڈرا ڈرا سا ھو کر دعا کی بھاہوں میں چھپ گیا تھا۔۔۔

دعا نے بھی پتا نہیں کیوں اسکو خود سے دور نا کیا تھا۔۔۔۔

نجانے کتنی دیر معراج اسی طرح دعا کے گلے لگا رہا۔۔۔۔۔

معراج؟؟؟؟

کافی دیر کی خاموشی کے بعد دعا نے معراج کو پکارا تھا۔۔۔ وہ ابھی بھی چھوٹے سے بچے کی طرح دعا کے گلے سے لگ کر رو رہا تھا۔۔۔۔

پتا نہیں کیوں وہ دعا کو کسی خوف کی وجہ سے چھوڑ نہیں رہا تھا۔۔۔

معراج؟؟۔۔

معراج کے کوئی جواب نا دینے پر دعا نے اسکو پھر پکارا تھا۔۔۔۔

کیا ھوا؟؟

کوئی خواب دیکھا اپنے؟؟؟

دعا کے سوال کرنے پر معراج کو ایک دم احساس ھوا تھا۔۔۔

وہ فورن دعا سے الگ ھوا تھا۔۔۔ اس کی حالت بھی اب کچھ سنبھل چکی تھی۔۔۔ لیکن اسکی انکھوں میں انسو ویسی جا رہی تھے۔۔۔۔

کچھ نہیں۔۔۔۔

سوری!!!!

معراج نے ایک دم اپنی حرکت پر شرمندہ ھو کر کہا تھا۔۔۔۔۔

اور اٹھ کر ایک دم جھوپڑی سے باہر نکلا تھا۔۔۔

وہ بس اب جلد از جلد یہاں سے بھاگ جانا چھاتا تھا۔۔۔۔

دعا بھی اس کے پیچھے پیچھے باہر ائی تھی۔۔۔۔

پتہ نہیں بلاج نے اب تک ہلی کوپٹر کا انتیظام کیوں نہیں کیا۔۔۔

۔رات کے تین بجنے کو ھیں۔۔۔

حدھے۔۔۔

معراج کچھ عجیب سی کیفیت میں تھا۔۔۔

گھبرایا سا ڈراسا۔۔۔۔

دعا کا ڈر نجانے کہاں بھاگ گیا تھا۔۔

وہ اس وقت کا منظر دیکھ کر گم سے ھوگئ تھی۔۔۔

آسمان پر بہت سارے تاروں کے بیچ میں چمکتا پورا چاند۔۔۔۔۔

اس وقت حسن ترین لگ رہا تھا۔۔۔

اور جیسا آسمان اوپر تھا بلکل ویسا ہی آسمان سیف الملوک کی جھیل پر بن رہا تھا۔۔۔۔

دعا کو ایک دم یاد آیا تھا کہ اج 14 وی کی رات ھے۔۔۔۔۔۔

جب دعا اور معراج کو اس آدمی نے کہانی سنائ تھی تو یہ ہی کہا تھا کہ 14 وی کی رات کو راجہ نے پری کو اپنا بنا لیا تھا۔۔۔۔۔

دعا کے زہن میں جیسی یہ بات ائ اسنے معراج پر نظر ڈالی تھی۔۔۔ معراج بھی اس کے ساتھ کھڑا آسمان دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

دعا کچھ بولنے ہی والی تھی کہ ایک دم معراج بول پڑا۔۔۔۔

مجھے اس چاند سے نفرت ھے۔۔اور بول کر فورن واپس جھوپڑی میں اگیا تھا۔۔۔اور اب لال ٹین ڈھونڈ رہا تھا۔۔۔۔

دعا بھی اس کے پیچھے پیچھے اندر ائی تھی۔۔۔۔

کیوں نفرت ھے اپ کو اس چاند سے ؟؟ دعا نے اتے ہی سوال کیا تھا۔۔۔

وہ معراج کی کہانی سنا چھاتی تھی جس سے وہ بھاگ رہا تھا۔۔۔۔

کچھ نہیں۔۔۔

معراج نے لال ٹین میں اگ جالتے ھوئے کہا۔۔۔۔۔

دعا واپس اکر اسی جگہ پر بیٹھ گئ تھی۔۔۔۔۔

سردی سے حد سے زیادہ بڑھ گئ تھی۔۔۔

اور ناقابلے برداشت تھی۔۔۔

دعا نے محسوس کیا تھا کہ معراج کا چہرہ نیلا ھو رہا ھے۔۔۔

وہ بری طرح سے بارش میں بھیگا تھا۔۔۔

دعا کو ایک دم یاد آیا تھا۔۔۔ تو اسنے پوچھا۔۔۔

وہ بیگ کہاں ھے ؟؟

معراج نے اپنی جیکٹ کے ساتھ رکھا بیگ اسکی طرف بڑھیا تھا۔۔۔۔

دعا نے بیگ تھام کر اس میں سے ایک بڑی موٹی چادر نکالی تھی۔۔۔

معراج بھی اکر اب اس کے ساتھ بیٹھ گیا تھا۔۔۔۔

urdu novelsmania www.urdunovelsmania.com

یہ اپ اوڑھ لیں۔۔۔

دعا نے معراج کی طرف چادر بڑھائی تھی۔۔۔ معراج نے بنا کچھ بولے وہ چادر لے لی تھی۔۔۔۔

لال ٹین کی روشنی اتنی تھی کہ اندھیرا نہں ہو رہا تھا۔۔۔۔

معراج خاموش سے بیٹھا لال ٹین کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

جب دعا نے اسکو پکارا۔۔۔۔۔

معراج؟؟؟؟

ہمممم

معراج نے مختصر سا کہا۔۔۔۔

میں وہ سنا چھاتی ھوں جو اپ کسی سے شیئر نہیں کرتے۔۔۔۔۔

دعا نے معراج کو دیکھ کر کہا۔۔۔ دعا کی اس بات پر معراج نے دعا کی طرف دیکھا تھا۔۔۔

دعا کی بڑی بڑی انکھیں بہت گھیری تھی۔۔۔ اور معراج ان میں ڈوبنے سے ڈرتا تھا۔۔۔۔

وہ جانتا تھا وہ دعا کے سامنے یہ سب نہیں چھپا سکتا وہ دعا کے گالے لگ کر رویا تھا۔۔۔

کچھ نہیں۔۔۔!!!!!

ھے۔۔

معراج نے مختصر سا کہا اور سر نیچے جھکا لیا تھا۔۔۔۔

معراج پلیز بتائیں!!!!!

دعا نے معراج کا ہاتھ تھام کر کہا تھا۔۔

معراج اب خود کو نا روک سکا تھا۔۔۔

وہ ایک بار پھر دعا کے سامنے کمزور پڑ گیا تھا۔۔۔

معراج جہانگیر پہلی بار کسی کے سامنے رویا تھا۔۔۔۔

بولیں معراج ایسا کیا ھوا ھے ؟؟

جو اپ اندھیرے سے اس قدر ڈرتے ھیں ؟؟؟؟

دعا نے معراج کا خوف جاننے کے لیے کہا۔۔۔۔

معراج بنا کچھ بولے اب دعا کی گود میں سر رکھ کر لیٹ گیا تھا۔۔۔

دعا چپ تھی۔۔۔ لیکن کچھ بولی نہیں تھی۔۔۔ لوگوں کو وہ تکلیف میں نہیں دیکھ سکتی تھی۔۔۔۔

دعا ؟؟؟

معراج نے دعا کی گود میں سر رکھ کر اسکو پکارا تھا۔۔۔۔

جی ؟

دعا نے فورن کہا تھا۔۔۔

معراج نے ایک ہاتھ سے اسکا ہاتھ تھاما تھا۔۔۔

عجیب سی رات تھی یہ۔۔۔

دعا اور معراج ایک دوسرے کے بے حد پاس تھے۔۔۔۔

دعا کو معراج کا چھونا برا نہیں لگ رہا تھا۔۔۔

اور معراج کو دعا کو چھوتے ہوئے روکا وٹ محسوس نہیں ھو رہی تھی۔۔۔

www.urdunovelsmania.com

وہ دعا پر حق جتا رہا تھا اور دعا اسکو حق جتانے دے رہی تھی۔۔۔۔

اس رات نے دونوں کی تمام رنجیشیں بھلا دی تھی۔۔۔۔۔۔۔

دعا؟؟؟

میں بہت تھک گیا ھوں

اکیلا چلتا چلتا۔۔

بہت تھک گیا ھوں۔۔۔۔

معراج نے آہستہ آہستہ اب بولنا شروع کیا تھا۔۔۔۔۔۔

میں نے بچپن سے اج تک یہ سب کسی سے نا کہا۔۔۔

پر اب میں تھک گیا ھوں۔۔۔

میں اس عزاب سے جان چھوڑانا چھاتا ھوں۔۔۔۔

معراج کی آواز بھیگی ھوئی تھی۔۔۔۔

جب تک ہم اپنا دکھ کسی کے ساتھ بانٹتے نہیں ھیں۔۔

تب تک درد ہم سے اور ہم درد سے دور نہیں ھو پاتے۔۔۔

دعا نے گھیرے انداز میں کہا۔۔۔۔۔

مجھے سب بتایں شروع سے ایک ایک چیز۔۔۔۔۔

دعا نے معراج کے بالوں میں ہاتھ پھیرتے ھوئے کہا۔۔۔۔۔

معراج نے اپنے دونوں ہاتھوں میں دعا کا ایک ہاتھ لیا اور اپنے سینے پر رکھا تھا اور خود اس کی گود میں سر رکھ کر لیٹا تھا۔۔

دعا بھی دیوار سے ٹیک لگا کر بیٹھی تھی۔۔۔۔

اور ایک ہاتھ سے معراج کا سر سہلا رہی تھی۔۔۔

معراج نے انکھیں موندلی تھی۔۔۔۔

اور اب بولنا شروع کیا تھا۔۔۔۔۔۔

اسکی آواز بھیگی ہوئی تھی۔۔۔۔

وہ اج اپنا ہر ایک غم درد دعا سے شئیر کرنا چھاتا تھا۔۔۔ وہ درد جو بچپن سے جھیل رہا تھا اس سے نجات چھاتا تھا۔۔۔

اور اس درد سے نجات اسکو صرف دعا دلا سکتی تھی۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

یعقوب حسین !!!!

سندھ کے جانے مانے وادرے اور سیاست دان تھے۔۔۔۔۔

انکا راج پورے سندھ پر چلتا تھا۔۔۔۔۔

وہ ایک بہت روب دار شخصیت کے مالک تھے۔۔۔۔

انکی ایک بیٹی تھی جس کا نام کوسم تھا۔۔۔

وہ ایک انتہائی حسین اور خوبصورت لڑکی تھیں۔۔۔

اورا پنے باپ کی حد سے زیادہ لاڈلی بھی تھی۔۔۔۔

یعقوب حسین کے پاس دولات کی کوئی کمی نا تھی۔۔۔اورانکی ساری دولت کی وارث ایک لوتی بیٹی کوسم تھیں۔۔۔۔

کوسم ایک انتہائی معصوم اور کم عمر لڑکی تھی۔۔۔

اورا پنے باپ کا ہر حکم مانتی تھی۔۔

یعقوب حسین کی کچھ طبعیت ناساز رہتی تھی۔۔۔۔

اوروہ اپنی بیٹی کے اکیلے ہمدرد تھے۔۔۔۔کوسم کا بھی اپنے باپ کے سوااور کوئی نا تھا۔۔۔۔۔

جب کوسم کی شادی کا وقت قریب آیا تو یعقوب صاحب نے اس کے لیے اچھے سے اچھا لڑکا سوچ رکھا تھا۔۔۔۔

انھوں نے کوسم کی شادی اپنی ہی پارٹی کے ایک آدمی کے ساتھ طے کردی تھی۔۔

وہ آدمی کافی سالوں سے ان کے ساتھ تھا۔۔۔۔۔

کوسم نے باپ کی مرضی کے اگے کچھ نا کہا تھا۔۔۔۔۔

اور کوسم سے شادی کرنے والا بھی حد سے زیادہ خوش تھا۔۔۔

یعقوب صاحب نے کوسم کا نکاح اس نوجوان سے کروادیا تھا۔۔لیکن رخصتی ابھی نا دی تھی۔۔۔۔

اس نوجوان کو کچھ سالوں کے لیے باہر جانا تھا علی تعلیم حاصل کرنے۔۔۔۔

کوسم اور اس نوجوان میں کافی حد تک محبت تھی۔۔۔۔

کوسم نے دل پر پتھر رکھ کر اپنے شوہر کو بھار جانے دیا تھا۔۔۔۔

اور جب اس نوجوان کی پڑھائی مکمل ھوجاتی بس تب ہی وہ کوسم کو بھیا کر اپنے ساتھ لے جاتا۔۔۔

کوسم کا شوہر اور یعقوب حسن کا داماد اتنا زیادہ امیر نا تھا۔۔۔۔

وہ ایک معمولی سا لڑکا تھا۔۔ لیکن کوسم سے نکاح ھونے کے بعد اور یعقوب صاھب سے تعلق ھونے کے بعد اب وہ کافی خاص بندہ بن چکا تھا۔۔۔۔۔

وہ نوجوان باہر سے علی تعلیم حاصل کرنے باہر چلا گیا تھا۔۔۔

دیکھتے دیکھتے وقت گزرتا گیا۔۔۔۔

اور 8 سال بیت گئے۔۔۔۔۔

ان آٹھ سالوں میں کوسم نے پل پل اس شخص کا انتیظار کیا تھا۔۔

یعوب صاحب بیٹی کی رخصتی کی خواہش لے کر اس دنیا فانی سے رخصت ھو گئے تھے۔۔۔

یعقوب صاحب کے بعد سیاست کی تمام بھاگ ڈور کوسم یعقوب سے سنبھال لی تھی۔۔۔۔ وہ اب تک اپنے شوہر کا انتیظار کر ہی تھی۔۔۔۔۔

وہ روز کوسم کو فون کر کے کہتا تھا۔۔۔۔ کہ میں جلدی آوں گا۔۔۔۔۔۔۔

اور اج بھی اسکا فون ایسے ہی ایا تھا۔۔ ہیلو؟؟؟؟

کوسم نے فون کان سے لگا کر کہا۔۔۔

اچھا کب؟؟؟

کیا واقعی؟؟؟

اھوو میں بہت خوش ھوں؟؟؟

کوسم نے جب فون بند کیا تو وہ حد سے زیادہ خوش تھی۔۔۔۔

انھوں نے اپنی پوری ہویلی کو سجا دیا تھا۔۔۔۔

انکا انتیظار اب ختم ھوچکا تھا۔۔۔۔۔

انکے شوہر 8 سال بعد واپس آرہے تھے وہ بہت خوش تھی۔۔۔۔

وہ نوجوان بھی واپس آچکا تھا۔۔۔۔

اور خیر سے کوسم کو رخصت بھی کروالایا تھا۔۔۔۔

کوسم کو بھیایا کیا تھا۔۔۔ کوسم نے اپنے گھر میں ہی اسکو رکھا ھوا تھا۔۔۔

کوسم کا عشق بھی اس نوجوان سے جنون کی انتہاء کا تھا۔۔۔۔۔

وہ کافی خوش تھی۔۔۔۔

انکی شادی کو 3 مھینے گزر چکے تھے اور اللہ نے انکو ایک خوشخبری بھی عطا کی تھی۔۔۔۔

وہ خیر سے اس نجوان کے بچے کی ماں بنے والی تھی۔۔۔۔

سنیں!!!

وہ یہ خوشخبری سنانے اپنے شوہر کے پاس ائی تو وہ کچھ بولتی اس سے پہلے اس نوجوان نے کہنہ شروع کیا۔۔۔

مجھے واپس یو کے جانا ھوگا۔۔

میں وعدہ کرتا ھوں جلدی واپس آوں گا۔۔

یہ بات سن کر کوثم کی یہ خوشی پھیکی پڑگئ تھی۔۔۔

وہ کسی صورت مانے کو تیار نا تھی۔۔۔ لیکن عشق جنون کی انتہاء کا تھا اس لیے وہ پھرا پنے شوہر کی خوشی کے لیے مان گئ تھی۔۔۔۔۔

اورا پنے شوہر کو جانے کی اجازت دے دی تھی۔۔۔ لیکن یہ وعدہ لیا تھا کہ وہ یہاں واپس آئیں گے جب ان کے بچے کی پیدائش ھوگی۔۔۔۔۔

اوروہ نجوان وعدہ کر کے پھر چلا گیا تھا۔۔

وقت گزرتا گیا۔۔۔

وہ پھرا تیظار کرتی رہی۔۔۔۔ بل آخرانکے بچے کی پیدائش کا وقت اگیا۔۔۔

وہ نجوان اپنی کسی مجبوری کی وجہ سے نا آسکا۔۔ وہ بہت روتی تھی۔۔۔۔۔

وہ بلکل تنہاء تھی۔۔۔

تب اللہ نے انکوایک تحفہ دیا تھا۔۔۔

جب ڈاکٹر نے کوسم کولاکر انکا بچہ تھامیا۔۔۔۔

توا پنے معصوم سے بچے کوہاتھ میں لے کرانھوں نے جب پیار کیا تووہ اپنا ہر غم بھول گئ تھی۔۔۔۔

انھوں نے اس ننے سے وجود کوا پنے گلے سے لگایا تھااور بہت بری طرح روئ تھی۔۔۔۔۔

اتفاق سے اس بچے کی پیدائش ایک بہت مبارک دن ھوئ تھی۔۔۔۔

جس دن وہ معصوم سا گولوملوسا بچہ اس دنیا میں ایا تھا۔۔۔۔

وہ دن شب معراج کا تھا۔۔۔۔۔

تب کوسم نے اپنے بیٹے کو گلے سے لگا کر کہا تھا۔۔۔۔

میں اسکا نام معراج جہانگیر رکھوں گی !!!!!!!!!

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

معراج کی پیدائش !!!!!!!!

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

اتفاق سے اس بچے کی پیدائش ایک بہت مبارک دن ہوئی تھی۔۔۔۔

جس دن وہ معصوم سا گولوملوسا بچہ اس دنیا میں ایا تھا۔۔۔۔

www.urdunovelsmania.com

وہ دن شب معراج کا تھا۔۔۔۔۔

تب کوسم نے اپنے بیٹے کو گلے سے لگا کر کہا تھا۔۔۔۔

میں اسکا نام معراج جہانگیر رکھوں گی !!!!!!!!!

معراج کی پیدائش کے بعد کوسم جہانگیر ہر درد کو بھول بیٹھی۔۔۔۔

شوہر سے دوری بھی انکو اب زیادہ تکلیف نا دیتی تھی۔۔۔۔

جب انھوں نے یہ خبر راجہ جہانگیر کو سنائی تو وہ بھی بے حد خوش ہوئے لیکن اپنے نا انے کی مجبوری بھی بتائی۔۔۔۔

کوسم نے ہمیشہ کی طرح انکی بات پر یقین کرلیا۔۔۔۔

کوسم ایک طرف تو سیاست کو سنبھالتی تھی۔۔۔

تو دوسری طرف معراج کو۔۔۔ انھوں نے معراج کے لیے کوئی ایا نہیں رکھی وہ معراج کا ہر کام اپنے ہاتھ سے کرتی تھی۔۔۔۔

وقت پیر لگا کر بھاگ رہا تھا۔۔۔

کوسم کی جوانی اب ادھڑ پن میں اگئی تھی۔۔۔

انکو کافی لوگوں نے مشورہ دیا تھا کہ وہ راجہ جہانگیر سے طلاق لے کران سے شادی کرلیں۔۔۔ ایسے اپنی جوانی کو برباد نا کریں۔۔۔۔

لیکن کوسم نے ہمشہ انکار کردیا تھا۔۔۔ وہ راجہ جہانگیر سے بے حد عشق کرتی تھی۔۔۔۔

معراج بڑا ھو رہا تھا۔۔۔

باپ کی دوری کا احساس اسکو کوسم نے کبھی نا ھونے دیا تھا۔۔۔

معراج اب گھوٹنو گھوٹنو چلنے لگا تھا۔۔۔ جب راجہ جہانگیر نے اکر ایک چکر لگایا تھا۔۔۔۔

اور پھر کچھ مہینے رہے کر وہ واپس چلے گئے تھے۔۔۔۔

اس بار کوسم نے بھی انکو نا روکا تھا۔۔۔

معراج بڑا ھو رہا تھا اور دیکھتے دیکھتے اب وہ 8 سال کا ھوچکا تھا۔۔۔۔۔

کوسم اور معراج ایک دوسرے کے بے حد قریب تھے۔۔۔

نا معراج کا کوئی تھا کوسم کے بنا نا کوسم کا کوئی تھا معراج کے بنا۔۔۔

معراج ایک بہت خوش اخلاق بچہ تھا۔۔۔

پڑھا لکھا تمیز دار۔۔۔

ھنس مک۔۔۔۔۔

کوسم اور معراج اکثر چھپن چھپائی کھیلتے تھے۔۔۔تب کوسم کہی چھپ جاتی تھی اور معراج انکو ڈھونڈتا تھا۔۔۔

معراج اپنی ماں سے بے حد محبت کرتا تھا۔۔۔۔

جنون والی محبت اس کی اندر کوسم سے ہی ائی تھی۔۔۔۔۔

وہ دونوں ایک دوسرے کے ساتھ بے حد خوش تھے۔۔۔۔۔

ماما؟؟؟

یہ دیکھیں میں نے اپکا باندھ دیا اب اپ کہی نہیں جا سکتی۔۔۔۔۔

معراج نے کوسم کے ہاتھ کو اپنے ہاتھ کے ساتھ رسی سے باندھ دیا تھا۔۔۔۔

اہ میرا پیارا شیر بیٹا۔۔۔۔

میں کہی نہیں جاوں گی تمھیں چھوڑ کر۔۔۔۔

کوسم نے معراج کے گال کر بوسہ دے کر کہا۔۔

تم ہمیشہ ایسے کیوں کہتے ہو؟؟؟ معراج۔۔۔۔

ماما مجھے پتا نہیں کیوں لگتا ھے اپ مجھے چھوڑ جائے گی جیسے بابا چھوڑ گئے۔۔

میں اپ کے بغیر نہیں رہے سکتا ماما۔۔۔۔۔

معراج نے ماں کے گلے لگ کر کہا۔۔۔۔ارے میرے بیٹے میں کہی نہیں جاوں گی۔۔۔۔

وہ ہمشیہ معراج سے وعدہ کرتی تھی۔۔۔

وقت خوشیوں کے ساتھ بیت رہا تھا۔۔۔۔

راجہ جہانگیر نے فون کر کے بتایا تھا کہ وہ اب ہیشہ ہمئشہ کے لیے پاکستان آرہے ھیں۔

کوسم بے حد خوش تھی۔۔۔

معراج بھی بہت زیادہ خوش تھا۔۔۔کہ اب اسکی پوری فیملی ایک ساتھ رہے گی۔۔۔۔

وہ سمجھ رہے تھے انکی خوشیاں واپس اگئ ھیں۔۔۔

جب ہی انکی خوشیوں کو کسی کی نظر لگی تھی۔۔۔۔

urdu novels mania www.urdunovelsmania.com

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

معراج جلدی تیار ھو بابا اتے ھونگے۔۔۔

کوسم بیگم اج بے حد خوش تھی اور بہت اچھی تیار ھوئ تھی۔۔۔۔

اور معراج کو بھی بہت اچھا تیار کیا تھا۔۔۔۔

پوری حویلی انکی سجی تھی۔۔

کوسم صاحبہ !!

صاحب جی اگئے۔۔۔۔

ملازمہ نے اکرانکو بتایا تو وہ معراج کا ہاتھ تھام کر خوشی خوشی نیچے ائی تھی۔۔۔

معراج بھاگ کر اپنے باپ کے گلے لگا تھا۔۔۔

اور کوسم بھی مسکرا کر ملی تھی۔۔۔

پر انکی مسکراہٹ بس چند پل کی تھی۔۔۔

کیونکہ جہانگر صاحب اکیلے نا ائے تھے۔۔۔

انکے ساتھ ان کی ایک بیوی اور دو بیٹے بلاج اور دلاور بھی ائے تھے۔۔۔۔۔

جن کو کوسم دیکھ کر حد سے زیادہ شوگڈ تھی۔۔۔

معراج کو تو سمجھ نہین ارہا تھا۔۔۔بس اس رات اسنے کوسم کو بری طرح چیختے اور روتے دیکھا تھا۔۔۔۔

کوسم کے ساتھ ساتھ معراج بھی رویا تھا۔۔۔۔۔

اسکو بریرہ بیگم بہت بری لگی تھی۔۔۔

البتہ بلاج اور دلاور سے اسکی ہ دوستی ہوگئ تھی۔۔۔

جہانگیر صاحب نے کوسم کی کمزوری کا فائدہ اٹھاتے ہوئے کوسم کو منا لیا تھا۔۔۔

کوسم نے بریرہ بیگم کو قبول کر لیا تھا اور اس گھر میں رہنے کی جگہ بھی دے دی تھی۔۔۔۔

یہ کوسم کی جہانگیر صاحب نے بے حد محبت کی نشانی تھی۔۔۔

معراج کو سم سے بہت لڑا تھا کہ انکے گھر میں نئے لوگ کیوں ائے ھیں۔۔۔

لیکن کو سم نے معراج کو کبھی کچھ نا کہا۔۔۔

پر اب نا تو وہ معراج کے ساتھ کھیلتی تھی اور نا اب اسکے ساتھ ھنستی تھی۔۔۔

دن بادن انکی صحت گیرتی جارہی تھی۔۔۔۔

وہ بیمار رہنے لگی تھی اور معراج ہٹ رہنے لگا تھا۔۔۔۔

اتفاق سے بریرہ بیگم کا تعلق کو سم صاھبہ کی پاڑی کہ مخالفین میں سے تھا۔۔۔

آہستہ آہستہ معراج کے گھر پر کسی اور کا قبضہ ھورہا تھا۔۔۔۔

کو سم کی بیماری کی وجہ سے اب پارٹی کی تمام بھاگ ڈور جہانگیر صاحب نے سنبھال لی تھی۔۔۔

گھر اب بریرہ بیگم دیکھتی تھی۔۔۔۔

ہر پل ہسنے کھیلنے والی کو سم اب بہت خاموش ھوگئ تھی۔۔۔

شوہر کی بے وفائ نے انکو اندر سے ختم کردیا تھا۔۔۔۔۔

معراج بڑا ھورہا تھا۔۔۔۔سب سمجھ رہا تھا۔۔۔

وہ بریرہ بیگم سے حد سے زیادہ نفرت کرتا تھا۔۔۔۔۔

بریرہ بیگم بازات خود اچھی تھی لیکن بریرہ بیگم کا میکا کو سم کے خلاف تھا۔۔۔۔

اور کو سم کی جان لینا چھاتا تھا۔۔۔

معراج اب دس برس کا ھوچکا تھا۔۔۔۔

بچپن کے مقابلے معراج اب خاصا سنجیدہ ھوگیا تھا۔۔۔۔

وہ بلاج اور دلاور سے بھی کٹا کٹا رہتا تھا۔۔۔۔

لیکن بلاج اقر دلاور ہمیشہ اسکو چھوٹے بھائیوں کی طرح سمجھتے تھے۔۔۔۔۔

رملا انکی پڑوسی تھی وہ بھی اکثر اجایا کرتی تھی۔۔۔

معراج بہت کم ہی ان تینوں کے ساتھ کھیلتا تھا۔۔۔۔

اور بریرہ بیگم سے تو خار کھاتا تھا۔۔۔۔ وہ اسکول سے انے کے بعد اپنا تمام تر وقت اپنی ماں کوسم کے ساتھ گزارتا تھا۔۔۔

اکثر معراج کوسم سے بہت لڑتا تھا۔۔۔

اپ انکو اس گھر سے کیوں نہیں نکال دیتی ماما؟؟

معراج جب بی یہ بات بولتا۔۔

کوسم ہمیشہ کہتی۔۔۔۔

اللہ کو معاف کرنے والے پسند ھیں۔۔۔۔

اور پھر یہ تمھارے بابا کی خوشی ھے۔۔۔۔۔

ماما یہ کیسے محبت ھے معراج اکثر چیڑ کر کہتا تھا۔۔۔۔

تو کوسم ہمیشہ کہا کرتی تھی۔۔۔۔

سچی محبت وہ ھے جس میں جنون ھے۔۔۔۔۔

اور پھر تم چھوٹے ھو ان سب باتوں کے لیے۔۔۔۔۔

وہ معراج کو اس سب سے دور رکھنا چھاتی تھی۔۔۔

urdu novels mania www.urdunovelsmania.com

کوسم اکثر رات کو چھت پر جا کر چاند سے باتیں کیا کرتی تھی اور اپنے حال دل چاند سے کہتی تھی۔۔۔

معراج اپنی ماں کو چھپ چھپ کر جب چاند سے باتیں کرتا دیکھتا تو اسکا دل بہت اداس ہوتا۔۔۔۔

جہانگیر صاحب معراج سے بہت محبت کرتے تھے۔ اتنی محبت وہ شاید بلاج اور دلاور سے بھی نا کرتے تھے۔۔۔

لیکن انکی محبت صرف خواہشات تک تھی۔۔۔

وہ بچوں کی خواہش پوری کر دینے کو محبت کا نام دیتے تھے۔

وقت گزرتا جا رہا تھا۔۔۔۔

کوسم کی حالت مزید خراب سے خراب ہوئی جا رہی تھی۔۔۔۔

اج معراج کے دوست زاضا کی سالگرہ تھی۔۔۔

معراج بیٹا چلے جاو۔۔۔

نہیں ماما مجھے نہیں جانا

پلیز!!!

معراج اب ہر قسم کی social life سے دور ہو چکا تھا۔۔۔۔

بیٹا راضا تمھارا بہت اچھا دوست ھے۔۔۔ تم جا رہے ہو بس۔۔۔۔

ماماااااااااااااااااا!!!

ماااااااااااااااااااا!!!

معراج ایک دم تکلیف سے زور سے چیخا تھا۔۔۔۔۔۔

معراج پلیز خود کو سنبھالیں۔۔

۔پلیز۔۔۔۔

دعا نے اسکو اس طرح چیختا دیکھا تو اسکو کندھوں سے تھام کر بولی۔۔۔۔

معراج پلیز۔۔۔۔۔۔

دعا ماما نے کیوں؟؟؟

معراج بری طرح رو رہا تھا۔۔۔

وہ بری طرح ٹوٹ چکا تھا۔۔۔۔

اچھا اندر آئیں۔۔۔

دعا معراج کا ہاتھ تھام کر اسکو اندر کمرے میں لائی تھی اور اسکو بیڈ پر بیٹھایا تھا۔۔۔۔

اور خود جا کر جگ میں سے پانی نکال کر لائی تھی۔۔۔۔۔

معراج کو اس نے اپنے ہاتھ سے پانی پلایا تھا۔۔۔۔

دعا!!!!

معراج نے پھر اسکو پکارا تھا۔۔۔

پلیز معراج اپ خود کو سنبھالیں۔۔۔ دعا نے اسکے پاس ہو کر اسکے آنسو پونچھ کر کہا تھا۔۔۔

دعا ماما نے خود خوشی کی؟؟؟

وہ خود جان کر مجھے چھوڑ کر گئی؟؟

معراج نے شدید درد محسوس کرتے ہوئے کہا۔۔۔

معراج وہ مجبور تھی۔۔۔۔۔ پلیز اپ پہلے ریلیکس ہو۔۔۔ دعا نے پھر معراج کو پانی پلایا تھا۔۔۔۔ اور اسکے آنسو پونچھے تھے۔۔۔

اب معراج کچھ سنبھالا تھا۔۔۔۔

دعا نے اسکا سر اپنی گود میں رکھا تھا۔۔۔۔

اور اسکا ہاتھ اج خود تھاما تھا۔۔۔۔۔

معراج پلیز اب سمجھیں۔۔۔۔

جو گزچکا اسکو ہم نہیں بدل سکتے۔۔۔۔۔

ماما مجبور تھی۔۔۔۔۔

وہ تکلیف میں تھی۔۔۔۔۔۔

دعا پیار سے معراج کے سر میں ہاتھ پھیرتے پھیرتے اسکو سمجھا رہی تھی۔۔۔۔۔

اور معراج بکل خاموش سا لیٹا اسکو سن رہا تھا۔۔۔ معراج کے پاس تھا ہی کیا کہنے کو۔۔۔۔

معراج ماما نے جو کیا وہ بھی اپ سب کے لیے کیا نا۔۔۔۔ کہ اب سب انکو تکلیف میں دیکھتے تو اپ برداشت نا کر پاتے۔۔۔۔

انھوں نے قدم ضرور غلط اٹھایا پر وہ تھک چکی تھی انسے تکلیف برادشت نا ھوئ تھی۔۔۔۔۔۔۔

اپ اج تک سمجھتے رہے کہ انکو بریرہ ماما نے مارا ھے۔۔۔۔ جب کہ وہ تو اج تک اپ سے یہ حقیقت چھپاتی ائ ھیں۔۔۔۔ تاکہ اپ کو سم ماما سے نفرت نا کریں۔۔۔ وہ اج تک اپکی تمام نفرت بنا کچھ بولے سنتی ائ ھیں۔۔۔۔۔

انھوں سے اتنے سال اس گناہ کی سزاہ اٹھائ جو انھوں نے کیا ہی نہیں۔۔۔

دعا بہت پیار سے معراج کو سمجھا رہی تھی۔۔۔۔

معراج کو اس وقت حد سے زیادہ شرمندگی محسوس ہو رہی تھی۔۔۔۔۔

معراج۔۔۔۔

کوسم ماما اپنی جگہ ٹھیک تھی۔۔۔

اور بریرہ ماما اپنی جگہ۔۔۔۔۔ کوسم ماما کی جگہ ہمارے دل میں ہمیشہ جو ھے وہی رہے گی۔۔۔۔

لیکن بریرہ ماما بھی اپ سے بہت پیار کرتی ھیں۔۔۔ وہ اپکو وہ تمام ممتا کا پیار دینا چھاتی ھیں۔۔۔۔ جو انھوں نے بلاج اور دلاور بھای کو بھی نہیں دیا۔۔۔۔

پلیز معراج۔۔۔۔۔

بریرہ ماما کو انکے نا کیے گناہ کی سزاہ مت دہیں۔۔۔۔

وہ تڑپتی ھیں اپ کے منہ سے ماں سنے کو۔۔۔۔۔۔۔

اور پلیز کوسم ماما کو غلط نا سمجھیں۔۔۔۔۔

دعا نے اپنی بات ختم کی تو معراج ایک دم اٹھ کر بیٹھا تھا۔۔۔۔۔۔

کیا ھوا؟؟؟

دعا نے فورن پوچھا تھا۔۔۔۔

پتا نہیں میں نے جو گناہ جانے انجانے میں کیا ھے اسکے لیے مجھے وہ معاف کرینگی یا نہیں؟؟؟

کیون نہیں کرینگی ضرور کرینگی وہ تو کب سے اپ پر ممتا نچھاور کرنا چھاتی ھیں۔۔۔۔ راج۔۔۔۔

ایک بار انکو ماں بلا کر تو دیکھیں۔۔۔۔

جو ھو چکا وہ ھو چکا۔۔۔

لوگوں کے پاس ایک ماں ھوتی ھے۔۔۔اللہ نے اپ کو دو ماں دی ھیں جو دونوں ماں اپ سے بہت پیار کرتی ھے۔۔۔

راج ایک ماں کو تو کھو چکے اپ۔۔۔۔

دوسری کو اب مت کھویں۔۔۔۔

سب کچھ بھول کر ایک بار انکو ماں مان کر دیکھیں۔۔۔۔۔۔

دعا نے معراج کا ہاتھ تھام کر اسکو حوصلہ دیا تھا۔۔۔۔

معراج فورن کھڑا ھوا تھا۔۔۔

کہاں جا رہے ھیں؟؟

دعا نے فورن پوچھا۔۔۔۔

اپنی دوسری ماں سے معافی مانگنے۔۔۔جو گناہ انھوں نے کیا نہیں اسکی سزہ کیوں بھوکتی یہ پوچھنے۔۔۔۔۔

کیوں اج تک میری ہر بدتمیزی برداشت کی یہ پوچھنے۔۔۔۔۔۔

پر اس وقت؟؟؟

دعا نے حیران ھو کر کہا۔۔۔

فجر کی آزان ھو رہی ھے وہ ضرور اٹھی ھونگی۔۔۔

معراج کہہ کر کمرے سے باہر نکل گیا تھا۔۔۔۔تو دعا بھی اسکے پیچھے پیچھے نیچے ائی تھی۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

وہ دونون نیچے ائے تو بریرہ بیگم اتفاق سے باہر لاونج میں ہی نماز پڑھ رہی تھیں۔۔۔۔

دعا تو سیڑیوں پر رک گئ تھی جب کہ معراج ان کے سیدھے ہاتھ کی طرف جا کر کھڑا ھو گیا تھا۔۔۔۔۔

بریرہ بیگم نے سلام پھیرا تو معراج کو دیکھ کر بہت حیران ھوئ۔۔۔۔۔

معراج کی آنکھیں لال ھو رہی تھی۔۔۔

ارے بیٹا تم اس وقت؟؟؟

بریرہ بیگم نے معراج کو دیکھ کر ایک دم کہا۔۔۔۔۔

کچھ چھا یئے تھا؟؟

بریرہ بیگم نے ہمیشہ کی طرح بے حد ممتا سے کہا تھا۔۔۔۔۔

جی!!!!!

معراج نے مختصر سا کہا۔۔۔

وہ اس وقت حد سے زیادہ ندامت محسوس کر رہا تھا۔۔۔

کیا بچے؟؟؟

بریرہ بیگم نے پیار سے پوچھا۔۔۔۔

معافی!!!!!!

معراج کہہ کر ایک دم ہی انکے سامنے گھوٹنوں کے بل بیٹھا تھا۔۔۔وہ جانماز پر بیٹھی تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔

معراج

میرے بچے!!!!

معراج کو ایسے دیکھ کر وہ تڑپ اٹھی تھی۔۔۔۔اور فورن اس کے پاس ائی تھی۔۔۔

اور خود بھی رونے لگی تھی۔۔۔

کیوں اج تک میری ہر بدتمیزی برداشت کی؟؟؟

کیوں مجھے ہمیشہ اس سچ سے چھپا کر رکھا۔۔۔

کیوں برداشت کی اس گناہ کی سزہ جواپ نے کیا ھی نہیں؟؟؟

معراج نے ایک دم ہی ان سے بھیگی آنکھوں سے سوال کرنا شروع کر دیے تھے۔۔۔

اپ مجھ پر ممتا نچھاوار کرتی رہی اور میں نفرت دیتا رہا۔۔۔۔

کتنا خودغرض ھوں میں۔۔۔۔۔۔۔

معراج میرے بچے ایسے مت بولو۔۔۔تم بہت اچھے ھو بیٹا۔۔۔۔

بریرہ بیگم واقعی معراج سے سگی ماوں والا پیار کرتی تھی۔۔۔۔

میری تکلیف کی خاطر اپنے یہ سب سہا۔۔۔۔

اور میں نے کیا کیا؟؟؟

اپ کو لوگوں کے سامنے سب کے سامنے زلیل کرتا رہا اور اپنے اف تک نا کی آخر کیوں؟؟؟؟؟؟؟؟

مجھے اتنا غرور میں رہنے دیا؟؟؟

بتا دیتی اپ مجھے کہ میں ایک بد نصیب شخص ھوں جس کی ماں اسکو خود چھوڑ کر گی۔۔۔۔

کیوں سنتی رہی سب۔۔۔۔۔۔۔۔

نہیں معراج ایسے نہیں بولو۔۔۔کوسم مجبور تھیں۔۔۔۔۔۔

بریرہ بیگم نے روتے روتے کہا۔۔۔۔۔

میں نے تمھیں اج تک یہ سب اس لیے نہیں بتایا تھا کہ تم کوسم سے نفرت نا کرو۔۔۔۔۔۔

اوراپ سے جو نفرت کی وہ؟؟؟؟؟

اپ کو جو درد دیے وہ؟؟؟؟

اپنے کیوں کچھ نا کہا مجھ سے؟؟؟

کیوں میری ہر بے جا ضد پوری کی؟؟؟؟

معراج محبت اور ندامت بھرے شکوہ کر رہا تھا۔۔۔۔۔

ماں

ھوں

نا

بریرہ بیگم نے روک روک کر کہا تھا۔۔۔۔

معراج نے فورن انکو گلے لگا لیا تھا۔۔۔۔

مجھے معاف کر دیں امی۔۔۔۔

www.urdunovelsmania.com

مجھے معاف کردیں۔۔۔۔۔۔

۔پلیز۔۔۔

۔معراج بریرہ بیگم کے گلے لگ کر پھوٹ پھوٹ کر چھوٹے سے بچے کی طرح رو رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

مجھے معاف کردیں۔۔۔۔۔۔۔

معراج ماں سے معافی نہیں مانگتے تم نے مجھے کیا کہا؟؟؟

پھر کہنا میرے بیٹے؟؟؟

بریرہ بیگم بھی پھوٹ پھوٹ کر رو رہی تھی۔۔۔۔

امی!!!!!!!

میری امی آاااا

معراج بہت معصومیت سے بول رہا تھا۔۔۔

میرا بیٹا!!!!!

بریرہ بیگم اسکے گلے سے لگ کر پھوٹ پھوٹ کر روئی تھی۔۔۔۔

اج انکے آنسوں کے زریعے سالوں پرانی نفرت دھل رہی تھی۔۔۔

اور ماں بیٹے کی محبت کا رشتہ کھل کر نکھر رہا تھا۔۔۔۔

امی اگر دعا مجھے سب نا بتاتی میں ہمیشہ اسی طرح۔۔۔۔

اپ کو گھنگار۔۔۔۔۔مجھے معاف کردیں۔۔۔

معراج واقعی بہت شرمندہ تھا۔۔۔

بس جو جوا اسے بھول جاو میرے بچے۔۔۔۔۔۔

بھول جاو۔۔۔۔۔۔۔

بس تم نے مجھے امی کہہ دیا میری سب سے بڑی خواہش پوری ہوگئ۔۔۔۔

بریرہ بیگم نے معراج کے ماتھے پر بوسہ دے کر کہا تھا۔۔۔۔۔

دعا بھی اب ان دونوں کے پاس اکر کھڑی ہوگئ تھی۔۔۔۔۔۔۔

دعا میری بچی ادھر آو۔۔۔۔۔۔

بریرہ بیگم نے پیار سے دعا کو اپنے پاس بلایا تھا۔۔۔۔۔

اور اسکو اور معراج کو ساتھ گلے لگایا تھا۔۔۔۔۔۔

اج مجھے میری زندگی کی سب سے بڑی خوشی مل گئ۔۔۔۔

اج مجھے لگتا ھے میرے اللہ نے مجھے معاف کر دیا۔۔۔۔

بریرہ بیگم نے پیار سے کہا۔۔۔۔۔۔

پھر کافی دیر دعا معراج بریرہ بیگم کے پاس بیٹھے رہے۔۔۔۔

جاوں بچو اب تم دونوں سو جاو۔۔۔۔۔۔

بریرہ بیگم سے مل کر معراج اور دعا اپنے کمرے میں اگئے تھے۔۔۔

دونوں نے ساتھ مل کر فجر کی نماز ادا کی تھی۔۔۔۔۔۔۔

معراج کا دل حد سے زیادہ پر سکون تھا۔۔۔۔

نماز سے سلام پھیر کر اسنے دعا مانگی تھی۔۔۔۔۔

اور ساتھ ہی کوسم سے بھی مخاطب ھوا تھا۔۔۔

میری پیاری ماما میں کبھی اپ سے خفا نہیں ھوسکتا۔۔۔۔بس یہ تو اللہ نے لکھا تھا۔۔۔۔بس اپ مجھے جلدی چھوڑ کر چلی گئ۔۔۔۔

اپکی جگہ تو میری دل میں کوئ نہیں لے سکتا۔۔۔۔

لیکن اپ کی جیسی ایک جگہ اب میں امی کو دوں گا۔۔۔انھوں نے بہت صبر کیا ھے۔۔۔۔۔۔۔

مجھے اللہ نے موقع دیا ھے کہ اپکی ممتا میں امی میم تلاش کر سکوں۔۔۔۔۔میں اپ سے بکل خفا نہیں ھوں ماما۔۔۔۔۔۔

میں اپ سے بہت پیار کرتا ھوں اور کرتا رہوں گا۔۔۔

معراج نے بھیگی انکھوں سے دعا مانگی تھی اور پھر دعا کو دیکھا تھا۔۔۔

دعا نے بھی اسی وقت معراج کی طرف مسکرا کر دیکھا تھا۔۔۔۔

اندھیری رات کا سفر ختم۔۔۔۔۔۔۔۔دعا۔۔۔۔

روشن صبح کی روشنی میری زندگی میں شامل کرنے کے لیے شکریہ۔۔۔۔

معراج نے مسکرا کر دعا کو کہا تھا تو دعا بھی مسکرا دی۔۔۔۔

پھر دونوں اکر سونے لیٹ گئے تھے۔۔۔۔

اور زہنی طویل تھکن کی وجہ سے فورن سو بھی گئے تھے۔۔۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

صبح جب دعا معراج ناشتے کی میز پر آئے تو وہاں تمام لوگ ہی موجود تھے۔۔۔۔

معراج اور دعا دونوں ہی بے حد خوش تھے۔۔۔ وہ سمجھ رہے تھے انکی زندگی سے مسئلے ختم ہو چکے ہیں۔۔ لیکن ایسا نہیں تھا۔۔۔

وہ دونوں اکر میز پر بیٹھ گئے تھے۔۔۔۔ وہاں گھر کے تمام لوگ ہی موجود تھے۔۔۔۔۔

اور اپنے اپنے ناشتے میں مصروف تھے۔۔۔ جب ہی بریرہ بیگم کچن سے نکلی تھی۔۔۔۔

اسلام علیکم امی !!!!!

معراج نے فورن مسکرا کر سلام کیا تھا۔۔۔

معراج کے اس طرح سلام کرنے پر دلاور کے منہ میں جو چائے تھی وہ باہر اتے اتے رکی۔۔۔۔

جہانگیر صاحب جو اخبار پڑھنے میں مصروف تھے انھوں نے اخبار ہٹا کر دیکھا تھا۔۔۔

بلاج کو نوالہ نگلتے نگلتے ٹھسکا لگا تھا جبکہ رملا اور سجل شوگڈ تھی۔۔۔۔

سب کا reaction دیکھ کر دعا مسکرا رہی تھی۔۔۔۔

وعلیکم اسلام میرے بیٹے۔۔۔۔

بریرہ بیگم نے پیار سے اکر اسکا ماتھا چوما تھا۔۔۔۔۔۔

میز پر موجود تمام لوگ اس موجزے پر یقین نہیں کر رہے تھے اور انکھیں حیرت سے پھیلا کر معراج کو دیکھ رہے تھے۔۔

کیا ہے؟؟؟؟؟؟؟

معراج نے سب کی نظریں اپنے اوپر دیکھ کر پوچھا۔۔۔۔

یہ سورج اج کہاں سے نکلا؟؟؟

رملا نے مسکرا کر کہا۔۔۔۔

دعا نے بے سختہ ھنسی تھی۔۔۔

اب سب overacting نا کرنا۔۔۔۔وہ تم سب کے ساتھ ساتھ میری بھی ماں ھیں۔۔۔۔۔۔

معراج نے شرما کر مسکرا کہ کہا تھا۔۔۔۔۔۔

اھھھھھھھھھھووووووووووو۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بلاج اور دلاور نے حد خوشی سے ایک آواز ھو کر اوووو کہا تھا۔۔۔۔

یعنی ماں بیٹے کی ناراضگی ختم؟؟؟

جہناگیر صاحب نے مسکرا کر پوچھا تھا۔۔۔۔

ماں بیٹے میں ناراضگی ھوتی نہیں۔۔۔۔

بریرہ بیگم نے جواب دیا تھا۔۔۔۔

بلکل۔۔۔۔معراج نے مسکرا کر سر ہلایا تھا۔۔۔۔

وہاں سب خوش تھے سوائے سحل کے۔۔۔لو اب ایک اور فیملی میلوڈرامہ شروع۔۔۔سحل نے دل میں جل کر کہا۔۔۔۔

ابھی وہ لوگ باتیں ہی کر رہے تھے جب ہما!!!!!!!!!!!!

www.urdunovelsmania.com

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

وہاں سب خوش تھے سوائے سجل کے۔۔۔لو اب ایک اور فیملی میلوڈرامہ شروع۔۔۔

سجل نے دل میں جل کر کہا۔۔۔۔

ابھی وہ لوگ باتیں ہی کر رہے تھے جب ہما کی کال سجل کے موبئل پر ائی تھی۔۔۔۔۔

سجل ناشتے کی میز سے اٹھ کر اپنے کمرے کی طرف بڑھ گئی تھی۔۔۔۔۔۔

ویسے دعا تمھارا جادو اب نظر آرہا ھے۔۔۔۔

رملا نے ایک دبا کر دعا کو چھیڑا تھا۔۔۔

ہاں بھئی دعا یہ اج ایک دن میں معراج صاھب کی کایا کیسے پلٹ گئی؟؟؟

دلاور نے بھی مسکرا کر پوچھا تھا۔۔۔۔۔

اب تم کچھ زیادہ ہی overreact کر رہے ھو۔۔۔معراج نے بڑے مزے سے jucie پیتے ھوئے کہا تھا۔۔۔

ہاں بھائی بس کرو۔۔۔

کیوں میرے بیٹے اور بہو کو تنگ کر رہے ھو۔۔۔۔

اب کے بریرہ بیگم نے مسکرا کر کہا تھا۔۔۔

اج بریرہ بیگم کی زندگی کا انتہائی خوش ترین دن تھا۔

معراج لو میں نے اج خود تمھارے لیے اپنے ہاتھ سے lowoil کے پراٹھے بنائے ھیں۔۔۔

بریرہ بیگم نے معراج کے اگے پلٹ رکھتے ھوئے کہا۔۔۔

جب اتنے پیار سے بنائے ھیں۔۔۔

تو اتنے پیار سے کھلا بھی دیں۔۔

معراج نے بھی مسکرا کر کہا تھا۔۔۔

بریرہ بیگم تو خوشی سے پھولے نا سما رہی تھی۔۔۔

معراج کو اس طرح دیکھ کر دعا بھی بے حد خوش تھی۔۔۔۔

لو جے دلاور صاحب ویسی یہ اس قدر لاڈلے تھے اور اب تو ہماری valueاور بھی کم ھو جائے گی۔۔۔

بلاج نے بھی مسکرا کر کہا تھا۔۔۔

بس تم لوگ جلتے رہو۔۔۔

معراج نے بھی بھائیوں سے مزاق کیا تھا۔۔۔

وہ سگے بھائی نہیں تھے لیکن ان میں محبت بہت تھی۔۔۔

ویسے اج کافی خوشی کا دن ھے۔۔۔ اج رات ہم تمام گھر والے ایک ساتھ باہر فیملی dinner کرینگے۔۔۔۔

اب کے جہانگیر صاحب نے کہا تھا۔۔۔

واہ زبردست بابا اپنے تو میرے منہ کی بات چھین لی۔۔۔

دلاور نے فورن کہا تھا۔۔۔

تو پھر ڈن رہا اج رات کا dinner ساری فیملی ساتھ کرے گی۔۔۔۔۔

جہانگیر صاحب کہہ کر اٹھ گئے تھے معراج وہی بیٹھا ناشتہ کر رہا تھا دعا بھی اس کے ساتھ ہی بیٹھی تھی۔۔۔

ویسے محترمہ۔۔۔۔!!!

معراج نے دعا کے کان میں سرگوشی کی تھی۔۔۔

بات تو ان لوگ کی ٹھیک ھے۔۔۔اپ کا جادو ہے بڑا خطرناک۔۔۔

معراج نے شرارت سے دعا کے کان میں کہا تھا۔۔

دعا نے شرما کر گردن جھکالی تھی۔۔۔

اہمم ا ہمممممم

زارہ دوری اختیار کیجیے۔۔۔

اب اپ لوگ کی شادی کو 4 ماہ ھونے والے ھیں۔۔۔۔

رملا نے پھر معراج کو چھیڑا تھا۔۔۔

تمھیں پتا ھے دعا اللہ نے ہم تینوں کو ایک بہن اور تمھیں نند کیوں نہیں دی؟؟

معراج نے ایک دم کہا تھا۔۔۔

کیوں؟؟

دعا نے فورن پوچھا تھا۔۔۔

کیونکہ یہ میڈم ہماری بھابی جو بنی تھی۔۔۔۔۔۔یہ بھی کسی جلی کٹی نند سے کم نہیں ھیں۔

معراج نے رملا کا مزاق اڑیا تھا۔۔۔

معراج کے بچے۔۔۔ رملا نے ھنس کر کہا تھا۔۔۔

معراج بھی ھنسے لگا۔۔۔

دعا کو اج اس گھر کا محول بے حد اچھا لگ رہا تھا۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

یہ پیچھے شور کیوں ھو رہا ھے ؟؟؟

ہما نے بات کرتے کرتے پوچھا تھا۔۔۔

بس ان لوگ کے ڈرامے جو ختم نہیں ھوتے۔۔۔۔

ایک تو سمجھ نہیں اتا اس دعا کا میں کیا کروں جب سے اس گھر میں ائی ھے۔۔۔

سب کو اپس میں ملا رہی ھے۔۔۔ سجل نے جل کر کہا تھا۔۔۔

کیا مطلب ؟؟

ہما نے نا سمجھتے ھوئے کہا۔۔۔

یار تمھیں تو پتا تھا معراج اپنی ماں کو منہ نہیں لگاتا تھا۔۔۔

اج پتا نہیں اسے کیا ھوا ھے ان سے ھنس کھیل رہا ھے۔۔۔ سمجھ سے باہر ھے میرے یہ بات۔۔۔۔ کہ یہ لڑکی واقعی ہر چیز کیسے ٹھیک کر دیتی ھے۔۔۔۔۔

سجل دعا سے بری طرح چیڑی ہوئی تھی۔۔۔۔

ہمممم فکر نا کریں آپی بس کچھ دن کی بات ھے۔۔۔۔

اس دعا کا نام و نشان اس گھر سے نا مٹا دیا تو میرا نام بھی ہما نہیں۔۔۔

ہما نے کہا تھا۔۔۔

پر تم کرنے کیا والی ھو؟؟

سجل نے حیرانی سے پوچھا تھا۔۔۔

بس ایک دھماکہ کرنے والی ھوں آپی۔۔۔۔

خیر اپ یہ سب چھوڑیں میں تھوڑی دیر تک اپکی طرف چکر لگاوں گی۔۔۔

ہما نے کہہ کر فون بند کر دیا تھا۔۔

اللہ جانے یہ لڑکی اب کیا کرے گی۔۔۔

بس جو بھی کرے اس منحوس دعا کو دفاع کر دے ادھر سے۔۔۔۔۔۔

سجل اپنے اپ سے بڑبڑا رہی تھی۔۔جب دلاور نے اسے آواز دی تھی۔۔

سجل

سجل!!!

ہاں آرہی ھوں۔۔۔

سجل کہہ کر انی لوگوں کی طرف ائی تھی۔۔۔

آجاوں ہم یہاں کچھ پلان کر رہے ھیں۔۔۔۔

دلاور نے خوشی سے کہا تھا۔۔۔۔

مجھے کوئی دلچسپی نہیں۔۔۔

سجل کہہ کر چلی گئی تھی۔۔۔

دعا اور معراج دونوں نے اس کے رویے کو محسوس کیا تھا۔۔۔۔

لیکن معراج کو تو سجل شروع سے ہی ناپسند تھی اس لیے اسکو زارہ بھی پرواہ نا ہوئی۔۔۔۔۔

وہ لوگ کافی دیر بیٹھے میز پر ھنسی مزاق کرتے رہے۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

نمرہ تمھیں اب تک میرے اوپر یقین نہیں ھوا؟؟

زیب نے فون پر کہا تھا۔۔

نہیں بات یقین کی نہیں صیح اور غلط طریقے کی ھے۔۔۔۔

میں ایسا کوئی قدم نہیں اٹھانا چھاتی جس سے میرے گھر والوں کو دکھ ھو۔۔۔

نمرہ نے صاف صاف کہا تھا۔۔۔

یعنی تم مجھ سے پیار نہیں کرتی؟؟ زیب نے emotionalblackmailing شروع کی تھی۔۔۔

اپ میری پسند ھیں۔۔

پیار نہیں۔۔۔

نمرہ اپنی بات کی مظبوط تھی۔۔۔

پر نمرہ میں تم سے بے حد پیار کرتا ھوں پلیز مجھ سے ایک بار مل لو نا۔۔۔۔

میں پھر کبھی نہیں کہو گا۔۔۔۔

زیب نمرہ کو مناتے مناتے اب زچ ھوچکا تھا۔۔

اپ ایک بار میرے کہنے سے زہر پی لیں۔۔۔ میں پھر کبھی پینے کو نہیں کہو گی۔۔۔

نمرہ نے بڑا اچھا جواب دیا تھا۔۔۔ دو پل کے لیے زیب کی زبان پر بھی تالا لگ گیا تھا۔۔۔

اچھا تم بول

تم کیا چھاتی ھو؟؟

زیب نے اپنے ہتیار ڈالتے ھوے پوچھا تھا۔۔۔ نمرہ کو وہ ہاتھ سے کسی صورت جانے نہیں دینا چھاتا تھا۔۔۔

میں چھاتی ھوں تم میرے گھر رشتہ لاو۔۔۔

تم معراج بھائی سے بات!!!!

نمرہ کی بات ادھوری تھی کہ زیب گھبرا کر بول پڑا۔۔۔

تم پاگل ھو؟؟؟؟

معراج کو کچھ نہیں پتا چلنا چاھیے۔۔۔۔

پلیز۔۔۔۔۔

کیوں ؟؟؟ نمرہ نے حیرت سے پوچھا۔۔۔

بس نہیں۔۔۔

تم ایک کام کرو۔۔۔

اپنی بہن دعا کے ساتھ مجھ سے ملنے آجاوں ایک بار دعا مجھے دیکھ لے اسکو ہمارے بارے میں سب پتا ہوگا۔۔۔ تو ہمارا رشتہ آسانی سے ہوگا۔۔۔۔

اب ٹھیک ہے ؟؟؟؟

زیب کے زہن میں ایک نیا پلان آیا تھا۔۔۔۔

ہاں یہ ٹھیک ہے۔۔۔

دعا آپی جب رہنے آئیں گی۔۔۔ تو میں انکو سب بتاوں گی۔۔۔ پھر جو وہ بولیں گی۔۔۔۔

ہمم !!!!زیب کو اب جا کر کچھ سکون ہوا تھا۔۔۔۔

پر سنو دعا کو اگر یہ پہلے پتا لگ گیا کہ میں کون ہوں تو وہ منع کر دے گی۔۔۔ تم اسکو بھی میرا نام وغیرہ کچھ نا بتانا وہ سب میں سنبھال لوں گا۔۔۔۔

تم اور دعا بس مجھ سے ملنے آجانا ٹھیک ہے ؟؟؟؟

ہاں ٹھیک ہے۔۔۔

اکیلے ملنے جانے سے اچھا نمرہ کو یہ لگا تھا کہ وہ دعا کو سب سچ بتا دے۔۔ کیوں کے نمرہ کی نیت صاف تھی۔۔ وہ زیب کے گندے ارادوں سے بلکل بے خبر تھی وہ انتہائ معصوم تھی۔۔۔

جس کو زیب نے اپنے عشق جھوٹے عشق میں پھسا لیا تھا۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

اج جہانگیر مینشن میں ھنسی کی آواز گونج رہی تھی۔۔۔

دعا رملا روحان علیان معراج دلاور بلاج اور گھر کے ملازم مل کر کرکٹ کھیل رہے تھے۔۔۔۔

دعا اور معراج مخالف ٹیم میں تھے۔۔۔

سجل دور جھولے پر بیٹھی یہ سب دیکھ کر جل رہی تھی۔۔۔۔

جہانگیر صاحب اور بریرہ بیگم بھی دور کرسیوں پر بیٹھے بچوں کو کھیلتا دیکھ رہے تھے۔۔۔۔

دعا اور رملا بیٹینگ کر رہی تھی۔۔۔

اور معراج بال کر رہا تھا۔۔۔

اب دعا bating پر اکر کھڑی ھوئی تھی۔۔۔

اج وہ ھنسی مسکراتی چھکتی بہت اچھی لگ رہی تھی۔۔۔

افففف اپ سے تو ہم پہلے ہی ہارے ھوئے ھیں۔۔۔

معراج نے شرارت سے دعا کے پاس سے گزرتے ھوئے کہا۔۔۔

دعا نے اپنے لبوں کو دانتوں میں ڈبا کر اپنی مسکراہٹ روکی تھی۔۔۔۔

دعا کو معراج جان جان کر ہلکی بال کر رہا تھا۔۔۔

بلیو پینٹ اور کلی شرٹ میں وہ ہیرہ لگ رہا تھا۔۔۔

اور دعا بھی لائٹ پینک کلر کی فورک میں پری لگ رہی تھی۔۔۔

معراج نے دعا کو بال کرائی تھی تو دعا نے زور سے بلا گھوما کر بال دور پھینکی تھی۔۔۔۔

اور خود ہی خوشی سے چیخیں مار رہی تھی۔۔۔

معراج کو اس وقت اس پر بے حد پیار آیا تھا۔۔۔

معراج نے اپنا پورا over اسکو جان کر ہلکی بال کرائی تھی۔۔ اور دعا بڑے بڑے شوٹ مار مار کر خوش ہو رہی تھی۔۔

یہ دیکھو زارہ اپنی بیگم کو کتنی ہلکی بال کر رہا ہے۔۔۔

رملا نے معراج کو پیار سے تھپڑ لگا کر کہا تو معراج ہنسے لگا۔۔۔

معراج کا over اب ختم ہو چکا تھا۔۔۔۔ اور اب دلاور نے بال کرنا شروع کی تھی۔۔ معراج feilding پر آ گیا تھا۔۔۔

رملا نے ایک اونچا شوٹ مارا تھا۔۔۔ جبی معراج catch لینے کے لیے پیچھے ہو رہا تھا۔۔۔۔

تو اسکی ٹکر بری طرح ہما سے ہوئی تھی۔۔۔ اور وہ سیدھا معراج کے بازوں میں اکر گیری تھی۔۔۔۔ معراج نے بھی ایک دم کچھ نا سمجھتے ہوئے اسکو سنبھالا تھا۔۔۔۔

اور فورن سیدھا ہوا۔۔۔

دور کھڑی دعا کو نجانے کیوں اس پل بلکل اچھا نا لگا تھا۔۔۔ اسکا موڈ ایک دم ہی آف ہوا تھا۔۔۔۔۔

تم آندھی ہو؟؟؟

نظر نہیں آتا؟؟؟

معراج نے غصے سے کہا تھا۔۔۔

ہما اسکو ویسی زہر لگتی تھی۔۔۔۔

ہما جان کر اسکو مسکرا کر دیکھ رہی تھی تا کے دور کھڑی دعا اسکا غلط مطلب لے۔۔۔

ہاں اندھی تو ھوں تمھاری محبت میں۔۔۔۔

ہما نے ھنس کر کہا تھا۔۔۔

تمھارا دماغ خراب ھے۔۔۔ معراج نے کہا تھا اور اگے بڑھا تھا۔۔۔۔

تبھی سجل ہما کے پاس ائی تھی۔۔۔ارے ہما اچھا کیا تم بھی اگئ۔۔۔

ہمم۔۔۔

ہما نے سر ہلا کر کہا۔۔

میرا انا تو ضروری تھا نا۔۔۔۔۔

ویسے کیا ھو رہا ھے۔۔۔۔ ہما نے دلاور سے پوچھا تھا کچھ نہیں بس کرکٹ کھیل رہے ھیں۔۔۔۔

دلاور نے مسکرا کر جواب دیا تھا۔۔

میں بھی کھیلوں ؟؟ ہما نے خود ہی کہا تھا۔۔۔۔

ہاں کیوں نہیں۔۔۔۔۔

تم ایک کام کرو ہماری ٹیم میں آجاوں۔۔۔ ویسے ہماری ٹیم میں صرف معراج اور میں ھیں۔۔ دلاور نے کہا۔۔۔

ہاں ٹھیک۔۔۔۔ ہما نے فورن مان لیا۔۔

urdu novels mania www.urdunovelsmania.com

اب معراج اور ہما ایک ساتھ batingپر ائے تھے۔۔۔۔

بلاج بال کرا رہا تھا۔۔۔

اور دعا feildingکر رہی تھی۔۔

دعا کا اترا چہرہ دیکھ کر معراج سمجھ چکا تھا کہ میڈم کو ہما کا کھیل اور میری ساتھی بنا اچھا نہیں لگا۔۔۔

معراج کو شرارت سوجی تھی اور وہ جان جان کر ھنس ھنس کر کھیل رہا تھا

اور ہما کو بھاگ بھاگ کر رن لینے کو کہہ رہا تھا۔۔۔

تھوڑی دیر تو دعا نے برداشت کیا تھا پھر مغرب کی آزان کے وقت وہ نماز کا کہہ کر اپنے کمرے میں آگئ تھی۔۔۔۔

معراج نے جب ادھر ادھر دیکھا تو دعا اسکو دیکھائ نا دی۔۔۔

وہ اسکے پیچھے جانے لگا جب ہی ہما نے اسکو روکا تھا۔۔۔

معراج !!!؟؟؟

بکو؟؟

معراج نے چھوٹ کہا تھا۔۔۔

تمھیں نظر نہیں آتی میری محبت ؟؟؟؟

ہما نے ہلکے سے کہا تھا۔۔۔

اب اگر کوئ بقواس کی تو سب کے سامنے مجھ سے تھپڑ کھا لوگی۔۔۔

معراج نے فورن کہا تھا۔۔۔

معراج اتنا غرور نا کرو۔۔۔

بہت مھنگا پڑے گا۔۔۔

ہما نے جلتی آنکھوں سے کہا تھا۔۔۔

تم جیسی برساتی مینڈیکا میرا کچھ نہیں بگاڑ سکتی معراج کہہ کر فورن اگے بڑھ گیا تھا۔۔۔

ہاہاہا تمھارا سارہ غرور تار تار ھونے والا ھے جناب۔۔۔۔

ہما نے جاتے معراج کو دیکھتے ھوئے کہا۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

دعا جب کمرے میں ائی تھی تو اسکو معراج پر بلاوجے ہی غصہ آرہا تھا۔۔۔

دعا اور معراج ایک دوسرے کے لیے بے حد حساس تھے۔۔۔

مجھے سمجھ نہیں آتا۔۔لڑکیوں کو دیکھ کر منہ پر اتنی چمک کیوں آجاتی ھے انکے۔۔۔۔۔

دعا نے جل کر کہا تھا۔۔۔۔

جو بھی کریں۔۔۔۔

مجھے کیا۔۔۔۔

ابھی اسکو بازوں سے پکڑا تھا گود میں بھی اٹھالیں۔۔۔

مجھے کیا۔۔۔۔

دعا خود سے زور زور سے بڑبڑاتی۔۔۔الماری سے کپڑے نکال رہی تھی۔۔۔

اہم اہم۔۔۔

کیا واقعی اٹھالوں گود میں؟؟؟؟

معراج نے الماری کے ساتھ کھڑے ہو کر کہا تھا۔۔

دعا نے ایک ائی برو اٹھا کر معراج کو غصے سے دیکھا تھا۔۔

اور الماری زور سے بند کر کہ بنا کوئی جواب دیے اگے بڑھی تھی۔۔

جب ہی معراج نے اسکے اگے کھڑے ہو کر اسکا راستہ روکا تھا۔۔۔۔

چھوڑیں میرا راستہ۔۔۔

دعا نے غصے سے کہا تھا۔۔۔

پہلے میری بات کا جواب دو۔۔۔

معراج کو دعا کی یہ جلن حد سے زیادہ اچھی لگی تھی۔۔۔۔

مجھے کسی بات کا جواب نہیں دینا۔۔۔

ابھی دعا بول کر فارغ ہوئی تھی کہ رملا نے کمرے کا دروازہ نوک کیا تھا۔۔۔

ارے بھابئ اائے۔۔۔

دعا نے فورن رملا کو اندر انے کو کہا تھا۔۔

معراج تم برا نا مانو تو میں اور دعا ایک ساتھ تیار ہو جائیں۔۔۔مجھے کچھ کام بھی ہے دعا سے۔۔۔۔

رملا نے معراج سے کہا تھا ارے بھابی کوئی بات نہیں اپ آرام سے تیار ھو دونون ۔۔۔ میں ویسی تیار ھوں ۔۔۔

معراج دعا پر ایک نظر ڈال کر کمرے سے باہر نکلتے نکلتے موڑا تھا ۔۔۔

حسین اور پیاری پیاری لیڈز پلیز زیادہ وقت نہیں لگا یئے گا ویسی بہت سخت بھوک لگی ھے ۔

معراج نے ھنس کر کہا تھا اور چلا گیا تھا ۔۔۔

رملا نے فورن ہی کمرہ لوک کر دیا تھا ۔۔ شکر چلا گیا ۔۔۔

معراج کے جانے کے بعد رملا نے شکر ادا کیا تو دعا ھیران ھوئی ۔۔۔

کیا ھوا بھابی ؟؟

دعا پوچھے بنا نا رہے سکی ۔۔۔

وہ دعا مجھے تم سے کچھ بات کرنی تھی ۔۔۔

وہ دراصل میں نے سوچا ساتھ تیار بھی ھو جائیں گے اور ڈسکس بھی کر لیں گے ۔۔ رملا نے بیڈ پر بیٹھتے ھوئے کہا ۔۔۔

جی بھابی خیریت کیا ھوا ؟؟

دعا کچھ پریشان سی ھوئی ۔۔۔

وہ دعا معراج کی سالگرہ ارہی ھے پرسوں ۔۔ تو میں سوچ رہی تھی اس بار اسکو سرپرائز دیتے ھیں ۔۔۔

رملا نے بتایا ۔۔۔

ہاں کیوں نہیں بھابی یہ تو بہت اچھی بات ھے ۔۔۔۔ پھر کیا پلان کیا اپ لوگ نے ؟؟؟

دعا ساری ناراضگی بھول گئی تھی۔۔۔اور خوشی سے پوچھ رہی تھی۔۔۔

میڈم اس بار پلان اپ کریں گی۔۔۔۔

اس بار اس کی birthday اپکی ہی وجہ سے special ہوگی نا۔۔۔۔

رملا نے ایک انکھ دبا کر کہا۔۔۔تو دعا نے شرما کر سر نیچے کر لیا تھا۔۔

معراج بہت کم ہی اپنی birthday مناتا ھے۔۔۔گھر کے حلات سے تو تم واقف ہی تھیں۔۔۔کوسم ماما کی وجہ سے وہ birthday نہیں بناتا تھا۔۔۔لیکن اس سال سب کچھ بدل چکا ھے۔۔۔

معراج کی زندگی میں پیاری سی دعا نے اکر سب ٹھیک کر دیا ھے نا۔۔۔۔۔

رملا نے دعا کی تھوڑی کو پیار سے تھام کر کہا۔۔۔۔۔

دعا مسکرا دی تھی۔۔۔۔۔

ہمم۔۔۔بس میں چھاتی ھوں بھابی معراج ہمیشہ خوش رہیں۔۔۔اب کبھی وہ اداس نا ھوا۔۔۔۔

دعا نے بہت دل سے کہا تھا۔۔۔

اوراج پہلی بار رملا نے دعا کی انکھوں میں معراج کے لیے وہی جنون اور محبت دیکھی تھی جو معراج کی انکھوں میں تھی۔۔۔

دعا تم سے ایک پرسنل بات پوچھ سکتی ھوں؟؟

رملا نے سنجیدگی سے پوچھا۔۔

جی بھابی بولیں۔۔۔

www.urdunovelsmania.com

دعا نے فورن پوچھا۔۔۔

تم پہلے معراج سے محبت نہیں کرتی تھی نا؟؟؟

رملا کے اس سوال پر دعا ایک دم چونکی تھی۔۔۔اور خاموش رہی۔۔۔

اور اب تم اس پر جان دیتی ہو ہاں نا؟؟

رملا نے پیار سے دعا کا ہاتھ تھام کر کہا۔۔۔

تو دعا مسکرا دی۔۔۔

بھابی پہلے کا نہیں پتا۔۔۔۔

لیکن اب میں معراج کے بغیر ایک دن نہیں رہے سکتی۔۔۔۔

دعا نے قبول کر لیا تھا۔۔

تو معراج کو بتایا؟؟ رملا نے فورن پوچھا تھا۔۔۔

نہیں بھابی سالگرہ والے دن۔۔۔۔بتاوں گی۔۔۔

دعا نے شرما شرما کر کہا۔۔۔

اللہ تم دونوں کو ہمیشہ خوش رکھے۔۔۔دعا۔۔۔۔

رملا واقعی دعا کی خیر خواہ تھی۔۔۔۔۔۔

آمین۔۔۔

دعا نے بھی کہا تھا۔۔

چلو جلدی تیار ہو جاو نہیں تو تمہارا شوہر کان کھا جائے گا۔۔۔

www.urdunovelsmania.com

رملا نے ھنس کر کہا تو دعا بھی کپڑے لے کر باتھ روم میں گھس گئ۔۔۔۔جبکہ رملا تیار ھونے لگی۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

معراج اکر باہر لاونج میں بیٹھ گیا تھا جب ہی ہما یہاں اس کے پاس ائ تھی۔۔۔۔

تم اب تک دفاع نہیں ھوئ یہاں سے ؟؟

معراج نے سیدھا کہا تھا۔۔

معراج آخیر تم مجھ سے اتنی نفرت کیوں کرتے ھو؟؟

ہما اس نے اسکے پاس بیٹھتے ھوئے کہا۔۔۔۔

نفرت اور محبت اپنوں سے کی جاتی ھے۔۔۔ہما۔۔۔

میرا تم سے کوئ تعلق نہیں ھے۔۔۔تم میرے ماضی کا ایک انتھائ شرمناک حصہ ھو۔۔۔اور کچھ نہیں۔۔۔معراج نے مظبوط لہجے میں کہا تھا

پر معراج۔۔۔۔!!!ہما کچھ بولنے لگی تب معراج نے اسکو روکا تھا۔۔۔

بسس ہما!!!!

مجھے جو کہنا تھا کہہ دیا میں نے۔۔۔۔

اور ایک بات اور اب ھر وقت یہاں منہ اٹھا کر نا آجایا کرو۔۔۔وہ کیا ھے نا میری بیوی کو میرا کسی لڑکی سے بات کر برداشت نہیں۔۔۔

معراج نے ہما کو مزید جلایا تھا۔۔۔

ہاہاہا تمھاری بیوی۔۔۔۔

وہ اب تک تمھاری بیوی بنی بھی ھے معراج؟؟؟

ہما نے مزاق آڑنے والے انداز میں کہا۔۔

وہ کیا ھے نا ہما۔۔۔

تمھاری طرح تمھاری سوچ بھئ بے حد چھوٹی اور گندی سی ھے۔۔۔ میاں بیوی کا تعلق صرف ایک چیز پر نہیں ٹیکا ھوتا۔۔۔۔

میاں بیوی کا تعلق۔۔ عزت، محبت، یقین، مشکل وقت میں ایک دوسرے کا ساتھ دینا۔۔۔

ایک دوسرے کا سہارہ بنے کو ہمسفر کہا جاتا ھے۔۔۔ دل ملتے ھیں میاں بیوی کہ۔۔۔

اور جو بات تم کر رہی ھو۔۔

وہ رشتہ تو تم نے خود مجھ سے بھی قائم کرنے کی کوشش کی تھی کیا تم میری بیوی بن گئ؟؟؟

معراج نے ہما کو منہ توڑ جواب دیا تھا۔۔۔

ہما اپنی نسوانیت کو ھتیار بنا کر مرد کا دل نہیں جیتا جاتا۔۔۔۔۔

مرد ہمیشہ ایک ایسی عورت کو پسند کرتا ھے۔۔۔ جو پاک صاف ھو۔۔۔۔ جو اسکے بچوں کو اچھی تربیت دے سکے۔۔۔۔

میں نے اج تک ماضی میں تمھارے ساتھ جو کچھ بھی کیا میں اس کے لیے شرمندہ ھوں۔۔۔ میں اندھیروں میں بھٹک رہا تھا۔۔

پتا نہیں اللہ کو میری کونسی نیکی اچھی لگی جو اس نے میری زندگی میں دعا کی صورت میں اجلا بھیجا۔۔۔۔۔

تم بھی ان اندھیروں سے نکل او۔۔۔ضد انا میں کچھ نہیں رکھا۔

معراج نے اب بہت ریسان سے ہما کو سمجایا تھا۔۔۔

پر ہما تو ہما تھی۔۔۔۔۔

میں دعا سے زیادہ اچھی ثابت ہونگی معراج۔

ہما نے معراج کا ہاتھ ایک دم تھام کر کہا۔۔

تبھی رملا اور دعا سیڑیاں اتر کر نیچے آئی تھی۔۔۔۔۔

ہما نے جان کر دعا کو دیکھ کر معراج کا ہاتھ تھاما تھا۔۔۔۔

پلیز معراج؟؟؟

معراج بھی ایک دم حیران ہوا تھا۔۔۔۔

کیا ہو رہا ہے ادھر؟؟

رملا نے ہنس کر کہا تھا۔۔جب کہ دعا کو معراج پر اور مزید غصہ آیا تھا۔۔۔۔

کچھ نہیں بس ہما نے ہنس کر کہا تھا۔۔

معراج نے فورن اپنا ہاتھ چھوڑوایا تھا۔۔۔

اور پلٹ کر دعا کو دیکھا تھا۔۔۔۔۔

لال فورک گولڈن حجاب پہنے وہ ہلکا سا میک اپ کیے کھڑی تھی۔۔۔۔

چھوٹی سی ناک غصے کی وجہ سے پھولی ہوئی تھی۔۔۔

معراج نے ایک دم دعا کو اپنی نظروں میں بھرا تھا اور اسکی طرف گیا تھا۔۔۔۔

افففففف خدا!!!!!!!

اج تو زلم حسن والے لوگ گھائل کرنے کے ارادے سے تیار ہوئے ھیں۔

معراج نے جا کر دعا کے کان میں کہا تھا۔۔۔

اپ کو گھائل کرنے والے اور لوگ بہت مجود ھیں۔۔۔

دعا خفگی سے بولتی اگے بڑھ گئی تھی۔۔۔۔

معراج کو اس پل دعا پر بے حد پیار آیا۔۔۔۔۔

ارے بابا!!!

اتنی نارضگی کیوں۔۔۔ معراج نے دعا کے پیچھے چلتے چلتے کہا۔۔۔

کوئی غصہ نہیں مجھے۔۔۔

دعا نے بنا منہ موڑے کہا۔۔۔

ہاہاہا۔۔۔۔ اچھا سچی۔۔۔

معراج نے اسکو ہاتھ سے پکڑ کر اپنے پاس کھینچا تھا۔۔۔

دعا فورن ہی اپنا اپ چھوڑوا کر گاڑی میں اکر بیٹھ گئی تھی۔۔۔

اھووو میری جان مجھ سے اتنی محبت کرتی ھے۔۔۔ ارے پگلی تمھارے علاوہ میری زندگی میں کسی کی جگہ نہیں شونی۔۔۔!!!!

معراج نے اپنے دل میں کہا۔۔۔

اور اکر گاڑی میں بیٹھ گیا تھا۔۔۔

معراج اور دعا کے ساتھ بلاج اور رملا بیٹھے تھے۔۔

جب کے سجل دلاور ہما ایک گاڑی میں تھے۔۔

اور جہانگیر صاحب بریرہ بیگم اور روحان ایک گاڑی میں۔۔۔

دعا پیچھے رملا کے ساتھ بیٹھی تھی جب معراج بار بار backmirror سے دعا کو دیکھ رہا تھا۔۔۔

دعا اسکی زندگی بن چکی تھی۔۔

دعا کی ناراضگی معراج سے برداشت نا ھوتی تھی۔۔۔

وہ لوگ ھنسی مزاق کرتے کرتے portgrand پھنچ گئے تھے۔۔۔۔

دعا نے معراج سے کوئی بات نا کی تھی۔۔ معراج جان جان کر دعا کو بات بات پر چھیڑ رہا تھا۔۔

پر دعا کسی بات کا جواب نہیں دے رہی تھی۔۔

سب نے ساتھ ہی کھانا کھایا تھا۔۔۔ تمام لوگ ہی خوش تھے۔۔ پر سجل اور ہما انکی خوشی!!!!!!

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

سب نے ساتھ ہی کھانا کھایا تھا۔۔۔ تمام لوگ ہی خوش تھے۔۔ پر سجل اور ہما انکی خوشی دیکھ دیکھ کر اندر اندر جل رہی تھی۔۔۔

کھانے وغیرہ سے فارغ ھوکر معراج نے کھڑے ھوکر کہا۔۔۔

چلو دعا ہم زارہ واک کر کے آتے ھیں۔۔۔

مجھے کہی نہیں جانا دعا نے صاف انکار کیا تھا۔۔۔۔

کیسے نہیں جانا۔۔۔ معراج نے اسکو ہاتھ سے تھام کر اٹھایا تھا۔۔۔۔

وہ دونوں سب کو بتا کر اب portgrand کی street میں چہل قدمی کر رہے تھے۔۔۔۔

مجھے اج موسم کچھ خراب لگ رہا ھے۔۔

معراج نے بات کا آغاز کیا تھا۔۔۔

نہیں تو!!!

دعا نے آسمان کی طرف دیکھ کر کہا۔۔۔

میں اپ کے موسم کی بات کر رہا ھوں محترمہ۔۔۔۔

معراج نے شرارت سے دعا کی آنکھوں میں دیکھ کر کہا۔۔ تو دعا کو یاد آیا کہ وہ معراج سے ناراض ھے۔۔۔۔

ابھی وہ دونوں بات ہی کر رہے تھے کہ دعا کے موبئل پر کال انے لگی۔۔۔۔

دعا نے موبئل دیکھا تو نمرہ کی کال تھی۔۔۔

اسلام علیکم۔۔۔

نمرہ کیسی ھو؟؟

دعا نے کال اٹھاتے ہی کہا۔۔۔

معراج نے دعا کو بینچ پر بیٹھنے کو کہا اور خود ائس کریم لینے چلا گیا۔۔۔

ہاں نمی میں کوشش کرتی ھوں۔۔۔۔

دو دن بعد معراج کی سالگرہ بھی ھے۔۔۔

چلو میں ایک کام کرتی ھوں بس ایک رات کے لیے اجاتی ھوں۔۔ معراج سے اجازت لے کر۔۔۔ ہی بتاوں گی تمھیں۔۔۔

ہاں ٹھیک ھے۔۔۔۔

چلو اللہ حافظ۔۔۔۔

دعا نے کال بند کر کے ادھر ادھر دیکھا تو۔۔۔۔

معراج icecream لے رہا تھا۔۔۔

تبی دو لڑکیاں ائی تھی۔۔۔۔ اور اس سے ھنس ھنس کر بات کرنے لگی تھی۔۔۔

دعا دور سے بیٹھی دیکھ رہی تھی۔۔۔ معراج بھی ھنس رہا تھا۔۔۔۔

ایک تو سمجھ نہیں آتا لڑکیوں کو اج کل کیا ھو گیا ھے۔۔۔

دعا کو ایک دم ہی غصہ آیا تھا اسکو سب برداشت تھا بس معراج کو کسی اور کے ساتھ دیکھنا اس کے بس سے باہر تھا۔۔۔۔۔

معراج انکو دیکھ کر مسکرا کر اللہ حافظ کر کے آرہا تھا۔۔۔۔

دعا کی ناراضگی اب اور مزید بڑھ گئی تھی۔۔۔

یہ لیں محترمہ اپ کی favourite آئس کریم۔۔۔

معراج نے دعا کے اگے ایک کون کی اور خود bench پر بیٹھ گیا۔۔ دعا کے ساتھ ہی۔۔۔۔

مجھے نہیں کھانی۔۔۔

دعا نے خفگی سے کہا۔۔۔

ہاہاہا دیکھو تم غصہ مجھ سے ہو یا آئس کریم سے؟؟

معراج نے بڑے مزے سے آئس کریم کھاتے ہوئے کہا۔۔۔

میں کسی سے غصہ نہیں ہوں۔۔۔ دعا نے فورن کہا۔۔۔

اچھا واقعی؟؟ معراج نے ہنس کر کہا۔۔

ہان واقعی۔۔۔ دعا نے اس کے ہاتھ سے کون لے کر کہا۔۔۔

اچھا۔۔ کس کا فون تھا۔۔۔؟؟

معراج نے یاد آنے پر پوچھا۔۔۔۔

اھووہاں وہ نمرہ کا فون تھا۔۔۔

دعا نے آئس کریم کھاتے کھاتے بتایا۔۔۔

نمرہ کا فون خیریت؟؟

معراج نے پوچھا۔۔

ہاں بس وہ نمی ضد کر رہی ھے کہ میں رہنے آوں۔۔۔

دعا نے کہا۔۔۔

رہنے؟؟؟

معراج نے فورن پوچھا۔۔

urdu novels mania
www.urdunovelsmania.com

ہاں رہنے۔۔۔۔دعا نے جواب دیا۔۔۔

کیا ضرورت ھے یار رہنے جانے کی تم بس مل آو نا۔۔۔۔۔

معراج کو ایک دم فکر ھوئی تھی۔۔۔

اھوو ٹو مسٹر اتنی دیر سے مجھے جلا رہے تھے نا۔۔۔اب میں بتاتی ھوں۔۔۔۔

دعا کو شرارت سوجی۔۔۔۔۔۔

نہیں رہنے جانا ھے۔۔۔۔

ویسے بھی اب تو۔۔۔

دعا کہتے کہتے رکی۔۔۔

اب تو کیا۔۔۔۔؟؟؟

معراج نے پریشان ھو کر پوچھا۔۔۔

اب تو۔۔۔کچھ نہیں پتا چل جائے گا۔۔۔۔۔

اب دعا صاحبہ معراج کو جلا رہی تھیں۔۔۔

کیا مطلب ھے؟؟؟

معراج نے تڑپ کر پوچھا۔۔۔۔

دعا اٹھ کر اب دوبارہ چلنے لگی تھی۔۔

مطلب یہ ھے کہ اب سب ٹھیک ھو چکا ھے!!!!

ھے نا؟؟

urdu novels mania www.urdunovelsmania.com

دعا نے چلتے چلتے معراج کو دیکھ کر کہا تھا۔۔۔۔۔

ہاں تو؟؟

تو ہی کہ بس اب ہمیں۔۔۔۔!!!!!

دعا کی کہتے کہتے نظر sketch بنانے والے پر پڑی۔۔۔۔

کتنے پیارے sketch بن رہے ھیں۔۔۔

دعا نے ایک دم کہا۔۔۔

تمھیں پسند ھیں؟؟؟

معراج نے فورن پوچھا۔۔۔۔

بہت۔۔۔ دعا نے فورن کہا۔۔۔

اچھا۔۔۔۔

معراج اور دعا تھوڑا اور آگے بڑھ گئے تھے۔۔۔

وہاں پر مختلیف stalls لگے تھے۔۔۔۔

تم کیا کہہ رہی تھی؟؟

معراج نے پھر پوچھا تھا۔۔۔

کچھ نہیں۔۔۔ دعا نے بات ٹالی تھی۔۔۔۔

ویسے کبھی کبھی ٹھنڈی ھوا کتنی اچھی لگتی ھے نا۔۔۔

دعا نے انکھیں بند کر کے ٹھنڈی ھوا کو محسوس کیا تھا۔۔۔۔

ہمم بہت اچھی لگتی ھے۔۔۔۔۔

معراج کو پتا نہیں کیوں ایک عجیب سا خوف ھوا تھا۔۔۔۔۔

وہ دونوں باتیں ہی کر رہے تھے کے تمام لوگ چلتے ھوئے ان دونو کی طرف ائے تھے۔۔۔

کافی وقت ھوگیا ھے اب گھر چلنا چھائے۔۔۔۔۔

جہانگیر صاحب نے کہا تھا۔۔۔

تو سارے گھر کے لیے روانہ ھو گئے تھے۔۔۔۔۔

گاڑی چلاتے چلاتے بھی معراج کے زہن میں دعا کی بات چل رہی تھی۔۔۔۔

اس کی خبر میں گھر جا کر لیتا ھوں۔۔۔ معراج نے رملا کے ساتھ ھنستی دعا کے اوپر نظر ڈال کر کہا۔۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

urdu novels mania
www.urdunovelsmania.com

وہ لوگ گھر آتے ہی اپنے اپنے کمروں میں اگے تھے۔۔۔

دعا ابھی نماز پڑھ کر فارغ ھوئی تھی جب معراج نہا کر باتھ روم سے نکلا تھا۔۔۔

دعا نے جانماز جگہ پر رکھی اور اپنا ڈوپٹہ کھول کر جگہ پر اگئ۔۔۔۔

معراج بھی اکر بیڈ پر بیٹھ گیا تھا۔۔۔

دعا!!!!! معراج نے اسکو پکارا تھا۔۔۔

جی؟؟

دعا نے فورن پوچھا تھا۔۔۔۔

تم کیا بول رہی تھی اس وقت؟؟

معراج نے پھر سے پوچھا تھا۔۔۔۔

جا کر ان سے پوچھ لیں جن کے ساتھ اپ ھنس ھنس کر باتیں کر رہے تھے۔۔۔

دعا نے ٹون مارا تو معراج کو ایک دم ھنسی آگئ۔۔۔

ارے وہ میری دوست کی بہن تھی۔۔۔۔

معراج نے فورن صفائ دی۔۔۔

میں نے اپ سے پوچھا تو نہیں وہ کون تھی۔۔۔

دعا نے اس وقت بلکل بیوی بنتے ھوئے کہا....

ہاہاہا۔۔۔

اپ نے نہیں اپکی نظروں نے ضرور پوچھا۔۔۔

معراج نے دعا کے سامنے آڑا لیٹتے ھوئے کہا۔۔۔۔۔۔

مجھے کیا۔۔۔

اپ کی مرضی۔۔۔

جس کو دل ھو بازوں میں پکڑیں۔۔۔

ھنس ھنس کر باتیں کریں۔۔

ھنس ھنس کر کرکٹ کھیلں۔۔۔۔۔

دعا نے ایک ایک بات نوٹ کی تھی۔۔۔ معراج کو کافی حیرت ھوئی۔۔۔۔

افففففف اللہ اتنی محبت کہ میری ایک ایک عادا پر نظر تھی محترمہ کی۔۔۔۔۔

اوراس قدر جلن۔۔۔۔

معراج نے شوخی سے کہا۔۔۔

سوچ ھے اپکی کہ میں جلتی ھوں۔۔۔۔

دعا نے خفگی سے کہا۔۔۔۔

ہاہاہا!!!

یہ جلن نہیں تو کیا ھے؟؟؟

معراج نے اسکا ایک ہاتھ تھام کر کہا۔۔۔

پتا نہیں۔۔۔!!!

دعا نے فورن ہاتھ چھڑوالیا۔۔۔۔۔

جا کر ہما سے پوچھ لیں۔۔۔

دعا نے جل کر کہا۔۔۔۔

اچھا بابا سوری۔۔۔۔

پکا وعدہ اب کبھی ایسے نہیں کروں گا میں تو بس دیکھ رہا تھا لوگوں کو کتنی جلن ھوتی ھے۔۔۔

معراج نے دعا کے قریب ھوتے ھوئے کہا۔۔۔

بات جلن کی نہیں ھے۔۔۔

بس مجھے اچھا نہیں لگا۔۔۔۔

دعا کی انکھوں میں ایک دم آنسو آ گئے تھے۔۔۔۔۔۔

اچھا نا بابا سوری نا!!!!

معراج نے دعا کے کان پکڑ کر سوری کی تو دعا کو ایک دم ھنسی اگئ تھی۔۔۔۔۔

تم ایسی اچھی لگتی ھو دعا

ھنستی کھیلتی۔۔۔

معراج نے اسکی انکھوں میں دیکھ کر کہا۔۔

اچھا سنیں۔۔۔

میں کل گھر چلی جاوں۔۔۔۔پلیز۔۔۔

ایک رات رو کنے۔۔۔۔۔

دعا نے اب وہ بات کی تھی۔۔۔

یار۔۔۔

رو کنے کیوں جا رہی ھو۔۔۔

ملنے چلی جاو نا۔۔۔

معراج نے پھر سے کہا تھا....

میرا دل چھا رہا ھے۔۔۔پھر اتنے دن سے نہیں گئ۔۔۔

بس ایک رات۔۔۔۔

دعا نے التجا کی تھی۔۔۔۔

اچھا ٹھیک ھے کل پھر صبح۔۔۔

میں آفس جاتے تمھیں چھوڑدوں گا۔۔۔

معراج نے اداس ھوتے ھوئے کہا۔۔۔

پر ایک دن سے زیادہ نہیں پلیز۔۔۔۔۔

معراج نے فورن ہی کہا۔۔۔

جی ٹھیک ھے۔۔۔۔

دعا نے کہا۔۔۔

جانا دعا بھی نہیں چھاتی تھی پر نمرہ اور گھر والے بہت ضد کر رہے تھے۔۔۔۔

دعا اٹھ کر صوفے پر جانے لگی جب معراج نے اسکو ہاتھ سے تھام کر واپس بیڈ پر بیٹھایا تھا۔۔۔

اج تو دور نہیں جاوں نا۔۔۔۔

معراج نے بہت معصومیت سے کہا۔۔۔۔۔۔

بس اج سے میرے پاس سوگی تم۔۔۔۔۔

معراج نے اتنے حق سے کہا کہ دعا انکار ہی نا کر سکی۔۔۔۔۔

ہمم اچھا۔۔۔۔۔۔ دعا نے ہلکے سے کہا۔۔۔ وہ خود کب معراج سے دور جانا چھاتی تھی۔۔۔۔

دعا بھی معراج کے ساتھ ہی بیڈ پر لیٹ گئ تھی۔۔۔۔

معراج اسکی طرف رخ کر کے لیٹا اسکو ایک ٹک دیکھ رہا تھا۔۔۔۔ایسے کیا دیکھ رہے ھیں؟؟؟؟

دعا نے اسکو ایسے دیکھتے پوچھا۔۔۔

تمھیں دیکھتا ھوں تو عجیب سا سکون ملتا ھے۔۔

معراج نے بہت ہلکے سے کہا۔۔۔۔۔

دعا بھی اسکو ایک ٹک دیکھے جا رہی تھی۔۔۔۔

معراج!!!!

ایک بات بولوں؟؟

دعا نے روک روک کر کہا تھا۔۔۔۔

بولو میری جان۔۔۔۔آاا

معراج کے منہ سے ایک دم نکلا تھا۔۔۔

مجھے کبھی دھوکہ نا دیجے گا۔۔۔

میں ہر چیز برداشت کر سکتی ھوں بس اپ کے ساتھ کسی اور کو نہیں برداشت کر سکتی۔۔

میں اس معملے میں بہت کنجوس ھوں۔۔۔۔

دعا نے گھیری آواز میں کہا۔۔

تمھیں اج جلن ھوئی؟؟؟

معراج نے اسکی انکھوں میں جھانک کر پوچھا۔۔۔۔

دعا خاموش ھوگی۔۔۔۔۔

معراج نے اسکو اپنے پاس کھینچا تھا اور اپنے گلے سے لگایا تھا۔۔۔۔

دعا بھی اس کے بازوں میں چھپ کر لیٹ گئ تھی۔۔۔

محبت ھوگئ تھی۔۔

بس اقرار ے محبت میں پہل دونوں میں سے کوئ نہیں کر رہا تھا۔۔۔۔۔

مجھے بہت برا لگا تھا۔۔

جب ہما نے اپ کو چھوا۔۔۔

اگر اپ نے اب ایسا کیا تو میں ہمیشہ کے لیے اپ سے دور چلی جاوں گی۔۔۔ بسس

دعا نے بھیگی آواز میں کہا۔۔۔۔۔

معراج نے دعا کو اور زور سے اپنے سینے میں چھپایا تھا۔۔۔۔

پلیز ایسے مت بولو دعا۔۔۔۔۔۔۔

مجھے نہیں پتا تھا میری شونی میرے لیے اتنی حساس ھے۔۔۔

معراج نے دعا کو سیدھا کیا تھا۔۔۔۔

اور خود اس پر جھک کر بول رہا تھا۔۔۔۔

دعا کی بڑی بڑی جھیل جیسی آنکھوں میں سے آنسو گیر رہا تھا۔۔

معراج نے ہلکے سے جھک کر دعا کی انکھ چومی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

یہ آنسو میرے لیے بہت قیمتی ھیں۔۔۔ دعا۔

انکو زائع مت کرو۔۔۔۔۔

urdu novels mania
www.urdunovelsmania.com

دعا نے شرما کر نظریں چرالی تھی۔۔۔

معراج کی اس قدر قربت۔۔۔۔۔دعا کو confuse کر رہی تھی۔۔۔

جب کہ معراج دعا کے نشے میں بھیک رہا تھا۔۔۔۔۔

معراج ہلکے ہلکے دعا کی طرف جھک رہا تھا۔۔۔۔

جبی دعا شرما کر معراج کے سینے سے لگ گئ تھی۔۔۔۔اور بولی تھی

مجھے بہت نیند آرہی ھے۔۔۔۔

معراج نے زور سے اسکو اپنے ساتھ لگایا تھا اور اسکو سر پر پیار کیا تھا۔۔۔

نجانے کب تک میڈم دور بھاگیں گی۔۔۔معراج نے ھنس کر کہا تھا۔۔۔۔۔

اسکو دعا کی یہ ہی شرماہٹ پسند تھی۔۔۔۔

لڑکی کی انکھ میں حیا کتنی سجتی ھے۔۔۔۔۔۔معراج نے دل میں سوچا۔۔۔

اج تک معراج کی زندگی میں دعا جیسی لڑکی نہیں ائ تھی۔۔۔

اور دعا کے سر پر اپنا سر رکھ کر سو گیا۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

اگلے دن صبح معراج کی جب انکھ کھولی تو دعا تیار ھو رہی تھی۔۔۔

وہ اٹھ کر سیدھا اس کے پاس آیا تھا۔۔۔

دعا شیشے میں کھڑی تیار ھو رہی تھی۔۔۔

جب معراج نے اکر اسکو کمر سے پکڑا تھا۔۔۔

دعا ایک دم ڈری تھی۔۔۔۔۔

اور گھبرائی بھی تھی۔۔۔

معراج اب اسکو چھوتے ہوئے زارہ بھی لحاظ نا کرتا تھا۔۔۔۔

دعا اسکی تھی۔۔۔۔ صرف اسکی۔۔۔۔

اور دعا معراج کے لمس سے ہی گھبرا سی جاتی تھی۔۔۔

چھوڑیں۔۔۔

دعا نے شرما کر کہا۔۔۔

چھوڑنے کے لیے تو شادی نہیں کی۔۔۔۔

معراج نے فورن مسکرا کر کہا۔۔۔۔

یار نہیں جاونا۔۔۔۔

معراج نے اپنے ہاتھ دعا کی کمر کے ارد گرد باندھ دیے تھے۔۔۔۔

اور بچوں کی طرح ضد کر رہا تھا۔۔۔

رات کو تو اپنے کہا تھا چلی جانا۔۔ وہ رات کی بات تھی نا۔۔۔۔

نہیں جاو۔۔۔۔

میرا دل نہیں لگے گا یار۔۔۔۔۔۔۔

معراج اسکی دوری کے لیے تیار نا تھا۔۔۔۔۔

بس ایک دن کی بات ھے۔۔۔

معراج کی معصوم شکل دعا کا بھی دل اداس کر رہی تھی۔۔۔۔۔

اچھا وعدہ کرو۔۔۔۔

معراج نے اسکے کندھے پر اپنے تھوڑی ٹکا دی تھی۔۔۔

دعا اسکو شیشے میں دیکھ رہی تھی۔۔۔

کیسا وعدہ؟؟ دعا نے پوچھا۔۔۔

واپس آو گی نا۔۔۔؟؟

معراج جو سوال کو سم سے کرتا تھا وہ اج اس سے کیا تھا۔۔

ہاں آوں گی۔۔۔ دعا نے ایک پل لگائے بنا کہا تھا۔۔۔

وعدہ؟؟

معراج نے اپنا ایک ہاتھ اسکے اگے کیا تھا۔۔۔

ہاں پکا وعدہ۔۔۔ دعا نے فورن ہاتھ تھام کر وعدہ کیا تھا۔۔

اب جلدی سے تیار ھو جائیں۔۔۔ ویسی بہت دیر ھو گئ ھے۔۔۔۔

دعا نے معراج کو کہا تو وہ فورن نھانے چلا گیا۔۔ اور دعا تیار ھو کر نیچے اگئ۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

ناشتہ وغیرہ کر کے اور سب سے مل کر دعا اور معراج دعا کے گھر کے لیے نکل گئے تھے۔۔۔

راستے بھر معراج اور دعا ھنسی مزاق کرتے ھوئے آئے تھے۔۔۔

وہ دونوں اب ایک دوسرے سے قریب آرہے تھے۔۔۔

دونوں کا ہی دل اج کی دوری پر اداس تھا۔۔

جو گھر کل تک دعا کا اپنا گھر تھا اج شوہر کو چھوڑ کر اس گھر میں جانے پر اداسی سی ھورہی تھی۔۔۔

عورت زات اللہ نے انتہائ معصوم اور موم دل بنائ ھے۔۔۔جو عزت محبت ملنے پر اپنا سب قربان کر دیتی ھے۔۔۔۔

عورت کو عزت اور سچا پیار دے کر اسکا دل آسانی سے جیتا جا سکتا ھے۔۔۔

دعا معراج جب گھر پہنچے تو عمیر نے انکا استقبال کیا تھا۔۔۔۔

نمرہ عمر سمیرا بیگم بھی بہت خوش ھوئ تھی۔۔۔بیٹی کے آنی کی خبر سن کر اج احمد صاحب بھی جلدی گھر واپس اگئے تھے۔۔۔۔۔

ارے سے سے کیسی ھے میری گڑیا رانی؟ احمد صاحب نے دعا کو گلے لگاتے کہا تھا۔۔۔

میں ٹھیک ھوں بابا اپ کیسے ھیں؟؟ دعا نے پیار سے پوچھا۔۔۔پھر سمیرا بیگم سے جا کر ملی۔۔۔۔

معراج اب احمد صاحب سے مل رہا تھا۔۔

احمد صاحب بھی اس سے بہت پیار سے ملے تھے۔۔۔۔

معراج بھائ اپکا بہت شکریہ اپنے اپی کو روکنے کی اجازت دے دی مجھے انکی اتنی یاد آرہی تھی کہ بس

۔۔

نمرہ نے معراج کا شکریہ آدا کیا۔۔۔

ویسے یہ تم نے میرے ساتھ زیاتی کی ھے۔۔۔

معراج نے فورن کہا تھا۔۔۔۔

ہاہاہا اچھا جی۔۔۔

اپ بھئ تو ہماری آپی کو ہم سے اتنا دور لے گئے۔۔۔۔۔

اب اپ کی باری ھے اب اپ سے اپی دور ھونگی۔۔۔ نمرہ نے مزاق میں کہا۔۔۔۔

اپ کی آپی کو مجھ سے اب کوئ بھی دور نہیں کر سکتا۔۔۔۔

معراج نے ایک نظر دعا پر ڈال کر کہا تو۔۔۔ دعا دھیمے سے مسکرادی۔۔۔۔

یہ ھوئ نا بات معراج بھائ۔۔۔۔ عمیر نے فورن معراج کا ساتھ دیا تھا۔۔۔۔

ارے معراج بھائ اب بھی اج یہاں رک جاتے کتنا مزہ آتا۔۔۔۔

اب کے عمیر نے کہا تھا۔۔۔

ہاں مزہ تو آتا پر مجھے تھوڑا کچھ کام تھا اس وجہ سے۔۔۔۔۔

معراج نے اداسی سے کہا۔۔۔

اھووو اچھا۔۔۔۔ عمیر بھی اداس ھوا۔۔۔

ہاں بیٹا معراج روک جاتے۔۔۔۔

اب کے سمیرا بیگم اور احمد صاحب دونوں نے کہا تھا۔۔۔۔

میں روکتا ضرورامی پر۔۔۔

معراج نے دعا کی طرف دیکھا کہ شاید دعا بول دے۔۔۔۔۔۔

چلو جس میں تمھیں آسانی ہو بیٹا ویسے بھی یہ اب تمھارا گھر ہے۔۔۔۔۔

احمد صاحب نے ہنس کر کہا۔۔۔

تھوڑی دیر معراج ان سب کے ساتھ بیٹھا دوپہر کا کھانا بھی ادھر ہی کھایا۔۔۔۔

پھر سب سے اجازت لے کر جانے کے لیے اٹھا بس یہ پل ہی بہت مشکل تھا...جب دعا کو چھوڑ کر جانا تھا۔۔۔

جب سے شادی ہوئی تھی دونوں ایک دن کے لیے بھی الگ نا ہوئے تھے۔۔۔۔۔

لڑتے تھے

ناراض ہوتے تھے۔۔۔

پر ساتھ ہوتے تھے۔۔۔۔

معراج باہر جاتے جاتے ایک دم موڑا تھا۔۔۔۔

وہ مجھے واش روم جانا ہے۔۔۔۔

جاو دعا اسکو واش روم لے جاو۔۔۔۔

سمیرا بیگم نے دعا کو کہا۔۔۔

تو دعا معراج کو اپنے کمرے میں لے ائی۔۔۔

دعا کا بھی دل اداس سا ہو رہا تھا۔۔۔

urdu novels mania
www.urdunovelsmania.com

دعا کے کمرے میں اتے ہی معراج نے کمرہ لاک کیا تھا۔۔۔

اور دعا کو ہاتھ سے کھینچ کر اپنے گلے سے لگایا تھا۔۔۔۔۔

پتا نہیں کیوں دعا سے دوری اس کے لیے بہت مشکل تھی۔۔۔۔۔

دعا نے بھی معراج کی بہوں میں اکر انکھیں بند کر دی تھی۔۔۔۔۔

دعا۔۔۔۔ پلیز جلدی گھر اجانا یار۔۔۔۔

معراج نے پھر بے چارگی سے کہا تھا۔۔۔۔

ایک دن کی تو بات ھے راج۔۔۔۔

کون سا ہمیشہ!!!!!

دعا ابھی بول رہی تھی کہ معراج نے اسکو چپ کروادیا۔۔۔۔۔

بس کرو۔۔۔ کچھ الٹا مت بولو۔۔۔۔۔

معراج نے اسکو اور مظبوطی سے اپنی بھاہوں میں بھرا تھا۔۔۔۔

پھر تھوڑی دیر بعد الگ ھوا تھا۔۔۔۔

دعا نے معراج کی آنکھوں میں نمی دیکھی تھی۔۔۔۔

دیکھو ادھر ادھر مت جانا۔۔۔

اپنا بہت خیال رکھنا۔۔۔ معراج اب دعا کو ہاتھ تھام کر سمجھا رہا تھا۔۔۔۔۔ پھر ماتھا چوم کر کمرے سے باہر نکل گیا تھا۔۔

دعا معراج کے پیچھے نہیں گئی تھی۔۔۔

اج معراج کو جاتا دیکھنا اسکو بہت مشکل لگ رہا تھا۔۔

ایک پل کے لیے دعا کی بھی انکھیں نم ہوئ تھی۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

معراج کے جانے کے بعد دعا کچھ دیر احمد صاحب اور بریرہ بیگم کے پاس بیٹھی تھی۔۔۔۔

دونوں ہی دعا کی باتوں سے اندازہ لگا چکے تھے۔۔۔ کہ دعا معراج کے ساتھ کس قدر خوش ھے۔۔۔۔

اسکی ہر بات معراج سے شروع ھوتی اور اس پر ختم ھوتی۔۔۔۔

احمد صاحب اور بریرہ بیگم دونوں کا ہی دل کافی حد تک مطمئن تھا۔۔۔

چلو نا آپی۔۔۔۔

مجھے کچھ بات کرنی ھے اپ سے۔۔۔۔

دعا اپنے امی ابو سے بات کر رہی تھی۔۔۔ جب ہی نمرہ اسکو ہاتھ پکڑ کر ضد کر کے اپنے کمرے میں لے گئ تھی۔۔۔۔

افففف نمرہ کیا ھے۔۔۔۔۔ تھوڑی امی ابو کے پاس تو بیٹھنے دو۔۔۔

نمرہ کے اس طرح ضد کرنے پر دعا نے کہا۔۔۔ بعد میں بیٹھیے گا نا ابھی چلیں۔۔۔۔۔ نمرہ نے کہا۔۔

اچھا امی ابو میں تھوڑی دیر تک آتی ھوں۔۔۔

دعا احمد صاحب اور سمیرا بیگم سے کہہ کر نمرہ کے ساتھ اسکے کمرے کی طرف بڑھ گئ۔۔۔۔

کتنی خوش ھے نا ہماری بیٹی؟؟؟

سمیرا بیگم نے احمد صاحب کو دیکھ کر کہا۔۔۔۔

ہاں ماشاءاللہ۔۔۔۔

مجھے بہت سکون ملا دعا کو اس طرح دیکھ کر۔۔۔

احمد صاھب نے مسکرا کر کہا۔۔۔

ویسے احمد صاحب اپ سے ایک بات پوچھوں۔۔

سمیرا بیگم نے چائے کا گھونٹ بھرتے ھوئے کہا۔۔

ہاں پوچھیں۔۔۔ آا

اس دن معراج نے کیا کہا جو اپنے اسے اور دعا کو ایک دم معاف کر دیا۔۔۔

سمیرا بیگم نے سوال کیا۔۔۔۔

بس چھوڑو پورانی باتوں کو سمیرا۔۔۔

پر تم جانتی ھو۔۔۔ میں نے معراج کی انکھوں میں جو محبت دعا کے لیے دیکھی ھے۔۔۔ وہ شاید اگر ہم دعا کی کہی شادی کراتے تو نا ھوتی۔۔۔۔

اللہ کے ہر کام میں مصلیت ھوتی ھے۔۔۔۔

اسکا کوئی کام غلط نہیں ھوتا۔۔۔۔

مجھے اج فخر ھے۔۔۔۔

کہ معراج میرا داماد ھے۔۔۔۔۔

احمد صاحب نے مسکرا کر کہا۔۔۔۔۔

تو سمیرا بیگم بھی مسکرا دی۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

افففف بولو نمی کب سے تم نے وابال مچا رکھا ھے۔۔۔

آخر ایسی بھی کیا بات کرنی ھے تمھیں مجھ سے ؟؟؟

دعا نے کمرے میں اکر پوچھا۔۔۔

وہ اپی مجھے بہت ضروری بات کرنی ھے اپ سے۔۔۔۔۔ نمرہ نے دعا کے سامنے ہی بیڈ پر بیٹھتے ھوئے کہا۔۔۔۔

اچھا بولو کیا بات ھے ؟؟

دعا نے پریشان ھو کر کہا۔۔۔

وہ اپی۔۔۔۔

میں۔۔۔

وہ۔۔۔۔

مجھے سمجھ نہیں آرہا کس طرح بولو۔۔

نمرہ اب دعا کے سامنے گھبرا رہی تھی کہ دعا پتہ نہیں کیا سوچے گی۔۔۔

بولو نمرہ کیا بات ھے؟؟؟

کچھ کیا ھے تم نے۔۔۔

امتحان میں فیل ھوئی ھو؟؟؟

دعا اس کو اب تک بچہ سمجھتی تھی اس لیے بچوں والے سوال پوچھ رہی تھی۔۔۔

اففو نہیں آپی۔۔۔

اب میں بچی تھوڑی ھوں۔۔۔

بڑی ھوگئی ھوں۔۔۔۔

میٹرک پاس کر چکی ھوں۔۔۔۔

نمرہ نے جل کر کہا۔۔

ہاہاہا اچھا بی اماں اب بولو بھی کیا ھوا۔۔۔؟؟

دعا نے نمرہ کے جلنے پر کہا۔۔۔

اچھا اپ پہلے وعدہ کریں کے کسی کو وہ بات نہیں باتیں گی۔۔معراج بھائی کو بھی نہیں وہ پتہ نہیں میرے بارے میں کیا سوچیں گے۔۔۔۔

نمرہ آخر ھوا کیا ھے۔۔۔بتاو تو۔۔۔۔

دعا نے کہا۔۔۔

افف آپیٔ اپ پہلے وعدہ کریں نا۔۔۔

نمرہ نے وعدے کے لیے اگے ہاتھ بڑھیا۔۔۔

اچھا وعدہ اب بولو۔۔۔۔۔

دعا نے اسکے ہاتھ میں ہاتھ رکھ کر کہا۔۔

وہ

اپی

میں نا!!!

وہ ایک!!

لڑکا

مجھے

میں اسکو۔۔۔۔

نمرہ اٹک اٹک کر بول رہی تھی۔۔۔۔

افففف پتہ نہیں کیا بول رہی ہو نمی۔۔۔

دعا کے کچھ سمجھ نہیں آرہا تھا۔۔۔

آپی میں ایک لڑکے کو پسند کرتی ہوں اور چھاتی ہوں۔۔۔

اپ اسے ملنے چالیں میرے ساتھ۔۔۔۔

نمرہ نے ہمت کر کے ایک ہی نسانس میں سب کہہ دیا تھا۔۔۔۔۔

کیا؟؟؟؟

دعا کو حیرت کا شدید جھٹکا لگا تھا۔۔۔۔

نمی؟؟؟؟ دعا نے حیرت سے اسکو دیکھا۔۔۔۔وہ چھوٹی سی نمی واقعی اب بڑی ہوگئی تھی۔

آپی پلیز۔۔۔۔

اپ غصہ نا ھوں۔۔میں اپکو سب بتاتی ھوں۔۔۔۔۔

نمرہ نے بول کر اسکو تمام کہانی سنائی۔۔۔

کس طرح اسکے دوست کے بھائی نے اسکا نمبر لیا پھر کس طرح اس کی اور اسکی بات شروع ھوئی۔۔۔۔۔

پھر وہ اسکو ملنے بلاتا رہا پر وہ نا گئی۔۔اور اب وہ دعا سے ملنا چاھتا ھے۔۔۔تاکہ دعا ان دونوں کے ساتھ ھو تو وہ نمرہ کے گھر رشتہ لائے۔۔۔۔

نمرہ نے ساری بات دعا کو بتا دی تھی۔۔۔۔

دعا ابھی تک حیرت میں تھی۔۔۔

نمرہ تم نے یہ سب کس طرح کیا۔۔۔۔

میرا سارہ واقعہ تمھارے سامنے تھا پھر بھی؟؟؟

تم کب اتنی بڑی ھوگئی۔۔۔۔؟؟؟

دعا کو حد سے زیادہ حیرت ھو رہی تھی۔۔۔

آپی میں نے اللہ کا وعدہ کچھ غلط نہیں کیا۔۔۔۔

بس اسکو کہا تم چھاتے ھو مجھے تو میرے گھر رشتہ لاو۔۔۔۔

پر نمرہ اگر وہ لڑکا غلط ھوا تو۔۔

کون ھے؟؟؟

کیا نام ھے؟؟؟

کیا کرتا ھے؟؟

نمی مجھے تم پر بھروسہ ھے پر اج کل کے لڑکے۔۔۔ تم نہین جانتی کس حد تک جا سکتے ھیں۔۔۔۔۔

آپی وہ اچھا لڑکا ھے۔۔۔۔ اپ سے ملنا چھاتا ھے۔۔۔ ہمارے رشتے کی بات کرنا چھاتا ھے۔۔۔

آپی پلیز اپ ایک بار اس سے مل تو لیں نا۔۔۔

پلیز۔۔۔

نمرہ نے انکھوں میں آنسو لا کر کہا۔۔۔۔

پر نمی امی ابو عمیر؟

ان کے بغیر۔۔۔

آپی میں نے ابھی صرف اپکو بتایا ھے۔۔۔۔

اگر آپ کو وہ ٹھیک لگا تو ہی رشتہ لائیں گے

نہیں تو اللہ کا پکا وعدہ میں کبھی اسے بات نہیں کروں گی۔۔۔۔

پر ایک بار مل تو لیں اپ۔۔۔۔

نمرہ نے دعا کو حد سے زیادہ فورس کیا تھا۔۔۔ تب جا کر دعا نے یہ کہا تھا کہ وہ معراج سے پوچھ کر بتائے گی۔۔۔۔

نہیں نا آپی پلیز۔۔۔

معراج بھائی سے نہیں پلیز۔۔۔۔۔

اپ میرے لیے اتنا نہیں کر سکتی۔۔۔

نمرہ نے اب blackmailing شروع کر دی۔۔۔

نمرہ ایسے معراج کو بنا بتائے کسی لڑکے سے ملنا غلط ھے۔۔۔

افففف آپی۔۔۔ اپنے معراج بھائی کو کچھ بھی بتایا میں اپ سے کبھی بات نہیں کروں گی۔۔۔

اپ کو قسم ھے میری۔۔۔۔

نمرہ کافی جزباتی ھوگی تھی۔۔۔

اچھا بابا نہیں بتا رہی تم رومت۔۔۔۔

پھر ایک کام کرو اج شام کا رکھ لو۔۔۔۔

نہیں!!!

کل کا رکھ لو۔۔۔۔ صبح کا۔۔۔۔

دعا نے کہا تو نمرہ بہت خوش ھوگی۔۔۔

اوکے آپی میں ابھی اسکو اپ کے سامنے کال کر لیتی ھوں۔۔۔۔

نمرہ نے فورن کہتے ہی اپنا موبئل نکال کر کال ملائی تھی۔۔۔

دوسری طرف سے فورن ہی کال پیک کر لی گئی تھی۔۔۔

ہیلو۔۔۔

ٹھیک ھوں۔۔۔

ہاں میری اپی مان گئی ھے۔۔

کل دوپہر 1 بجے تک ملتے ھیں۔۔۔کسی ریسورنٹ میں۔۔۔

نمرہ بات کر رہی تھی اور دعا اسکو حیرت سے دیکھ رہی تھی۔۔۔

ہاں اوکے۔۔۔

اللہ حافظ۔۔۔۔

ThannnnkyouuuuuAppi

Youarethebestappiintheworld…..

Ummmmah…

نمرہ نے دعا کے گل پر بوسہ دے کر کہا۔۔

نمرہ بہت خوش تھی۔۔۔۔

پر نمی یہ ہے غلط۔۔۔یہ پہلی اور آخری بار ھے۔۔۔۔۔۔

یہ سب کچھ ٹھیک نہیں۔۔۔اج کل اس طرح لڑکوں پر بھروسہ نہیں کرنا چھائے۔۔۔۔

ہر لڑکا اعتبار کے قابل نہیں ھوتا۔۔۔تم ابھی بہت چھوٹی ھو نمی ان سب کے لیے۔۔۔۔

دعا نے پیار سے نمرہ کو سمجھایا تھا۔۔۔۔۔

اچھا چلیں نیچے امی ابو کے پاس چلتے ھیں۔۔۔۔

ہمم چلو۔۔۔

دعا اور نمرہ کمرے سے باہر نکل گئی تھی...

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

نمرہ کی کال بند ھوتے ہی۔۔۔۔اسنے فورن ہما کو کال ملائی تھی۔۔۔

ہیلو۔۔۔

ہما۔۔۔۔

بس سمجھو۔۔۔۔

ایک اسٹیپ مکمل ھوا۔۔۔۔

کال دعا مجھ سے ملنے آرہی ھے۔۔۔۔

ہاہاہا۔۔۔جب اسکو پتہ لگے کا اسکی بہن کا عاشق میں ھوں تو کتنا مزہ ائے گا۔۔۔

زیب نے ھنس کر کہا تھا۔۔۔

واہ تم نے یہ کام بہت اچھا کیا زیب۔۔۔بس کال ہر چیز پلان کے مطابق ھونی چھایے۔۔۔۔۔

دعا معراج کے بیچ نفرت کی دیور کی پہلی اینٹ ھے یہ۔۔۔

ایک بار جب دل میں شک اجائے نا۔۔۔تو اچھے اچھے رشتے ٹوٹ جاتے ھیں۔۔۔۔

ہما کی آواز میں جنون جلن ضد سب تھا۔۔۔۔

ہمممم۔۔۔۔۔۔معراج اپنی ہر چیز پر اکڑتا تھا۔۔۔اس کی سب سے پیاری چیز کو میں اپنے نام کروں۔۔۔گا۔۔۔۔

زیب نے مسکرا کر کہا۔۔۔

چلو پھر کل ملتے ھیں۔۔۔۔

ہاں اوکے۔۔۔۔

زیب سے بات کرنے کے بعد ہما کو کچھ سکون آیا تھا۔۔۔۔

زیب اور ہما اپنی منزل سے بس کچھ قدم ہی دور تھے۔۔۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

معراج صبح کا نکلا ابھی گھر آیا تھا۔۔۔ایک ایک پل میں اسکو دعا کی کمی محسوس ھو رہی تھی۔۔۔

اسکا دل کسی چیز میں نہیں لگ رہا تھا۔۔۔

مسلسل اسکا دل بس دعا کے پاس جانا چاھ رہا تھا۔۔۔۔۔

لیکن پھر اسنے سوچا وہ بیچاری ایک دن کے لیے گئی۔۔۔ھے اچھا نہیں لگتا۔۔۔

وہ گھر آگیا تھا۔۔۔۔

گھر انے کے بعد اس نے سب کے ساتھ کھانا کھایا تھا۔۔۔

لیکن اپنے ساتھ والی کرسی کھالی دیکھ کر اسکا دل اندر سے اداس تھا۔۔۔

اج اسنے کسی سے بات نا کی تھی اور سیدھا اپنے کمرے میں ایا تھا۔۔۔۔

افففف ایک تو یہ لڑکی۔۔۔۔

عجیب عادت کر دی ھے اس نے میری۔۔۔جب سے گئ ھے۔۔۔

ایک پل کے لیے مجھ سے الگ نہیں ھوئ۔۔۔

معراج نے جھنجلا کر کہا۔۔۔۔

ایک تو منع کیا تھا کہ رہنے مت جاو لیکن نہیں جانا تھا۔۔۔

اب خود مزے کر رہی ھونگی محترمہ۔۔۔

اور یہاں میں انکو یاد کر کر پاگل ھوا ھوں۔۔۔۔

معراج اپنے اپ سے بڑبڑاتا باتھ روم گھس گیا تھا۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

دعا کھانا وغیرہ کھا کر ابھی فارغ ھوئ تھی۔۔۔۔ عمیر نمرہ وغیرہ اسے باتوں میں لگے تھے پر اسے رہ رہ کر معراج کا خیال ستا رہا تھا۔۔۔۔

دعا کا دل بھی کسی چیز میں نہیں لگ رہا تھا۔۔۔

کتنا مشکل ھوتا ھے محبت کرنے والے شخص سے دور رہنا دعا نے دل میں سوچا۔۔۔۔۔۔

خیر سے سب کے ساتھ ھنسی مزاق کر کے دعا اپنے کمرے میں اگئ تھی۔۔۔ نمرہ بھی اسکے پیچھے پیچھے ائ تھی۔۔۔

عجیب انسان ھے ایک کال تک نہیں کی۔۔۔

دعا نے دل میں سوچا۔۔۔

وہ بار بار اپنا موبئل چیک کر رہی تھی۔۔۔۔

ارے اپی اپ خود کال کر لو نا۔۔۔ جب اتنا دل کر رہا ھے بات کرنے کو تو۔۔۔۔

نمرہ نے چھیڑتے ھوئے کہا۔۔۔

تم نا بہت بڑی بی آماں بن گی ھو۔۔۔۔

دعا نے نمرہ کو کان سے پکڑ کر کہا۔۔۔

ہاہاہا۔۔۔۔ نمرہ زور سے ھنس دی۔۔

اچھا سوری نا اپی۔۔۔۔

نمرہ اپنی جگہ پر جا کر لیٹ گئ تھی۔۔

مجھے تو بہت سخت نیند ائ ھے اپی۔۔۔

اپ جاگو معراج بھای کی یاد میں۔۔۔۔

نمرہ ابھی بس سونے ہی لگی تھی کہ اسکو یاد آیا تھا کہ اسکو اج عمر کے ساتھ سونا تھا۔۔۔

اہوو آپی مجھے اج عمر کے ساتھ سونا ھے۔۔۔

عمیر اب الگ سوتا ھے۔۔۔

میں اسکو پاس جاتی ھوں۔۔۔

ہمم تم جاوں۔۔۔

دعا نے نمرہ کو کہا تو نمرہ فورن چلی گئ تھی۔۔

دعا نے اپنا ڈوپٹہ اتار کر ایک طرف رکھا تھا۔۔۔۔۔اور بیڈ پر سر پکڑ کر بیٹھ گئ تھی۔۔۔۔

افف ایک رات اتنی مشکل کیوں ھو رہی ھے آخیر۔۔۔۔

دعا نے سوچا۔۔۔۔

مجھے معراج سے اتنا عشق اچانک کیوں ھوگیا۔۔۔

مجھے سمجھ نہیں آتا۔۔۔۔۔

دعا ابھی بڑبڑا ہی رہی تھی۔۔۔کہ اس کے موبئل پر معراج کی کال ائ تھی۔۔۔۔

بس مل گیا وقت تو کرلی کال نہیں تو کوئ خیال نہیں تھا میرا۔۔

دعا بے بڑبڑاتے ھوئے کال اٹھائ تھی اور کافی ناراضگی سے ہیلو کہا تھا۔۔۔۔

www.urdunovelsmania.com

افففف اس قدر غصہ؟؟

معراج نے گھیر آواز میں کہا تھا۔۔۔

معراج کی آواز سن کر اسکو عجیب سا سکون ملا تھا۔۔۔

ویسے ابھی بھی کال کرنے کی کیا ضرورت تھی۔۔۔

دعا نے ٹون مارا تھا۔۔۔۔

تو محترمہ اپ بھی تو کال کر سکتی تھی۔۔۔

معراج نے جواب دیا تھا۔۔۔۔

مجھے تو اپکی یاد نہیں آرہی تھی اس لیے نہیں کی۔۔۔

دعا نے صاف جھوٹ کہا تھا۔۔۔۔

اچھا سچی؟؟

معراج نے ھنس کر پوچھا تھا۔۔۔۔

ہاں سچی۔۔۔۔!!! دعا نے مسکرا کر کہا تھا۔۔

ویسے میں سوچ رہا تھا اگر کوئی مجھے بول دیتا کہ روک جاو۔۔۔ تو میں روک بھی جاتا۔۔۔۔۔

معراج نے کہا تھا۔۔۔

کوئی کو کہنے کی ضرورت اس لیے نہیں تھی کہ کسی کو خود پتہ ھونا چاھیے کہ کوئی کیا چاھتا ھے۔۔۔۔

دعا نے بڑے اچھے انداز میں جواب دیا تھا۔۔۔ معراج ایک دم زور سے ھنسا تھا۔۔

تو کہا کیوں نہیں مجھے!!! معراج نے سوال کیا۔۔۔۔

کیونکہ اپ نے سمجھا ہی نہیں۔۔۔

دعا نے بھی جواب دیا۔۔۔

اچھا اگر کوئی ابھی بول دے تو میں آجاوں گا۔۔۔۔

معراج کی آواز میں اب شرارت تھی۔۔۔

کوئی ضرورت نہیں۔۔۔۔ رات بہت ھوگئی ھے سو جائیں۔۔۔۔۔

دعا نے ھنس کر کہا تھا۔۔۔

www.urdunovelsmania.com

سوچ لو میری بغیر نیند نہیں آنی تمھیں۔۔۔۔

اپکی سانسوں کو میری عادت ھوگئ ھے

مسز معراج جہانگیر۔۔۔۔۔

معراج نے کافی محبت بھرے انداز میں کہا تھا۔۔۔۔

اتنی خوش فہمی بھی اچھی نہیں ھوتی۔۔دعا جانتی تھی ایسا ھی ھے پر وہ دعا ہی کیا جو اپنی کمزوری پکڑی جانے دے۔۔۔۔

چلو سو کے دیکھ لو۔۔۔

جب بھی تڑپ کر مجھے بلاو گی میں آجاوں گا۔۔۔۔

معراج نے کہہ کر فون بند کر دیا تھا۔۔۔۔

دعا بھی ھنستے ھنستے اپنی جگہ پر لیٹ گئ تھی۔۔۔

اور وہی ھوا تھا کافی دیر کوشش کرنے کے بعد بھی اسکو نیند نہیں آرہی تھی۔۔۔۔

اففففف معرااااج

اپ آآآآ ہی جاتے۔۔۔۔

دعا نے بیڈ سے اٹھ کر زور سے کہا تھا۔۔۔۔

اسکو کسی صورت نیند نہیں آرہی تھی۔۔۔

وہ اٹھ کر اپنی balcony کی طرف بڑھی تھی۔۔۔۔

ایک تو جناب کی بولی ہر بات سچ ھوتی ھے۔۔۔

www.urdunovelsmania.com

ان سے تو جھوٹ بول دیا پر حقیقت یہ ھے واقعی مجھے نیند نہیں آرہی۔۔۔

دعا خود کلامی کر رہی تھی۔۔۔۔جب ہی کسی نے کہا تھا۔۔۔

دیکھا میں نے تو پہلے ہی کہا تھا۔۔۔

دعا نے دیکھا تو معراج balcony کی دیور کے ساتھ ٹیک لگا کر پینٹ کی جیب میں ہاتھ ڈال کر کھڑا اسکو مسکرا کر دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔

دعا نے اپنی انکھیں مل کر دیکھا تو وہاں کوئی نا تھا۔۔۔

اللہ اللہ

دعا پاگل ھوگئی ھے تو۔۔۔

دعا نے اپنے سر پر ہلکے سے تھپڑ مارا تھا۔۔۔

وہ سمجھ رہی تھی یہ اسکا وہم ھے۔۔۔۔

وہ اکر واپس اپنے بیڈ پر لیٹ گئی تھی۔۔۔۔۔

کمرے کی لائٹس آوف تھی۔۔۔

تبی اس نے اپنا موبئل اٹھا کر معراج کی فوٹو نکل کر دیکھی تھی۔۔۔۔

لو جی۔۔۔۔آاا

جیتا جاگتا بندہ ساتھ ھے اور لوگ فوٹو دیکھ رہے ھیں۔۔۔۔

اب کے بار دعا نے فورن کمرے کے لائٹس آون کی تھی تو معراج بیڈ کے سامنے پڑی کرسی پر بیٹھا تھا۔۔۔

دعا اسکو دیکھ کر ایک دم اٹھی تھی۔۔۔

اپ

یہاں؟؟؟

ابھی کیسے؟؟؟؟

دعا نے ایک ساتھ سوال کیے تھے۔۔۔

ہاہاہاہا تم اپنا وہم سمجھ رہی تھی۔۔۔۔

دیکھ لو میں نے کہا تھا نا تم دل سے یاد کرو گی میں آجاوں گا۔۔۔

معراج نے بڑے مزے سے مسکرا کر کہا تھا۔۔۔۔

کوئی دیکھ لے گا تو کیا سوچے گا۔۔۔۔

دعا نے پریشان ہو کر کہا۔۔۔

یہ ہی کہہ گا میاں بیوی میں بے حد پیار ہے۔۔۔

معراج نے کھڑے ہو کر مسکرا کر کہا۔۔۔

دعا نے شرما کر منہ موڑ لیا تھا۔۔۔۔

تبھی معراج نے اکر اسکو کمر سے پکڑا تھا۔۔۔

اور اس کے کندھے پر اپنا سر رکھا تھا۔۔۔۔

دعا کی ڈھڑکن ایک دم تیز ہوئی تھی

تمھاری بہت یاد آرہی تھی دعا۔۔۔۔۔۔

کب سے سونے کی کوشش کر رہا تھا۔۔

دل تھا کہ مان نہیں رہا تھا۔۔۔

اس لیے سوچا تم سے مل آوں۔۔۔۔

معراج نے سنجیدگی سے کہا تھا۔۔۔۔

اور پھر انکھیں بند کر کے دعا کے بالوں میں سے انے والی خوشبو کو محسوس کرنے لگا۔۔۔۔

صرف مل آوں ؟

دعا نے ہلکے سے کہا تھا۔۔۔۔

اگر صبح یہاں سے ایسے برامد ھوانا تو ہم پہلے شادی شدہ جوڑے ھونگے جو اس طرح ملنے پر ڈانٹ کھایں گے۔۔۔

معراج نے ھسن کر کہا۔۔۔۔۔

دعا !!!!!

معراج نے بہت دھیمے انداز میں دعا کو پکارا تھا۔۔۔

ہمم !!!

دعا نے ہلکے سے کہا تھا۔۔۔۔

تمھارا نشہ ھوگیا ھے مجھے۔۔۔۔

اور یقین مانوں تمھارا نشہ دنیا کے بڑے سے بڑے نشے سے خطرناک ھے۔۔۔۔۔

معراج بہت ہلکے ہلکے مدھم آواز میں سرگوشی کر رہا تھا۔۔۔

معراج نے اب اپنا رخ دعا کی طرف کیا تھا۔۔۔۔

اب دعا اس کے بلکل روبرو کھڑی تھی۔۔۔۔

بہت یاد کیا تمھیں۔۔۔۔

معراج نے مسکرا کر کہا تھا۔۔۔

اور دعا کی آنکھوں میں جھانک کر کہا تھا۔۔۔

میں نے بھی۔۔۔۔!!

دعا بے بے حد ہلکی آواز میں کہا تھا۔۔۔

معراج نے دعا کا سر دونوں ہاتھوں سے پکڑ کر چوما تھا۔۔۔۔

اور پھر اسکو زور سے گلے سے لگایا تھا۔۔۔۔

دعا نے اسکے سینے سے لگ کر انکھیں بند کرلی تھیں۔۔۔

میں کل جلدی تمھیں لینے آجاوں گا۔۔۔

اور اب بس رہنے نہیں اوں گی۔۔۔اور جب آوگی میں ساتھ آیا کروں گا۔۔۔

معراج نے بچوں کی طرح کہا تو دعا کو اس پر ایک دم بہت سارہ پیار ایا۔۔۔

ہمممم دعا نے ہلکے سے کہا۔۔۔

اب دیکھو۔۔۔

محترمہ کے پاس کیسی نیند آرہی ھے۔۔۔۔اب گھر جا کر بھی اجائے گی۔۔۔۔

معراج نے ھسن کر کہا تو دعا اسے الگ ھوئی۔۔۔۔

چلو میں چلتا ھوں۔۔۔۔

تم بھی بس اب سوجاو۔۔۔

ہمم دعا نے مسکرا کر معراج کو دیکھا۔۔۔

وہ شخص اسکی زندگی بن چکا تھا۔۔ کچھ عرصہ پہلے جب وہ اس طرح اس کمرے میں آیا تھا۔۔۔ تو دعا کو اس سے زیادہ نفرت کسی سے نا تھی۔۔۔۔

اور اب اس سے زیادہ محبت کسی سے نا تھی۔۔۔

اور آج اس طرح وہی شخص ایا تھا۔۔ لیکن آج وہ اسکا محرم تھا۔۔۔۔

معراج دعا کے ماتھے کو ایک بار پھر چوم کر نکل گیا تھا۔۔۔

جیسے آیا تھا ویسے ھی چلا بھی گیا تھا۔۔۔۔

معراج نے گھر پہنچ کر اسکو msg کر دیا تھا تو۔۔۔

دونوں اب سکون کی نیند اپنی اپنی جگہ پر سو گئے تھے۔۔۔۔۔

urdu novels mania
www.urdunovelsmania.com

☆☆ ▪ ▪ ▪ ▪ ▪ ▪ ☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆ ▪ ☆

اگلے دن صبح اٹھتے ھی نمرہ نے جانے کا شور مچا دیا تھا۔۔۔ دعا نے سمیرا بیگم سے کہا تھا کہ اسکو بازار جانا ھے۔۔۔ دعا اور نمرہ جلدی جلدی تیار ھو کر کیفے کے لیے نکل گئ تھی۔۔۔۔

کیفے کے پورے راستے میں نمرہ نے دعا کا سر کھایا تھا۔۔۔۔۔

خیر سے وہ کیفے پہنچ گئی تھی۔۔۔دعا کو بہت عجیب لگ رہا تھا لیکن چھوٹی بھن کی خاطر اس نے یہ رسک لیا تھا۔۔۔۔

ابھی وہ کیفے کے اندر داخل ہوئی تھی کہ نمرہ نے ایک ٹیبل کی طرف آشارہ کرکہ کہا وہ رہے۔۔۔

دعا اور نمرہ جب اس ٹیبل کی طرف بڑھی تو ooooooo

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

خیر سے وہ کیفے پہنچ گئی تھی۔۔۔دعا کو بہت عجیب لگ رہا تھا لیکن چھوٹی بہن کی خاطر اس نے یہ رسک لیا تھا۔۔۔۔

ابھی وہ کیفے کے اندر داخل ہوئی تھی کہ نمرہ نے ایک ٹیبل کی طرف آشارہ کرکہ کہا وہ رہے۔۔۔

دعا اور نمرہ جب اس ٹیبل کی طرف بڑھی تو دعا کو ایک شخص نظر آیا جو انکی طرف منہ پھیر کر بیٹھا تھا۔۔

دعا اور نمرہ جب اسکے پاس پہنچی تو دعا کو حیرت کا شدید جھٹکا لگا تھا۔۔۔

وہ شخص کوئی اور نہیں زیب تھا۔۔۔

اسلام علیکم !!!

زیب نے اٹھ کر دعا کو سلام کیا تھا۔۔دعا نے حیرت سے نمرہ کو دیکھا تو نمرہ نے نظروں میں دعا سے التجا کی کہ وہ بیٹھ جائے بس ایک بار۔۔۔۔

دعا بنا کوئی جواب دیے دوسری طرف نمرہ کے ساتھ بیٹھ گئی تھی۔۔۔

دعا زیب کو اچھی طرح جانتی تھی۔۔۔۔

دعا وہ!!!

زیب ابھی کچھ بول رہا تھا کہ دعا نے اسکو ٹوکا تھا۔۔۔

دعا بھابی۔۔۔۔!!!

اپ کی دوست کی بیوی ھوں میں۔۔۔۔

دعا کے فورن ٹوکنے پر زیب کو اگ سی لگی تھی۔۔۔

پر ابھی اپ میری دوست کی بیوی نہیں نمرہ کی بھن بن کرائی ھیں۔۔۔زیب نے مسکرا کر کہا۔۔۔۔۔

جو بھی ھو۔۔۔

میرا نام کوئی انجان شخص لے مجھے یہ پسند نہیں ھے۔۔۔بہتر ھوگا۔۔۔اپ مجھے اپی کہہ لیں یا بھابی۔۔۔۔

دعا کو زیب شروع سے ہی ناپسند تھا۔۔۔

زیب نے ایک بار اس کے ساتھ بھی بدتمیزی کی تھی اور وہ سمجھ چکی تھی کہ یہ نمرہ کے ساتھ صرف ٹائم پاس کر رہا ھے۔۔۔۔

بولو کیا کہنا ھے؟؟؟

دعا نے سیدھا کہا تھا۔۔۔

پہلے کھانے کو کچھ order کر لیتے ھیں۔۔۔زیب نے مسکرا کر کہا تھا۔۔۔

دعا کو دیکھ کر اسکی انکھوں میں وسی چمک اگی تھی۔۔۔

ہم یہاں کھانے پینے نہیں ائے ھیں۔۔۔جو کام کرنے آئے ھیں۔۔۔۔وہ کریں تو اچھا ھوگا۔۔۔

دعا کافی سخت الفاظ میں بات کر رہی تھی۔۔۔

زیب اپنی اور نمرہ کی کوئی بات ڈسکس نا کر رہا تھا۔۔۔اور نا نمرہ سے زیادہ بات کر رہا تھا۔۔۔۔اسکا مقصد دعا تھی۔۔۔۔نمرہ کا کام اب ختم ھوچکا تھا۔۔۔

اپ اتنا غصہ کیوں ھورہیَ ھیں۔۔لگتا ھے اپ کو زبردستی یہاں پر لایا گیا ھے۔۔۔۔

زیب نے ھنس کر کہا۔۔۔

دعا خاموش رہی۔۔۔۔

زیب نے دور کھڑے ویٹر کو اشارہ کیا تھا۔۔۔

یس سر۔۔۔۔

جوس لے آئیں تین۔۔۔۔

زیب نے ویٹر کو کہا تو ویٹر فورن جوس لینے چلا گیا۔۔۔۔

بولو کیا کہنا ھے؟؟

دعا نے پھر پوچھا تھا۔۔۔

زیب کے اس طرح react کرنے پر نمرہ بھی خاصی حیران تھی۔۔۔۔

وہ میں اور نمرہ ایک دوسرے کو۔۔

urdu novels mania www.urdunovelsmania.com

ابھی زیب نے بات شروع ہی کی تھی کہ ویٹر جوس لے کر آیا تھا۔۔۔اور جوس سرف کرتے ہوئے ایک جوس نمرہ کے کپڑوں پر گیر گیا تھا۔۔۔

اہ میڈم Imreallysorry ویٹر نے فورن معافی مانگی تھی۔۔۔

مجھے معاف کر دیں میرے ہاتھ سے سلیپ ہوگیا۔۔۔۔

اھوو نمرہ تم جاو اسکو wash کر لو۔۔۔۔زیب نے ویٹر کو کہا تھا کہ وہ نمرہ کو washroom لے جائے۔۔۔۔

نمرہ اٹھ کر واش روم چلی گئ تھی۔۔۔

تب زیب نے ایک دم دعا کا ٹیبل پر رکھا ہاتھ تھاما تھا۔۔۔۔

دعا!!!

یہ کیا بد تمیزی ھے۔۔۔

دعا نے اپنا ہاتھ جھٹکا تھا۔۔۔

ھوش میں آو۔۔۔زیب۔۔۔

دعا نے غصے سے کہا تھا۔۔۔

پلیز میری بات سمجھو۔۔۔۔۔

میں نمرہ کو نہیں تمھیں پسند کرتا ھوں۔۔۔

نمرہ تو تم سے ملنے کا ایک بہانہ تھی دعا۔۔۔۔۔

مجھے تم ابھی بھی قبول ھو۔۔۔میں جنتا ھوں معراج کو تم پسند۔۔۔۔

زیب بقواس کر رہا تھا۔۔

تبی ایک زوردار تھپڑ دعا نے زیب کے منہ پر رسید کیا تھا۔۔۔

اور ٹیبل سے کھڑی ہوئی تھی۔۔۔

آس پاس کے تمام لوگوں نے دعا کی اس حرکت کو دیکھا تھا۔۔

زیب بھی کچھ شرمندہ سا ہوا تھا۔۔۔۔

ہوش میں ہو تم؟؟؟

جانتے ہو نا کس کی بیوی ہوں میں؟؟؟

اپنے گندے منہ سے اگر میرا نام لیا۔۔۔ تو اچھا نہیں ہوگا۔۔۔۔۔

معراج اور میں ایک دوسرے کے ساتھ بہت خوش ہیں۔۔۔ تم جیسے گھٹیا انسان میری فکر نا کرے۔۔

اور جو گھٹیا حرکت تم نے کی ہے۔۔۔ اگر یہ بات میں معراج کو بتا دوں تو تمہارا وہ حال ہو جو تم سوچ نہیں سکتے۔۔۔

آئندہ کے بعد مجھے تم میرے یا نمرہ کے آس پاس نظر بھی ائے تو بہت برا حشر کروں گی یاد رکھنا۔۔۔

دعا نے حد سے زیادہ غصے میں کہا تھا۔۔۔۔

زیب دعا کی اس حرکت پر واقعی حیران ہوا تھا....

مگر °°زیب کچھ بولنے لگا تھا جب یہ دعا نے اسکو چپ کروایا تھا۔۔۔

منہ بند کرو اپنا۔۔۔

گھٹیا انسان۔۔۔۔۔

اتنی دیر میں نمرہ بھی آگئی تھی۔۔۔اور دعا کو اتنا زیادہ غصے میں دیکھ کر پریشان بھی ہوئی تھی۔۔۔

آپی

اپی کیا ہوا؟؟

دیکھوں نا تمھاری اپی کس انداز میں مجھ سے بات کر رہی ھیں۔۔

نمرہ کے آتے ہی زیب معصوم سا بن گیا تھا۔۔۔۔

آپی؟؟ نمرہ نے سوالیہ نظروں سے دعا کو دیکھا تھا۔۔۔۔۔

ائندہ کے بعد اگر تم نے اس لڑکے سے کوئی تعلق رکھا تو اچھا نہیں ہوگا نمرہ۔۔

ابھی کے ابھی گھر چلو۔۔۔

دعا نمرہ کا ہاتھ تھام کر ھوٹل سے باہر نکل گئی تھی۔۔۔۔

زیب بھی بل دے کر شرمندہ ھوکر دعا اور نمرہ کے پیچھے باہر نکلا تھا۔۔۔لیکن جب تک دعا اور نمرہ جا چکی تھیں۔۔۔۔

زیب ابھی کھڑا ہی تھا کہ ہما پیچھے سے ائی تھی۔۔۔۔

تم پورے کے پورے گدھے ھو زیب۔۔۔۔اسکو تھوڑی دیر اپنے ساتھ بیٹھایا نا گیا تم سے۔۔۔۔

وہ تو شکر ھے کہ میں نے صیح وقت پر پیکس لے لی تھی۔۔۔

ورنہ تم نے اج سارہ گیم خراب کر دینا تھا۔۔۔۔

مجھے کیا پتا تھا یہ بھی معراج کی ہی طرح سر پھیری ھے۔۔۔

زیب نے اپنا ایک گال سہلاتے بولا۔۔۔

دعا نے پوری طاقت سے اسکے منہ پر تھپڑ مارا تھا جو ابھی تک جل رہا تھا۔۔

اگر دعا نے معراج کو بتا دیا تو وہ مجھے کچا کھا جائے گا۔۔۔۔

زیب نے کافی گھبرا کر کہا تھا۔۔۔۔

نہیں دعا معراج کو نہیں بتائے گی۔۔۔ جتنا میں دعا کو جانتی ھوں۔

اور دعا کے کچھ بھی بتانے سے پہلے میں معراج اور دعا کو ایک ایسی چیز دیکھا دوں گی کہ دونوں شوک سے ہی باہر نہیں آئیں گے۔۔۔

ہما نے زہریلی مسکراہٹ سجل کر کہا۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

دعا اور نمرہ گھر آگئی تھی۔۔ سارے راستے دعا بے حد غصے میں تھی۔۔۔ نمرہ بھی سمجھ چکی تھی کہ اگر دعا اس قدر غصے میں ھے تو ضرور کوئی نا کوئی بڑی بات ھوگی۔۔۔۔

راستے میں تو نمرہ نے کچھ نا پوچھا تھا۔۔۔

لیکن اب گھر آکر اس سے اور مزید انتیظار نا ھوا تو وہ پوچھ بیٹھی۔۔۔

آپی کیا ھوا؟؟

کچھ تو بولیں؟؟؟

نمرہ نے دعا کے سامنے بیٹھے ہوئے کہا۔۔۔

نمرہ تم نے یہ سب؟؟؟

مجھے حیرت ہورہی ہے تم پر۔۔۔

تمہارا انتخاب اس قدر گھٹیا ہوگا۔۔۔۔

میں نے کبھی نہیں سوچا تھا کہ تم۔ معراج کے دوست کے ساتھ یہ سب؟؟؟

تم نے سوچا اگر معراج کو یہ سب پتا لگا تو کیا ہوگا؟؟؟

نمی تم اس قدر گیر زمہ دار کیسے ہوگئی۔۔۔

کہ ایک ایسے بدماعش لڑکے سے دوستی کر بیٹھی۔۔۔

کیا سجل کی شادی میں تم نے اس حرکتیں نا دیکھی تھی۔۔

دعا ایک نساس میں بولے جارہی تھی۔۔

آپی مجھے معاف کردیں۔۔

وہ کہتا ہے کہ وہ مجھ سے بہت پیار کرتا ہے۔۔۔۔

نمرہ نے آنکھوں میں آنسو لاتے ہوئے کہا۔۔۔

نمی میری پیاری بہن۔۔۔

دعا کو ایک دم اس پر پیار آیا۔۔۔

اور دعا نے اسکو گلے سے لگایا۔۔۔

نمی ایسے لڑکے کسی سے پیار نہیں کرتے۔۔۔

وہ بس اپنی دلی خوشی کے لیے معصوم لڑکیوں کو استعمال کرتے ھیں۔۔۔

میں جانتی ھوں چاندہ تم بہت اچھی ھو اور تم کبھی کچھ غلط نہیں کر سکتی۔۔۔

پر نمی ایسے لڑکوں کی باتوں میں نہیں آیا کرو

اللہ نے عورت کو ڈھکے چھپے رہنے کا حکم دیا ھے۔۔۔

اللہ کو تمھاری کوئی نیکی پسند ائی ھوگی۔۔۔

جب ہی اللہ نے اس گھٹیا انسان سے تمھیں محفوظ رکھا۔۔۔

وہ کسی بھی لحاظ سے تمھارے قابل نہیں ھے نمی۔۔۔

اور ابھی تم بہت چھوٹی ھو۔۔جب تمھاری شادی کا وقت آئے گا تو میرا وعدہ ھے تمھاری مرضی کے خیلاف کچھ نہیں ھوگا۔۔۔

لیکن خود کو کسی ایک کے لیے محفوظ رکھو۔۔۔۔

اس ایک کا انتیظار کرو۔۔۔

پھر اللہ پاک اس ایک کے دل میں تمھارے لیے اتنی محبت بھر دیتے ھیں کہ تم سوچ نہیں سکتی۔۔۔

جو مزہ سکون خوشی۔۔۔ایک پاک صاف حلال رشتے میں ھے۔۔وہ کسی میں نہیں۔۔۔۔۔

دعا نے بہت پیار سے نمی کو سمجھایا تھا۔۔۔اور نمی دعا کی بات سمجھ بھی گئی تھی۔۔وہ جانتی تھی دعا کبھی اپنی بہن کا برا نہیں سوچ سکتی۔۔۔۔

اب مجھ سے وعدہ کرو دوبارہ تم کبھی اس سے بات نہیں کروگی۔۔اور اگر تم۔نے پھر اس سے بات کی تو زندگی بھر تمھاری اپی تم سے بات نہیں کرے گی۔۔۔۔

دعا نے کہا تو نمرہ ایک دم تڑپ گئ۔۔۔

آپی پلیز ایسے نہیں بولیں۔۔۔

اپ مجھ سے ناراض نا ھوں۔۔ نمرہ نے پیار سے دعا کو گلے لگایا تھا۔۔۔

نہیں ھوں۔۔۔ پر تم نے وہ سب دوبارہ کیا تو ھوجاوں گی۔۔۔۔

نہیں کروں گی اپی۔۔۔

اپ بس معراج بھائ کو مت بتانا۔۔۔

نمرہ نے روتے روتے کہا۔۔۔

ہام۔ نہیں بتاوں گی۔۔۔ دعا نے پیار سے کہا۔۔

چلو۔ اب تم۔ اٹھواور اللہ کا شکر ادا کرو دو نفل پڑھ کر کے اللہ نے ایسے شخص سے تمھاری حفاظت کی۔۔۔۔

دعا نے نمرہ کو کہا تو نمرہ فورن اٹھ کر باتھ روم میں گھس گئ۔۔۔

نمرہ کو ایسے دیکھ کر دعا کے دل کے اندر دکھ ھوا تھا۔۔۔

اسکی بہن کو استعمال کیا گیا تھا۔۔۔۔۔

تم نے اچھا نہیں کیا زیب۔۔۔ دعا نے دل میں کہا تھا۔۔۔

دعا چھا کر بھی معراج کو یہ سب نہیں بتا سکتی تھی۔۔ وہ جانتی تھی کہ معراج اس کے لیے کس قدر حساس ھے۔۔۔۔ اور پھر نمرہ بھی شرمندہ ھوتی۔۔۔

عمیر بھی اس عمر میں تھا کہ وہ بھی یہ سب برداشت نا کرتا اور لڑنا شروع ھوجاتا۔۔۔

اور یقینن نے اس بات کا زکر عمیر معراج سے ضرور کرتا۔۔۔۔

دعا بیٹھی یہ ہی سوچ رہی تھی کہ وہ معراج کو کس طرح یہ بات بتائے۔۔۔۔۔

ابھی وہ سوچ ہی رہی تھی۔۔۔کہ اسکا فون بجنا شروع ہوگیا تھا۔۔۔

وہ جانتی تھی اس وقت کس کا فون ہوگا اس نے فورن لپک کر فون اٹھایا تھا۔۔۔

اور موبئل پر چمکتا نمبر دیکھ کر چہک گئ تھی۔۔۔۔

اسلام علیکم۔۔۔

دعا نے کال اٹھاتے ھی خوشی سے کہا تھا۔۔۔۔

وعلیکم اسلام۔۔۔۔معراج کی آواز میں نیند بھری ھوئ تھی۔۔۔۔

وہ۔ابھی ابھی سو کر اٹھا تھا۔۔۔۔۔

افففف یہ آواز معراج نے ساتھ ہی کہا تھا۔۔۔

دعا ایک دم ھنس دی تھی۔۔

اپ اب تک سو رہے ھیں۔۔۔۔دوپر کے 3 بجے ھیں جناب۔۔۔

دعا نے کہا تھا۔۔۔

کیا کروں؟؟

کس کے لیے اٹھوں۔۔۔؟؟

اج تو ہمھیں اٹھانے والی خود غائب ھیں۔۔۔

معراج نے ادسی سے کہا۔۔

ہی ہی اچھا جی۔۔۔دعا شرما سی گی۔۔۔

ایک پل کے لیے اس کے زہن میں آیا کہ وہ معراج کو سب سچ بتا دے۔۔۔

لیکن پھر اس نے سوچا جو ھوچکا اسکو دسکس کرنے کا فائدہ نہیں۔۔۔۔۔

اچھا سنو۔۔۔شونا!!!

معراج نے پیار سے کہا

ہاہاہا اب یہ شونا کیا ھے؟؟؟

دعا نے ھنس کر پوچھا۔۔۔۔

شونا مطلب۔۔۔۔بس پیاری۔۔۔۔

معراج نے پیار سے کہا تھا۔۔۔

ہاہاہاہا اچھا۔۔۔۔!!دعا کو ایک دم ھنسی ائ تھی۔۔۔

تھوڑی دیر پہلے آنے والا غصہ معراج کی آواز سنتے ھی چھومنتر ھوگیا تھا۔۔۔

اچھا محترمہ میں شام میں جلدی لینے آجاوں گا اپ کو لینے۔۔۔۔تیار رہیے گا۔۔

معراج نے خوشی سے کہا تھا۔۔۔۔

اچھا اور جو میں اپ کے ساتھ جانے سے انکار کردوں تو؟؟؟

دعا نے شرارت سے کہا۔۔۔

تو میں اپکو اٹھا کر لے جاوں گا۔۔۔۔۔

معراج نے بھی شرارت سے کہا تھا۔۔۔

اچھا!!!!!!!!!!؟؟؟

دعا نے موٹی آواز کر کہا۔۔۔ تو معراج کو ایک دم ھنسی اگئ۔۔۔

میڈم اپ تو اپ ھیں بھی میری امانت اس گھر میں۔۔۔ معراج نے اپنا حق جتاتے ھوئے کہا۔۔۔۔

دعا خاموش رہی۔۔۔ لیکن اس کے لبوں پر بڑی پیاری مسکراہٹ تھی۔۔۔

اچھا چلیں جناب اپ جائیں ناشتہ کریں۔۔۔

فریش ھوں۔۔۔

دعا نے کہا تھا۔۔۔

افففففف ابھی بھی 54 گھنٹے مزید ھیں۔۔۔۔

معراج کافی بے صبری سے کہا تھا۔۔۔

ھاھاھا!!! معراج کی حالت پر دعا کو بے سختہ ھنسی ائ تھی۔۔

چلو شونا پھر بات ھوگی میں زارہ فریش ھوجاوں۔۔۔۔

معراج نے کہا تو دعا نے اللہ حافظ کر کے فون بند کر دیا تھا۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

معراج ابھی نہا دھو کر نکلا تھا۔۔۔۔ اور خوشی خوشی جانے کے لیے تیار ھو رہا تھا۔۔۔

جب ہی اس کے کمرے میں دستک ھوئ تھی۔۔۔۔۔

معراج نے اپنے بال بناتے ہوئے کہا تھا آجائیں۔۔۔۔۔

تو کمرے میں رملا داخل ہوئی تھی۔۔۔۔

کہاں جانے کی تیاری ہے جناب کی؟؟؟

رملا نے مسکراتے ہوئے پوچھا تھا۔۔۔

بس بھابی ایک کام سے جاوں گا پھر دعا کو لینے جاوں گا۔۔۔

معراج نے خوشگوار انداز میں کہا تھا۔۔

ویسے جب بھی بیگم کی بات ہوتی ہے جناب کے چہرے پر الگ ہی مسکراہٹ سج جاتی ہے۔۔۔

رملا نے معراج کو چھیڑا تھا۔۔۔۔

بس کیا کروں بھابی۔۔۔۔

اسکی عادت سی ہوگئی ہے۔۔۔

معراج نے دبی دبی ہنسی لبوں پر سجا کر کہا۔۔۔۔

ماشاءاللہ!!!

تم دنوں کو اس طرح دیکھ کر میں بہت خوش ہوں۔۔ معراج

اللہ کرے دعا اور تمہاری جوڑی ہمیشہ سلامت رہے۔۔

رملا نے پیار سے دعا دی تھی۔۔۔

آمین رملا بھابی۔۔۔۔

بھابی میں تو بہت بھٹکا ہوا تھا۔۔۔

www.urdunovelsmania.com

بس اللہ نے کوئی خاص کرم کیا اور دعا مجھے عطا کر دی۔۔۔

نہیں تو میں۔۔۔!!!

معراج بولتے بولتے چپ ہوا تھا۔۔۔

بس اب اللہ کی اس نعمت کو کبھی خد سے جدا نا ہونے دینا۔۔۔۔

رملا نے ہنس کر کہا۔۔

کبھی بھی نہیں معراج نے فورن کہا۔۔۔۔

معراج مجھے تم سے ایک کام تھا۔۔۔

رملا نے اب سنجیدہ ہو کر کہا تھا۔۔۔

وہ کل رات میں نے ایک خواب دیکھا تھا۔۔۔

تم اپنا اور دعا کا صدقہ دے دینا۔۔۔۔

رملا نے ہچکچاتے کہا تھا۔۔۔۔

کیسا خواب بھابی؟؟؟ معراج کچھ پریشان سا ہوا تھا۔۔۔

بس کچھ خاص نہیں انشاء اللہ اسکا اچھا ہی مطلب ہوگا۔۔۔۔

بس تم اپنا اور دعا کا صدقہ دے دو۔۔۔۔

رملا نے پھر کہا تھا۔۔۔

مگر ہوا کیا بھابی؟؟

اپنے کیا خواب دیکھا؟؟

معراج کے دل میں ایک عجیب سا خوف آیا۔۔۔۔۔

وہ معراج میں نے دیکھا کہ۔۔۔۔۔۔

تم اور دعا الگ!!!!

رملا نے منہ سے ٹوٹ کر نکل رہا تھا۔۔۔

معراج کی حوائیاں اڑنے کے برابر تھی۔۔۔

بھابی صیح طرح بتائیں پلیز۔۔۔

معراج نے اب پریشان ھوکر پوچھا تھا۔۔۔

بس میں نے دیکھا کہ تم اور دعا ایک دوسرے سے رخ موڑ کر کھڑے ھو۔۔۔۔

جیسے ایک دوسرے سے ناراض ھو۔۔۔۔

رملا نے معراج کو خواب کا مین مقصد سمجھایا تھا۔۔۔

دیکھو معراج۔۔۔

میں نے خود کو ہمیشہ تمھاری بڑی بہن مانا ھے۔۔۔

زندگی میں بہت دفاع ایسے موڑ آتے ھیں کہ انکھوں کے سامنے دیکھنے والا سچ نہیں ھوتا۔۔۔۔

کبھی بھی دعا سے کسی غلط فہمی کی بنیاد پر اپنا تعلق خراب مت کرنا۔۔۔۔

رملا نے بہت عجیب بات بولی تھی۔۔۔

معراج کچھ سوچ میں پڑ گیا تھا۔۔۔۔۔

باقی اللہ خیر کریں گے۔۔۔

تم اس خواب کا صدقہ دے دینا۔۔۔

رملا نے کہا تھا اور چلی گئی تھی۔۔۔

معراج نے فورن لقمان کو بلا کر اپنا اور دعا کا صدقہ دیا تھا۔۔۔

معراج کے دل میں ایک انجانے سے خوف نے پھر سے انگڑائی لی تھی۔۔۔۔

انشاء اللہ کچھ نہیں ہوگا۔۔۔

معراج نے خود کو تسلی دی تھی اور اپنی جیکٹ اٹھا کر کمرے سے باہر نکل گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

معراج گھر سے سیدھا زاضا کی طرف ایا تھا۔۔۔۔

راضا سے اسکو کچھ کام بھی تھا اور کافی دن سے وہ راضا سے ملا بھی نا تھا۔۔۔

کیا بات ھے راجے جب سے تو ایا ھے کچھ پریشان ھے؟؟؟

راضا نے معراج کی خاموش دیکھ کر پوچھا تھا۔۔۔

یار پریشانی تو نہیں ھے۔۔۔بس دل کچھ عجیب سا ھو رہا ھے۔۔۔

معراج نے سیگرٹ سلگا کر کہا۔۔

کیوں خیر ھو؟؟۔

راضا نے فورن پوچھا۔۔۔

پتا نہیں۔۔۔۔

معراج نے بظاہر تو راضا سے یہ کہا پر اس کے دل میں فورن رملا کا خواب آیا تھا۔۔۔۔

بس تو زیادہ سوچنے لگ گیا ھے معراج۔۔۔ریلکس ھو۔۔۔۔

راضا سمجھ چکا تھا معراج کہ زہن میں کچھ چل رہا تھا۔۔۔۔۔

ویسے یہ اج کل زیب بکل غائب ھے۔۔۔؟؟

معراج نے ایک دم ہی سوال کیا تھا۔۔۔

ہاں پتہ نہیں یار کن چکروں میں پھسایا۔۔۔۔اج کل ہمارے پاس تو اتا نہیں آتا ھے تو موبئل میں گھسا رہتا ھے اللہ جانے کیا بات ھے۔۔۔۔

زاضا نے بھی سگریٹ پیتے ھوئے کہا۔۔۔

ویسے تیرا اور رہما کا کیا بنا؟؟؟

معراج کو پتہ نہیں کیوں اس وقت ان دونون کا خیال آیا تھا۔۔۔۔

یار رہما سے تو میری بات کب کی ختم ھوگئ ھے۔۔۔۔وہ تو اب کسی سے contact میں نہیں ھے۔۔۔۔میرے خیال سے۔۔۔۔۔

زاضا نے کہا تو معراج کسی گھیری سوچ میں پڑگیا۔۔۔

کیوں تو یہ سب کیوں پوچھ رہا ھے۔۔۔۔

زاضا نے معراج کے ایک دم یوں سوال کرنے پر پوچھا تھا۔۔۔

بس ویسی خیال آگیا تھا۔۔۔

چل ٹھیک ھے پھر میں چلتا ھوں۔۔۔۔

تجھ سے پھر ملاقات ھوگی۔۔۔

معراج زاضا سے مل کر دعا کو لینے کے لیے نکل گیا تھا۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

دعا ابھی نہا دھو کر نکلی تھی۔۔۔۔

اور بہت ہی خوش نظر آ رہی تھی۔۔۔ اتنی خوش تو وہ اپنے ماں باپ کے گھر آنے پر بھی نا تھی۔۔۔۔۔

اس نے اج گولڈن کلر کی انتہائی خوبصورت فورک پھنی تھی۔۔۔۔۔

اور ہلکا سا میک اپ کیا تھا۔۔۔۔۔

اور اج اپنے گھنے لمبے بال کھول رکھے تھے ہمیشہ کی طرح حجاب نا لیا تھا۔۔۔ کیوں کہ اس گھر میں کوئی اسکا نامحرم نا تھا۔۔۔

نمرہ ابھی کمرے میں داخل ہوئی تھی۔۔۔

تو اس کے منہ سے ایک دم دعا کو دیکھ کر نکلا تھا۔۔۔

افففف ماشاءاللہ۔۔۔۔

اج تو معراج بھائی کی انکھیں پھٹی رہے جانی ہے۔۔۔

نمرہ نے ہسن کر کہا تھا۔۔۔

دعا بھی ہنس دی تھی۔۔

اس پل دعا کو نمرہ اس دنیا کے سب سے بہادر لڑکی لگی تھی۔۔۔

وہ اج اتنا سب ہونے کے بعد بھی خوش تھی۔۔۔۔

نمی میرے پاس آو۔۔۔دعا نے پیار سے نمرہ کو اپنے پاس بلا کر گلے لگایا تھا۔۔۔

نمی۔۔۔۔

میری جان۔۔

تم اپنی اپی سے ناراض تو نہیں ہونا؟؟؟

دعا نے نمرہ کو پیار کرتے ہوئے پوچھا۔۔کیا ہوگیا اپیٔ؟؟

میں اپ سے کبھی ناراض ہو سکتی ہوں کیا؟؟؟

اپ کیٔ بات ٹھیک تھی۔۔۔

اور مجھے اتنا یقین تو ہے کہ میری اپی کوئ بھی فیصلہ غلط نہیں کر سکتی۔۔۔۔

اور جو رشتے اللہ نے نصیب میں نہیں لکھے ان کے لیے رونا پیٹنے کا فائدہ؟؟؟

ویسے بھی اگر اس ایک رشتے کی خاطر میں اپنے ان اتنے پیارے رشتوں کو اداس کر دوں تو مجھ سے زیادہ کوئ بے وقوف نا ہوگا۔۔۔۔

ماں باپ بہن بھائ کے رشتے سے زیادہ سچا رشتہ اور کوئ نہیں ہے اپی۔۔۔۔

نمرہ نے اپنی عمر سے بہت بڑی بات کی تھی۔۔۔۔

اپنی بہن کی سمجھداری دیکھ کر دعا کی انکھیں نم ہوگئ تھی۔۔۔

اج مجھے لگ رہا ہے۔۔۔میری بہن بڑی ہوگئ ہے۔۔

دعا نے نمرہ کو بوسہ دیتے ہوئے کہا۔۔۔

آپی میں اپکی ہی بہن ھوں۔۔

اس لڑکی کی بہن جس نے اتنا سب کچھ اکیلے برداشت کیا اور ہم سب کی خاطر اتنا بڑا قدم اٹھا لیا اور ہمیں کان و کان خبر نا ھونے دی۔۔۔۔

نمرہ کی انکھ سے بھی اب آنسو گیرا تھا۔۔۔

وہ تو شکر ھے کہ اللہ تعالی نے معراج بھائ کے دل کو اپکی محبت سے بھر دیا۔۔۔ اگر خدانخستہ معراج بھائ کی جگہ کوئ اور ھوتا۔۔۔ تو اپنے ہم لوگوں کے لیے کتنا بڑا رکس لیا تھا اپی؟؟؟

نمرہ کی بات سن کر دعا کافی شوک ھوئ تھی۔۔۔۔

تمھیں یہ سب کیسے پتا؟؟؟

دعا نے فورن پوچھا تھا۔۔۔۔

اس دن جب معراج بھائ ابو سے بات کر رہے تھے تو میں نے ان کی باتیں سن لی تھیں۔۔۔۔ معراج بھائ نے ابو کے سامنے اپنا ہر ایک گناہ قبول کیا ھے اپی۔۔۔۔

معراج بھائ نے ابو کو یہ بھی کہا کہ وہ ابو کی ہر سزاہ برداشت کرنے کو تیار ھیں۔۔۔

بس اپ سے دوری برداشت نہیں کر سکتے۔۔۔۔

معراج بھائ اپ سے بہت پیار کرتے ھیں۔۔۔ اپی۔۔۔۔۔ پلیز اپ کبھی ان سے الگ مت ھونا۔۔۔۔۔ مجھے معراج بھائ بہت پسند ھیں۔۔۔۔

نمرہ نے ایک سانس میں سب کہا تھا۔۔۔۔

دعا کے دل میں معراج کی قدر سو گناہ اور بڑھ گئ تھی۔۔۔۔

اس نے اپنا ہر گناہ قبول کر کے دعا کو پاک صاف کر دیا تھا۔۔۔

ہر ایک کی نظر میں دعا کی اہمیت اور عزت پہلے سے زیادہ بڑھا دی تھی۔۔۔۔۔

دعا ابھی کھڑی سوچ ہی رہی تھی کہ عمر بھاگتے ہوئے آیا تھا اور دعا کو بتایا تھا کہ معراج بھائی آگے۔۔۔۔

دعا کے لبوں پر ایک دم حسین مسکراہٹ ائی تھی۔۔۔۔

وہ خود پر ایک نظر ڈال کر کمرے سے باہر نکل گئی تھی۔۔۔۔

معراج ابھی احمد صاحب اور سمیرا بیگم سے مل کر عمیر سے مل رہا تھا جب دعا dringroom میں داخل ہوئی تھی۔۔۔

دعا پر ایک نظر ڈال کر وہ اپنی نظر ہٹانا بھول گیا تھا۔۔۔۔

اج اس طرح وہ بے حد حسین لگ رہی تھی۔۔۔

دعا نے دور سے اسکو گردن ہلا کر سلام کیا تھا۔۔۔۔جس کا معراج نے انکھوں سے جواب دیا تھا۔۔۔۔۔

دعا معراج کے سامنے والے صوفے پر بیٹھ گئی تھی۔۔۔۔

احمد صاحب معراج سے بات کر رہے تھے پر معراج کی نظر گھوم گھوم کر دعا پر جا رہی تھی۔۔۔۔۔

اور جب دعا اسکی نظر کو خود پر دیکھتی تو شرما کر نظریں جھکا لیتی۔۔۔۔

اور دعا کی یہ شرماہٹ معراج کے دل میں ہلچل مچا دیتی۔۔۔۔۔۔

کچھ دیر باتیں کرنے کے بعد احمد صاحب عشاء کی نماز پڑھنے اٹھ گئے تھے اور سمیرا بیگم کچن میں کچھ کام کرنے۔۔۔۔۔

تبی معراج نے دعا کو اشارہ کر کے کہا تھا کہ دعا اکر اس کے پاس بیٹھ جائے۔۔۔۔

ابھی دعا اپنی جگہ سے اٹھی ہی تھی کہ ایک دم سے عمیر اکر معراج کے برابر میں بیٹھ گیا تھا۔۔۔۔

ہاہاہاہا مزہ آیا؟؟؟

عمیر نے ھنس کر دعا کو چیڑایا تھا۔۔۔۔

بس اسکا بس چلے نا معراج بھائی تو ہر وقت اپ کے ساتھ چپکی کی طرح چپکی رہے۔۔۔۔۔

عمیر نے معراج کو انکھ مار کر کہا۔۔۔

ہاں بلکل۔۔۔ معراج نے عمیر کی ہامی بھری تو دعا فورن بولی۔۔۔

اپنے ہی تو کہا تھا۔۔۔۔

اللہ معاف کرے اتنا بڑا الزام معراج نے شرارت سے کہا تھا۔۔۔۔۔

دعا نے خفگی سے ناک پھولا کر معراج کو دیکھا تھا۔۔۔۔

معراج کو ایک دم ھی ھسنی ائی تھی۔۔۔

چلیں سالے صاحب اپ کا ٹیکٹ پورا ھوا اب ہماری بیگم کی جگہ کھالی کریں۔۔۔۔۔

معراج نے اب عمیر کو کہا تھا۔۔۔

تو دعا نے عمیر کو زبان چیڑای۔۔۔

یہ کیا بات ھوئی معراج بھائی اپنے ٹیم بدل لی۔۔۔

عمیر نے ھنس کر کہا اور اپنی جگہ سے اٹھ گیا۔۔۔۔۔

بھئ ہماری ٹیم تو بس ان محترمہ کے ساتھ ھے معراج نے مسکرا کر دعا کو دیکھ کر کہا۔۔۔۔۔

دعا بھئ ھنستے ھوئے معراج کے پاس بیٹھ گئ تھی۔۔۔

عمیر بھی بھانہ کر کے کسی کام سے اندر چلا گیا تھا۔۔۔۔

اج تو میڈم اپ بجلیاں گیرا رہئ ھیں؟؟؟

خیر ھے نا؟؟؟

معراج نے دعا کے قریب ھو کر شرارت سے کہا تھا۔۔۔

ہاں وہ اشعر بھائ ائے تھے نا اس لیے۔۔۔۔

دعا نے ایک دم شرارت سے مزاق کیا۔۔۔

کیا اشعر؟؟

کیوں آیا تھا۔۔۔؟؟

معراج کو ایک دم ہی غصہ آیا تھا۔۔۔

کیوں نہیں آسکتے؟؟؟ دعا نے شرارت سے کہا۔۔۔۔

تم نے مجھے بتایا نہیں!!!

معراج نے فورن کہا۔۔۔

معراج کے چہرے سے صاف پتہ لگ رہا تھا کہ وہ اس وقت کس قدر جل رہا ھے۔۔۔۔۔۔

دعا کو اندر اندر ھنسی ائ۔۔۔

ہاں بس اس نے باتوں میں وقت کا پتہ نہیں لگا۔۔۔۔ دعا نے ھنس کر کہا۔۔۔

ہمم اچھا۔۔۔۔!!!

معراج نے مختصر سا کہا۔۔۔۔

کیا ھوا؟؟

دعا نے اسکی طرف دیکھ کر پوچھا۔۔۔

کچھ نہیں!!! معراج نے خفگی سے جواب دیا۔۔۔۔

افففففف اس قدر جلنے کی بدبو آرہی ھے۔۔۔۔

دعا نے ناک پر ہاتھ رکھ کر کہا۔۔۔۔

نہیں تو۔۔۔۔!!!! معراج نے ادھر ادھر دیکھ کر کہا مجھے تو نہیں آرہی۔۔۔۔۔

دعا نے کہا مجھے تو آرہی ھے۔۔۔۔

معراج نے کہا کہاں سے؟؟؟

دعا نے بڑی مشکل سے اپنی ھنسی روک کر کہا اپ میں سے!!!!

میں کوئی نہیں جل رہا۔۔۔

معراج نے صاف صاف جھوٹ کہا تھا۔۔۔

اتنی دیر میں عمیر داخل ھوا تھا۔۔۔ اور دعا اٹھ کر کچن میں چلی گئی تھی۔۔۔ تبھی معراج نے باتوں باتوں میں عمیر سے پوچھا تھا کہ اشعر وغیرہ آئے تھے۔۔۔۔ تو عمیر نے اسکو سچ بتا دیا تھا۔۔۔۔

اسکو دعا کی حرکت پر ھنسی ائی تھی۔۔۔۔

کچھ دیر بعد ان لوگ نے کھانا وانا ساتھ کھایا تھا۔۔۔اور خوب ھنسی مزاق کیا تھا۔۔۔

پھر کچھ دیر سب سے مل کر وہ دونوں گھر کے لیے نکل گئے تھے۔۔۔

راستے بھر دعا معراج ایک دوسرے کو بات بات پر تنگ کرتے ھوئے آئے تھے۔۔۔۔۔

گھر آنے کے بعد جب سب سے مل کر وہ دونوں اپنے کمرے میں اگئے تھے۔۔۔تو دعا شیشے کے سامنے کھڑی اپنا حجاب اتار رہی تھی۔۔۔جب معراج نے اکر اسکو اپنی طرف موڑا تھا۔۔۔۔۔

اور اس کی کمر کے گرد اپنے دونوں بازوں باندھ دیے تھے۔۔۔۔

دعا ایک دم معراج کی اس حرکت پر گھبرای تھی۔۔۔۔۔

ہاں تو میڈم کیا فرما رہیٔ تھیں؟؟؟

کہ اشعر ائے تھے۔۔۔۔۔

معراج نے شرارت سے دعا کے قریب ھو کر کہا تھا۔۔۔۔

ہاں۔۔۔۔تو ائے تھے۔۔۔۔۔

دعا نے پھر شرارت سے کہا۔۔۔

اچھا سچی۔۔۔۔؟؟؟؟

معراج نے اپنی گرفت دعا کی کمر پر اور مظبوط کر دی تھی۔۔۔۔

جی!!!!

دعا مسلسل اپنا اپ معراج سے چھوڑوانا چھا رہیٔ تھی۔۔۔۔۔۔

چھوڑیں نا۔۔۔۔

دعا نے شرما کر کہا۔۔۔۔

ہمممم امممم !! میں تو نہیں چھوڑتا معراج نے اسکو شرارت سے کہا تھا۔۔۔۔

جھوٹ کیوں کہا تم نے ؟؟؟

معراج نے اب دعا کی آنکھوں میں جھانک کر کہا۔۔۔۔

کیا جھوٹ کہا میں نے دعا نے مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔ وہ جانتی تھی اسنے کیا جھوٹ کہا ھے۔۔۔۔

معراج نے اب اپنے ایک ہاتھ سے دعا کا ہجاب اتارا تھا۔۔۔۔۔

معراج کی قربت سے دعا اب confuse ھورہی تھی۔۔۔۔

یہ ہی جھوٹ کے اج اشعر آیا تھا ؟۔

معراج اب ہلکے ہلکے بول رہا تھا اور اس کے لمبے گھنے بالوں سے کلیپ نکال کر اس کے بال کھول دیے تھے۔۔۔۔

وہ

میں

مزاق کر

رہی تھی۔۔۔

دعا کے منہ سے گھبراہٹ کے مارے ٹوٹ ٹوٹ کر نکل رہا تھا۔۔۔

تم دیکھنا چھاتی تھی نا کہ جلتا ھوں یا نہیں ؟؟؟

معراج نے اسکے بالوں پر ہلکے ہلکے ہاتھ پھیرتے ھوئے پوچھا۔۔۔۔۔

دعا کو اپنے دل کی ڈھڑکن حد سے زیادہ تیز محسوس ہوئی۔۔۔۔

دعا!!!!!

مجھے بہت جلن ہوتی ہے۔۔۔۔

جب کوئی تمھیں دیکھتا ہے۔۔۔۔

مجھے بہت جلن ہوتی ہے۔۔۔۔

جب کوئی تمھارا نام لیتا ہے۔۔۔۔۔

معراج دعا کے بے حد پاس ہو کر اسکی انکھوں میں دیکھ کر بول رہا تھا۔۔۔۔

میرا بس چلے میں تمھیں اس دنیا سے چھپا کر اپنے سینے میں رکھ لوں۔۔۔۔

معراج کی آواز میں دعا نے جنون محسوس کیا تو اس نے نظر آٹھا کر معراج کو دیکھا۔۔۔۔

معراج کی انکھوں میں دعا کی محبت کا بے حد جنون تھا۔۔۔۔۔

دعا!!!!!!

تم میرے لیے بہت خاص ہو۔۔۔۔

بہت اہم ہو۔۔۔۔۔۔

جیسے جینے کے لیے سانسوں کی ضرورت ہوتی ہے مجھے جینے کے لیے تمھاری ضرورت ہے۔۔۔۔۔

معراج اج دعا نے اپنے دل کا حال بیان کر رہا تھا۔۔۔۔۔

دعا ایک ٹک اسکی آنکھوں میں دیکھ رہی تھی۔۔۔۔

جب ہی معراج نے اسکو اپنی گود میں اٹھایا تھا اور بیڈ تک لایا تھا۔۔۔۔۔دعا کو لیٹا کر وہ خود بھی دعا کے بے حد پاس ہو کر لیٹ گیا تھا۔۔۔۔

جانتی ہوں دعا۔۔۔۔۔۔۔

جب پہلی بار تم نے مجھے ڈانٹا تھا اس ہوٹل میں۔۔۔۔

تو مجھے بہت برا لگا تھا۔۔۔۔

لیکن تم میری زندگی کی پہلی لڑکی تھی جس نے مجھے اس طرح باتیں سنائی تھیں۔۔۔۔۔

پھر جب تم سے دوبارہ سمانا ہوا دلاور کی شادی میں تب جس طرح تم تمام لڑکیوں سے منفرد تھی۔۔۔۔

ڈھکی چھپی۔۔۔مجھے تب ہی تم سے محبت ہوگئی تھی۔۔۔۔۔

دعا ایک ٹک معراج کو سن رہی تھی اور معراج دعا کے ساتھ لیٹا تھا اور اس پر جھک کر یہ سب بول رہا تھا

۔

وہ اقرار محبت کر رہا تھا

اس وقت مجھے حساس نہیں ہوا تھا۔۔۔۔اس وقت صرف تمہیں حاصل کرنے کی ضد تھی۔۔۔۔

جنون تھا کہ بس تمہارے اس غرور کو توڑوں جو تم نے مجھے دیکھایا تھا۔۔۔۔۔

میں اپنے ضد اور جنون میں نجانے کیا کیا حرکتیں کرتا گیا۔۔۔

تمہیں کتنا رلایا۔۔۔۔۔پر یقین مانوں جب جب تمہاری انکھ سے آنسو گیرتا تھا میرے دل میں تکلیف ہوتی تھی۔۔۔۔

پھر ضد میں تم سے شادی کی تب تک یہ حساس نہیں تھا یہ ضد نہیں ھے۔۔۔۔

یہ میرا جنون ھے۔۔۔۔

تم میرا جنون ھو۔۔۔۔۔

جانتی ھو دعا۔۔۔۔

میری زندگی کچھ اس طرح گزری ھے کہ مجھے عورت زات ایک حقیر شے لگتی تھی۔۔۔۔۔

میں عورتوں کو پاوں کی جوتی سمجھتا تھا۔۔۔۔

لیکن جب تم میری زندگی میں شامل ھوئی مجھے تب حساس ھوا عورت تو بہت نازک صفت ھے۔۔۔۔۔

جو زیادہ زور سے تھام نے سے ٹوٹ جاتی ھے۔۔۔۔

وہ ایک معصوم سی شے جس کو پیار دیا جائے تو وہ اپنا سب قربان کر دیتی ھے۔۔۔۔

عورت کی شرم وحیا کیا ھوتی ھے یہ مجھے تمھیں دیکھنے کے بعد پتا لگا۔۔۔۔۔

عورت کو اللہ نے بڑا مقام اور عزت دی ھے۔۔۔۔۔۔

مجھے یہ اس بات کا احساس جب ھوا جب تم نے ایک بیٹی بن کر ایک بہن بن کر قربانی دی۔۔۔۔

تب مجھے احساس ھوا کہ ایک عورت کمزور نہیں ھوتی

وہ تو مرد سے زیادہ طاقتور ھوتی ھے۔۔۔۔۔

جو اپنوں کی خوشی کی خاطر سب قربان کر دیتی ھے۔۔

دعا!!!

مجھے میرے کیے ہر عمل کے لیے معاف کردو۔۔۔۔۔

معراج نے دعا کی انکھوں میں دیکھ کر کہا تھا۔۔۔۔۔۔

دعا؟؟؟؟

معراج نے دعا کو پکارا تھا۔۔۔۔۔

ہمم؟؟

دعا نے اسکی آنکھوں میں دیکھ کر کہا۔۔۔۔

ILOVEYOU!!!!

معراج نے بہت دھیمے انداز میں مسکرا کر کہا۔۔۔۔

میں تم سے بہت پیار کرتا ھوں۔۔۔۔دعا۔۔۔۔۔

اتنا پیار کے جس کو کوئی ناپ نہیں سکتا۔۔۔۔۔۔

اتنا پیار جس میں جنون کی کوئی انتہاء نہیں۔۔۔۔۔۔

میرے پیار کی حد بھی بے حد ھے۔۔۔۔۔

معراج کی انکھوں میں اس وقت واقعی میں دعا کے پیار کا جنون دیکھا ہی دے رہا تھا۔۔۔۔

میرا روم روم تم سے پیار کرتا ھے دعا۔۔۔۔

اتنا پیار کے تم سوچ نہیں سکتی۔۔۔۔

معراج کی بات سن کر دعا کی انکھوں سے ایک دم ہی آنسو گیرنا شروع ھوئے تھے۔۔۔۔۔

دعا نے روتے روتے مسکرا کر معراج کو دیکھا تھا۔۔۔۔

اسی پل معراج نے جھک کر دعا کی انکھوں کو ایک ایک کر کہ چوما تھا۔۔۔۔۔

دعا کی اس قدر قربت میں معراج اکثر کھوسا جاتا تھا۔۔۔۔۔ میں وعدہ کرتا ھوں دعا تمھیں اپنی آخری سانس تک پیار کروں گا۔۔۔۔۔

اتنا پیار کے تم میرے پیار کا جنون دیکھ کر حیران ھوجاوں گی۔۔۔۔۔

معراج نے بولتے بولتے اب دعا کے رخسار کو چوما تھا۔۔۔۔۔

دعا کو اپنا دل بند ھوتا محسوس ھورہا تھا۔۔۔۔

اتنا پیار کے !!!!!!!!!!

معراج بولتے بولتے دعا کے لبوں کی طرف بڑھا تھا۔۔۔۔

اوراس بار وہ گستاخی کر بیٹھا تھا۔۔۔۔۔۔

معراج کی حرکت کے بعد دعا ایک دم سے گھبرا کر معراج کو پیچھے کر کے اپنی جگہ سے اٹھ کر جارہی تھی جب ہی معراج نے اسکو ہاتھ سے پکڑ کرا پنے پاس کھینچا تھا۔۔۔۔۔۔

دعا کا چہرہ شرم سے لال ھورہا تھا۔۔۔انکھوں میں بے شمار آنسوں تھے۔۔۔لیکن یقین اج وہ آنسو نفرت کے نا تھے۔۔۔وہ آنسو اپنا پیار حاصل کرنے کے تھے۔۔۔۔

معراج نے دعا کو اپنے سینے سے لگا کر کہا۔۔۔۔۔

میرا تم پر

اور

تمھارا مجھ پر پورا پورا حق ھے۔۔۔۔۔

معراج نے پیار سے کہا تھا اور دعا کو مزید زور سے خود میں سمایا تھا۔۔۔۔

دعا بھی معراج کے گلے سے لگ گی تھی اور نجانے کب دونوں باتیں کرتے کرتے میٹھی نیند سو گے تھے۔۔۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

اگلے دن صبح دعا کی انکھ کھولی تو وہ اسی طرح معراج کی بھاہوں میں تھی۔۔۔۔۔۔

معراج کو سوتا دیکھ کر اور کل کی بات یاد کر کے اسکو معراج پر بے حد پیار آیا تھا نے ہلکے سے اٹھ کر معراج کا ماتھا چوما تھا۔۔۔۔۔۔

اور سوتے معراج کو Iloveuto کہا تھا۔۔۔

پھر مسکرا کر باتھ روم میں چلی گئ تھی۔۔۔

نھا دھو کر جب وہ باہر نکلی تو معراج اس طرح سو رہا تھا۔۔۔۔۔

اس نے ایک نظر معراج پر ڈالی اور پھر تیار ھو کر نیچے چلی گئ۔۔۔

اج اسکو رملا کے ساتھ مل کر بہت ساری چیزیں پلان کرنی تھی۔۔۔اج رات معراج کی سالگرہ کی خوشی میں معراج کے لیے گھر میں بہت بڑی پارٹی رکھی گئ تھی۔۔۔۔۔

جس کی تمام ترتیاری رملا اور دعا نے مل کر کرنی تھی۔۔۔۔۔

رملا بھابی باقی سب تو میں نے سوچ لیا ھے۔۔۔بس اپ دلاور بھائی کو بول کر معراج کو رات میں کچھ دیر کے لیے باہر بھیج دیجے گا تاکہ ہم آسانی سے سب arrange کرلیں۔۔۔

دعا نے ناشتہ کرتے ھوئے کہا تھا۔۔۔۔۔

ویسے اس سب کی کیا ضرورت ھے معراج کوئی چھوٹا بچہ تو نہیں ھے۔۔۔۔

اب کے سجل نے جل کر کہا تھا۔۔۔۔۔

بات چھوٹے بچے کی نہیں ھے معراج کی خوشی کی ھے رملا نے فورن جواب دیا تھا۔۔۔۔۔

سجل خاموش ھوگئی تھی۔۔۔۔

دعا کو سمجھ نا اتا تھا کے سجل ان دونون سے اس قدر کیوں جلتی ھے۔۔۔۔

سجل اٹھ کر جانے لگی تبی دعا نے اسکو روکا تھا۔۔۔

سجل آپی۔۔۔۔

اج پہلی بار دعا اس سے خود مخاطب ھوئی تھی۔۔۔۔

میں چھاتی ھوں اج کی پارٹی arranage کرنے میں اپ میری مدد کریں۔۔۔۔۔

دعا نے مسکرا کر سجل سے کہا تھا۔۔۔۔۔

مجھے کوئی شوق نہیں۔۔۔۔ سجل نے منہ بنا کر کہا تھا۔۔۔۔

اپ کو شوق نہیں پر اپ ھیں تو اس گھر کی بڑی بہو نا۔۔۔دعا نے پیار سے سجل کو کہا تھا اور اس کے ہاتھ میں penorpad تھاما یا تھا۔۔۔۔

اپکو پتہ ھے رملا بھابی سجل باجی ہمارے کالج میں مشہور تھیں۔۔۔وہ اتنی اچھی decoration کرتی تھی کہ بس۔۔۔

دعا نے سجل کی تعریف کی تھی تاکہ سجل کا موڈ کچھ اچھا ھوجائے۔۔۔۔۔

اور ایسا ہی ھوا تھا۔۔۔۔

سجل دل کی بری نہیں تھی وہ بس چھاتی تھی کہ اسکو اہمیت ملے۔۔۔۔۔

ہاں یاد ھے دعا مس فردوس کتنی تعریف کرتی تھیں۔۔۔سجل نے بھی مسکرا کر اپنی تعریف کی تھی۔۔۔رملا دعا کی سمجھداری پر مسکرائی تھی۔۔۔۔۔

ہاں بلکل یاد ھے سجل آپی۔۔۔

اپ سے اچھی decoration کوئی نہیں کرواسکتا۔۔۔۔

بس اپ اج یہ بات ثابت کردیں۔۔۔دعا بے پیار سے سجل کا ہاتھ تھام کر کہا تھا۔۔۔

ہاں ٹھیک ھے میں کرتی ھوں۔۔۔دیکھنا اج سارے لوگ میری تعریف کریں گے۔۔۔

سجل نے مسکرا کر کہا۔۔۔

اپ تو ھیں ہی تعریف کے قابل دعا نے مسکرا کر کہا۔۔۔تو سجل بھی ھنس دی پھر تینوں نے مل کر رات کی تیاری کی پلائینگ شروع کردی۔۔۔۔۔۔۔۔

بریرہ بیگم بھی اس کے ساتھ شامل تھیں۔۔۔۔۔

بلاج اور دلاور بھاہر کا تمام کام سنبھال رہے تھے۔۔۔۔۔

سجل بھی خوشی خوشی اہمیت ملنے پر بڑھ چھڑ کر اپنا ھنر دیکھا رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔

معراج جب سو کر اٹھا تو دعا کمرے میں نا تھی۔۔۔وہ منہ ہاتھ دھو کر نیچے آیا تو سب لوگ کسی نا کسی کام میں مصروف تھے۔۔۔۔۔

دعا بھی اج کچن میں خاصی مصرف تھی۔۔۔۔

اور رات کے بعد وہ جان جان کر معراج سے نظریں چرا رہی تھی

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

دعا کچن میں کھڑی کام کر رہی تھی جب معراج کچن میں داخل ہوا تھا۔۔۔۔

اج تو کوئی لفٹ ہی نہیں کروا رہا رملا بھابی۔۔۔۔۔

معراج نے دعا پر رکھ کر رملا کو کہا تھا۔۔۔۔

دعا نے چھپی نظروں سے معراج کو دیکھا تھا۔۔۔اور مسکرائی تھی۔۔۔۔۔۔

اھوو واج بڑی چیزیں پک رہی ھیں کوئی دعوت ھے کیا؟؟؟

معراج اپنی سالگرہ بلکل بھولا بیٹھا تھا۔۔۔۔۔

نہیں بس ویسی دل کر رہا تھا۔۔۔رملا نے ھنس کر کہا تھا۔۔۔۔

معراج نے ایک سیب اٹھا کر کھانا شروع کیا تھا۔۔۔۔

اور رملا کی نظروں سے بچ کر بار بار دعا کو آتے جاتے تنگ کر رہا تھا۔۔۔۔

جب دعا ادھر ادھر ھوتی کبھی معراج اسکا دوپتہ کھینچتا۔۔۔۔

تو کبھی اسکو ہاتھ سے پکڑ لیتا۔۔۔۔۔۔

ابھی معراج دعا کو مسکرا کر ہی دیکھ رہا تھا جب کچن میں سجل بولتی ہوئی داخل ہوئی تھی۔۔۔

دعا میں نے یہ سب کر دیا۔۔۔۔۔اب رات کو سب کچھ صیح ہوگا۔۔

سجل نے معراج کو دیکھا نہیں تھا اس لیے نان اسٹاپ بولی تھی۔۔۔۔

اھھوووواج تو سجل بھابی کام کر رہی ھیں بری بات ھے۔۔۔

معراج نے ہمیشہ کی طرح سجل کر چھیڑا تھا۔۔۔ویسے کیا ھے رات کو کیا بول رہی تھی؟؟؟

معراج نے ایک دم پوچھا تھا۔۔۔۔

دعا اور ملا نے معراج کے پیچھے سے سجل کو اشارہ کیا تھا کہ وہ معراج کو کچھ نا بتائے۔۔۔۔

وہ کچھ نہیں۔۔۔بس مجھے دعا سے کچھ کام تھا۔۔۔

سجل نے فورن ہی بھانا بنایا تھا۔۔۔۔۔

اللہ خیر ھے کرے اج۔۔۔۔پتا نہیں سورج کہاں سے نکلا ھے۔۔۔

معراج نے فورن اپنی عادت سے مجبور ھو کر کہا تھا۔۔۔

کیوں؟؟

سجل نے نا سمجھتے ھوئے پوچھا۔۔۔

اج اپکا موڈ جو اتنا اچھا ھے۔۔۔

معراج نے ھنس کر کہا تھا۔۔۔۔

دعا کو ایک دم معراج پر غصہ آیا تھا ابھی تو اتنی مشکل سے دعا نے اسکو سب کے ساتھ لگایا تھا اور پھر معراج نے اسکو چھیڑ دیا تھا۔۔۔۔

اس سے پہلے سجل منہ بناتی دعا نے فورن کہا تھا۔۔۔

سجل بھابی کا موڈ تو ہمیشہ اچھا رہتا ھے۔۔۔

کیوں رملا بھابی؟؟؟

ویسے بھی سجل جیسا اخلاق تو کسی کا ھے ہی نہیں۔۔۔۔ رملا نے فورن کہا تھا جب کہ وہ جانتی تھی یہ سراسر جھوٹ ھے۔۔۔۔۔

معراج کچھ بول رہا تھا جب ہی دعا نے اسکو انکھوں سے اشارہ کر کے منع کیا تھا۔۔۔۔۔

ویسے اپکو پتا ھے راج۔۔۔۔ سجل بھابی ہمارے کالج میں خاصی مشہور تھی۔۔۔ دعا نے پھر سے ایک اچھا موضوع نکلا تھا۔۔۔۔

اچھا کیوں اتنی مشکوک تھی؟؟

معراج نے پھر چھیڑا اٹھائی تھی۔۔۔۔

دعا کا دل کر رہا تھا وہ معراج کے سر پر ہاتھ میں پکڑا چمچہ مارے۔۔۔۔

جی نہیں۔۔۔۔ سب میری خوبصورتی کی تعریف کرتے تھے۔۔۔۔

اب کے سجل نے غرور سے کہا تھا۔۔۔۔

ہاں بلکل دعا نے فورن کہا تھا۔۔۔۔

ہاہاہا۔۔۔۔ دعا تم نے بتایا نہیں تمہارا کالج اندھوں کا تھا۔۔۔۔

معراج کی بات پر رملا اور دعا کو ایک دم کی ھنسی ائی تھی جبکہ سجل کے بات ہی سمجھ نا ائی تھی۔۔۔

کیا مطلب۔۔۔۔ سجل نے فورن پوچھا۔۔۔۔

دعا نے معراج کو پھر اشارہ کیا تو اب کے معراج نے بات کو سنبھالا۔۔۔

مطلب ہی بھابی صاحبہ کے وہ اپکی کم تعریف کرتے تھے اپ تو بے حد حسین ھیں۔۔۔

معراج نے مسکرا کر کہا تھا۔۔بس سجل کا تو اج خوشی کا ٹھکانا نا تھا۔۔۔وہ یہ ہی تو چھاتی تھی کہ سب بس اس کی تعریف کریں۔۔۔

ہاں نا۔۔۔ سجل سب کچھ بھول کر فورن معراج نے ھنسی مزاق میں لگ گی تھی۔۔۔

دعا اور رملا بھی دیکھ کر خوش ھوئ تھیں۔۔۔اور اج پہلی بار معراج کو سجل کچھ بھولی سی لگی تھی۔۔۔۔

ابھی وہ چاروں کسی بات پر ھنس رہے تھے کے دلاور اور بلاج بھی کچن میں داخل ھوئے تھے۔۔۔

اللہ خیر کرے اج یہ دو دشمن ایک ساتھ ھنس رہے ھیں۔۔۔

دلاور نے مزاق کیا تھا۔۔۔۔

جس پر سجل سمیت سب زور سے ھنسے تھے۔۔۔۔۔

بس تمھاری بیوی کے کالج کے قصے سن رہے ھیں ہم۔۔۔۔

معراج نے کہا تھا۔۔۔

ارے واہ۔۔۔۔کیا بات ھے۔۔۔۔دلاور نے ھنس کر کہا تھا۔۔۔۔

مجھے تو ایک ایک قصہ حفظ ھوچکا اب تم لوگ کی باری ھے۔۔۔دلاور نے ھنس کر کہا تھا۔۔۔۔

سجل بھی اسکو دیکھ کر ھنس دی۔۔۔۔

اچھا معراج صاحب۔۔۔۔اب کو اج سندھ جانا ھے۔۔۔۔۔

وہاں پر پارٹی کا کچھ کام ھے۔۔۔ تو پارٹی کے سربرہ کا ھونا لازمی ھے تو تم اور میں بس نکلتے ھیں سندھ کے لیے دلاور نے کہا تھا۔۔۔۔

یار میرا دل نہیں ھے جانے کو۔۔۔ معراج نے سیب کھاتے ھوئے صاف انکار کیا تھا۔۔۔۔

ارے یار ضروری ھوگا چلے جاو۔۔۔۔۔

اب کے بلاج نے کہا تھا۔۔۔

ھو ضروری پر میرا دل نہیں۔۔۔

معراج نے پھر سے کہا تھا۔۔۔۔

یار چلے جاو اچھی بات ھے۔۔۔ دیکھ آو۔۔۔ اب کے رملا اور سجل نے بھی کہا تھا۔۔۔

کیا ھوگا سب کو اج ؟؟

مجھے نہیں جانا کیوں پیچھے لگ رہے ھیں سارے۔۔۔۔

معراج نے کہا تھا۔۔۔۔

چلو دعا سے پوچھ لو۔۔۔

بلاج نے کہا تھا۔۔۔۔

میری بیوی میرا ساتھ دے گی۔۔۔

نہیں جاوں نا دعا ؟؟

معراج نے فورن مسکا لگایا تھا اسکا موڈ اج خاصا خوشگوار تھا۔۔۔

چلے جائیں۔۔۔

www.urdunovelsmania.com

دعا بے بھی ھنس کر کہا تھا۔۔۔

لو جی۔۔۔ اب تو اپکی بیگم نے بھی کہہ دیا اب چلو۔۔۔

دلاور نے ھنس کر کہا۔۔۔۔

ہاہاہا اچھا تم رکو میں تیار ھو کر آتا ھوں۔۔۔

معراج نے ھنس کر کہا اور کچن سے جانے لگا۔۔۔

پھر پلٹ کر دعا کو پکارا

دعا زارہ کمرے میں آنا۔۔۔۔۔

اور خود کمرے کی طرف بڑھ گیا۔۔۔

دعا بھی اسکے پیچھے کمرے تک گئ تھی۔۔۔۔۔

کیا بات ھے میڈم اج ہمھیں بھاگا رہئ ھیں۔۔۔

معراج نے دعا کے کمرے میں اتے ہی اسکو کو ہاتھوں سے تھام کر کہا تھا۔۔۔

ہاں اس لیے کیونکہ بابا نے کہا ھے اور جانا ضروری ھے۔۔۔۔

دعا نے ھنس کر کہا تھا۔۔۔

اور جا کر الماری سے ایک کالا خوبصورت شلور قمیض نکال کر لائ تھی۔۔۔

اج اپ یہ پھن کر جائیں۔۔۔

یہ کہاں سے ایا؟؟

معراج نے ھیرت سے دیکھا کیونکہ وہ شلور قمیض بہت کم بناتا اور پھنتا تھا۔۔۔۔

بس آگیا بابا۔۔۔۔

اپ یہ پھن کر تیار ھو کر جائیں۔۔۔۔

دعا نے اسکے ہاتھ میں hanger دے کر کہا۔۔۔۔

جو حکم محترمہ کا۔۔۔۔

معراج نے مسکرا کر کہا۔۔۔۔

دعا واپس جانے لگی جب معراج نے پکارا۔۔۔۔

اہہہہ دعا دیکھنا میری انکھ میں کیا گیا ھے۔۔۔۔

کیا ھوا۔۔۔

دعا ایک دم پریشان ھو کر معراج کے پاس گئ تھی اور اسکی انکھ کھول کر اس پر پھونک مارنے لگی۔۔۔۔۔

اب ٹھیک ھوا۔۔۔۔۔؟؟

دعا نے پوچھا۔۔۔

نہیں۔۔۔۔۔ معراج نے فورن کہا۔۔۔

کیوں؟؟؟؟ دعا نے سیریس پوچھا۔۔۔۔

بس کوئ چوم لے تو ٹھیک ھو جائے گی۔۔۔

معراج نے مسکرا کر کہا شرارت سے کہا تو دعا ھنس کر اسکو زور سے دھکا دے پر پیچھے ھوئ تھی۔۔۔۔۔

ہاہاہا۔۔۔

معراج نے ایک زوردار قہقہ لگایا تھا۔۔۔

اور دعا کمرے سے باہر نکل گئی تھی۔۔۔۔

کچھ دیر بعد معراج تیار ہو کر نیچے چلا آیا تھا۔۔۔۔

کلے شلوار قمیض میں وہ بے حد وجیہ لگ رہا تھا۔۔۔۔

دعا نے انکھوں انکھوں میں اسکی تعریف بھی تھی۔۔۔

دعا سے مل کر معراج دلاور کے ساتھ سندھ کے لیے نکل گیا تھا۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

معراج کے جانے کے بعد دعا بری طرح تیاریوں میں مصروف ہوگئی تھی۔۔۔

اج رات کا اس نے کافی اچھا پلان کیا تھا سب۔۔۔۔

تمام تیاریاں مکمل ہو چکی تھی۔۔ مہمان بھی آنا شروع ہو گئے تھے۔۔۔۔

دعا اپنی تمام تر تیاریوں پر نظر ڈالتی اب تیار ہونے جا ہی رہی تھی کہ ہما نے اسکو روکا تھا۔۔۔

دعا؟؟؟

بولو؟؟ دعا بھی اب زادہ ہما سے بات نا کرتی تھی۔۔۔

مجھے تم سے کچھ بات کرنی ہے؟؟؟

ہما نے کہا۔۔۔

بولو۔۔۔؟؟ دعا نے فورن کہا تھا۔۔۔

ایسے نہیں۔۔۔۔

سکون سے!!!! ہما نے عجیب انداز میں کہا۔۔۔۔

ہما مجھے ابھی دیر ہو رہی ہے۔۔۔ مہمان انے والے ہیں۔۔۔ پھر میں تم سے سکون سے بات کرتی ہوں۔۔۔

دعا نے معزرت کی تھی۔۔۔

ہاں ٹھیک ہے۔۔۔۔ ہما نے فورن کہا تھا۔۔۔

دعا تیار ہونے چلی گئ تھی۔۔۔۔

کلر کی بہت ہی حسین ترین فورک دعا نے اج پھنی تھی۔۔۔۔ بڑی خوبصورتی سے حجاب بھی لیا تھا۔۔ لائے میک اپ کے اوپر ڈارک لپ اسٹک لاگئ تھی۔۔۔۔

اج پہلی بار وہ بے حد اہتمام سے تیار ہوئ تھی۔۔۔۔

خود پر ایک نظر ڈال کر دعا شیشے کے سامنے کھڑی ہو کر بول رہی تھی۔۔۔

اج میں جناب کو اپنے تمام حقوق دوں گی۔۔۔

انھوں نے اپنے پیار کا اظہار کیا اج میں کروں گی۔۔۔

دعا نے مسکرا کر کہا اور خود ہی شرما گئ۔۔۔۔۔

پھر اپنی تیار مکمل کر کے نیچے اگئ۔۔۔

تمام لوگ آ چکے تھے اب انتظار تھا تو صرف اور صرف معراج کا۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

یار دلاور بلاوجے خوار کرویا ھے۔۔۔

کوئی خاص کام تو نا تھا اج پھر اس سب کی وجہ۔۔۔۔۔۔

معراج غصے میں بڑبڑا رہا تھا۔۔۔

دلاور اس کو ادھر ادھر سندھ گھوماتا رہا تھا اور اب واپس گھر لے کر جا رہا تھا۔۔۔۔

یار بس ارادہ تھا پھر تبدیل ھوگیا۔۔ دلاور بھی اسکو چیڑا رہا تھا۔۔۔

خیر سے معراج اور دلاور گھر پھنچے تھے تو گھر کی تمام کی تمام لائٹس آوف تھی۔۔۔

یہ اج اس قدر اندھیرا کیوں ھے لان میں؟؟؟؟

معراج نے اندر داخل ھوتے ھوئے کہا تھا۔۔۔۔

دلاور بھی پیچھے سے غائب ھوگیا تھا۔۔۔۔۔

پورے کا پورا لان اندھیرے میں ڈوبا تھا۔۔۔۔

ایک دم گھڑی کا گھنٹہ 12 پر ایا تھا۔۔۔۔

اور گھڑی ٹن ٹن ٹن بجنا شروع ھوئی تھی۔۔۔۔

دلاور سے وقت کا خاص خیال رکھا تھا۔۔۔۔۔

جب ہی ایک فلولائٹ معراج کے اوپر پڑی تھی۔۔۔۔

اور زور سے happybirthdaytoyou

کا میوزک بجا تھا۔۔۔۔۔

اور ساتھ ساتھ لوگوں نے تالیاں بجانا شروع کی تھی۔۔۔ تب ہی ایک دم ساری کائٹس آون ہوئی تھیں۔۔۔

معراج کے چہرے پر ایک دم ہی ھنسی ائی تھی۔۔۔۔

وہ تو واقعی اپنی سالگرہ بھولا بیٹھا تھا۔۔۔

پورے کو پورا لان بھرا ھوا تھا۔۔۔۔۔

خوبصورت سجاوٹ کی گئی تھی۔۔۔۔

Happybirthdaymairaj

جہانگیر صاحب اور سمیرا بیگم نے معراج کو مل کر دعا دی تھی۔۔۔۔ پھر دلاور رملا ملے تھے۔۔۔۔۔ انھوں نے مبارک باد دی تھی۔۔۔

پھر سجل اور دلاور نے دی تھی۔۔۔ معراج کی نظر دعا کو ڈھونڈ رہی تھی پر وہ کہیں نا تھی۔۔۔۔

تبی معراج نے رملا سے پوچھا تھا دعا کہاں ھے۔۔۔۔

معراج کے پوچھتے ہی ایک بار پھر ساری لائٹس آوف ھوئی تھیں۔۔۔۔

اور ایک فلولائٹ لان کے بیچم بیچ جا کر رکی تھی۔۔۔

تب ہی کسی نے بہت پیاری آواز میں گانا گانا شروع کیا تھا۔۔۔

Haathonkilakeeronmein
Teranaamhilikhatha
Khudaseyeguzarishhai
Judaanahonhumphirkabhi

دعا فلولائٹ میں گانا گاتی چلتی ہوئی معراج کی طرف آرہی تھی۔۔۔۔

سارہ ہجوم دعا کے گانے پر اووووو کر رہا تھا۔۔۔۔

اور معراج کے لیے تو اس سے اچھا تفحہ اور کوئی نہیں ہوسکتا تھا۔۔۔

معراج حیرت اور خوشی سے دعا کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

Maangathatujhemaangatha
Dilsemaangatha
Jaaneya
Aajaanamaahiaajaana
Tuhiaa
Tuhimerasapnahai
Tuhimeraapnahai
Tuhimeriduniyahai
Janejaan(2x)

urdu novels mania
www.urdunovelsmania.com

دعا اب چلتے ہوئے معراج کے بالکل ساتھ آکر کھڑی ہوگئی تھی۔۔۔

لان کی تمام لائٹس آون ہو چکی تھی۔۔۔۔

معراج اسکو مسکرا کر بنا پلک جھپکے دیکھ رہا تھا۔۔۔

جب ہی دعا نے یہ شعر گایا تھا۔۔۔

Aisenamujhedekhotum
Humdeewanehaiteresanam
Kaisemainbeyaankaru
Binterekhogayehum
Maangathatujhemaangatha
Dilsemaangatha
Jaanejaan
Aajaanamaahiaajaana
Tuhiaa
Tuhimerasapnahai
Tuhimeraapnahai
Tuhimeriduniyahai
Jaanejaan
Haathonkilakeeronmein
Teranaamhilikhahai..

urdu novels mania www.urdunovelsmania.com

گانا ختم۔ ھونے پر پورا لان تالیوں کی آواز سے گونج اٹھا تھا۔۔۔۔ دعا نے اپنی آواز میں گیت گا کر سب کو حیران کر دیا تھا۔۔۔۔ دعا کی آواز واقعی بہت سریلی تھی۔۔۔۔ اور معراج کے لیے تو یہ دعا کا اقرار محبت تھا۔۔۔۔۔

معراج اج بے حد خوش تھا۔۔۔۔

Happybirthday

دعا نے گانا ختم کر کے معراج سے کہا تھا۔۔۔۔

معراج کے منہ سے خوشی سے الفاظ بیان نہیں ھو رہے تھے۔۔۔ تبھی لقمان ایک بڑا سا کیک لے کر ایا تھا۔۔۔۔

جو معراج نے کاٹا تھا۔۔۔۔۔۔

عمیر عمر نمرہ احمد صاحب سمیرا بیگم بریرہ بیگم جہانگیر صاحب سجل ہما دلاور بلاج رملا زاضا۔۔۔۔۔

معراج کے تمام قریبی لوگ وہاں موجود تھے۔۔۔۔۔۔

معراج نے کیک کاٹ کر سب سے پہلے کیک دعا کو کھیلایا تھا۔۔۔۔ اور پھر ایک ایک کر کے سب کو کھیلایا تھا۔۔۔۔

تمام لوگ معراج سے مل رہے تھے اور دعا کسی کام سے کچن میں آئی تھی۔۔۔۔

تبھی ہما بھی اس کے پیچھے پیچھے ائی تھی۔۔۔۔

دعا!!!!! ہما نے اسکو پکارا تھا۔۔۔

ہاں بولو ہما کیا ھوا؟؟؟

دعا نے اب پھر پوچھا تھا۔۔۔

دعا مجھے تم سے بہت ضروری بات کرنی ھے۔۔۔۔ ہما نے انکھوں میں آنسو لا کر کہا۔۔۔

بولو ہما کیا بات ھے۔۔۔۔۔۔؟؟؟؟

دعا نے اب کے تنگ ھو کر پوچا تھا۔۔۔۔

دعا وہ میں کہنا چھا رہی تھی کہ۔۔۔۔۔۔

دعا!!!!

میں!!!

ہما بول؟؟ کیا بات ھے؟؟ دعا نے اب ہما کا ہاتھ تھام کر ہمدردی سے پوچھا تھا۔۔۔۔

دعا وہ میں۔۔۔۔ معراج کے

؟؟

ہما پھر رکی تھی۔۔۔۔

معراج کے وہ کیا؟؟؟ دعا نے اب پریشان ھو کر پوچھا تھا۔۔۔ معراج کا نام سن کر اسکا دل ایک دم سے ڈرا تھا۔۔۔

دعا میں معراج کے بچے!!!!!

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

ہما بولو؟؟ کیا بات ھے ؟؟ دعا نے اب ہما کا ہاتھ تھام کر ہمدردی سے پوچھا تھا۔۔۔۔

دعا وہ میں۔۔۔۔ معراج کے

؟؟

ہما پھر رکی تھی۔۔۔۔

معراج کے وہ کیا ہما؟؟؟

دعا نے اب پریشان ھوکر پوچھا تھا۔۔۔۔ معراج کا نام سن کر اسکا دل ایک دم سے ڈرا تھا۔۔۔

دعا میں معراج کے بچے !!!!!

دعا کے ہاتھ میں پکڑا گلاس ایک دم زمین پر جا کر گیرا تھا۔۔۔۔۔۔۔!!!!!!!!

دعا میں معراج کے بچے کی ماں بنے والی ھوں۔۔۔۔

ہما نے انتہائ بے شرمی کا ثوبت دیا تھا۔۔۔

تم کیا بقواس کر رہی ھو؟؟؟

دعا نے ایک دم غصے کہا تھا۔۔۔۔

ہما اگر یہ مزاق ھے تو یہ ایک انتہائ گھٹیا مزاق ھے۔۔۔۔۔

دعا کو اپنے کانوں پر یقین نا آیا تھا۔۔۔

دعا یہ مزاق نہیں ھے میرا یقین کرو یہ سچ ھے۔۔۔۔

ہما نے آنکھوں میں جھوٹے آنسو لا کر کہا تھا۔۔۔۔

مجھے تمھاری کسی بات پر بھروسہ نہیں ھے سمجھی تم۔۔۔۔

دعا کی انکھوں میں ایک دم آنسو آ گئے تھے۔۔۔۔

مجھ پر بھروسہ نہیں ھے۔۔۔۔

تو ان reports پر تو ھوگا۔۔۔۔۔

ہما نے اپنے پرس میں سے رپوٹس نکال کر دیکھائی تھی۔۔۔

دعا نے وہ reports ہاتھ میں لے کر غور سے پڑھی تھی۔۔۔

یہ بات ثابت ھے دعا کہ میں۔۔۔۔

ہما ایک دم رونے لگی تھی۔۔۔

اور پھر اٹھ کر دعا کے پاس ائی تھی۔۔۔

دعا پلیز میرا یقین کرو۔۔۔۔۔

یہ بچہ !!!!!

ہما ابھی کچھ بول ہی رہی تھی کہ دعا نے ایک زوردار تھپڑ اسکے منہ پر رسید کیا تھا۔۔۔۔۔

اگر اپنے منہ سے اب کوئی بقواس معراج کے خلاف نکالی تو میں تمھارا منہ توڑ دوں گی ہما۔۔۔۔

تم کیا سمجھتی ھو؟؟؟

ہاں کیا سمجتی ھو تم ؟؟؟

مجھے تم میرے شوہر کے خلاف بھڑکاو گی اور میں بھڑک جاوں گی۔۔۔۔۔

یہ کاغز کا ٹکڑا دیکھ کر میں اس پر یقین کر لوں گی۔۔۔۔؟؟؟؟

دعا کی انکھوں سے پٹ پٹ آنسو بہہ رہے تھے۔۔۔۔۔

میں تم سے اچھی طرح واقف ھوں۔۔۔۔اچھی طرح جانتی ھوں تمھیں میں۔۔۔۔

تم شروع سے معراج کو حاصل کرنا چھاتی تھی۔۔

تبھی تم نے اتنی گھٹیا حرکت کا سہارہ لیا۔۔۔۔۔

مجھے شرم آرہی ھے تمھیں اپنا دوست کہتے ھوئے۔۔۔۔

دعا ہما کی چال سے اچھی طرح واقف ھو چکی تھی۔۔

ہما کی چال اس پر الٹی پڑگی تھی۔۔۔۔۔

تم شاید بھول گئ ھو۔۔۔کہ میں بھی میڈیکل کی ایک student تھی۔۔۔۔

جن lecture کو چھوڑ کر تم باہر dates پر جایا کرتی تھی انھی lecture میں ہمیں یہ سمجھایا جاتا تھا کہ نقلی اور اصلی رپوٹس میں کیا فرق ھے۔۔۔۔۔

جس جگہ سے تم نے یہ نقلی reports بنوائی ھے وہ hospital اپنی جھوٹی reports کی وجہ سے خاصا مشھور ھے۔۔۔۔۔

دعا نے پرچے کے اوپر لکھا ہسپٹال کا نام دیکھ کر کہا تھا۔۔۔

ہما نے گیم کھیلا تھا۔۔۔پر صرف چال چلنا کافی نہیں ھوتا۔۔۔۔

دعا ہما سے کافی زیادہ سمجھ دار تھی۔۔۔اور اکثر جب وہ کالج میں lecture لیتی تھی تو اس کے ایک سر ان کو کافی ڈیپ میں تمام باتیں سمجھاتے تھے کہ اچھا ڈاکٹر وہ ہوتا ہے جو ہر بات سے واقف ہو۔۔۔۔۔

ایک قابل medicalstudent کے لیے نقلی اور اصلی reports میں فرق نکالنا بے حد آسان تھا۔۔۔۔۔

اور بے شک دعا ایک قابل medicalstudent تھی۔۔۔۔۔۔۔

مجھے پتا تھا تم معراج کو پسند کرتی ہو۔۔۔

لیکن مجھے اور معراج کو الگ کرنے کے لیے تم اس حد تک جا سکتی ہوں میں نے یہ کبھی نہیں سوچا تھا ہما۔۔۔۔ تم نے مجھے میری شادی والے دن بد دعا دی تھی۔۔۔تب بھی میں نے تمھیں دعا دی تھی۔۔۔

ہمیشہ تمھارا اچھا چاہا۔۔۔لیکن

تم ایک انتہائی گھٹیا لڑکی ہو۔۔۔

جس کو اپنی اور اپنے ماں باپ کی عزت کا خیال نہیں۔۔۔ایک معراج کو حاصل کرنے کی خاطر تم اس قدر گر سکتی ہو؟؟؟؟

کیا عزت رہے جائے گی تمھارے ماں باپ کی؟؟

اگر یہ جھوٹ ان کے سامنے آیا تو؟؟

شرم اتی ہے مجھے تم پر۔۔۔۔

میں معراج پر انکھ بند کر کے بھروسہ کرتی ھوں۔۔۔۔

دنیا کی کوئی طاقت معراج اور مجھے الگ نہیں کر سکتی یہ بات یاد رکھنا۔۔۔ تم۔۔۔۔۔۔

اور ہاں آخری بار سمجھا رہی ھوں۔۔۔۔ ہما

